
ہر ظاہر کروں کبھی خیال میں آتا تھا کہ سلاطین تیموریہ کا حال لکھوں کبھی ارادہ ہوتا تھا
بیماہ سلاطین ہند کا کبھی جملہ فرمانروایان قلمرو ہند کا حال لکھنا چاہتا تھا اسیطرح فکر
رد و بدل ازمین رہتا تھا آخر مشق یکشب بمشورۂ دل کے یہہ خیال لگا تا کہ ابتدائے افرینش سے
تا ایندم اعیان عالم کا جمع کروں پہر یہہ سوچا کہ واسطے اطمینان تام اور عمر دراز چاہئے
بہتر یہہ ہے کہ اس سبب کیفیت یہ عیان کو بطور نقشہ وجدول کے جسمین ہر شخص اور اوسکے باپ
کا نام اور تاریخ وفات اور جو وقایع اہم و عجیبہ و مجبرہ دور سنہ میں بر واقع ہوئے مخصوص ہوں
بترتیب سنوات جداگانہ نقشوں میں لکھے تو اسواسطے بقدر جتنا امکن زمانہ لیسر میں اوس مستوعب
سبی بحالت بے شغلی وضیق معاش اینجا زاگیہ تفصیل نقشجات مفصلہ ذیل کتب معتبرہ بیسیرو
تواریخ مثل تاریخ فرشتہ — و سیر المتاخرین — و تنقیح الاخبار — و جدول الاقالیم — و تیمورنامہ
و تاریخ واقدی — و تاریخ بابری — و جام جہان نما — و لب التواریخ — سفینۃ الاولیا — و تاریخ
ابو الفدا مسمی المختصر فی احوال البشر — و تاریخ کشاف عالم — و تاریخ جہانگیری — و تاریخ صبح
صادق — و منتخب السیر — و اکبرنامہ — و نفحات الانس — و تاریخ عالمگیری — و تذکرہ گلشن
بہار — و تزک تیموری — و تذکرۃ الاولیا — و طبقات اکبری — و اخبار الدول و الآثار الاول — و مرات
آفتاب نما — و چہار گلشن — و تقویم سلطانی — و رسالہ قرأت — و تاریخ حدیقۃ
الاقالیم — و تاریخ راجستان — و تاریخ چین — و تاریخ مجمع الغرایب — و تاریخ ہند اردو
و آثار الصنادید — و جامع التواریخ — و سراج القلوب — و تاریخ جواہر العلوم ہمایونی
و تاریخ انگلند — و سبحۃ المرجان فی آثار ہندوستان — و تاریخ حمزہ اصفہانی وغیرہ سے
بجانفشانی شام و عرق ریزی ما لاکلام سنہ ۱۲۶۹ ایک ہزار دو سو و نہتر ہجری قدسی
مطابق سنہ ۱۸۵۳ع موافق سنہ ۲۱۶۴ اسکندری موافق سمت ۱۹۱۰ بکرماجیتی موافق
سنہ ۱۲۶۰ فصلی میں مرتب و مدون کرکے نام تاریخی اسکا تاریخ جدولیہ رکھا اگر
بتقاضائے بشریت کہیں سہو و خطا واقع ہوگئی ہو تو ناظرین والا فطرت بدعائے خیر اذیال
تصحیح و عین عنایت سے چھپا دیں اور ہدف سہام ملامت و طعن نہ بنا دیں و قد اجاد من قال

لا تقض فوراً بعیبہ غلام ہمت الفصاحیان باکرم کہ یک صواب بہ بیند و صد خطا نشنید و من اللہ التوفیق و ہو خیر رفیق



تفصیل نقشہ جات

عدد	حال مشمولہ نقشہ جات ملخصاً	
۱	نقشہ ابتداے آفرینش شش روزہ عالم کہ بنا لیس پر باد ہست	اجمالاً
۲	نقشہ انبیاے مرسل نامی بترتیب	اجمالاً
۳	نقشہ ازواج مطہرات محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم	اجمالاً
۴	نقشہ خلفاء اربع رضوان اللہ علیہم اجمعین	اجمالاً
۵	نقشہ دوازدہ امام رضی اللہ عنہم اجمعین	اجمالاً
۶	نقشہ عمال وقضات خلفاے اربع رضی اللہ عنہم	اجمالاً
۷	نقشہ غزوات محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم	اجمالاً
۸	نقشہ اولیاے نامی بترتیب سنوات	اجمالاً
۹	نقشہ مفسرین نامی بترتیب سنوات	اجمالاً
۱۰	نقشہ محدثین نامی بترتیب سنوات	اجمالاً
۱۱	نقشہ اسمہ چہارگانہ اہل سنت وجماعت وعلماے نامی	اجمالاً
۱۲	نقشہ متکلمین نامی بترتیب سنوات	اجمالاً
۱۳	نقشہ قراء نامی بترتیب سنوات	اجمالاً
۱۴	نقشہ حکماے یونان واہل اسلام نامی	اجمالاً
۱۵	نقشہ طبقات نحات شہیرہ	اجمالاً
۱۶	نقشہ شعراے تازی نامی	اجمالاً
۱۷	نقشہ شعراے فارسی نامی	اجمالاً
۱۸	نقشہ شعراے اردو نامی	اجمالاً
۱۹	نقشہ خطاطان نامی	اجمالاً
۲۰	نقشہ خلفاے بنی امیہ بترتیب	

۱

نقشہ ابتدائے آفرینش شش روزہ عالم کہ بنابر آن بنیاد است و ہر روز ازین روزہا برابر ہزار سال چنانچہ در آیہ کریمہ و ان یوما عند ربک کالف سنۃ مما تعدون۔ اجمالاً

عدد	نام مخلوق	کیفیت ملخصاً
۱	نور احمدی صلعم	خدا تعالے نے پیدا کیا بموجب حدیث نبوی اول ما خلق اللہ نوری و نیز انا من نور اللہ والخلق کلہم من نوری کے اور اسی
۲	جوہر	پیدا ہوا کہ طول و عرض اسکا ہزار سالہ راہ تھے پھر جناب احدیت نے اوسکو نظر ہیبت سے دیکھا تب وہ پہٹ گیا اور اسکو جوہر بیضا بھی کہتے ہیں پھر اسے
۳	آتش	پیدا ہوئی اسکے سبب سے پتھر پگل گیا اور اوسی

آب	پیدا ہوا یوم چہارشنبہ ہے حسب الاسکے نامے پر رود گیا اوسی
دود	پیدا ہوا اور ہوا پر کیا اوسی ساعت
آسمان	پیدا ہوئے یوم یکشنبہ تھا اور نام ساتوں آسمانوں کے حسب تفصیل ذیل کی ستری ہر آسمان کے ۵۰۰ سالہ راہ ہے اول
برقیا ۱	اسمعیل نام فرشتہ مہتر اس آسمان کا ہے اور عدد فرشتہ جو کہ موکل ابر و باد ہے ہے اسی آسمان پر ہے دوم
قیدوحت ۲	روفائیل نام فرشتہ مہتر اس آسمان کا ہے اور یہہ آسمان نقرئی ہے سوم
قیدار ۳	کیکائیل نام فرشتہ مہتر اس آسمان کا ہے اور یہہ آسمان یاقوت کا ہے چہارم
ماعون ۴	بابیل نام فرشتہ مہتر اس آسمان کا ہے اور یہہ آسمان سپید موتی کا ہے اور ملک الموت کہ نام اوسکا عزرائیل ہے اسکے چار منہ ایک آگ دوسرا تاریکی تیسرا چشم چوتھا رحمت کا اسی آسمان پر ہے اور بیت المعمور کہ مروی برابر کعبہ کے ۵۰۰ سالہ راہ اور چار رکن ایک یاقوت سرخ دوسرا زبرجد تیسرا زمرد چوتھا عنبرہ کا ہے اور آفتاب بھی اسی آسمان پر ہے پنجم
رقیعا ۵	صلصائیل نام فرشتہ مہتر اس آسمان کا ہے اور یہہ آسمان زر سرخ کا ہے ششم
قیدیا ۶	سمعائیل نام فرشتہ مہتر اس آسمان کا ہے یہہ آسمان یاقوت زرد کا ہے ہفتم
عرسا ۷	نورائیل نام فرشتہ مہتر اس آسمان کا ہے اور نور سے درخشاں ہے اور فرشتگان کروبیان کہ تعداد اونکی خدائے عزوجل کو معلوم ہے اسی پر ہیں اگر اونکی ایک آواز خلق زمین سنے تو مرجائے اور سدرۃ المنتہی کہ بصورت ایک درخت اور اوراق اوسکے مشابہہ گوش فیل یاقوت احمر کا ہے اور حسن و ضیا ربا فزا ہر اسی پر ہے اور اسی آسمان پر ایک دریا ہے نام اوسکا عمیق اس قدر وسیع ہے کہ ساتوں آسمان سے زمین میں ہوکر گذر گیا ہے اور اسی دریا میں ایک فرشتہ عبادت خدا میں مشغول ہے اور پانی دریا کا اوسکے اوپر سے نہیں گذرا بعدہ
آفتاب	پیدا ہوا یوم دوشنبہ تھا

۱۵	مہتاب	پیدا ہوا یوم دوشنبہ تھا
۱۶	ستارگان	پیدا ہوئے یوم دوشنبہ تہا
۱۷	جنت	پیدا ہوئے جو کہ ساتوین آسمان پر ہے اور نام آٹھو بہشت کے یہہ ہین ۱ دار السلام ۲ دار القرار ۳ دار الخلد ۴ دار الآخرۃ ۵ جنات النعیم ۶ جنات عدن ۷ جنت الماوا ۸ جنت الفردوس بعدہ
۱۸	عرش	نور سے پیدا ہوا اور بروایتی یاقوت احمر سے اور اسکے سات ہزار کنگرہ ہین اور ہر کنگرہ سے دوسرے کنگرہ تک ۷۰۰ سال کے راہ ہے اور چار فرشتون کے گردن پر رکہا ہے اور اسکے بزرگی کو کوئی چیز نہین پہونچتی ہے اور ساتون آسمان و زمین مقابل مین عرش کے بمثابہ دانہ سپند بیابان مین معلوم ہوتے ہین اور نیچے عرش کے صور ہے کہ درازی اوسکی ۳۰۰ سال راہ ہے اسرافیل فرشتہ بیٹہہ جہکائے لیئے کہڑا ہے منتظر حکم رب العزت اور آواز صور کے ہیبت طبق زمین و آسمان تک پہونچ سکتے ہے اور ۴۰ قندیل عرش مین معلق ہین کہ فراخی ہر قندیل کے ۵۰۰ سالہ راہ ہے العظمۃ للہ تعالے وتقدس
۱۹	کرسی	پیدا ہوئے اور اسقدر بڑے ہے کہ ساتون آسمان و زمین گویا ایک سکورا خوان پر رکہا ہے اور ۱۸ حجاب نور کے معلق ہین میان عرش و کرسی کے
۲۰	لوح محفوظ	پیدا کئے گئے صفحات اسکے یاقوت احمر سے ہین اور کتابت نور سے اور طول ۵۰۰ سالہ راہ اور عرض مقدار مسافت مابین مشرق و مغرب کے اور یہہ محاذ جبین اسرافیل کے ہے اور اسمین ۱۱۵ شریعت ہین
۲۱	قلم	پیدا کیا گیا طول اسکا بقدر مسافت ۵۰۰ سالہ راہ کے اور عرض ۴۰ سالہ راہ اور خطاب رب العزت سے ہوا کہ لکہہ بموجب حکم خدائے عزوجل جو کچھہ کہ بدو فطرت و ایجاد عالم سے تا قیام ساعت تہا لکھا اور معجب ہوا کہ ہین عجب خلق غریبہ ہون اور نزدیک خدا کے جوہر شریف زیادہ مجھسے نہوگا یہہ بات جناب باری مین ناپسند ہوئے جو کچھہ لکھا تہا محو کرڈالا

		اور اپنے ید قدرت کاملہ سے پھر نسبت فرمایا اور اسکو بچے محو کیا پھر قلم سے خطاب ہوا کہ لکھ قلم ہیبت سے کانپا اور شق ہو گیا چنانچہ قیامت تک رسم شگاف قلم نوع قلم میں جاری رہے دو سبب ہوئے اس تجنیہ سے متحقق ہوا کہ ارادہ الہی جس چیز پر کہ متحقق ہوئے فی الحال ہو جاوے اور قلم نسخ و بطلان دامحا کا کھینچ جاوے بموجب آیہ کریمہ اللہ ما یشاء و یثبت
٢٢	ملائکہ	پیدا کئے گئے روز شنبہ تھا اور اسی روز جانور بھی پیدا ہوئے پھر جب تلاطم امواج سے کف پانی پر آیا اور
٢٣	زمین	پیدا ہوئے روز دو شنبہ تھا اور سطبری ہر زمین ٥٠٠ سالہ راہ ہے اور فاصلہ ایک زمین سے دوسری زمین تک بھی ٥٠٠ سالہ راہ کا ہے اور نام ساتون زمین کے یہہ ہیں اول
٢٤	دیا ١	مسافت ٥٠٠ سالہ راہ مسکن آدمیان کا ہے دوم
٢٥	بسیط ٢	جایگاہ ہوا کے ہے اور قوم عاد کو خداے تعالے نے اسی ہوا سے ہلاک کیا سوم
٢٦	ثقیل ٣	خلق انس زمین کی دست و روے مانند آدمیان اور دہن مانند سگ اور پاشل گاو و موشل گوسفند ہیں چہارم
٢٧	خطینی ٤	سنگ کبریت سے ہے واسطے عقوبت دوزخیوں کے پنجم
٢٨	مسافلہ ٥	اسمیں بچھو ہیں اونٹ کے برابر و نیش مانند نیزہ بھر از زہر سے اور ہر نیش میں ٦٠ ٣٠ فرق کا زہر ہے اور ہر فرق کا ٣٠٠٠ قلہ ششم
٢٩	ناصلہ ٦	اسمیں سانپ دوزخ کے ہیں اگر پہاڑ پر دانت ماریں تو ریگ ہو جاوے اور جو درختی مرتا ہے اسکی جان اسمیں رکھی جاتی ہے اور اسکو سجین کہتے ہیں
٣٠	ثریٰ ٧	اسمیں جایگاہ تخت ابلیس کا ہے اور گرد اسکے دیو سیاہ کھڑے ہیں ایک طرف سموم دوزخ کے ہے اور قیام زمین کا ایک ماہی پر ہے کہ نام اوکا اوقیانوس اور جواہر العلوم میں مرقوم ہے کہ نام ماہی کا شہام و کیت اندہوت و لقب بلہوت ہے ساتو طبق زمین اوپر گردن ایک فرشتہ

نمبر	نام	کیفیت
		سکے خداے تعالی نے رکہہ کر ایک دانہ یاقوت کہ کمیت اوسکے ٥٠٠ سالہ راہ ہے نیچے پیر فرشتہ مذکور کے رکہا ہے بعدہ فردوس سے ایک گاو بہیجی کہ اوسکے ٤٠٠٠ ہاتہہ و پیر اور ٤٠٠٠ سر ہین پس زمین کو درمیان دونو کتف اوس گاو کے رکہہ کر قمقمہ یعنے تودہ ریگ کو کہ جسے نیرے کہتے ہین اور بزرگی برابر سات طبق زمین و آسمان کے ہے نیچے پیر گاو کے قرار دیا اور اس قمقمہ کو درمیان دونو پیرون ماہی مذکور کے قرار دیا اور تمام بدن اوسکا خالی رہ گیا جل جلالہ و عظم سلطانہ بعدہ ۔
٣١	پہاڑ	پیدا ہوے بعدہ
٣٢	نباتات	پیدا کیے گئے یوم چہارشنبہ تہا اور اولین خلقت گہاس کے منجملہ نباتات کے ہوے بعدہ
٣٣	حیوانات	پیدا کیے گئے یوم چہارشنبہ تہا اور اولین خلقت نحل ہوے اور آخر کو قرد یعنے بندر کی بعدہ
٣٤	انہار	پیدا کی گئی یوم چہارشنبہ تہا بعدہ
٣٥	تحت الثری	پیدا کی گئی بعدہ
٣٦	دوزخ	پیدا کی گئی یوم پنجشنبہ تہا اور زمین ہفتمی پیر ہے اور نام ساتو طبق دوزخ یہہ ہین جہنم لظی حجیم سعیر سقر ہاویہ حامیہ اور ١٩ ملایک دوزخ پیر ہین اونکو زبانیہ کہتے ہین اور صراط ایک پل ہے روے دوزخ پیر کہچا ہوا کہ تمام خلوق کو اوسکے اوپر سے گذرنا ہے اور ٣٠٠٠ سالہ راہ اس تفصیل سے ہزار سال پاسن سے بالا تک اور ہزار سالہ بالا اور ہزار سالہ نشیب کو فاعتبروا یا اولے الابصار
٣٧	کعبہ شریف	پیدا کیا گیا مقام پٹرنے حباب اولین پیر بعدہ
٣٨	ابوالجان	پیدا ہوا آگ سے بعدہ
٣٩	جلبانیس	پیدا ہوکر بعد ١٨ لاکہہ سال کے مغضوب خداے تعالی کا ہوا بعدہ
٤٠	بلیقا	پیدا ہوکر ١٨ لاکہہ سال اجراے احکام شریعت مین مشغول رہا بعدہ
٤١	اشرار الجان	پیدا ہوے ١١ لاکہہ سال کے بعد محاربہ عظیم انسے اور ملائکہ سے ہوا بعدہ

۴۲	ابلیس	پیدا ہوکر آسمانون پر رہتا تہا اور محفل وعظ کے نیچے آسمان کے منعقد کرتا عرش بسبب انکار سجدہ آدم عم کے مردود ہوکر زمین پر اوتار اگیا اور یہہ رئیس ملایکہ کا تہا اور جب آدم نے ہبوط زمین کا کیا تب ابلیس منتقل کیا گیا بحر محیط کو اور اسکا تختگاہ پانی پر ٹہرا اور یہہ مثل طیور کے بیضہ دیتا اور اسکے بیضہ سے ۶۰ ہزار شیطان نکلے اور خلق پر مسلط ہوئے اور ابلیس علیہ اللعنۃ کے فخذ یمین مین ذکر و فخذ یسری مین فرج اللہ تعالی نے پیدا کر دیا اور سبھی ہر روز دس بیضہ نکلتے ہر بیضہ سے نر شیطان دشمن بنی آدم کے پیدا ہوتے تھے اور ابلیس ۱۰۰۰ سال حکومت زمین مین جنات پر کرکے آسمان پر گیا تہا اور خلقت جن کے نار سے ہے پس جبکہ ابلیس نے گناہ و کفر کیا تب مسخ کیا اللہ تعالی نے شیطان رجیم ملعون نعوذ باللہ من خذلانہ بعدہ
۴۳	بنی الجان	پیدا ہوئے اور انکو زبان عربی مین جن کہتے ہین اور طارطوس بچہ نام جان کا ہے بعد مقابلہ و محاربہ عظیم و انقضائے مدت ۱۱ لاکہہ سال کے
۴۴	آدم عم	پیدا ہوئے گل سے آخر ساعت یوم جمعہ کو اور فرشتون نے سجدہ کیا بحکم خدائے عزوجل الا ابلیس نے غرور سے انکار کے اور لبیک اول فرشتون نے وقت پیدا ہونے آدم کے کہنا شروع کے اور گرد کرسی کے طواف کرتے تھے گریہ کنان اس وقت تک عمارت کعبہ کے نہ تھے صرف زمین تھے اور قیام آدم کا جنت عدن مین تہا اور بہشت سے ۱۰ محرم ۲۷۹۲ قبل طوفان نوح عم سے نکالے گئے تھے اور قالب آدم مدت ۴۰ سال مرتبہ صلصال مین پڑا تہا اور تاریخ ۱۰ محرم کو روح مقدس انکے جسم مین براہ سر چلے گئے اور آدم صبح سے غروب آفتاب تک روز ہاے اوس جہان سے بہشت مین رہے یعنے نیم روز کہ برابر ۵۰ سال اس جہان کے ہوتا ہے اور وہ ہم شبانہ روز اکل و شرب فراق حوی مین نکیا اور ۳۰۰ سال گریہ و زاری و استغفار کیا بعدہ مژدہ عفو رب جلیل کا پہونچا اور قد آدم کا بقدر ۶۰ گز

		کی تہا اور عمر ۱۰۰۰ سال کے اور بہم ۱۱۸۵ سال قبل طوفان سے روز جمعہ کو مکہ شریف مین رحلت فرمائے اور کوہ بوقبیس مین مدفون ہوئے اور آدم کے زندگی تک ۴۰۰۰۰ پوتے دپڑپوتے پیدا ہوچکے تھے باقی حال انکا بشمول حال حوی ونقشہ انبیاء مرسلین مندرج ہے
۴۵	حوی	پیدا ہوئے استخوان پہلو سے جب آدم عم سے ہنگام منام اور فضائے جنان وساحت پروح وریحان کہ مراد جنت الماوی سے ہے البسین رہنے لگے اور حوا اسواسطے کہا کہ پیدا ہوئے وہ ایک شے حی یعنے زندہ سے **اخبار الدول والآثار** اول مین حال آدم عم وحوی کا اس نمط پر لکہا ہے کہ کنیت آدم کی ابو محمد ہے اور آدم لفظ عربی معنی اوسکے تراب ہین اور ۱۰ صحیفہ ۲۰ ورق پر بحروف عجم اونپر نازل ہوئے اور آدم خط انگلیون سے لکہتے تھے اور ہزار زبان جانتے تھے اور ازروے معجزہ کے حجر وشجر اونکے ساتہہ چلتے اور آگ نہین جلا سکتے تھے اور سنگریزہ انکے ہاتہہ مین تکلم کرتے اور تمام حرفت جماعت بشریہ اونسے اونکو ذریات نے لے اور جب تک بہشت مین رہے ولغت عربی جانتے تھے جب کہ اونسے گناہ کہانے گندم کا سرزد ہوا زبان عربی بہول گئے زبان **سریانی** بولنے لگے اور خاک واسطے بنانے قالب آدم کے عزرائیل فرشتہ جسکو ملک الموت کہتے ہین لیگیا تہا اور اول بعد نفخ روح کے قالب آدم مین کلمہ **الحمد للہ رب العالمین** زبان سے سرزد ہوا اور جواب جانب باری عز اسمہ آیا **یرحمک ربک** اور جب روح جوف قالب مین آئے اشتہائے طعام کے ہوئے پس پہلے اولین حرص ہے کہ بعد آدم مین داخل ہوئے اور جب روح قالب آدم مین نفخ کئے گئے آخر ساعت یوم جمعہ کے تہے اور طالع ثور کے اور اول سجدہ آدم کو اسرافیل نے کیا اور اونکے دانتون سے نور مثل شعاع شمس کے چمکتا تہا پہر اللہ تعالے نے ہنگام نوم اونکے ضلع یسریٰ سے حوی کو پیدا کیا طالع سرطان مین پس آدم نے اونسے انس کیا اور رنگ ہاتہہ حوی کا مثل موتی کے تہا اور جب باغواے ابلیس سبب کہانے دانہ گندم کے برہنہ ہوگئے

برگ درخت انجیر سے ستر عورت کیا اور سب اہل جنت اوپر اس حال آدم و حوا
کے روئے الا سونا و چاندی و درخت عود پہر جناب باری سے عتاب اون
در رونے والے چیز دن پر ہوا کہ تمسے دنیا مین کوئی منتفع نہوگا مگر بوقت اہل
کرنے آگ مین علی الخصوص شجر عود جب تک کہ تیز آگ مین جلایا جاسے گا بوند
وحی جناب باری سے آدم پر نازل ہوئے کہ تمنے کیون تے مہیہ کو کہایا جواب
دیا کہ باغوا سے ابلیس مع سبب کہا نے قسم اوسکے پس اللہ تعالے نے آدم
و حوی و ابلیس و سانپ و طاؤس کو جنت عدن سے زمین پر پہینک دیا آدم جزیرہ
سرندیب جبل راہون پر جو بہت بلند ہے زمین ہند میں گرے نشان
قدم آدم کا اوسکے پتہر پر موجود اور درازے قد آدم کے ۷۰ گز تھے اور اس پہاڑ
پر یاقوت احمر و الماس ملنے لجاتے ہین اور ہر روز تہوڑا پانی وہان واسطے
دہلانے قدم آدم کے برس جاتا ہے اور حوی جدہ پر گرے اور اول ملنا اونکی
سرزمین سرندیب پر شروع ہوا اور ایک صرہ یا حبہ گندم ساتھ آدم کے معہ ۳۰
شاخ اشجار جنت سے آئے تھے اور یہی حجر اسود و عصائے موسیٰ عم کہ
بقدر ۱۰ گز آس جنت سے تھے اور آدم نے پہلے جنت مین انگور کو کہایا
تہا اور آخر کو گندم اور ۱۰۰ سال سر ڈالے ہوئے اول اپنے گناہ کرنے کے سبب
روئے جب ندائے باری عز اسمہٗ پہونچی کہ اے آدم تمنے فراق جنت مین
بکا کیا یا فراق خدا مین پہر آدم سو برس اور گریہ کرتے رہے پہر توبہ قبول
ہوکر حکم متوجہ ہونے کا طرف مکہ کے ہوا پس خیام جنت سے خیمہ مرحمت ہوا اور
بنگام طواف کعبے حوی سے ملاقی ہوئے اسی سبب اوس مقام کو عرفات
و مزدلفہ کی نام سے مسمے کیا ہے اور جب کہ آدم کی بیٹی قابیل نے ہابیل
بہا سی اپنے کو مار ڈالا اوس وقت آدم مکہ مین تھے دیکہا طعام کو متغیر جانا
کہ حادثہ زمین پر نازل ہوا ہے پہر ہند مین آکر دیکہا کہ بیٹا اونکا مارا گیا ہے
چنانچہ ابتدا ئے یہہ اشعار انشا کرکے **قطعہ** تغیرت البلاد و من علیہا

		دوجہ الارض مغبر قبیح ٭ تغیر کل ذی طعم ولون ٭ وقل بشاشۃ الوجہ الصبیح قتل قابیل ہابیلاً اخاہ ٭ فوا اسفی علی الوجہ الملیح ٭ اور بعد وفات آدم کے شیث نے انکو غسل دیا اور خلق کثیر وملائکہ نے اونپر نماز پڑہے اور جبل ابو قبیس مین جسے غار کبری کہتے ہین مدفون کیا اور بعضے کہتے ہین کہ مسجد خیف مقام منی مین مدفون ہوئے اور حوا بعد فوت آدم ایک سال زندہ رہین فقط اور جب آدم نے جناب باری مین جرأت کا دم کہانے گندم کی حوالہ حوا پر کی وحوا نے مادر پر جو ارن دونون اسی شکل کا نہ تہا حوالہ کیا اس سبب سے عذاباً عذا مار کے خاک وحوا اتیان حیض ودرد نتاج یعنی زہ واستیلاے شوہر اور تادیب آدم اشتہا دسعی امر معاش مین مقرر ہوئے اور خلقت طاوس کے بہی مبدل ہوئے اور مار اصفہان وطاوس دمین کابل مین گرے بعدہ
۴۶	کعبہ	آدم نے گل سے تعمیر کیا محاذی بیت المعمور کی اور حجر اسود کہ جسمین عہد نامہ بندون کا موودع ہے ایک رکن مین نصب کیا اور بناے اولین جہان مین یہی بیت المعمور ہے کہ واسطے آدم غرم کے بہشت سے دنیا مین اللہ تعالے نے ہنگام ہبوط بہشت سے بہیجا تہا ایک دانہ یاقوت سرخ سے تہا اور قبل ہزار سال تولد ختم المرسلین صلعم کے حمیر بن ودیع ملقب بتبع بادشاہ کا مکار برسم جہانگیری مکہ معظمہ مین پہونچا اور صلابت تہہ جامہ فاخرہ کعبہ پر پہنائی او سوقت سے پہنانا جامہ کا کعبہ پر سنت ہوا اور اصح یہہ ہے کہ سعد بن کرب الحمیری نے اول چادر کا جامہ کعبہ پر پہنایا بعدہ
۴۷	قابیل	پیدا ہوئے فرزند اولین آدم کے ہین اور ساتہہ اقلیما دختر کی کہ بہت خوبصورت تہے متولد ہوئے تہی بعدہ متوحش ہوکر زمین یمن مین جاکر بہ تسلیم شیطان آئین آتش پرستی اختیار کیا اور انکی بہت اولاد ہوئی اور یہہ فارس تہی بعدہ
۴۸	ہابیل	پیدا ہوئے ساتہہ یہودہ دختر کے آخرش ہاتہہ قابیل سے مارے گئے اور

نمبر	نام	حال
		یہہ داعی یعنے نگہبان گوسفندون کے تہے بعدہ
۴۹	شیث علیہ السلام	پیدا ہوئے ۱۰۴۲ قبل طوفان کے وفات پائی اور آدم علیہ السلام نے وقت رحلت انکو ولی عہد کرکے وہ چیزین کی تہین اور پیدائش انکی تنہا بطن حوا سے ہوئی اور معنی شیث کے خدا بخش ہین اور ایک فرقہ جسکو صابیہ کہتے ہین اونکا یہہ قول ہے کہ شیث کا بیٹا ایک صابی پیدا ہوا تہا فرقہ صابئیہ منسوب اوسی سے ہے اور نزدیک فرقہ صابئیہ کے نام شیث کا عادیموث ہے باقی حال انکا قصہ انبیاے مرسل مین مشروح ہے اور شیث ملک شام مین رہتے تہے بعدہ
۵۰	انوش	پیدا ہوئے بیٹے شیث کے عمر ۶۰۰ برس کی تہے اور بقولے ۹۰۵ سال کے ۱۳۵ سال قبل طوفان کے فوت ہوئے نام انکی ماں کا محوایلہ کہ حور تہی اور بے واسطہ مادر و پدر اللہ تعالے نے اوسکو پیدا کیا تہا بعدہ
۵۱	قینان	پیدا ہوئے بیٹے انوش کے عمر ۸۳۵ سال کی ہوئی اور ۱۱۶۰ سال قبل طوفان کے وفات پائی قریب ۵۰۰ سال ریاست بنی آدم حسب وصیت پدر انکی متعلق رہی بعدہ
۵۲	مہلائیل بن قینان	پیدا ہوئے عمر ۹۰۸ برس کی تہی اقلیم بابل مین شہر سوس بنا کیا انہین کا ہے اور یہی بانی بابل کے ہین ۱۲۹۴ سال قبل طوفان کے وفات پائے اور شہر بابل پہر بعد مدت رد تہ طوفان کے بنا کیا گیا اور اولین سلاطین بابل کا طہماشقان جسنے نمرود جبار تہا کہ ۵۰۶ برس بعد طوفان کے تہا اور مدت سلطنت اس بادشاہ کے سال منجملہ اسکے ۴۰۰ سال صحیح اور ۴۰۰ سال سقیم اور اسی بادشاہ نے نہر عراق کو کہدوایا اور جوئے فرات سے لایا اور بعد اوسکے اوپر ابراہیم علیہ السلام ۴۰۰ سال تک یہہ بادشاہ زندہ رہا یہہ فرشتہ اوسکے پاس بہیجا تاکہ ایمان لاوے اسنے اوس سے نکرہ

حال	نام	نمبر
کا پوچھا اوسنے جواب معقول دیا تب اسنے براہ تکبر ہین روز مین اپنا سب لشکر واسطے مقابلہ لشکر خدا ے عزوجل کے جمع کیا پس جناب باری نے لشکر مچھرونکا اوسپر نازل کیا کہ اوہنون نے اسکے لشکر کو ہلاک کرڈالا تا ہم یہہ ایمان سے منکر رہا پھر ایک مچھر اللہ تعالے نے اسکے مغز مین داخل کردیا کہ وہ اسکا بھی کھاتا تھا اور بقدر ہوش کے ہوگیا پس ۴۰۰ برس بادشاہ مذکور جوتے سر پر کھاتے کھاتے راہی ملک عدم کا ہوا بعدہ بیٹے انکے		
پیدا ہوئے عمر ۹۶۰ برس کے ہوئے ۱۴۲۰ سال قبل طوفان سے وفات پائے بعدہ بیٹے انکے	برد	۵۳
پیدا ہوئے بانی اہرام کے ہین عمر ۳۶۵ سال کے تھے ۹۸۷ سال قبل طوفان سے وفات پائے اور بعضے مصر مین بنائے اہرام کے ہر شخص کے ہیہ اور یہی اخنوخ کو ادریس علیہ السلام بھی کہتے ہین اور اللہ تعالے نے انکو زندہ آسمان پر بلالیا اور تمام پردے آسمانون کے واسطے انکے کہول دیئے چنانچہ انکے صحایف مین سے بعضے صحیفے ایسے ہین کہ اونکا بھید و حال سوا عالم الغیب کے دوسرا نہین جانتا ہے بعدہ	اخنوخ	۵۴
پیدا ہوئے انکو لوگ جمشید بھی کہتے ہین اور یہی صاحب بعضے جا لکھا ہے عمر ۵۷ سال کے تھے اور ۱۲۶ قبل طوفان سے وفات پائے بعدہ بیٹے انکے	متوشلخ	۵۵
پیدا ہوئے انکو بعضون نے لامح لکھا ہے اور لمک بھی عمر ۸۰۰ سال کے تھے اور ۹۴۰ قبل طوفان سے وفات پائے بعدہ بیٹے انکے	لمک	۵۶
پیدا ہوئے عمر ۱۰۰۰ سال کے ہوئے ۳۰۰ برس کے بعد پیغمبر ہوئے تھے اور اول نبی ہین و نذیر ترک وا ولوالعزم بعد ادریس علیہ السلام کے انکی شریعت نے شریعت آدم کو منسوخ کرڈالا اور یہہ بڑے انبیاؤن مین سے ہین از روے عمر و شیخوخت کے مرسلین سے اور ۲۲۵۰ سال ہبوط آدم سے گذرے تھے اور ۶۰۰ سال عمر نوح علیہ السلام کے بعد اور ۲۳۴۸ سال قبل عیسے علیہ السلام سے	نوح علیہ السلام	۵۷

ببسب عصیان آل قابیل کے حسب دعوت نوح علیہ السلام کے جناب باری عز اسمہ کے
عذاب طوفان کا نازل ہوا یعنے تنور آدم یا پتھر سے طوفان آب برآمد
ہوا تھا اور بعد طوفان کے نوح علیہ السلام ۳۵۰ سال زندہ رہے اور ۱۰ رجب
مطابق ماہ آب فارسی و موافق ماہ اگست انگریزی سے آغاز طوفان کا
ہو کر ۱۰ محرم کو انجام پایا اور ۲۰۴ یا ۱۴۴ روز عالم غرق آب ہوا
اور کشتی نوح علیہ السلام کی ۱۵۰ یوم پانی پر پھرتی رہی اور اولین کشتی
محولہ دورہ سے کے گئے و آخر کو جار سے اور جب تعمیر کشتی کا تنگنیلے لگا اللہ تعالے
نے نوح کو جبرئیل نے اور دو اسم اپنے اسماے اشرف و اقدس سے بتلائے
اوس سبب سے تعمیر جاری ہوگیا وے دونوں اسم یہہ ہین اہیا آشر اہیا
اور بھی دو نو اسم ابراہیم علیہ السلام کو بیچ وقت پڑنے آگ کے بتلا دے تھے
کہ اوس ہمز سے آگ او نپر برد و سلام ہوگئے تھے اور اسما و فوموت
توریت مین لکھے ہین اور ہنگام طوفان کے دنیا مین تاریکی چھا گئے تھے کہ
کہ تمیز دن و رات کے نہین ہوتی تب اللہ تعالے نے دو حرز نوح کو ایک
بیضا دوسرا اسودا نازل کر دے اور اول نوح علیہ السلام نے وقت واسطے
نماز کے مقرر کئے چنانچہ دن ۱۲ ساعت کا و رات ۱۲ ساعت کے تہرگئے
پھر کشتے نوح طرف موصل کے گئے اور تاریخ ۲۰ محرم کشتی جودے پر
جو سوق ثمانین کے جزیرہ سے مشہور ہے ٹھہرے اوسوقت ۸۰ آدمی
کشتی مین تھے اور قبر نوح کے جبل لبنان مدینہ کرک مین واقع ہے اور بعد
طوفان جمیع خلق صلب نوح سے ہوتے ہے اور ہنا سے نوح سے سام
و حام و یافث ہین پس سب بنے آدم اب تک سب متعلقین برادر کی
نسل سے ہین اور اولاد سام کے ۱۹ زبان جانتے تھے اور اولاد حام
۱۷ زبانین اور اولاد یافث ۳۶ زبانین جانتے تھے اور بعد انقضاے
عرصہ ۲۲۴۳ ہبوط آدم سے اول بقعہ کہ ہرات مین بعد طوفان

کی کہ تعمیر پایا قلعہ شمیران کا ہے اور منتخب التواریخ میں یون لکہا ہے
کہ بانی تنور سنگین ایک نان پز سے وقت طالع ۲۱ درجہ برج دلو کے نکلن
شروع ہوا صغردشن نام پادشاہ ہیبت جوش آب سے بہاگا و واعلہ
منکوحہ وکنعان پسران حضرت نوح کہ مخالف اوسکے ملت کے تہی دونوں
کشتے سے انکار کیا طعمہ موج کے ہوئے اور پانی ۴۰ گز تک بالا ے
پہاڑون سے گذر گیا الا عوج بن عوق کے زانو تک بہی نہین پہنچا
بسبب طویل القامتے کے واضح ہو کہ طول قامت عوج بن عنق کا بقدر
۳۳۳۳ گز کے تہا اور عمر اسکی ۳۶۰۰ سال کے ہوئے تہے اور اسکے ہلاک
کے واسطے جناب باری عز اسمہ نے اسود مثل مادہ فیل و نسور مثل خر و مگس
مثل شتر بہیجے تہے اور یہہ عوج ماہی دریاے شور سے نکال کر دو آفتاب
مین بریان کر کے کہا جاتا تہا اور ابر اسکے سر سے لگتا تہا اور جب کسی شہر کے
لوگون پر غصہ ہوتا او نپر پیشاب کر دیتا وے ڈوب جاتے اور بڑا جابر تہا
تا عہد موسے ع م کے بالآخر بضرب عصاے موسے ع م کہ ۱۰ گز کے تہے اور
دس گز قد موسی کا اور ۱۰ گز طرف آسمان کے اوچہلے تہے تب ضرب
عصا کے اوسکے کعب مین لگے کہ زمین مین گر کر مرگیا اور سواے اسکے و لقمان
بن عاد کے کہ بعمر ۵۰۰ سال کے پہونچا وہ بسبب اسکے اتنے عمر نہین ہوئے
واللہ اعلم اسے ذلک کان اور کشتے کوفے سے چلے اور سات مرتبہ
طواف حرم مکہ معظمہ کا کر کے اقطار آفاق کو سیر کرتے ہوئے بعد پانچ
مہینے کے دیار غرب قلعہ کوہ جودے پر ٹہرے اور مہینے بہر تک اوس
پر رہے اور تا مدت طوفان روز و شب عیان نہ تہا حضرت نوح ع م نے
دو مہرہ نورانی مثل آفتاب کے دیوار کشتے پر نصب کیا اوسکے ذریعے سے تمیز
شب و روز اور ایام صوم و صلواۃ کے ہوتے تہے اور نوح نے واسطے رفع
نجاست باذن جناب باری عز اسمہ کے ہاتھ اوپر پیٹہ ہاتی کے رکہا اوسے

			خوک پیدا ہوئے اور واسطے رفع زحمت موشان کے باہم شیر پر غل اوسنے عطسہ کیا اوسکی ناک سے بلی پیدا ہوئے اور پہلی کو بھی کو واسطے خبر پیدا ہونے زمین کے بھیجا وہ نہ پھرا پھر کبوتر کو روانہ کیا وہ تھوڑی خاک مقدار زمین لایا پھر بروز عاشورہ محرم مطابق کشتی سے باہر نکلے اور نیچے کوہ جودی کے ایک قریہ بسایا جو سب آدمی اسی تھے اسواسطے اوس موضع کا نام سوق الثمانین ہوا اور بعد طوفان کے اوس ملوک مہرانیہ سے سوسان ہے تحقیق انکا نقشہ انبیا در سلطنت میں مندرج
۵۸	حام		پیدا ہوئے نوح کے بیٹے ہیں اور انکے ۹ لڑکے ہوئے اور ۱۷ یا ۱۸ لغت اونکے اولاد میں جاری ہوئے عمر ۵۴۰ سال کے تھے اور جبشہ انکے اولاد ہوئے ہیں اور بعد طوفان نوح کے بنصر اسکا بیٹا بادشاہ اولیں ملک مصر کا ہوا ہے بعد اسکے اسکا بیٹا مصر بعد اسکا بیٹا قبط ہوا بعدہ
۵۹	سام		پیدا ہوئے واضع علم ہیئت کے ہیں ۹۷ سال قبل طوفان سے اور ولیعہد اپنے باپ نوح مرحوم کے ہوئے اور ۹ بیٹے انکے ہوئے اور ۱۹ لغت اولاد انکے میں جاری ہوئے اور عمر ۶۰۰ سال اور انکے بیٹے ارم اور ارم نے عوص اور عوص کے بیٹے عاد جیسا کہ ہاشم کو بھی ہاشم کہتے ویسے اولاد عاد کو بنی عاد کہتے ہیں اور عاد پرستش شمس کیا کرتا تھا اور عمر اوسکے ۲۰۰۲ سال کے ہوئے تھے اور اولین بادشاہ زمین کا تھا اور اسوقت میں اس سے اشد لطش واقوے عقل واعظم اخلاق دوسرا زمین پر نہ تھا اور اسنے اپنی صلب سے ۴۰۰۰ اولاد دیکھے اور ۱۰۰۰ عورت بکر سے شادی کی اور بعد عمر ۱۲۰۰ سال کے مرگیا اور اسکے دو بیٹے ایک شدید دوسرے شداد پس فرزند دومی نے بعہد حضرت ہود علیہ بہشت ارم بنوائے

		۵۰۰ سال کے عرصہ مین باہتمام ۱۰۰۰ اکس جرمان وہ کہ ہر ایک کے ساتھہ ۱۰۰۰ نفر کارکن تہا باقی حال ارم کا نقشہ عمارات عالیے ونقشہ بدن دبلدان مین مشرح مندرج ہے اور طول قامت ہر ایک بنی عاد کا ۴۰۰ ذراع تہا واللہ اعلم بالصواب اور شداد کے بیٹی کا نام عملاق بہی ہے فقط اور اخبار الدول والآثار الاول مین نام پسر شداد کا مرشد لکہا ہے ہوا صحیح بعدہ
۶۰	یافث	پیدا ہوئے پہر حام مذکورہ بالا کے پانچ بیٹے پیدا ہوئے اور مورخان اسلام یافث کو بولجہ خان بہی کہتے ہین اور ترک ومغول انکے اولاد سے ہین اور بعد طوفان نوح عرم کے اول یہی بادشاہ ملک تاتار کا ہوا تہا اور بقول انگریزان اولاد یافث سے ہین اور ۳۶ لغت درمیان اولاد یافث کے جاری ہوئے ایک فرقہ فہم کلام دوسرے کا نہین کرتا تہا فقط بعدہ
۶۱	ہند	حام سے پیدا ہوکر سلطنت پر بیٹہا اسکے چار بیٹے تہے منجملہ اونکے ایک کا نام نیگ تہا نیگ کا بیٹا برہمن نام وزیر کشن کا تہا اور اوسکے اہتمام سے اودہ کہ اول شہر ہند سے ہے اباد ہوا فقط بعدہ
۶۲	توران	پیدا ہوئے ہند سے بعدہ
۶۳	پورب	پیدا ہوئے ہند سے انکے ناتی پوتون مین ایک شخص کشن نام پیدا ہوا معاصر طہمورث بادشاہ ایران کے کہ اولین راجہ تہا اور بہت عاقل وشجاع وعظیم الجثہ اور ۴۰۰ سال راج کیا بعدہ
۶۴	پچہم	پیدا ہوئے ہند سے بعدہ
۶۵	اوتر	پیدا ہوئے ہند سے بعدہ
۶۶	دکہن	پیدا ہوئے بعدہ بیٹے دکہن کے اول مرہٹ دوم کہتر سوم تلنگ پیدا ہوئے اور ہر ایک نے اپنے نام پر عمارت بنائی اور شہر آباد کیئے بعدہ

نمبر	نام	کیفیت
۶۷	بشن	پیدا ہوئی راتہور بوچوہان لقب اسکا ہوا ہمعصر ضحاک بادشاہ کا تہا
۶۸	کیشو راج	پیدا ہوا ہمعصر منوچہر بادشاہ کا تہا اور بیٹا مہاراج کا تہا بعدہ
۶۹	فیروز رائے	پیدا ہوا اور رستم پہلوان کے ہاتہہ سے مارا گیا بیٹا کیشو راج کا تہا بعدہ
۷۰	سورج	پیدا ہوا اور رستم نے اوسکو سلطنت پر بٹہایا اور ۲۵۰ سال راج کرکے شہر قنوج کو آباد کیا اور بت پرستی ہند مین اسکے وقت سے مروج ہوئے راجپوت اسکی نسل سے ہین بعدہ
۷۱	بہرایچ	پیدا ہوا شہر بہرایچ آباد کیا اسکا ہے بعدہ
۷۲	کیدار برہمن	پیدا ہوا یہہ بہائی شنکل کا ہے ۴۲ سال راج کیا
۷۳	شنکل ہند	پیدا ہوا یہہ شخص راجہ تہا شہر لکہنوتی کا اسنے احداث کیا اور بسبب اطاعت افراسیاب لڑائی مین ہمایون کے رستم کے ہاتہہ سے مارا گیا بعدہ
۷۴	رہت	پیدا ہوا قلعہ رہتاس گڈہ بنایا ہوا اسکا ہے
۷۵	مہاراج	پیدا ہوا یہہ راجہ کشن کا بیٹا ہے ہمعصر جمشید بادشاہ کے تہا ۷۰۰ سال راج کیا ایک سردار اسکے فوج کا بلچند تہا کہ مالوہ اوسی کے نام پر منسوب ہے چند ضابطہ اختراع کئے کہ اب تک جاری ہین ازانجملہ ایک یہہ ہے کہ اولاد برہمن کو کام وزارت و نویسندگی پر مامور کیا تہا اور تمام فرقہ کو دو فرقہ ایک بیس دوسرا اسودر بیس کو کام کہیتی و پیشہ وری معقول پر مشغول کیا اور سودر کو خدمتگاری پر رکہا اسکے آخر وقت مین نریمان پدر سام نے ہند پر لشکرکشی کی اور ملک سندہ و پنجاب مین دخل کر لیا یہہ حال دیکہکر اولاد دو کہن نے بہی مہاراج کے تابعداری سے اسرتابی کے بعدہ

۷۶	کید راج	پیدا ہوا بعدہٗ
۷۷	دہلو	پیدا ہوا اور شہر دہلی آباد کیا ہوا اسکا ہے بعدہ
۷۸	فور قنوجے	پیدا ہوا اولا یہہ راجہ کمایون کا تہا اسنے قنوج کو دہلو کے ہاتہہ سے چہین لیا اور بعد ۳۰ سال کے سکندر رومی کے ہاتہہ سے مارا گیا بعدہ
۷۹	کید ہندی	پیدا ہوا یہہ راجہ مطیع سکندر رومی کا ہوا اور تین سو سال عمر کید ہندی کے ہوے تہے کہ سکندر رومی نے جسکو ذوالقرنین اصنع کہتے ہین قاصد بہیجکر اسکو طلب کیا آخر کید نے تعظیم رسولون کے کر کے اور تحفہ و تبرکات فاخرہ دیکر باز پس کیا اور کہلا بہیجا کہ میرے پاس مدت سے چار ایسی چیزین ہاتہہ لگی ہین کہ کسی بادشاہ کے خزانہ خیال مین متصور نہونگی اول یہہ ایک مخدرہ از بس حسین دوسرے ایک فیلسوف کہ جو کچہہ کسی کے دل مین گذرے بے نسبت سوال ظاہر کر دیوے تیسرے طبیب حاذق چوتہے ایک قدح کہ جب پانی سے بہر دو مجموع خلایق پانی پیوین اور وہ ویسا ہی بہرا رہے سکندر نے ان چیزون کو منگایا اور کید ہندی کو بعذر کبر سنی کے بولانے سے باز رکہا اور امتحان ان چیزون کا کر لیا فقط بعدہ
۸۰	راجہ ستار چند	پیدا ہوا بعدہ
۸۱	راجہ ہوبا جوند	پیدا ہوا یہہ خواہر زادہ راجہ فور قنوجی کا ہے بعدہ
۸۲	راجہ کلیان چند	پیدا ہوا بعدہ
۸۳	راجہ بکرماجیت	پیدا ہوا بعدہ
۸۴	راجہ سالباہن	پیدا ہوا بعدہ
۸۵	راجہ بہوج	پیدا ہوا بعدہ
۸۶	راجہ باسدیو	پیدا ہوا ۷ سال راج کر کے بہرام گور تنہا ہند مین آکر اسکے لڑکے سے دختر کے شادی کر کے اپنے ملک کو چلا گیا بعدہ
۸۷	راجہ انند دیو	پیدا ہوا بعدہ

۸۸	راجہ رام دیو	پیدا ہوا پہلے یہہ سپہ سالار راجہ باسدیو کا تہا پہر راجہ قنوج کا ہوگیا تب ۵۰۰ راجہ کو اپنا مطیع کر لیا اور ۴۵ سال راج کیا بعدہ
۸۹	راجہ پرتاپ چند	پیدا ہوا یہہ بہی سپہ سالار فوج راجہ رام دیو کا تہا اخر شش یہہ بہی راجہ قنوج کا ہوگیا نوشیروان عادل نے دست درازی کرکے اسپر خراج مقرر کیا اور بعد فوت راجہ پرتاپ چند کے رایان اطراف زور پکڑکے اکثر ولایت پر متصرف ہوگئے تہوڑا ملک اسکے اولاد کے پاس رہ گیا تب سے یہے لوگ ملقب رانا سے ہوئے کسواسطے راجہ را جنکو ہندی میں رانا کہتے ہیں ابتک راجگی اودے پور رانا سے تعلق رکہتے ہیں اور سب راجے ہند کے اسکے خاندان کے تعظیم سبب قدامت کے کرتے آئے بعدہ
۹۰	راجہ بالو یو	پیدا ہوا بعدہ
۹۱	راجہ جیپال لاہوری	پیدا ہوا یہہ راجہ پنجاب کا تہا کہ ہاتہہ غزنویوں سے مارا گیا بعدہ
۹۲	راجہ کلیچند	پیدا ہوا یہہ راجہ دکن کا تہا اور بلدہ کلبرگ اسے منسوب ہے بعدہ
۹۳	راجہ بیجے چند	پیدا ہوا اسنے شہر بیجانگر کو طرح کیا اور بیجانگر کو بیجاپور کہتے ہیں فقط بعدہ
۹۴	راجہ نل	پیدا ہوا یہہ راجہ مالوہ کا تہا اور عاشق دمن دختر راجہ بہیم سین کا تہا فقط بعدہ
۹۵	رائے پتہورا	پیدا ہوا اور سلطنت ہندوں سے جاتے رہے اب بیان اولاد یافث کا ہوتا ہے
۹۶	یاجوج و ماجوج وغیرہ	اولاد یافث سے ہیں ایسے ایک خلق کثیر وجود میں آئے چنانچہ عبداللہ بن عمر کہتے ہیں کہ بنی آدم دس جز از انجملہ نو جز امم یاجوج و ماجوج باقی اہل تمام عالم کے ہیں ایک نفر انہوں میں سے نہیں مرتا ہے جبتک ہزار نفر اپنے نسل نہ دیکہ لیوے اور اخبار میں آیا ہے کہ یاجوج و ماجوج دو گروہ ہیں کہ ہر ایک اونسے چار سو فرقہ پر تقسیم ہونگے ہیں

اور سب بیلے تین صنعت ہین ایک اون مین سے قامت ۲۰ اگز طول اور دوسرے کا طول و تقعر ایک شبر سے چار زراع تک اور تیسرے کلیم گوش فیل اور کرگدن انسے برابر سے نہین کر سکتے اور طریق مذمومہ اونکے سے ایک یہہ ہے کہ جب کوئی مرجاتا ہے اوسکو کہا جاتے ہین اور خورش اکثر انکے دانہ خرتوت کے ہے ان کمراہونکا دین و شریعت نہین ہے خدا کے پرستش نہین کرتے بلکہ مثل ذوات کے زندگانی کرتے ہین ذوالقرنین کہ اولاد یافث بن نوح سے تہے اور بادشاہ اعظم واسطے اندفاع مضرت یاجوج ماجوج کے سد میان دو کوہ کہ ممر اوس قوم کا تہا حضر کرکے اور پانے تک پہونچا کر سنگہاے عظیم اوسکے اساس مین رکہنے بعد اوسکے سد بنائی قطعہ ہاے آہن ومس پر تو سے وشرب سے اور کہتے ہین کہ طول اوسکا ۵۰ فرسخ اور عرض دیوار کا ۵۰ میل اور ارتفاع ۲۸۰۰ ارش ہے الغیب عند اللہ باقی حال انکا کتب سیر مین مندرج ہے اب خلاصہ حال سام کا لکہا جاتا ہے اوسمین دو فرقہ ایک پیغمبران دوسرا بادشاہان کا بیان اول فرقہ پیغمبران کا یہہ ہے		
پیدا ہوئے سام سے اور معاصر انکا مصر بادشاہ تہا اور ظہور طوفان سے ۲ برس گذرے تہے بعدہ۔	ارفخشد	۹۸
پیدا ہوے بیٹے ارفخشد کے بجے بعدہ	شالح	۹۹
پیدا ہوئے انکو ہود عرم بہی کہتے ہین قبر انکی حضرموت یا دمشق مین ہے بعدہ انکے بیٹے قحطان اور قحطان کے بہائی یونان تہے بعدہ	غابر	۱۰۰
بیتے فالج کے پیدا ہوئے انکے وقت مین زبانین زمین درمیان اولاد نوح کے تقسیم ہوئے اسوقت ۷۰ سال طوفان کے گذرے تہے اور اسوقت تک ۷۲ فرقے تہے اور سب تبادلہ زبانون	ارغو	۱۰۱

		کا ابوعیسی نے یون لکھا ہے کہ اولاد نوح کے بعد طوفان کے منتشر ہوئے کثرت سے جب سبنے یہہ تجویز کی کہ ایک قلعہ ایسا اونچا بناو کہ دوسرے دفعہ اگر طوفان آوے تو پہر ہمکو گزند نہو بموجب سبکے ندے کے یہہ قرار پایا کہ ایک برج بلند آسمان تلک بناو اس سبب اللہ تعالے نے اونکی زبانین متفرق کردین تاکہ ایک دوسرےکے بولے نہ سمجھے چنانچہ ایسا ہے ہوا الا عابر محفوظ رہا یعنے اوسکی زبان عبرانی رہی وہ بندگی خدا کی عبادت کرتا رہا فقط اور نمرود بادشاہ جبار مذکورہ بالا بہی اسکے وقت مین پیدا ہوا کہ نام اوسکا طماسقان تہا بعدہ
۱۰۲	شاروغ	پیدا ہوئے انکا نام توریت مین سرود رہے بعدہ
۱۰۳	ناحور	پیدا ہوئے سنہ ۹۲۰ بعد طوفان کے گزرے تہے بعدہ
۱۰۴	تارخ عرف آزر	پیدا ہوئے بعد طوفان نوح عم مدت (۲۰۰) سال کے دبقول اکثر چچا حضرت ابراہیم عم کے تہے بعدہ
۱۰۵	ابراہیم عم	پیدا ہوئے انکے دو بیٹے تہے پہلے
۱۰۶	اسمعیل عم	پیدا ہوئے جاننا چاہیے کہ خلفاء اسلام کے تین طبقہ ہین اور سب قریش اسکی نسل سے ہین طبقہ اول خلفاء راشدین اولین اونمین ابوبکر صدیق رض اور آخر امام حسین رض طبقہ دوم امویہ طبقہ ثالث عباسیہ اور فرق درمیان خلافت اور ملک اور سلطان من حیث شرع شریف کے یہہ ہے کہ حضرت عمر خطاب رض فرماتے ہین کہ جو وقت وضع کے جاوے کوئی شے بیت المال سے بغیر حق مین اور لیجاوے غیر موضع سے غصباً و مصادرۃً قصداً یا خطاءً تو بس ملک ہی اور خلیفہ وہ ہے کہ لیوے حق اور دیوے حق مین اور سلطان وہ ہے کہ جسکی ولایت مین ملوک ہودین

اور کمتر لشکر اوسکا دس ہزار سوار سے نہو اور ممالک متعدده کا مالک ہو اوسکو سلطان اعظم بہی کہنا جایز ہے اور اوسکے واسطے بشرط یہہ ہے کہ اوسکے نام پر خطبہ اقل تین روز و اکثر تین مہینے ممالک متعدده و بلاد مختلفہ مین پڑہا جاے نہیں اب تا اندم سلطنت کا مدینہ قسطنطنیہ پر منتقل ہوا ہے ایدہا اللہ و ابدہا بعده بیٹے ابراہیم عم کے		
پیدا ہوئے پہر اسحاق کے دو بیٹے ہوئے مفصلہ ذیل	اسحاق عم	۱۰۷
پیدا ہوئے ملوک و سلاطین روم انکے اولاد مین ہوئے اور وجہہ تسمیہ روم کے یہہ ہے کہ عیص نے اراضی روم مین رحلت فرمایے اور عیص کو دختر انکے عم یعنے بنت اسمعیل عم سے پانچ لڑکے تولد ہوئے ایک کا نام روم تہا کہ سب رومی اوسکے نسل سے ہین عمر عیص کی ۱۴۷ سال کے ہوئے تہے بعده	عیص عم	۱۰۸
پیدا ہوئے اور اتفاقات سے عیص عم و یعقوب عم کے وفات ایک ہے روز ہوئے بعده	یعقوب عم	۱۰۹
پیدا ہوئے بعده	ایوب عم	۱۱۰
پیدا ہوئے بعده	ذو الکفل عم	۱۱۱
پیدا ہوئے بیٹے عنقا کے تہے بعد	شعیب عم	۱۱۲
پیدا ہوئے نام انکا ابو العباس و ایلیا تہا معاصر ذو القرنین اکبر کے تہے چشمہ آب حیوان پایا اوز پانی اوسکا پیا حق تعالے نے اونکو زندگانی دراز عطا کے اور علم و دانش سے بہره مند کیا خضر اور جہان پاے مبارک رکہتے تہے وه جگہ سبز ہو جاتی تہی اسلیے خضر کہلاے اور آپ موکل مین ہوا پر تا نفخ صور اور صاحب بحر کے بعده	خضر عم بن ملکان	۱۱۳

١١٤	اسکندر رومی	پیدا ہوا بعدہ
١١٥	ریان بادشاہ مصر	پیدا ہوا بعدہ
١١٦	مصعب بادشاہ مصر	پیدا ہوا بعدہ
١١٧	قابوس بادشاہ	پیدا ہوا بعدہ قوم قبطی سے
١١٨	فرعون بادشاہ	پیدا ہوا محکم و بلند ترین بنا جہان میں محل فرعون کا تہا کہ عرصہ سات سال میں کے ہزار آدمی کے اہتمام سے طیار کردایا ذریعہ ہامان وزیر اپنے کے بالآخر بحکم خدائے عزوجل تین ٹکڑے ہوکر منہدم ہوا ایک ٹکڑا ہندوستان میں دوسرا حد مغرب میں تیسرا کا ریگر دن پر پڑا اور کہتے ہیں کہ یہہ بادشاہ کبہی بیمار نہیں ہوا اور قابوس بادشاہ اسکا بہائی تہا اور نام اس فرعون کا لاطیس بن کا تم تہا اور اسکو اہل اثار نے ولید بن مصعب لکہا ہے اور یہہ فرعون موسوی دہقنی تہا اور ٠٠٤ سال بادشاہی کے اور اسنے ندا انا ربکم الاعلی کے دے تہے اور ایلیا اسکے دختر نے بسبب لگانے لعاب دہن موسی عم کے مرض برص سے نجات پائے تہے اور فرعون نے ٩٠ لاکہہ بچہ کو قتل کروا ڈالا تہا اور اولین بادشاہ قوم عملیقی کا ولید بن ومغ ہے اور حال غرق ہونے لشکر فرعون کا رود نیل میں اس نمط پر ہے کہ مردان کارے بنی اسرائیل کے ٦ لاکہہ ٧٠ ہزار اور مجموع قوم عورت اور لڑکے دجوان وبڈہے ١٢ لاکہہ تہے علی الصباح قبطیوں نے کسی کو ندیکہا خفقان مال سے مشورہ کرنے لگے اور استغاثہ آگے فرعون کے لیگئے اوسنے ذریات بنی اسرائیل کو ڈہونڈا جانکے بجمعیت ٢٣ لاکہہ سوار کے تعاقب کے ہوئے روز عاشورہ محرم ٦ گہڑی روز کے نزدیک سپاہ موسی عم کے

		پہونچے اس حال کے ہوتے بھی ہیں اب دریاے نیل کا ۱۲ کوچہ ہوگیا اور جبرئیل سے زنگ کیا اور افتاب اوسپر چمکا اسباط بنی اسرائیل سے ہر ایک سبط ہر کوچہ مذکور سے چار گہری ہیں اور بلا دریا سے عبور کر گیئے فرعون نے بہی باغواے **ہامان** وزیر اپنے کے کہوڑا دریا مین کودایا جبرئیل مقدمہ لشکر کے ہوئے تہے اور میکائیل مرد مان بازماندگان کو ہانکتے تہے جب مقدمہ لشکر دریا مین پہونچا اور ساقہ لشکر کا دریا مین اگیا بحکم الہی اجزاے پانی کے اپسمین مل گیئے اور ستمردون کو ہلاک کیا روز شنبہ جمادی الاخر تہا اور نام زن فرعون کا **اسیہ بنت** مزاحم تہا اور پیش از عہد حضرت ختم المرسلین صلعم نساء العالمین سے ہین دو عورت ایک بی بی اسیہ دوسرے بی بی مریم بنت عمران کے بعدہ
۱۱۹	قارون بادشاہ	پیدا ہوا لغت عبری مین اسکو قاروج کہتے ہین بیٹا **مصعب** یا نصیر بن فاہت کا تہا اور لڑکا چچا موسے عم کا ہوتا ہے بہت عالم و افضل بنی اسرائیل سے تہا اور موسے عم سے علوم غریبہ و صنعت عجیبہ کیمیا گری سیکہی تہے اور قبل موسے عم کے کوئے فن مین ماہر تہا کثرت خزانہ قارون کے یہان تک تہی کہ ۴۰ اونٹ یا خچر کنجیان صنادیق خزاین اوسکے کو اوٹہاتے تہے بسبب لگانے اتہام بد موسے عم پر اونکے دعا سے معہ مال و منال زمین مین سماگیا بعد اوسکے جناب باریعو سے ندا آئے کہ اب تا قیامت زمین کسی کے فرمان مین نکرونگا محفوظ رہو
۱۲۰	بخت نصر بادشاہ	پیدا ہوا اور ہیکل و بیت المقدس کے خرابی ۳۴۲۵ سال بعد طوفان کے ہوئے اور یہی سنہ اسکے جلوس کے ہین اور اسیکے زمانہ سے ملک شام تابع بابل کے ہوا اور عظماے بادشاہ نے صنم کدہ بنایا تہا اور اسی معصیت کے پاداش مین ۷ برس یہہ بادشاہ تبادل صورت مصور ہوا تہا بعدہ صورت اصلے ہوگیا اور دانیال

		حرم نیابت مین لڑکی بخت نصر کے انتظام لشکر و رعایا کا کرتے تھے اخیر لڑکا بھی بعد یک سال بسبب تمرد و تکبر بضرب شمشیر مارا گیا جسکا نام بلشصر لڑکے بخت نصر کا اولاد تہا اور اسکا بیٹا طلماس تہا
۱۲۱	اخسطیرش بادشاہ	پیدا ہوا بعدہ
۱۲۲	دقیانوس بادشاہ	پیدا ہوا کہ اصحاب کہف کہ نام اونکے یہہ ہین یملیخا مکسلمینا کشفوطط تبیونس اذرفطیونس کشفیطیونس یوانس یونس واسیم کلیم قبلیر سنہ کیومرث بادشاہ کے بعد اسکے کہ ڈر سے یہ مین پہاڑ مین چھپے تہے بعدہ منجملہ ۱۲ پسران یعقوب عم کے
۱۲۳	یوسف عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۲۴	موسی عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۲۵	ہارون	پیدا ہوئے بعدہ
۱۲۶	یوشع بن نون	پیدا ہوئے ۱۵ ۱۵ سال بعد طوفان نوح عم کے مدینہ اریحا مین اور ہنگام زیست موسی و ہارون کے یہہ نبوت سے مشرف ہوئے اور جب موسی نے شہر نیسان کے دسوین تاریخ وفات پائے بنی اسرائیل شہر شریعہ مین کہ جسے ہزارون یہہ کہتے ہین گئے بعدہ
۱۲۷	حزقیل	پیدا ہوئے بیتے بورا ایک تھے بعدہ
۱۲۸	الیاس عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۲۹	الیسع	پیدا ہوئے بعدہ
۱۳۰	ایوشن عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۳۱	سموئیل عم	پیدا ہوئے بلقا من سے اور عمالقہ مقاربہ پر غالب اکر دیار شام پر لشکر کشی کر کے فتح پائے اور تابوت سکینہ کو ۳۰۰ نفر پیغمبرزادون و ملک زادون کے ساتھ لے گئے اور جالوت بادشا

نمبر	نام	کیفیت
		عمالقہ کا تہا بعدہ
۱۳۲	طالوت ع	پیدا ہوے سبط بنیامین بن یعقوب سے تہے اور بسبب طول قامت بکے موسوم طالوت سے ہوسے اور حسین بہی تہے اور تین سو تیرہ آدمی لیکر جالوت سے لڑہی اور جالوت بڑا جابر تہا اور ایک بیضہ اوسکے سر مین تہا کہ اوسکو تینسو ادمی اوٹہاتے تہے بعدہ
۱۳۳	داؤد عم	پیدا ہوئے بعدہ انکے بیٹی
۱۳۴	سلیمان عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۳۵	لقمان حکیم	پیدا ہوئے اختلاف ہے اونکے نبوت مین اور اتفاق ہے اونکے حکمت مین اور نصایح اونکے مشہور ہین اور پیدایش اونکے دیار نوبہ مین ہوئے اور نسبہ قام تہے اور بیٹے باعور کے تہے اور اخبار الدول اثار الاول مین نام انکے باپ کا عنقا لکہا ہے بعدہ
۱۳۶	ارمیاء عم	پیدا ہوئے بیٹے خلیف کے تہے بعدہ
۱۳۷	دانیال عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۳۸	عزیر عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۳۹	زکریا عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۴۰	یحیی عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۴۱	عیسی عم	پیدا ہوئے بعدہ
۱۴۲	حنظلہ الصادق عم	پیدا ہوئے بیٹے ابی صفوان کے تہے اور ہاتہہ سے شریروں کے مقتول ہوئے بعہد وقیانوس بادشاہ اور مبعوث ہوئے تہے واسطے سکناے اہل رث کے اور بدنین رث مین ایک پہاڑ ہے بہت بلند موسوم فتخ او سپر طیور عظیمہ رہتے ہین چنانچہ طایر عنقا جسکا منہ مثل منہ انسان کے ہے اور چار بازو ہوتے ہین تہا اسکو ہنود سیمرغ جانتا تہا اللہ تعالے نے اوسکو

نمبر	نام	کیفیت
		بعض حرا یہ بجبر بحیط مین ڈال دیا اور سبب ورادنی عنق سینے گردن موسوم عنقا سے ہوا ہے بعدہ
۱۴۳	حریج راہب	پیدا ہوا بعد ۱۳۳ سال ہجرت اختیار کے اخیر کار زانیہ نے اوجار کے متہم رما کیا کہ حکم قتل کا ہوا لیکن بسبب شہادت جنین کے ہونے ہو کر بچ گئے بعدہ
۱۴۴	برصیصا عابد	پیدا ہوئے راہبان بنی اسرائیل سے تھے بڑے عابد اور ۲۰۰ سال عبادت خدا کے کرکے آخرش وسوسہ شیطان سے دختر بادشاہ بنی اسرائیل سے مباشرت کے اور بحکم حاکم دار پر چڑھائے گئے اور عذاب اجل مین گرفتار ہوئے الا شیخ سعدی شیرازی نے مجالس خمس اپنے کتاب مین اس قصہ کو ادنی منظ بیر تحریر فرمایا ہے بعدہ
۱۴۵	شمسون	پیدا ہوئے بنی اسرائیل سے تھے ایکی عورت نے انکو جب سوئے محاسن ایکے مین باندھکر آگے حاکم کے حاضر کیا حاکم نے سونے کا حکم دیا آخر اب سچ کئے اور اپنے عورت کو طلاق دیا
۱۴۶	خالد بن سنان علیہ السلام	پیدا ہوئے اولاد حضرت اسمعیل ع سے تھے اور آتش سنگستانی اعراب کو بجھا دیا اور خبر دیے تھے کہ بعد مرگ تین رات کے ایک گورخر اوپر سے قبر میرے کے دوڑیگا اور تین دفعہ بانگ کریگا اوسکو مارکر اور حکم پہاڑ میرے قبر پر ڈال دینا مین زندہ ہوکر تمکو حال دنیا و آخرت سے خبر دونگا چنانچہ ویسا ہی ہوا الا ہنگام مارنے کے مانع ہوئے اور قبر سے باہر نہین نکلے اب حضرت اسمعیل ع کے سلسلہ کا بیان ہوتا ہے کہ بیٹے اونکے
۱۴۷	حمل	پیدا ہوئے بعدہ
۱۴۸	عدنان	پیدا ہوئے واضح ہو کہ یہان تک نسب ختم المرسلین کا باتفاق ہے اسمین کچھ گفتگو نہین باقی مین گفتگو ہے اور عدنان ابراہیم

		عرم کی اولاد سلسلہ میں بسطرح پر کہ عدنان بن اود بن مقوم بن ناحور بن تارح بن یعرب بن یشجب بن نابت بن اسمعیل بن ابراہیم [illegible]
۱۴۹	معد	پیدا ہوئے ولدہ
۱۵۰	نزار	پیدا ہوئے ولدہ
۱۵۱	مضر	پیدا ہوئے
۱۵۲	الیاس ثانی	پیدا ہوئے ولدہ
۱۵۳	مدرکہ	پیدا ہوئے والدہ
۱۵۴	خزیمہ	پیدا ہوئے والدہ
۱۵۵	کنانہ	پیدا ہوئے ولدہ
۱۵۶	نضر	پیدا ہوئے ولدہ
۱۵۷	مالک	پیدا ہوئے ولدہ
۱۵۸	فہر	پیدا ہوئے بیٹے انکے تین ہوئے
۱۵۹	مرہ	پیدا ہوئے ولدہ
۱۶۰	غالب	پیدا ہوئے والدہ
۱۶۱	بلال	پیدا ہوئے بعدہ بیٹے مرہ کے
۱۶۲	سعد	پیدا ہوئے ولدہ
۱۶۳	کعب	پیدا ہوئے و
۱۶۴	عمر	پیدا ہوئے ولدہ
۱۶۵	عامر	پیدا ہوئے ولدہ
۱۶۶	عثمان	پیدا ہوئے ولدہ
۱۶۷	عبداللہ	پیدا ہوئے ولدہ
۱۶۸	طلحہ	پیدا ہوئے یہ بیٹے بلال کے

۱۶۹	جراح	پیدا ہوئے ولدہ
۱۷۰	عبدالعزی	پیدا ہوئے پھر بیٹے عامر کے
۱۷۱	ابو عبید	پیدا ہوئے بعدہ بیٹے غالب کے
۱۷۲	لوی	پیدا ہوئے ولدہ
۱۷۳	کعب	پیدا ہوئے پھر انکے بیٹے ہم ہوئے
۱۷۴	رباح	پیدا ہوئے بعدہ
۱۷۵	مرہ	پیدا ہوئے بعدہ
۱۷۶	نفیل	پیدا ہوئے بعدہ
۱۷۷	جبیر	پیدا ہوئے بعدہ رباح کے بیٹے
۱۷۸	زید	پیدا ہوئے ولدہ
۱۷۹	عبدالعزی	پیدا ہوئے ولد
۱۸۰	فضل	پیدا ہوئے ولدہ
۱۸۱	خطاب	پیدا ہوئے ولدہ
۱۸۲	عمرؓ	پیدا ہوئے بعدہ بیٹے نفیل کے
۱۸۳	عمر	پیدا ہوئے ولدہ
۱۸۴	سعد	پیدا ہوئے بعدہ بیٹے جبیر کے
۱۸۵	قصی	پیدا ہوئے ولدہ
۱۸۶	مناف	پیدا ہوئے ولدہ
۱۸۷	عبد	پیدا ہوئے ولدہ
۱۸۸	ذہیب	پیدا ہوئے ولدہ
۱۸۹	مالک	پیدا ہوئے ولدہ
۱۹۰	وقاص	پیدا ہوئے ولدہ
۱۹۱	سعد	پیدا ہوئے بعدہ بیٹے مرہ کے

۱۹۲	کلاب	پیدا ہوئے انکے تین بیٹے
۱۹۳	زہرہ	پیدا ہوئے ولدہ
۱۹۴	قصی	پیدا ہوئے ولدہ
۱۹۵	عبدالعزی	پیدا ہوئے بعدہ زہرہ کے بیٹے
۱۹۶	عبد	پیدا ہوئے ولدہ
۱۹۷	عوف	پیدا ہوئے ولدہ
۱۹۸	عبدالرحمان	پیدا ہوئے بعدہ عبدالعزی کے بیٹے
۱۹۹	بنتیت	پیدا ہوئے ولدہ
۲۰۰	خویلد	پیدا ہوئے ولدہ
۲۰۱	عوام	پیدا ہوئے ولدہ
۲۰۲	زبیر	پیدا ہوئے بعدہ بیٹے قصی کے
۲۰۳	عبدمناف	پیدا ہوئے انکے ہم بیٹے دو اولین توام کہ شمشیر زنی اونکے اولادین بسبب جدا کرنے جبرم کے رہے ا
۲۰۴	عبدالشمس	پیدا ہوئے بعدہ
۲۰۵	ہاشم	پیدا ہوئے بعدہ
۲۰۶	مرہ	پیدا ہوئے بعدہ
۲۰۷	مطلب	پیدا ہوئے بعدہ عبدالشمس کے بیٹے
۲۰۸	اُمیہ	پیدا ہوئے اونکے دو بیٹے
۲۰۹	ابی العان	پیدا ہوئے بعدہ
۲۱۰	ابی سفیان	پیدا ہوئے پہر ابی العان کے بیٹے
۲۱۱	عفان	پیدا ہوئے ولدہ
۲۱۲	عثمان رض	پیدا ہوئے پہر ابی سفیان کے بیٹے
۲۱۳	معاویہ	پیدا ہوئے ولدہ

۲۱۴	یزید لعین	پیدا ہوا ولدہ
۲۱۵	خالد	پیدا ہوا اسلئے ترک خلافت کی بعدہ
۲۱۶	عبدالملک ابن مروان	پیدا ہوا ولدہ
۲۱۷	ولید	پیدا ہوا بعدہ
۲۱۸	سلیمان	پیدا ہوئے بعدہ
۲۱۹	یزید	پیدا ہوا بعدہ برادر اوسکا
۲۲	ابراہیم	پیدا ہوئے بعدہ
۲۲۱	ابوالعباس سفاح	پیدا ہوئے بعدہ ہاشم کے بیٹے
۲۲۲	عبدالمطلب	پیدا ہوئے انکے ۱۲ لڑکے تھے ولدہ
۲۲۳	عبداللہ	پیدا ہوئے ولدہ
۲۲۴	محمد صلی اللہ علیہ وسلم	پیدا ہو
۲۲۵	امیر حمزہ	پیدا ہوئے بعدہ
۲۲۶	عباس	پیدا ہوئے بعدہ
۲۲۷	ابوطالب	پیدا ہوئے بعدہ
۲۲۸	مقوم	پیدا ہوئے بعدہ
۲۲۹	ابولہب	پیدا ہوئے بعدہ
۲۳۰	ذہیر	پیدا ہوئے بعدہ
۲۳۱	ضرار	پیدا ہوئے بعدہ
۲۳۲	غیداق	پیدا ہوئے بعدہ
۲۳۳	حارث	پیدا ہوئے بعدہ
۲۳۴	عبدالکعب	پیدا ہوئے بعدہ
۲۳۵	حجیل	پیدا ہوئے بعدہ ابوطالب کے بیٹے
۲۳۶	علی کرم اللہ وجہہ	پیدا ہوئے اور بیٹے گرامی اونکے مفصلہ ذیل ہین

۲۳۷	امام حسن ؑ پیدا ہوئے بعدہ
۲۳۸	امام حسین ؑ پیدا ہوئے فقط

۲ نقشہ انبیا ہی مرسل کہ آنجملہ یک لکہ ۲۴ ہزار مشہور زائد ۳۰۰ ہزار مرسل و مابقی نبی اجمالاً

عدد	نام نبی	نام پدر	مدت عمر	کیفیت ملخصاً
۱	آدم علیہ السلام	×	۹۱۲ برس یا ۹۰	حال مشرح آپکا نقشہ اولین مین علحدہ وبشمول حال حوا کے لکہا گیا ہے سوا سکے اونکے یہہ ہے کہ لقب آپکا صفی اللہ ہے اور کنیت ابو البشر اور آپکے ۲۱ فرزند اور ۳۰ دختر ہین بغیر حضرت شیث اکیلے پیدا ہوئے تہے اپنا جوڑا ایک حور سے ساتہہ کر لیا تہا اور حلیہ آدم علیہ السلام کا یہہ ہے کہ سرخ چہرہ فراخ چشم بلند گردن بے محاسن دو گیسو بافتہ اور قلم سریانی تہا اور ما بین آدم و ختم المرسلین صلعم کے عرصہ ۵۷۲۵ سال کا ہے اور بقبول بطلمیوس ما بین ہجرت خاتم انبیا و ہبوط آدم سے عرصہ ۶۲۱۶ سال کا ہے
۲	شیث علیہ السلام	آدم	۹۱۲ برس	حال انکا نقشہ اولین مین لکہا گیا ہے سوا اسکے یہہ ہے کہ شیث لفظ سریانی ہے و معنی اسکے ہبۃ اللہ و سر اللہ صاحب کتاب ہین انکو

				ادریا یعنے معلم اول یہی کہتے ہین زمین شام مین اقامت رکہتے تہے اور قلم صولیانی تہا
۳	ادریس ع م	برد	۴۰۰ اس	عبرانی زبان مین نام انکا اصنوخ ہے سو شہر (با) دسے صاحب کتاب ہین اور خلق کو ۳ ے نوح سے دعوت کرتے تہے اور اونکو ۲۹ رمضان کو آسمان پر لیجا کر بہشت برین مین خدا نے جگہ دی اور نام ثالث و حکیم الحکماو ہرمس الہرامسہ عبارت انہین سے ہے اور عاریون مصری ادریانی تہا اور آپ بسبب کثرت درس صحف آبائے بزرگوار اپنے کے موسوم ادریس ہوئے اور اللہ تعالے نے واسطے ہدایت اولاد قابیل کے انکو خلعت رسالت عطا کیا انہون نے اپنی امت کو واقعہ طوفان نوح علیہ السلام سے خبر دی تہی اور سوریان بادشاہ مصر نے ایکا گنبد بزبان مصرین واسطے محفوظی طوفان مذکور سے آپکے اشارہ سے بنایا تہا کہ موجود ہے ۳۰ صحیفہ انپر نازل ہوئے تہے اور انکے بیٹے کا نام متوشلح ہے اور اول سواری اوپر اسپ کے انہین نے کی اور قلم سریانی تہا اور بہت کتابین تصنیف کی ہوئین انکی ایک روز جبرئیل علیہ السلام انکے ہاتھ سے لیکر کلمۃ دریا مین ڈال دین تاکہ بعضے اسرار و بہت علوم کا اہل نجات دینا اور آپنے ۱۶ سال کہانا اور نہ سونا [illegible] کر مجرد روحانیہ و عقل [illegible] خطا
۴	نوح علیہ السلام	مالکہ با بلک	۹۵۰ س	حال شرح انکا نقشہ اولین مین لکہا گیا ہے علاوہ

				اوسکی یہہ ہے کہ اونکی امت پر طوفان آیا اور سوائے اونکے جو کشتی پر تہے سب ڈوب گئے اور کشتی چوب ساج کے تہے کہ بشمول ایک شخص و تینو بیٹی اپنے وتعلیم جبرئیل سے بنائے گئے تہے اور زور ون و بیرون اوسکا قیر و قار سے مطلاتہا اور طول اوسکا ۱۳۰۰ گز اور عرض ۶۰۰ گز اور ارتفاع ۳۰۰ گز اور تین طبقہ اور حلیہ انکا یہہ تہا سپید رو جعد مو سر بزرگ سرخ چشم اور قلم انکا جوز می تہا اور ۱۱۰۰ سال آدم سے گذرے تھے جب آپ پیدا ہوئے فقط
۵	ہود ع	عبداللہ یا شالخ	۴۶۴ برس	انکے قوم عاد کے لوگون نے انکو بہت تکلیف دی اور عذاب آندہی ۸ روز و ۷ شب کا اونپر نازل ہوا اور دعا بد حضرت سے ۳ سال پانی نہیں برسا اور قوم نے قیل وغیرہ ۷۰ نفر کو واسطے طلبگاری پانی کے بہیجا مکہ شریف مین اوس زمانین سکنائے مکہ ایک جماعت فرزندان علاق یا عملیق سے تہے کہ انکو عمالقہ بہی کہتے ہین اور شریف مکہ کا معاویہ بن بکر تہا اور اسکے کل خیر خیری تہے آخر قیل مکہ مین معاویہ کے گہر آکر بعد ایک مہینے کے تل مکہ مین جاکر جناب باری سے استدعاء باران کے کی تین ٹکڑے ابر کے سرخ و سپید و سیاہ ظاہر ہوئے اور بولے کہ ہم تینوں مین سے ایک ٹکڑیکا اب اختیار قیل نے ابر سیاہ سے مانگا حضرت ہود بسبب اطلاع عذاب خدا اسکے معہ

				۴۰۰۰ اہل ایمان طرف عین سبح کے چلے گئے اور قوم عاد کے تباہ ہونے یہہ حادثہ صرصر عقیم سنہ تین ہزار ۴۴ ہبوط آدم عم ۔۔ واقع ہوا اور ایک شخص لقمان اونکے وقت مین تہا کہ جسکے عمر حسب دعا اوسکے کے بقدر ے کرگس بحساب فی کرگس ۸۰ سال کے ہوئے تھے
۶	صالح ع	عبید	۲۸۰ برس	اللہ تعالے نے اونکو واسطے ہدایت قوم ثمود کے بہیجا تہا چنانچہ پتہر سے اونٹنی اوکے معجزہ سے نکلی اسنے اوسکی کونچیں کاٹیں اونپر عذاب کڑک بجلی کا نازل ہوا کہ وہ سب مرگئے یہہ حادثہ بعد ۳۱۲۱ سنہ ہبوط ادم سے ہوا اور فوت ہوئے آپ مکہ معظمہ مین اور دفن ہوئے حجر مین فقط
۷	لوط عم	ہارون	۷۲ برس	دعوت اسلام کے کی اور اونکے قوم لڑکون سے لواطت کرتے تھے اسواسطے اسمان سے پتہر برسے اور شہر اولٹ گیا یہہ واقعہ ۳۴۲۲ بعد ہبوط ادم کے ہوا اور آپ گندم گون و فروختہ موخوب رو وغضبناک تھے اور بہتیجے حضرت ابراہیم عم کے تہے جبرئیل نے بحکم رب العزت شہر سدوم معہ پانچون گانون معلقہ اوسکے کے بجرم لواطت اولٹ ڈالا کہ جسمین ۴ لاکہ آدمی تہے اور زوجہ لوط نے اوپر قوم مغضوبہ کے ہاے کرکے افسوس کیا اسمرتہ پتہر سرپر گرا کر مرگئے
۸	ابراہیم عم	آزر	۱۹۵ برس	بعمر ۱۶ سال انکو نمرود بن کوش بادشاہ ہ

جنابا عراق منجنیق مین کرکے اگ مین ڈالا اور ۳۰ روز تک قیام ابراہیم کا اگ مین رہا وہ اگ بحکم خدا اونپر گلزار ہوگئے اور کتاب زبور نازل انپر ہوئی تہے اور زوجہ انکی ازبس حسین **بی بی سارہ** تہین جبکہ آپ حران سے معہ بی بی سارہ مصر مین تشریف لیگئے اوسوقت مین **طوطیس** والی وحاکم جبار وبے ادب مصر نے جوکہ بزعم قبطیان فرعون اولین منجملہ فراعنہ مصر کے تہا اور بجے فرعون ابراہیمے ہے اپ کو اپنے روبرو بلاکر پوچہا کہ یہہ عورت تمہارے کون ہے آپ نے جواب دیا کہ میرے اسلامی بہن ہے بعد اسکے فرعون مذکور نے خوش ہوکر حکومتہً موافق اپنے معمول کے حرام کاری کرنا چاہا الله تعالی نے بسبب دعا عصمت بی بی سارہ کے ہاتہہ و پانو اوسکے خشک کر دیئے جب یہہ شخص اوس حرکت سے باز رہا اور ہاتہہ و پانو اوسکے کہل گئے تب اسنے جانا کہ یہہ عورت عفیفہ و پارسا ہے اخرش بی بی سارہ کو ایک لونڈی **مسماۃ ہاجرہ** دیکر رخصت کیا بعد اسکے بی بی سارہ معہ ابراہیم عم وہاجرہ ملک شام کو تشریف لیگئین پہلے بی بی سارہ عقیمہ تہین اسلئے ہاجرہ کو اہنون نے خدمت مین رکہنے کی ابراہیم کو اجازت دے نتہے اور ابراہیم عم **۱۸۲۳** سال قبل مسیح کے پیدا ہوئے اور **۱۹۹۶** سال قبل مسیح کے وفات پائے اور مزرع حبرون یعنے قدس خلیل مین مدفون ہوئے اور حلیہ اونکا یہہ ہے سفید رو کشادہ ابرو فراخ پیشانی

				بلند بینی تازہ رو اور انکے بدن سے خوشبوے مشک کی آتی تھے اور کلام دور کا سنتے تھے اور مولد انکا شہر سوس زمین اہواز ہے اور قلم انکا بہ بحے تہا اور آزر بت تراش انکے باپ جنکو تارخ بہی کہتے ہین بالکل ایمان نہ لائے
۹	اسمعیل ع	ابراہیم ع	۱۳۷؁	بطن ہاجرہ سے پیدا ہوئے اور معنے اسمعیل کے زبان عبرانی مین مطیع اللہ ہین انکے باپ نے انکو بموجب خواب کے ذبح کرنے کا ارادہ کیا اللہ تعالے نے ایک مینڈہا انکے عوض بہیجدیا اور ۳۴۳۵ سال بعد ہبوط آدم کے یہہ واقعہ ہوا اور انکے اولاد مین سوا نبی آخر الزمان کے اور کوئی نبی نہین ہوا اور آپ سفید مایل بسرخی رنگ خوب و خوش قامت و بلند بینی تھے اور انکے والدہ ہاجرہ کا انتقال مکہ مین ہوا اور آپ صادق الوعدہ تھے اور جب ابراہیم اسمعیل کے پاس ملک حجاز مکہ مین تشریف لائے اور بنایا اون دونون نے کعبہ کا نام ہے بیت اللہ الحرام باقی حال انکا نقشہ اولین مین لکھا ہے
۱۰	اسحاق ع	ایضاً	۱۸۰؁	بعمر ۹۰ سالگی بطن سارہ سے پیدا ہوئے اور انکے بیٹے یعقوب ع ہین جنکا نام اسرائیل ہے اور انبیا و بنی اسرائیل انہین کے اولاد ہین اور بروقت اشتداد تشنگی بموضع زمزم بکوہ مروہ کہ ملک مکہ شریف مین ہے رگڑنے پا بابا پاشنہ کے چشمہ خوشگوار بقدرت الہی روان ہوا کہ مشہور آب زمزم سے ہے اور آپ صورت سپید مایل بحمرت و متواضع و خوب رو تھے اور علم بونا لنے تہا
۱۱	یعقوب ع	اسحاق	۱۴۷؁	انکے ۱۲ بیٹے تھے اور ۲۸ رمضان کے تھے کہ یعقوب فراق

				یوسف سے نابینا ہوگئے اور وجہ تسمیہ یعقوب کی یہہ ہے کہ عیص و یعقوب دونو توامان ایک بطن سے پیدا ہوئے وقت ولادت کے ہاتہہ یعقوب کا عقب عیص پر متعلق تہا اسواسطے یعقوب کہلائے اور حلیہ آپکا یہہ ہے صورت سپید مایل بحمرت و متواضع و خال لب زیرین پر تہا
۱۳	یوسف ع	یعقوب	۱۲۰ اسبر	بعد مدت ۱۵۴ سال ابراہیم ع م سے زمان بادشاہ ریّان بطن راحیل سے پیدا ہوئے اور بہائیون نے حسد سے انکو کوئے مین ڈال دیا نام اوس کوئے کا جب الاحاد ہے عمق اوسکا ۴۰ دہم و براو تیسے ۷۰ گز اور پانی اسکا نہایت شور تہا اوسوقت عمر یوسف کی ۱۷ سال کے تہے اور تین شبانروز کوئے مین رہے بعدہ علی الصباح مالک بن زعر خزاعی رئیس قافلہ نے دو غلام بشیر و بشری کو واسطے لانے پانی کے اوس کوئے پر بہیجا کہ کوئے سے بشیر غلام سوداگر نے نکال کر بعد حزید کرنے دس درم کو ہاتہہ برا دران یوسف سے جنکے نام یہہ ہین روابیل شمعون لادی یہودا یساخر ذبولون بنیامین دان نفتالی گاد اشار مالک نے قطفیر نام خازن بادشاہ کہ اوسکو عزیز کہتے تہے اور شوہر زلیخا کا تہا سیب و فور اصرار زلیخا عزیز مصر کے ہاتہہ بیچا کہ بعد چندے بادشاہ مصر کے ہوگئے اور ہمشکل آدم ع م کے تہے الا از بس حسین

۱۳	ایوب عم	موص		۱۹۳ بروایتی ۱۴۳ برس	صبر انکا مشہور ہے باقی حال انکا کتب سیر سے سیر کرنا چاہیے ارشد اولاد انکے حومل و ذوالکفل تھے اور نام زوجہ کا رحمۃ تھا اور ایوب کے ۱۲ ہزار جوڑ کیڑون کا بدن میں پڑ گیا تھا اور جب کیڑے درخت پر چڑھ گئے اور اونسے لعاب نکلا ابریشم بنا برکت ایوب عم سے فقط
۱۴	شعیب عم	عنقا		۴۰۰ برس بروایتی ۲۲۰ برس	۸۵ برس دعوت کے اور حضرت موسی کا نکاح صفورا اپنے بیٹی کے ساتھ کیا اور فصیح اللسان تھے اور بعد امتداد ۳۸۱۲ سال ہبوط آدم سے انکے دعا کے سبب ہوائے سموم جہنم کے سات شبانروز چلے کہ معاندان انکے تباہ ہوگئے اور آپ معہ ۱۰ نفر مصاحبان اپنے کے مدین میں اقامت کرکے اوسکو تعمیر فرمائے اور اصحاب الرس مراد اہل مدین سے ہے علے اختلاف الاقوال
۱۵	خضر عم	ملکان			حال انکا نقشہ اولین میں لکھا گیا ہے اور یہہ بہی مستور و محجوب الابصار ہین اور ہر سال ہمراہ الیاس سے ملاقات کرتے ہین اور کہاتے ہین یہہ دونوکا ذکر
۱۶	موسی	عمران		۱۲۰ برس	جسم یہود اور سب قبطی انکے امت کہلاتے ہین اور یہودیونکا مقولہ ہے کہ شریعت منسوخ نہین ہوتی کسواسطے کہ نسخ حکمون مین کرنا بدا ہے اور بدا لڑ بات سوجہنے کو کہتے ہین سو خدا سے تعالے بداء سے بری ہے اور معنے یہود کی یہہ ہین کہ شہرستانی نے ملل ونحل مین لفظ یہود کو ہاد سے نکالا ہے ہادالرجل

بمعنے رجع و تاب یعنے توبہ کیا اور وجہ تسمیہ اسکے یہہ ہوئے کہ حضرت
موسے نے فرمایا کہ اے خدا ہم لوگ توبہ کرتے ہین تیرے
طرف اور دوسرے وجہ تسمیہ یہہ کہ یہودا ایک لڑکا
یعقوب کے تہا اور سلطنت اوسیکے اولاد کو نصیب ہوئی
اسلئے تغلیباً سبکو یہودے کہتے ہین اور ۲۶ رمضان
کو بعد ۷۰۰ سال صحف ابراہیم عم سے کتاب توریت
او عبری ~~نازل ہوئے~~ مکتوبہ ذہب اوپر ۹ لوح زمرد سبز کے
کوہ طور پر جو کہ جبل فلسطین سے ہے نازل ہوئے تہے
اور فرعون بادشاہ نے دعوے خدائیکا کیا رود نیل مین
غرق ہوا یہہ وہ دریا ہے کہ جسمین صرف ایک مرتبہ
آفتاب اوسکے زمین پر چمکا ہے اور بعد اوسکے تا روز
قیامت نچمکے گا اور عصا موسے عم کا اژدہا ہوکر ۷۰
ہزار جادوگرون کو کہا گیا اور پہر عصا ہو گیا تہا تاریخ
۲۵ رمضان کے تہے اور ۴۱ سالکے مین مشرف
نبوت سے ہوئے تہے اور ۳۰ روز کا وعدہ اللہ تعالے
نے فرمایا اور ۴۰ روز بعد وعدہ گاہ مین پہونچا یا اور
۷۰ آدمی ساتہہ موسے کے کوہ طور پر گئے تہے اور عوج
بن عنق یا عناق کو جسکا ذکر نقشہ اولین مین ہو چکا ہے
ہلاک کیا اور انکو اللہ تعالے نے عصا و ید بیضا عطا کیا تہا
اور اونکے زبان مین لکنت تہے اور انہون نے اپنی جوتیان
۵۹	ابو الفدا مشہور ابن کثیر	عمر	۷۷۴	کتاب تاریخ وغیرہ تصنیف کے
۵۸	زیلعی	یوسف	۷۶۲	احادیث ہدایہ اور کشاف کے تخریج کے
۶۰	زین الدین	احمد	۷۹۵	شرح ترمذی اور شرح بخاری اور طبقات حنابلہ تصنیف کے
۶۱	سراج الدین	نور الدین	۸۰۴	شرح بخاری اور شرح عمدہ تصنیف کے
۶۲	بلقینی ابو حفص	رسلان	۸۰۵	کتاب محاسن الاصطلاح اور شرح بخاری و ترمذی تصنیف کی
۶۳	زین الدین عراقی	حسین	۸۰۶	شرح ترمذی ناتمام لکھے اور بہت کتابیں تصنیف کی
۶۴	زین الجزری	محمد	۸۳۳	فن قرات میں کتاب نشر اور حدیث میں بہت کتابیں تصنیف کی
۶۵	شہاب بوصیری	ابی بکر	۸۴۰	بہت کتابیں حدیث میں تصنیف کے اور زوائد سنن ابن ماجہ اور سنن بیہقی وغیرہ لکھی
۶۶	ابن حجر شہاب الدین	علے عسقلانی	۸۵۲	لسان المیزان اور اصابہ وغیرہ سو کتاب سے زیادہ لکھیں
۶۷	جلال الدین سیوطی	عبد الرحمن	۹۱۱	حال انکا مجملاً تحفۂ مفسرین میں لکھا گیا ہے
۶۸	شیخ عبد الحق	سیف الدین	۱۰۵۲	اکبر بادشاہ کے عہد میں تھے اول ہندوستان میں شیخ علی متقی سے حدیث پڑھی پھر عرب میں شروح صحاح اور شرح عربی اور ترجمہ مشکوۃ اور بہت کتابیں تصنیف کی اور تاریخ

وفات کا مادہ یہ ہے علما کانبیاء بنی اسرائیل واضح ہو کہ دو نو مصرعہ ملا. و ابیاء کا داخل حساب تاریخ میں فقط				-
حدیث اور اور فنون میں بہت اچھا دخل تہا الا بقول بعضے تقلید کے قابل نہ تہے	×	شاہ عبدالرحیم	مولوی شاہ ولی اللہ دہلوی	۷۰
حال آپکا مجملاً تقرشہ مفسرین میں لکہا گیا ہے احتیاج ضرورت مکرر کے نہیں	۱۲۳۹	مولوی شاہ ولی اللہ	مولانا شاہ عبدالعزیز	۷۱
آپ نواسہ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب کے تہے وفات مکہ شریف میں ہوئی	۱۲۶۲	×	مولانا محمد اسحاق	۷۲
اپنے والد کے شاگرد تہے اور شرح صحیح بخاری و مسلم وغیرہ لکہے اور علم تاریخ میں یگانہ وقت تہے عہد شاہجہان بادشاہ میں	۱۰۷۳	عبدالحق	شاہ نور الحق دہلوی	۷۳
نام انکا جمال الدین محمد اکبر لکہنو میں رہتے تہے سالک نکاح رہیرو النکامشہ ہو رعالم ہے اور ارشد تلامذہ مولانا عبدالعزیز دہلوی کے تہے راقم سطور ہذا بہی بمقام باندا اونکے خدمت میں حاضر ہو کر مستفید ہوا چنانچہ انہوں نے میرے نام ایک خط حوا لگا زیب تمیق فرمایا تہا تیمناً بطور یادگار تحت سطور ہذا کے لکہا جاتا ہے **ہکذا صورتہ** احمد اللہ الذی زین سرائیس الطروس بشرائف المبانی وجمل جیاد الصحف بلطائف المعانی والصلی والسلم علی سیدنا محمد المصطفی المخصوص بفصاحۃ العرب العرباء والمؤید ببلاغۃ	×	×	مولوی محمد حسن علی ہاشمی	۷۴

مصابیح الخطبا وعلی آله واصحابه المجاهدین فی میدان
براعة المصلین فی مضمار بلاغته وبعد فلام لك ازکی
من المسك الاذفر واطیب من ریا عبهر والطف من النسیم
واصفی من صفو الغمر الخالی الله تبارك وزرقنی فی اجمل
حین لقاءك سـ اخیك احنا فاسن الحب الم احد
لها مثلا من سائر الناس یعرف فمنهن من لا یعرض للدایم
ذکرکم علی الروح الا کادت ان روح تیلف ومنهن حب للفواد
وتحصر ولا اشتری جنبه ولا انکشف واحمد لقد رضت لهذا الحب
القلب قباب لها من حبال الوصل وسماء الوداد قبانا
واسباب سـ القوم اخوان صدق بینهم سبب
من المودة لم یعدل به نسب سلوا عن مودات الرجال
قلوبکم فتلك شهود لم تکن تقبل الرشا ثم انی کنت
اردت ان اوصلك الی مقاصد الکمال وابلغك الی
معارج الجلال ولکنك سبقت علینا فلا علیك الا
ینبغی ما یدلك الی حیازة صلاح الدنیا وفلاح الآخرة
وعلیك بالعلم والعمل والتقی وکن من ابناء الآخرة
ولا تکن من ابناء الدنیا بذا ولعمری ان الدنیا اذا
اقبلت اقبلت واذا ادبرت ادبرت فلا یغرنك حسن
زهرة الدنیا وزخارف الهوی وتشبث باذیال معالم
الدین یبلغك الله الی مراسخ الیقین وانیافی فی
آلآنی علی اعانة الرب المتعالی واخر دعوٰنا ان
الحمد لله رب العالمین سنه ۱۲۳۶ هجری فقط تمام باند ا

نقشہ حال ائمہ چہار امام اہل سنت وجماعت باسامی وعلمائے نامی اجمالاً

عدد	نام عالم	نام پدر	سنہ وفات	کیفیت
۱	امام ابوحنیفہ کوفی رحمہ	ثابت	۱۵۰ھ	نام اونکا نعمان تھا حماد وعطا وغیرہ سے روایت کی اور اونسے ابو یوسف وغیرہ جماعت کثیر نے روایت کی اور ۶ صحابہ سے ملاقات کی تولد اونکا ۸۰ ہجری مین ہوا تھا اور عمر ۷۰ سال کی تھی اور آپ نے قرآن شریف ایک رکعت نماز عشا مین ختم کیا اور صاحب مذہب ہوئے
۲	امام مالک رح	انس	۱۷۹	حضرت امام جعفر صادق ونافع وغیرہ سے روایت کی اور اونسے شافعی وغیرہ نے اور صاحب مذہب ہوئے اور کتاب موطا جمع کی عمر ۸۴ سال کی ہوئے اور اصل مدینہ منورہ کے تھے
۳	امام محمد شافعی رح	ادریس	۲۰۴	محمد بن حسن وغیرہ سے روایت کی اور اونسے جماعت کثیر نے اور صاحب مذہب ہوئے عمر ۵۴ سال کی ولادت ۱۵۰ھ مین اور شافعی نسبت ہے طرف ایک اونکے اجداد کے
۴	امام احمد رح	حنبل	۲۴۱	نام اونکا ابو عبد اللہ صاحب مذہب ہین اور کتاب مسند اونکی تصنیف سے ہے اور ۱۰ لاکھ حدیث یاد تھی عمر ۷۷ سال کی

۱	حماد	ابوحنیفہ	۱۷۶	اپنے باپ کے شاگرد اور بڑے عالم تھے
۲	امام ابویوسف	ابراہیم	۱۸۲	امام ابوحنیفہ کے شاگرد رشید تھے ہارون رشید نے انکو قاضی القضات کے عہدہ پر اولاً مقرر کیا اور نام انکا یعقوب تھا
۳	امام محمد	حسن	۱۸۶	امام ابوحنیفہ کے شاگرد اور یہہ و ابو یوسف صاحبین کہلاتے ہین اور ۹۹۹ کتابین خرد و کلان تصنیف کین
۴	ابو ابراہیم	یحیی امزنی	۲۶۴	امام شافعی کے شاگرد ہین اور مددگار اونکے مذہب کے جامع صغیر وغیرہ کتابین تصنیف کین
۵	عبداللہ	مسلم بن قتیبہ	۲۷۶	کتاب المعارف وغیرہ کتابین تصنیف کی
۶	ابو جعفر	محمد طحاوی	۳۲۱	رئیس مذہب حنفیہ کے ہین اور کتاب احکام القرآن اور اختلاف العلماء وغیرہ تصنیف کین
۷	احمد	محمد قدوری	۴۳۸	متن انکا کتاب قدوری مشہور عالم ہے اور مسئلہ اوسکے ۱۲۰۰۰ ہین اور حفظ اسکا باعث نجات فقر سے ہے اور دافع وبا کا
۸	شیخ عبدالقاہر جرجانی	عبدالرحمن	۴۷۴	صاحب کتاب دلائل الاعجاز وغیرہ کے ہین
۹	ابو حامد	محمد غزالی	۵۰۵	حجۃ الاسلام انکا لقب اور مناقب حد سے زیادہ اور احیاء العلوم وغیرہ انکے تصنیفات سے ہین
۱۰	ابو محمد شاطبی	فیرہ	۵۹۰	بہت بڑے عالم تھے فن قرأت قصیدہ شاطبیہ انکا مشہور و معروف ہے
۱۱	قاضی خان	منصور فرغانی	۵۹۲	نام حسن و لقب فخر الدین اور کتاب انکی مشہور و فرغانہ شہر ہے توابع توران سے

۱۲	مرغینانی	محمد	۵۹۳	نام انکا علی لقب برہان الدین صاحب ہدایہ و تجنیس کے ہین اور مرغینان نام بلدہ کا ہے ولایت ماوراء النہر سے اور ایک شاعر نے ہدایہ کی شرح مین کیا خوب کہا ہے ع ان الہدایہ کالقرآن قد نسخت ما صنفوا قبلہا فی الشرع من کتب فاحفظ قواعدہا واسلک مسالکہا یسلم مقالک من زیغ ومن کذب
۱۳	ناصر الدین مطرزی	-	۶۱۰	مصنف رسالہ مصباح علم نحو و معرب کا علم لغت مین ہے
۱۴	سکاکی	-	۶۲۶	مصنف مفتاح العلوم کے اور نام انکا یوسف وکنیت ابو یعقوب ہے
۱۵	ابن خلکان	محمد	۶۸۱	نام انکا احمد اور کنیت ابو العباس اور لقب شمس الدین برمکی دیار شام کے قاضی القضاۃ تھے اور تاریخ انکی مشہور ہے
۱۶	شیخ رضی	حسن	۶۹۶	شارح کافیہ اور شافیہ ابن حاجب کے ہین اور لقب نجم الائمہ تھا
۱۷	قطب الدین علامہ شیرازی	مسعود	۷۱۰	درۃ التاج منطق طبیعی الہی ریاضی کلام فقہ وغیرہ لکھین
۱۸	ابو الفداء	ملک الافضل	۷۳۲	نام انکا ملک مؤید اسمعیل ابو الفداء ہے و شاہ و شاعر تھے تاریخ انکی مشہور و بعمر ۶۰ سال ملک حماۃ مین فوت ہوئے
۱۹	ابن ہشام	یوسف	۷۶۲	نام انکا عبد اللہ و لقب جمال الدین کتاب توضیح شرح الفیہ ابن مالک و مغنی وغیرہ تصنیف کی

۲۰	امام یافعی	اسعد	۷۶۸	نام انکا عبداللہ اور کنیت ابو السعادات و لقب عفیف الدین انکے تصنیفات سے کتاب در النظم فی منافع القرآن و تاریخ مرآۃ الجنان فی حوادث الزمان و روض الریاحین فی حکایات الصالحین و خلاصۃ المفاخر فی مناقب الشیخ عبد القادر مشہور ہین اور یافع نام موضع کا ہے ملک شام مین ۔
۲۱	شیخ مجد الدین فیروز آبادی	یعقوب	۸۱۷	اصل رہنے والے کازرون شیراز کے اور نام محمد صاحب تصنیف لغت قاموس وغیرہ کی ہین
۲۲	ابن ہمام	+	۸۶۱	نام انکا محمد اور لقب کمال الدین انکے تصنیفات سے فتح القدیر شرح ہدایہ کے مشہور عالم ہے
۲۳	سعد الدین دہلوی	+	۸۹۱	انکے شرح کنز الدقایق و منار پر مشہور ہے اور کنیت انکی ابو الفضایل تھے
۲۴	عبد الرحمن جامی	+	۸۹۸	یہہ فرزندان امام محمد شیبانی سے تھے اور شرح کافیہ وغیرہ کتابین انکے تصنیفات سے موجود باقی حال انکا نفحۃ شعراء فارسی مین مندرج اور کسینے مادہ تاریخ انکے وفات کا یہہ لکھا ہے ع آہ از فراق جامی آہ از فراق جامی
۲۵	عبد الغفور لاہوری	+	۹۱۲	لقب انکا رضی الدین اور عمدہ تلامذہ ملا عبد الرحمن جامی کے تھے انکا حاشیہ فواید ضیائیہ شرح کافیہ پر مشہور عالم ہے
۲۶	مولانا عبداللہ	الہداد	۹۲۲	شرح میزان المنطق وغیرہ انکے تالیفات سے موجود ساکن دہلی کے تھے عہد مین سلطان سکندر لودی کے
۲۷	قسطلانی	+	۹۲۳	نام انکا احمد صاحب تاریخ مواہب لدنیہ وغیرہ کے ہین

۲۸	ابن حجر ہیثمی مکی	بدرالدین	۹۷۴	نام انکا احمد اور لقب شہاب الدین ہے مصنف کتاب صواعق محرقہ وغیرہ کے ہین اور ہیثم نام موضع کا ہے اور واضح ہو کہ اسے سال مین سلطان سلیمان بن سلیم ۱۲ا بادشاہ سلاطین عثمانیہ روم سے تہا کہ اوسیسے منسوب ہے رباط سلیمانی مدینہ منورہ مین و محراب سلیمانی لیسار منبر شریف کے کہ وقت مصالحہ میان حنفیہ و شافعیہ کے بنا فرمائے اور واسطے سے بنائے مصلے ہائے ائمہ اربعہ کے وقت رفع اختلاف میان اہل مذاہب اربعہ
۲۹	شیخ وجیہ الدین محمد آسے	-	۹۹۸	صاحب شروح و متون معروفہ کے ہین
۳۰	نور اللہ شوستری	-	۱۰۱۹	امرائے اکبر بادشاہ سے تہا شیعی مذہب اور مجالس المومنین وغیرہ کتابین لکہین
۳۱	شیخ بہاء الدین عاملی	-	۱۰۳۰	شیعی باہل تصوف تہا شرح قانون شیخ بو علی سینا و خلاصۃ الحساب وغیرہ لکہین اور کشکول بہت مطول جمع کیا ہے
۳۲	ملا عصمت اللہ سہارنپوری	-	۱۰۳۹	صاحب شرح خلاصۃ الحساب و دیگر حواشی مشہورہ کے ہین
۳۳	میر باقر داماد	-	۱۰۴۰	شاہ عباس ماضی کا داماد تہا اسواسطے بلقب داماد مشہور افق المبین وغیرہ امور عامہ مین لکہین شیعی مذہب تہا اور ایک رباعی اسکی بہت خوب ہے جو منقبت مین جناب امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کے لکہی ہے وہ یہان لکہے جاتے ہے رباعی

نامہ

نمبر	نام		سنہ	کیفیت
				دو عقل زنہ سپہر و ز ہشت بہشت ہفت اختر م از شش جہت این نوشت کز پنج حواس و چار ارکان و سہ روح ایزد بدو کون چون تو یک تن نہ سرشت
۳۴	ملا محمود جونپوری	محمد فاروقی	۱۰۶۲	صاحب شمس بازغہ مشہورہ کے ہین اور حواشی فرائد فی شرح الفوائد وغیرہ سنہ ۴۲ھ مین لکھے چنانچہ **بلیغ** سے انکی تاریخ ہے اور تلمیذ تھے اپنے جد شیخ شاہ محمد اعیان و[illegible] وارکان بخارا کے
۳۵	عبدالحکیم سیالکوٹی	+	۱۰۶۶	شاگرد مولانا کمال الدین کشمیری کے تھے اور حاشیہ انکا اوپر تفسیر بیضاوی کے مشہور اور تحشیہ وتکملہ حاشیہ عبدالغفور کا کیا ہے۔
۳۶	کاتب چلپی قسطنطنوی	+	۱۰۶۷	مصنف کشف الظنون وغیرہ کے ہین
۳۷	ملا عبدالسلام دیوی	+	+	صاحب شارح تہذیب ومنار وغیرہ کے ہین اور شاگرد ملا عبدالسلام لاہوری کے اور ملا دانیال انکے تلامذہ سے ہین
۳۸	میر محمد زاہد ہروی	محمد اسلم	۱۱۰۱	صاحب حواشی مشہورہ عہد شاہجہان بادشاہ وعالمگیر بادشاہ کے ہین۔
۳۹	ملا قطب الدین سہالوی	+	۱۱۰۳	امام الاساتذہ ومقدام الجہابذہ شاگرد ملا دانیال کے تھے اور نزاع زمینداری مین مارے گئے
۴۰	مولوی قطب الدین شمس آبادی	+	۱۱۲۱	شاگردان ملا قطب الدین سہالوی سے تھے اور علامہ عصر عمر ۷۰ سال کے تھے۔
۴۱	قاضی محب اللہ بہاری	+	+	صاحب کتاب سلم ومسلم وغیرہ کے ہین اور عہد عالمگیر بادشاہ مین اول قاضی لکھنؤ بعدہ قاضی حیدرآباد دکن کے ہوئے پھر شاہ عالم بادشاہ نے

				انکو عهده صدارت ممالک هند مین دیکر لقب فاضل خان کا دیا تها سنه [illegible] هه مین
۴۲	حافظ امان الله بنارسی	نور الله	۱۱۳۳	قاضی لکهنو کے عهد عالمگیر بادشاه مین تهے اور صاحب تصانیف جلیله کے هین
۴۳	سید عبد الجلیل بلگرامی	سید احمد واسطی	۱۱۳۸	جد و استاد سید غلام علی آزاد بلگرامی کے تهے اور شاگرد مولوی غلام نقشبند لکهنوی کے اور زبان عربی و فارسی و ترکی و هندی مین غایة طلاقت لسانی رکهتے تهے اور هر زبان مین تصانیف رشیقه و انیقه انکے موجود هین اور عهده هاے جلیله پر ممتاز رهے از تاریخ وفات مین کیا خوب کها گیا هے ع جیبی قوس حاجبه کون رضا دید ابن مقلة تشکل ابیته لعمری انه نص جلی علی الولایة من عینه اور جب که عالمگیر بادشاه نے قلعه ستاره فتح کیا سنه ۱۱۱۱ هه مین اوسوقت انهون نے تاریخ بے نظیر فی البدیهه لکهے تهے ع لا توجه سلطان الانام الی ذب السموات ثنه تایید اسلام افترایه آمنیه اصل خنفرة نوروزیا قادر افتاح الکام فصار حین افتتاح الاسم مفتتح حصن لمن عبدوا احجار اصنام نظرت فی اتفاقات سبحان اربعة من فوق ایهامین خیر ایهام وجه حسن لعام الفتح صنیز رقاًعلی سنه من هدا ایهام تجد تلک یه بیمار وقد شرعت للناظرین فیا للعجب انشائی هذا البدیع من التاریخ انشاه عبد الجلیل ثنا مبدات الهام اور انکے بیٹے کا نام سید محمد تها

نمبر	نام	استاد	سنہ	کیفیت
				اور فرخ سیر بادشاہ نے انکو کام بخشی گری و سوانح نگاری بکر و سوستان کا دیا تھا
۴۳	مولوی غلام نقشبند لکھنوی	شیخ عطاء اللہ	+	استاد ملا نظام الدین و صاحب تصنیف شرح قصیدہ خزرجیہ علم عروض وغیرہ کے ہیں اور استاد سید عبد الجلیل بلگرامی کے بھی تھے
۴۴	ملا نظام الدین سہالوی	ملا قطب الدین	۱۱۶۱	صاحب تصانیف مشہورہ مثل حواشی صدرہ و شمس بازغہ وغیرہ کے ہیں
۴۵	ملا کمال الدین سہالوی	+	+	صاحب تصانیف کثیرہ کے ہیں
۴۶	ملا الہ دے ہرگامی	+	+	صاحب تصنیف فنون ادبیہ و کتاب لغت عربی کے ہیں
۴۷	ملا اکبر الہ آبادی	+	+	صاحب تصنیف فصول اکبری و اصول اکبری علم صرف وغیرہ کے ہیں
۴۸	ملا عبد الرسول [illegible] سہالوی	+	+	صاحب متن متین علم نحو وغیرہ کے ہیں
۴۹	ملا حسن	+	+	صاحب تصنیف حواشی مشہورہ کے ہیں
۵۰	مولوی احمد علی	+	+	ایضاً اور ساکن سندیلہ تھے
۵۱	مولوی باب اللہ جونپوری	+	+	صاحب تصنیف شہیرہ کے ہیں اور شاگرد رشید مولوی حمد اللہ سندیلوی کے
۵۲	مولوی محمد عالم	+	+	صاحب تصنیف مشہورہ اور ساکن سندیلہ کے تھے
۵۳	مولوی حیدر علی	مولوی حمد اللہ	+	ایضاً
۵۴	مولوی امین اللہ	+	+	بڑے عالم و مدرس صدر کلکتہ کے تھے قصبہ نگرام کا شعر حالات برکت سمات آنحضرت صلعم نے مشہور عالم و تخلص امین تھا
۵۵	مولانا عبد العلی بحر العلوم	ملا نظام الدین سہالوی	۱۲۲۶	صاحب ارکان اربع فقہ بین معہ اور حواشی و شرح مشہورہ کے تھے
۵۶	قاضی القضاۃ نجم الدین علی خان	مولوی حمید الدین	۱۲۲۹	عالم یگانہ و مستجمع فضائل چارگانہ و قاضی القضاۃ صدر کلکتہ کے تھے صاحب تصانیف جلیلہ و ساکن بقیہ طیبہ کاکوری کے

نمبر	نام			کیفیت
٥٧	مولوی حسین لکھنؤ	+	+	صاحب تصنیف حواشی مشہورہ وغیرہ کے ہیں
٥٨	مولوی محمد اشرف لکھنؤ سے	+	+	ایضاً اور کاتب مشہور تھا بہی انکے خدمت سراپا افادت سے بہرہ مند ہوا آپ مخفی النجم کم سخن تھے
٥٩	مولوی رفیع الدین دہلوی	مولوی شاہ ولی اللہ	+	صاحب تصنیف مشہورہ کے ہیں
٦٠	مولوی محمد اسحاق دہلوی سے	+		ارشد تلامذہ مولانا رفیع الدین صاحب دہلوی کے تھے اور صاحب تصنیف جلیلہ ہیں
٦١	سید احمد بریلوی	+		حالات و اوصاف عالیہ انکے مثل آفتاب کے عالم میں روشن متعلق بالاکوٹ ممالک پنجاب میں ہنگام جہاد براہ خدا شہید ہوگئے
٦٢	مولوی محمد اسمٰعیل	+		تشریح ایضاً اور برادر زادہ مولانا شاہ عبد العزیز کے تھے
٦٣	مولوی عبد الحی	+		آپ داماد و شاگرد مولانا شاہ عبد العزیز دہلوی کے تھے اور افضل الفضلا واکمل الکملا جب سید احمد صاحب واسطے جہاد کے تشریف لے گئے کوہستان کی طرف اونکے ساتھ چند سال رفیق رہے بعدہ بعارضہ استسقاد ہوا اسیر سفر ناگزیر اختیار کیا
٦٤	مولوی فتح علی جونپوری	+	+	عالم و ناظم بے بدل عم مولانا محمد معشوق علی جونپوری کے تھے خصوصاً تاریخ گوئے نفر البدیہہ میں علم یکتا ہے کا بلند کیا تھا
٦٥	مولوی محمد ظہور اللہ لکھنؤ سے	+	+	آپ مفتی دار السلطنت لکھنؤ کے تھے اور بہت جلد تکلم فرمانے تھے راقم الحروف بہی مستفید خدمت ہوا ہے صاحب تصنیف حواشی وغیرہ کے ہیں

عدد	نام	نام پدر	سنہ وفات	کیفیت
۶۶	مولانا محمد معشوق علی جونپور سے	+	۱۲۶۸	عالم علوم عقلی ونقلی وابرارین زمان سے تھے تصانیف انیقہ در شیفتہ نظماً ونثراً رکھتے ہین تمام عمر درس وواعظ مین گذرے اور انکے تلانذہ سے کمتر مفلوک الحال دیکھنے مین آئے مقام باندا مین رحلت فرمائے ملک جاودانی ہوئے چنانچہ تاریخ وفات اپکے بدون فی مرصف نسخہ ہذا نے جوکہ ادنے تلمیذان اونکے سے ہے نے البدیہہ لکھے دیئے بندہ ؎ عاشق اللہ ومعشوق علی ✤ ذکر حق ہر لحظہ نقل مجلسش ✤ شد ازین دار فنا بیزار وبست بہر سیر ملک عقبیٰ محملش ✤ از دو بگذشت گم شد در یکی ✤ بود وحدت بسکہ در آب وگلش زین سبب ہاتف یکے کم کرد وگفت ✤ جنت الفردوس باد امنزلش والیضاً بلا تعمیہ ع منزلش باد جنت الفردوس ✤ انا للہ وانا الیہ راجعون
۶۷	مولانا سخاوت علی جونپور سے	+	+	بڑے عالم وواعظ ہین اور اکثر تلانذہ اپکے بہت قابل ونامی اور صاحب تصنیفات وتا حال بفضلہ تعالی موجود

۱۲ نقشہ متکلمین نامی اجمالاً

عدد	نام متکلم	نام پدر	سنہ وفات	کیفیت
۱	ابو الحسن اشعری	اسمعیل	۳۲۴ھ	اول معتزلہ تھے پھر توبہ کے اور امام اہل سنت کے ہوئے قریب چار سو کتاب کے تصنیف کیں اور انہین

نمبر	لقب	نام	سنہ	حال
				کے وقت سے علمایے اہل سنت وجماعت ملقب اشاعرہ [illegible] ہوئے
۲	ابو منصور ماتریدی	[illegible]	[illegible]	امام مذہب حنفیہ کے ہوئے صاحب کرامات تھے اور کتاب التوحید وغیرہ بہت کتابیں مفیدہ تصنیف کی۔
۳	ابوبکر باقلانی	[illegible] طیب	۴۰۳	مالکی مذہب تھے بہت سے کتابیں علم الکلام میں کیں نام انکا محمد تھا۔
۴	ابو اسحق اسفرائنی	محمد	۴۱۸	امام اہل عراق و خراسان اوسکے معتقد ہیں ملحدین میں کتاب جامع الجلی تصنیف کی۔
۵	فخر الاسلام بزدوی	علی	۴۸۲	کتاب اصول الدین علم کلام میں اور کتابیں اصول فقہ وغیرہ تصنیف کیں
۶	فخر الدین رازی	ضیاء الدین عمر	۶۰۶	رد فلاسفہ میں بڑی ہمت کی اور بو علی سینا کے اکثر کتابوں کا رد لکھا شرح اشارات وغیرہ بہت کتابیں قریب سو کتاب کے تصنیف کیں باقی حال انکا نقشہ مفسرین میں مندرج ہے۔
۷	قاضی عضد الدین	عبد الرحمن ایجی	۷۵۶	صاحب تصانیف کثیر مثل متن مواقف علم کلام وغیرہ کے ہیں کہتے ہیں کہ سلطان محمد تغلق بادشاہ دہلی نے مولانا معین عمرانی دہلوی کو ولایت فارس میں واسطے لانے قاضی عضد الدین کے بھیجا تاکہ متن مواقف کا اوسکے نام لکھیں ابو اسحق والی شیراز نے اونکو مانع ہو کر کہا کہ تخت سلطنت کا آپکو تسلیم کرتا ہوں اور جو کام کہ فرمائیے بجا لاؤں چنانچہ قاضی اس امر سے عزیمت ہندوستان سے باز رہے اور مواقف اوسی کے نام تمام کے اور اپنے نام مشہور کیا

نمبر	نام	نام پدر	سنہ	کیفیت
				علم در سنخ شیراز سے
۸	سعد الدین تفتازانی	مسعود	۷۹۲	کلام مین شرح مقاصد اور شرح عقاید نسفی لکھی اور علوم عربیہ مین مطول وغیرہ اور اصول مین تلویح و متن تہذیب المنطق و شرح الشرح تصنیف کے اور تفتازان قریہ ہے خراسان سے
۹	جلال الدین دوانی	.	.	شرح عقاید بہت خوب لکھی اور حواشی شرح تجرید وغیرہ بہت کتابین لکھین
۱۰	ابو محمد عبد اللہ	سعد	.	علم کلام مین موافق مذہب اہل سنت کے بہت سی کتابین لکھین
۱۱	عبد اللہ رازی	.	.	متکلمین معتزلہ سے تھے بہت کتابین تصنیف کین
۱۲	میر سید شریف جرجانی	.	۸۱۶	شرح مواقف کلام مین اور نحو اور منطق وغیرہ مین بہت کتابین تصنیف کین
۱۳	مولوی رشید الدین خان	.	۱۲۴۹	ارشد تلامذہ مولانا رفیع الدین اور ساکن دہلی کے تھے کتب مباحثہ اہل تشیع وغیرہ کے لکھی
۱۴	مولوی حیدر علی فیض ابادی			مصنف منتہی الکلام وغیرہ کے ہین اور رنے الیمال رد نور بخش دہلوی کے
۱۵	مولوی آل حسن مہانی	غلام سعید	.	مصنف کتاب استفسار کے ہین اور بہی کتابین رد نصاری مین لکھین و تاحال بفضلہ تعالی موجود
۱۶	مولوی فضل رسول بدایونی	مولوی عبد المجید	+	مصنف بوارق و تصحیح المسائل وغیرہ کے ہین اور چند کتابین رد وہابیہ مین لکھین و تاحال بقید حیات

نقشہ قراء نامے اجمالاً				۱۴۳
کیفیت	سنہ وفات	نام پدر	نام قاریہا	عدد
زمانہ عمر بن عبد العزیز میں تھے راوی انکے ہشام اور ابن ذکوان ہیں	۱۱۸	عامر	عبد الله	۱
رئیس قراء مکہ تھے راوی انکے بزی اور قنبل تھے	۱۲۰	کثیر	عبد الله	۲
حضرت حسن بصری سے پڑھا راوی انکے دوری اور سوسی ہیں	۱۵۴	علاء	ابو عمر زبان	۳
یہہ شخص بہت خوش لحجہ تہا راوی انکے ابوبکر اور حفص ہیں	۱۲۷	ابی النجود	عاصم کوفے	۴
خلف اور خلاد انکے راوی ہیں	۱۵۶	حبیب	حمزہ	۵
تابعین میں تھے اور راوی انکے قالون اور ورش ہیں	۱۶۹	عبد الرحمن	نافع مدنے	۶
امام فن قراءت کے تھے اور عارف محقق ابو الحارث اور دوری انکے راوی ہیں	۲۲۰	خالد	علاء ابو عبیدے	۷
نام انکا عبد الله قیس ہے اول مکہ مبارکہ میں آکر ایمان لائے اور رجوع ابی قوم میں کر کے بعد چند سے قصہ مدینہ طیبہ کا کیا اور یہہ قرآن کو بہت اچھی آواز سے پڑھتے تھے	۴۲	[illegible]	ابو موسے اشعری	۸

۹	معاذ	حارث	۶۳	کنیت انکی ابو حلیمہ اور عمر بن خطاب رضہ نے نماز تراویح مین انکو امام کیا تہا شہید ہوئے قضیہ حرہ مین جو کہ ایک سنگستان ہے باہر مدینہ کے
۱۰	ابو عبید قاسم	سلام بغدادی	۲۲۴	اول مصنفین قرات کا ہے اور تا دم واپسین مدینہ مین رہا
۱۱	ابو حاتم	محمد عثمان جحستے	۲۴۵	ہر ہفتہ مین ختم قران شریف کا کرتا تہا اور صاحب تصنیف ہے
۱۲	شیخ القرا احمد	موسے	۳۲۴	صاحب تصنیف ہے اور اسی سال مین وفات امام ابو الحسن اشعری کے کہ بمقابلہ فلاسفہ و معتزلہ جھگڑے اوٹھا کر تائید مذہب اہل سنت وجماعت کے کرکے واقع ہوئے بعد اسکے اہل سنت وجماعت ملقب **اشاعرہ** سے ہوئے
۱۳	ابو عبد اللہ محمد	سفیان قیروانی	۴۱۵	مولف کتاب ہادی کا اور قیروان ایک بلدہ ہے قریب افریقیہ کے
۱۴	مکے	ابو طالب عیسی مقری	۴۳۷	کنیت انکی ابو محمد ہے و صاحب تصانیف جلیلہ کے وفات قرطبہ مین ہوی
۱۵	شاطبے	فیرہ	۵۹۰	نام انکا قاسم صاحب تصانیف جلیلہ کے تہے اور قصیدہ شاطبیہ انکا مشہور اور شاطبہ نام بلدہ کا ہے جزیرہ اندلس مین اور نابینا ہوئے تہے وقت سننے صحیح بخاری و صحیح مسلم و موطائے امام مالک کو حفظ سے کرتے تہے اور ہمیشہ درس گاہ مین با طہارت کاملہ بیٹہتے اور کلام

عدد	نام حکیم	نام پدر	سنہ وفات	کیفیت
				منقول ہے کہ کمال معتزلہ تھے باقی حال سابقاً مندرج ہوا ہے
۴	شہاب الدین احمد	یوسف چلپی	۷۵۶	شارح شامیہ شاطبیہ کا ہے اور لقب چلپی مگر معنے زبان رومیہ بزرگ مین عالم بزرگ کے ہین واللہ اعلم بالصواب فقط

۱۴ نقشہ حکمای یونان و اہل اسلام کا اجمالاً

عدد	نام حکیم	نام پدر	سنہ وفات	کیفیت
۱	سقراط	+	۹۱۷۵ بعد ہبوط آدم	بہت خلوت دوست اور عابد تہا بارہ ہزار شاگرد چہوڑکر مرا ۵۲۹۰ سال بعد آدم کے پیدا ہوا عمر ۱۰۰ سال تھے اور کوئی کتاب تصنیف نہین کی مقولہ اسکا تہا کہ علم دل زندہ سے پوست ہاے مردہ یا قرطاس مین نقل کرنا سچا ہے
۲	فیثاغورث	+	+	نظام فیثاغورث نے اوسکی سمجھے یعنے حرکت زمین کا قائل سنہ یونان مین دہے قایل ہوا اور ۲۸۰ نسخہ فنون مختلفہ مین تصنیف کین اور ۳۴۹۴ ہبوط آدم سے مرگیا
۳	بقراط	راقیس	۵۲۷ بعد ہبوط آدم	اسقلیبوس طبیب کا شاگرد تہا بقراط سے پہلے اطبا سوائے اپنے اولاد کے اور کسیکو علم طب نہین پڑہاتے تھے اسنے یہہ قید موقوف کرکے اس علم کو عام کر دیا عمر ۹۵ سال کی تہی

٦	اقلیدس صوری	+	+	اول علم ریاضی مین اسنے کتاب تصنیف کی
٧	دیمقراطیس	+	بعد ہبوط ادم ۵۰۴۷	عہد مین بہمن بن اسفندیار کے تہا ارسطاطالیس قول اوسکے کو اوپر قول استاد اپنے کے ترجیح دیتا تہا عمر ۹۰ سال کی تہی
۸	ارسطاطالیس	مقوماجس	بعد ہبوط آدم ۵۲۹۳	شاگرد افلاطون وو وزیر سکندر بادشاہ کا تہا استدلال کا رواج اوسے سے ہوا اوسکے اتباع مشائین کہلاتے ہین ۵۰۰۷ بعد آدم کے پیدا ہوا ۲۰ کتاب تصنیف کین عمر ۶۸ سال کی تہی
۹	بطلمیوس	+	۵۲۹۶ بعد ہبوط ادم	کتاب مجسطی اصل اوسکے تصنیف سے ہے کہ عہد مین بادشاہ انطونیوس کے تصنیف ہوئے تہی سنہ ۱۳۰ء تہی جسکا ترجمہ محقق طوسی نے کیا ہے اور اول احوال ملک افریقیہ کا اسی نے دریافت کیا ہے اور تقسیم اقالیم سبعہ کا کیا عمر ۷۸ سال کی تہی
۱۰	جالینوس	+	+	بڑا حکیم تہا علم طب مین ۴۰۰ کتاب چہوٹی بڑی تصنیف کین اور ۵۶۹۷ بعد پیدایش ادم کے پیدا ہوا تہا شہر فرغامس مین معالجہ صبیہ مرض جذام ملک یاز کا کیا اسکا مقولہ ہے کہ موت منحصر چار نوع پر ہے مرگ طبیعی کہ پیری سے ہوتی ہے مرگ عارضی کسی آفت بدن سے ہووے مرگ رضائے کہ اپنے تئین اپ مار ڈالے مرگ موت فجاے کہ ناگاہ واقع ہووے
۱۱	بلیناس	.	..	۵۲۹۰ سال بعد ہبوط آدم کے پیدا ہوا اور وہ بڑا حکیم افسون گر تہا عہد مین سکندر بادشاہ کے اور واضع منارہ اسکندریہ کا ہے اور شاگرد ارسطاطالیس حکیم کا
۱۲	زیتون اکبر	طالوغاغورث	+	رسالہ اپنید یمیا اور فائدہ اوسکے تصنیف سے ہے عمر ۷۲

[illegible]	66	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	1
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

٥١	[illegible]

[illegible]	[illegible]	+	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	+	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	.	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	.	.	[illegible]
[illegible]	[illegible]	+	+	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	+	[illegible]
[illegible]	[illegible]	.	.	[illegible]
[illegible]	[illegible]	.	-	[illegible]
[illegible]	[illegible]	.	.	[illegible]
[illegible]	[illegible]	+	+	[illegible]
			.	[illegible]

۲	یحیی ابن یعمر	ابو سلیمان یحیی	یعمر	۱۲۷	یہہ شخص تابعین سے تہا اور صحبت عبد اللہ بن عمر و عبد اللہ بن عباس اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے پائے اور قائل تفضیل اہل بیت کا تہا
۳	ثقفی	ابو عیسیٰ	عمر	۱۴۹	علم لغات عرب و قرائت مین بڑا پایہ رکہتا تہا اسنے ابواب اور نحو مین اوپر باب فاعل و مفعول و تعجب کے زیادہ کئے ہین
۴	ابو عمرو بن العلاء	ابو عمرو	علا	۱۵۷	علم قرآن و اشعار عرب مین وحید وقت تہا
۵	خلیل بن احمد	ابو عبد الرحمن	احمد	۱۷۸ھ	یہہ شخص استاد سیبویہ کا تہا اور سیر اللہ نحاۃ اور واضع علم عروض و متقی
۶	کسائی	ابو الحسن علی	حمزہ	۱۹۰	یہہ شخص قراء سبعہ سے ہے اور طوس مین فوت ہوا
۷	سیبویہ	ابو بشر عمر	عثمان	۱۸۰	سہ دو در رخسارہ اسکے خوبی اور لطافت مین آتا سیب سے تہی اس سبب سے ملقب اس لقب سے ہوا باقی فضل اور بزرگی اسکے ظاہر ہے و بردا اپنے اکثر سیب کو سونگہا کرتا تہا عمر ۳۲ سال کے
۸	ابو عبد الرحمن یونس	+	حبیب	۱۸۲	علم نحو مین امام وقت تہا
۹	ابو معاذ مسلم	ابو معاذ مسلم	مسلم	۱۸۷	واضع علم تصریف کا ہے علم نحو اور قرائت اور حدیث مین بہی بہرہ وافر رکہتا تہا
۱۰	نضر بن شمیل	ابو الحسن نضر	شمیل	۲۰۳	اکثر فنون مین تصانیف مفیدہ رکہتا ہے مرو مین فوت ہوا
۱۱	قطرب	ابو عبد اللہ محمد	مستنیر	۲۰۶	صاحب تصانیف کثیرہ کا ہے سیبویہ نے

نمبر	لقب	کنیت	نام والد	سنہ وفات	کیفیت
					ملقب قطرب کے کیا ہے اور نام انکا محمد تہا وکنیت ابو علی
۱۲	فراء	ابو زکریا یحیی	زیاد	۲۰۷	علم لغت ونحو وادب مین اعلم نحاۃ تہا راہ مکہ مین فوت ہوا
۱۳	شیبانی	ابو عمرو اسحق	مرار	۲۱۳ھ	بغداد مین فوت ہوا تصانیف بہت رکہتا تہا اور بسبب مجاور ہونے شیبان کے مشہور شیبانی ہوا
۱۴	اخفش اوسط	ابو الحسن سعید	مسعدہ	۲۱۵ھ	اُسنے علم عروض مین بحر مجتث زیادہ کی اور بسبب کوچک ہونے چشمون کے ملقب اخفش ہوا
۱۵	اصمعی	ابو سعید عبد الملک	قریب	۲۱۷ھ	بصرہ مین فوت ہوا علم کتاب اور سنت لغات مین یکتا تہا اور ۱۶ ہزار ارجوزہ اسکو یاد تہی اور تفسیر قرآن شریف مین احتیاط بہت کرتا تہا اگر کوئی معنے کسی ایت کے پوچہتا کہتا عرب کے معنے ایسے ہین اور نہین جانتا کہ مراد الہی کیا ہے
۱۶	ابن الاعرابی	ابو عبد اللہ	محمد	۲۳۱ھ	سر من رای مین فوت ہوا تصانیف بہت رکہتا ہے
۱۷	مازنی	ابو عثمان	محمد	۲۴۹ھ	علم نحو اور ادب مین اپنے وقت کا یگانہ تہا اور صاحب ورع اور تقوے
۱۸	ریاشی	ابو الفضل عباس	فرج	۲۵۷ھ	ہنگام غلبہ زنگ بصرہ پیر در ایام علوی کے بصرے کے قتل عام مین مقتول ہوا
۱۹	مبرد	ابو العباس	محمد	۲۸۶	بغداد مین فوت ہوا تصانیف بہت

					رکہتا ہے
۲۰	ثعلب	ابوالعباس احمد	یحیی	۲۹۱ھ	علم لغت ونحو مین امام کوفیون کا تہا اور صاحب ورع وتقوے بغداد مین فوت ہوکر مقبرہ باب الشام مین مدفون ہوا
۲۱	ابن کیسان	ابوالحسن محمد	احمد	۲۹۲	بشرح ایضاً
۲۲	نفطویہ	ابوعبداللہ ابراہیم	محمد	۳۰۰ھ	یہہ شخص عامل کامل وادیب فایق تہا اور بسبب دمامۂ روسے یعنے زشتئ روسے ملقب نفطویہ ہوا علم ادب مین تصانیف نیکو رکہتا ہے فقط
۲۳	نحاس	ابوجعفر احمد	اسمعیل	۳۰۸ھ	مصر مین فوت ہوا تصانیف بہت رکہتا ہے اور خساست طبع وتقتیر نفس یعنے تنگی کرنا نفقہ عیال مین بہت رکہتا تہا
۲۴	زجاج	ابواسحق ابراہیم	محمد	۳۱۱ھ	یہہ شخص صاحب علم اور دین متین کا تہا تصانیف بہت رکہتا ہے بعمر زاید ہشتاد سال بغداد مین فوت ہوا
۲۵	ابن سراج	ابوبکر محمد	سترے	۳۱۶	علم ادب اور نحو مین مشاہیر ائمہ سے تہا تصانیف مفیدہ رکہتا ہے
۲۶	اخفش اصغر	ابوالحسن علی	ابراہیم	۳۲۰	بشرح ایضاً
۲۷	ابن درید	ابوبکر محمد	حسن	۳۲۱	علم لغت اور ادب مین امام وقت کا تہا بغداد مین فوت ہوا اور اسکے غریب القرآن کتابسے جمہرہ مشہور ہے
۲۸	ابن الانباری	ابوبکر محمد	قاسم	۳۲۸	بشرح خال ابن سراج
۲۹	ابن درستویہ	ابومحمد عبداللہ	جعفر	۳۴۷ھ	کمال علم مین اراستہ تہا بغداد مین فوت ہوا

۳۰	ابو علے	ابو علی اسمٰعیل	+	۳۵۶ھ	بلاد دیگر مین پیدا ہو کر قرطبہ مین فوت ہوا تصانیف بہت رکھتا ہے
۳۱	قاضی حسن سیرافی	ابو سعید حسن	عبد اللہ	۳۶۸ھ	صاحب تصانیف ہین اور بغداد مین فوت ہوئے
۳۲	ابو علی فارسی	ابو علی حسن	احمد	۳۷۷ھ	علم نحو مین امام وقت کا تھا اور ہم صحبت متنبی کا اور بلاد فارسی مین اکثر منزلت رفیع پیدا کی تھی
۳۳	جوہری فارابی	اسمٰعیل	حماد	۳۸۲	مصنف صحاح اللغت وغیرہ کا ہے فقط
۳۴	رمانی	ابو الحسن علی	عیسے	۳۸۴	علم کلام و عربیت اور تفسیر قران مین علمائے مشاہیر سے تھا
۳۵	سیرافی	ابو محمد یوسف	ابو سعید حسین	۳۸۵	متقی اور علم لغت اور شعر عربی اور نحو مین کمال رکھتا تھا
۳۶	ابن جنی	ابو الفتح عثمان	جنی	۳۹۲	موصل مین پیدا ہو کر بغداد مین فوت ہوا اور اعور تھا
۳۷	حوفی	ابو الحسن علی	ابراہیم	۴۳۰	شرح حال ثمانی
۳۸	ثمانینی	ابو القاسم عمر	ثابت	۴۴۲	علم نحو اور ضبط ضوابط اوسکے مین مشار الیہ تھا
۳۹	مکی ابن ابی طالب	ابو محمد مکے	ابی طالب	۴۳۷ھ	قرطبہ مین فوت ہوا علم قران و عربیت مین تبحر تام رکھتا تھا
۴۰	ابن بابشاذ	ابو الحسن طاہر	احمد	۴۶۹ھ	مصر مین فوت ہوا متوکلانہ اشتغال افادۂ علوم کا کیا تھا
۴۱	بطلیوسی	ابو محمد عبد اللہ	محمد	۵۲۱ھ	علم ادب اور لغت مین دستگاہ تام رکھتا تھا مدینہ بطلیوس مین تولد ہو کر مدینہ بلنسیہ مین فوت ہوا
۴۲	زمخشری	ابو القاسم محمود	عمر	۵۳۸	علم تفسیر و حدیث اور نحو اور لغت اور

					علم بیان مین یگانہ وقت تہا اور صاحب تصانیف جلیلہ اور بسبب مجاور ہے مکہ معظمہ اسکو جار اللہ بہی کہتے ہین
۴۳	ابن الخشاب	ابو محمد عبداللہ	احمد	۵۶۷ھ	یہہ شخص حسن خط مین بہی ممتاز عصر تہا بغداد مین فوت ہوا
۴۴	ابن دہان	ابو محمد سعید	مبارک	۵۶۹ھ	شہر موصل مین فوت ہوا تصانیف بہت رکہتا ہے
۴۵	ابو البرکات	ابو البرکات عبدالرحمن	محمد	۵۷۷ھ	علم نحو مین ائمہ اعلام سے تہا بغداد مین فوت ہوا
۴۶	ابن دہان	ابو بکر مبارک	ابو طالب	۶۱۲	علم قرآن اور نحو مین بہرہ وافی رکہتا تہا بغداد مین فوت ہوا
۴۷	ابن یعیش	-	-	۶۴۳	علم حدیث مین بہرہ وافی رکہتا تہا
۴۸	شلوبین	ابو علی عمر	محمد	۶۴۵	ائمہ اعلام نحو و احفظ وقت کا تہا اور صاحب شرح صغیر اور شرح کبیر کا
۴۹	ابن حاجب	ابو عمر عثمان	عمر و حاجب	۶۴۶	کتاب کافیہ نحو اور شافیہ صرف مین اور بہت کتابین تصنیف کین شہر اسنا مضافات مصر مین پیدا ہوا اور اسکندریہ مین فوت ہوا لقب جمال الدین تہا
۵۰	ابن مالک	ابو عبداللہ	عبداللہ	۶۷۲	دمشق مین فوت ہوا صاحب شرح صحیح بخاری وغیرہ کا تہا اور امام فن قرات مین
۵۱	ابن حیان	ابن حیان اثیر الدین محمد	یوسف	۷۴۵	بہت قابل تہا اور دمشق مین فوت ہوا تصانیف جلیلہ رکہتا ہے
۵۲	ابن اسحق نحوی	ابو عمر صالح	اسحق	-	متقی اور صاحب تصانیف جلیلہ کا ہے

۱۶ نقشہ شعرای تازی اجمالاً

عدد	نام شاعر	نام پدر	سنۂ وفات	کیفیت
۱	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	ابیطالب	۴۰ھ	متفرق اشعار آبدار آپکے مشہور ہین اور دیوان جو حضرت کے طرف نسبت کرتے ہین اوسمین علمار کو کلام ہے
۲	امراؤالقیس	حجر	•	شعراے جاہلیت سے تھا اور اسکے کمال شاعری پر سب مقر ہین اور سلاطین یمن سے تھا اور اسکو ملک ضلیل بھی کہتے ہین اور اسکا قصیدہ بھی شامل قصاید سبعہ معلقہ مین ہے اور عنیزہ اپنے چچا کے بیٹے پر عاشق تھا بمقام عسیب پر جو بلاد روم مین ہے انتقال کیا
۳	لبید	•	•	شعراے نامی سے ہین اور کلام انکا فصیح اور قصیدہ انکا قصاید سبعہ معلقہ مین شامل ہے
۴	حسان	ثابت	•	شعراے صحابہ مین ہین اور دیوان انکا مشہور ہے
۵	کعب	زہیر	•	بڑا شاعر تھا قصیدہ اسکا بانت سعاد جسکو آنحضرت صلعم نے مسموع فرمایا مشہور ہے
۶	اصمعی	قریب	۲۱۷ھ	فنون ادبیہ مین مستند کل ہے اور انواع شعر پر قادر تھا حال انکا نقشہ طبقات نحات مین مندرج ہے
۶	جاحظ	•	•	بہت بڑا شاعر و ادیب تھا اور مستند روزگار الاقبح منظر کہ اسکے شان مین کہا گیا ہے لو مسخ الخنزیر کان جاحظا
۷	فرزدق	غالب	۱۱۰ھ	استاذ الشعرا ہے اور تفسیر نظم الجواہر مین نام غالب والد کا صیغہ لکھا ہے اور فرزدق نے حسب فرمانے ختم المرسلین صلعم

				کہ قرآن مجید کو حفظ کیا تہا اور ایک مرتبہ اسنے حضور سلیمان بن عبد الملک مین قصیدہ پڑہا کہ اسمین یہہ مصرع تہا ؎ وبت افض اغلاق الختام سلیمان نے کہا کہ تونے اقرار زنا کا کیا پہر سے اوپر حد واجب ہوئی فرزدق نے کہا کتاب اللہ نے مجہسے حد دفع فرمائی والشعراء یتبعہم الغاوون الم تر انہم فی کل واد یہیمون وانہم یقولون ما لا یفعلون سلیمان ہنسا اور اسکو جانے بخشا
۸	ابو الحرث مشہور ذو الرمہ	عقبہ	۱۱۷	فرزدق کا ہمعصر تہا اور فنون شعر مین کل کا مستند
۹	ابو علی مشہور ابو نواس	حسن	۱۷۸	یہہ شخص ہر قسم کا شعر نہایت خوبی سے کہتا تہا اور دیوان اسکا مشہور ہے اور اسکے بعد کوئی شاعر مثل اسکے پیدا نہین ہوا
۱۰	محمد	عبد اللہ	۲۲۸ھ	فنون ادب مین بہی بہت سے کتابین تصنیف کین
۱۱	احمد ابو الطیب متنبی	حسین	۳۵۴	جتنے شعرا بعد انکے ہوئے سب انکو مستند جانتے ہین اور دیوان انکا مشہور ہے
۱۲	محمد	عباس	۳۸۳	علم لغت و تاریخ مین امام تہا بیس ہزار شعر مردون اور بیس ہزار شعر عورتون کے اسکو یاد تہے
۱۳	اسحق	علی	۴۱۳	صاحب دیوان ہے اور کتابین زہر الآداب وغیرہ تصنیف کین
۱۴	ابو اسحق	محمد	۴۲۱	ملک شام کا رہنے والا تہا شرح دیوان متنبی کے بہت اچہے لکہے
۱۵	ابو محمد حریری	علی	۵۱۵ یا ۵۱۶	انکے نثر نظم پر غالب تہے اور مقامات حریری مشہور عالم ہے عہد خلافت مسترشد باللہ کے تہے

۱۶	ابو سعید	عبد اللہ	۵۹۷	بادشاہ صلاح الدین کے وزیر تھے شعر بہت خوب کہتے تھے
۱۷	حسن	ہانی	..	اشعار و اخبار عرب بہت یاد تھے اور شعرا سے مغرب میں کوئے مثل اسکے نہیں ہوا
۱۸	ابو یحییٰ	سنجر	۶۳۲	دیوان انکا بہت لطیف ہے اور جمیع انواع کلام پر مشتمل
۱۹	جواد ساباطی	.	-	علم کلام میں بہے دخل بہت اچھا تھا اور بڑے ذکی و فصیح تھے
۲۰	غلام علی آزاد	سید نوح	۱۲۰۰	رہنے والے بلگرام کے اور بڑے فصیح البیان تھے تصانیف انکے سے قصاید غرا و سبحۃ المرجان و خزانہ عامرہ ہندوستان وغیرہ موجود اور حسان ہند کہلاتے تھے خود فرماتے ہیں ع چون مدح رسول کام من شد ٭ حسان الہند نام من شد والغاً ندورہ ع بگوے رسول ہاشمی از اد قربانم کہ از دامان زمین منب صبح ایمان میشود پیدا
۲۱	شیخ احمد	محمد	.	نظماً و نثراً فصیح و ابلغ دہر رہنے والے یمن کے تھے اور کاتب سطور ہذا کے استاد
۲۲	اوحد الدین	.	..	تحریر عربی میں شاگرد رشید شیخ احمد عرب کے اور وحید العصر و فرید الدہر تھے و ساکن بلگرام کے
۲۳	مولانا محمد شجیع	+	۱۲۶۸	مجمل انکا حال نقشہ علماء ثانی میں مندرج ہے
۲۴	فضل امام	.	۱۲۴۴	ناظم یکتا و ناثر بے ہمتا ساکن خیراباد کے ہیں
۲۵	فضل حق	فضل امام	+	نظم و نثر میں یکتا ہیں اور علوم عقلیہ میں بے ہمتا قصاید وغیرہ انکے تصنیفات سے موجود

۱۷ نقشہ شعرای فارسی نامی اجمالاً

عدد	نام شاعر	نام پدر	سنہ وفات	کیفیت
۱	رودکی	حسن	•	شعر فارسی اسسے مروج ہوئے اور آدم الشعرا اسکا لقب و مداح و ندیم نصیر الدین سامانی کا تہا
۲	اسدی طوسی	•	•	استاد فردوسی طوسی کا ہے گرشاسب نامہ اسکے منظومات سے مشہور
۳	فردوسی طوسی	فخر الدین احمد	۴۱۱ھ	نام کنیت انکا ابو القاسم اور بلا کنیت منصور ہے تصنیفات عالی فصیحہ رکہتے ہین از انجملہ شاہنامہ زیادہ تر مشہور جو کہ سنہ [illegible]ھ مین تصنیف کیا تہا
۴	عنصری	•	۴۳۱	بہت نامی شاعر متقدمین سے ہے دیوان وغیرہ اسکا مشہور اور شاگرد ابو الفرج سجزی کا ہے عہد مین سلطان محمود غزنوی کے تہے اور ہمعصر فردوسی طوسی
۵	حکیم ازرقی	•	۵۸۵	عہد مین سلطان طغرل سلجوقی کے تہا اور صاحب تصنیفات عالی ہے
۶	اوحد الدین انوری	•	۵۹۲	عہد مین سلطان سنجر کے تہا صاحب تصنیفات غرا کا ہے اور قبر بلخ مین اور اول تخلص اسکا خاوری تہا
۷	شیخ نظامی گنجوی	مؤید	۵۹۶	منجملہ تصنیفات نامی سکندرنامہ بہی ہے کہ ۵۹۲ گذشتہ مین تصنیف کیا بلاغت بیانی انکے اظہر ہے اور بموجب مقولہ بعضے شعرا ازخدای سخن اور ملاقات

				سلاطین سے مجتنب تھے اور گنجہ مین مدفون ہین عہد مین سلطان طغرل بن ارسلان کے تھے
۸	سلطان الشعرار خاقانی	علی بخار	۵۸۲	نام اسکا افضل الدین ابراہیم ہے تصنیفات عالے رکھتا ہے اور حسان عجم کہلاتا عہد مین ملک منوچہر کے تہا کلیات شعر وتحفة العراقین مشہور ہے اور تبریز مین مدفون ہوا خود نسبت اپنے خطاب کے لکھتا ہے ؎ بز دیوان ازل تنبیو کادل درمیان امد ٭ اسپے جملہ را دادند سلطانے بخاقانی ٭ برا سعہ حجت معنے جرا ہینے پدید امد ٭ زینت اوز صنعت علے بخار شروالے ٭
۹	حکیم سنائی	آدم	۵۹۷	شاعر نامے ہے مولانا روم نے اونکے پیروی پر اقرار کیا کتاب حدیقة الحقیقة انکے تصنیفات سے ہے جو ۵۲۵ھ مین بمدت یک سال مکمل تصنیف سے ہوے
۱۱	ظہیرالدین فاریابی		۵۹۸	عہد مین اتابک قزل ارسلان بادشاہ کے تہا قصیدہ گوئے مین بڑا. استاد کسینے اسکے دیوان کے باب مین کہا ہے ؎ دیوان ظہیر فاریابی ازمکہ بذرو گر بیابی
۱۰	سعدی شیرازی	عبداللہ	۶۹۱	منجملہ تصنیفات غرا انکے نسخہ بوستان وگلستان کہ ۶۵۵ھ و ۶۵۶ھ مین تصنیف کین معہ کلیات شعر خلایق مین مشہور ہین اور نام مصلح الدین تہا وعاشق مزاج تہے اور لقب شرف الدین اور مادہ تاریخ وفات کا خاص ہے
۱۲	امیر خسرو	میر سیف الدین محمود	۷۲۵	پٹیالے کہ قریب قصبہ بداؤن کے ہے انکا مولد اور حضرت نظام الدین اولیاء کے مرید تہے تین چار لاکہ شعر سے زیادہ کہا دیوان وغیرہ انکا مشہور ہے

				سوا تصانیف ہندسہ کے اور برکت آب دہن پیر اپنے کے اللہ تعالے نے اس قدر شعر میں سخن انکو دیے تھی اور شعر میں ایسے قادر تھے کہ مطلع انوار جواب مخزن اسرار دو ہفتہ مین تمام کی اور ترک اللہ خطاب انکو پیر نے پایا تھا جیسا انکے پیر مرشد نے فرمایا ہے ع گر برائے ترک ترکم ارہ بر تارک نہند ۔ ترک تارک گیرم و اما نگیرم ترک ترک ۔ اور نام انکا خواجہ ابو الحسن تھا اور شیخ سعدی شیرازی سے پیرانہ سالے مین ملاقات کی اور انکے مزار پر یہ اشعار لکھے ہین ع رسد شربت عاشقے بجماعت رز دوست زبان زبان بیانست شد سلک فرید از تو منظوم زان ہست کہ شد لعب تطامت جاوید بقابت بندہ خسرو چون شد بہزار جان غلامت مرا نام نیک است خواجہ عظیم دو شین و دو لام دو قاف و دو جیم اگر نام باقی درین حرفہا بدانم کہ ہستی تو مرد فہیم اور مزار انکا دہلی مین اور مادہ تاریخ وفات کا عدیم المثل و طوطی شکر مقال ہے
۱۳	بدر جاجرمی	۔	۷۲۵	اس شخص کو معما کوئی کا بڑا شوق تھا دیوان انکا مشہور عالم ہے
۱۴	کمال اسمعیل خجندی	۔	۸۰۴	قطع نظر شعر کے اولیا میں گنے جاتے ہین اور انکی مثنوی بہت نمک ہے اور تبریز میں مدفون اور یہ بیت قبر پر منقوش ع کمال از کعبہ رفتی بر در یار ۔ ہزارت آفرین مردانہ رفتی
۱۵	شیخ آذری	۔	۸۶۶	شاعر عزاد عالی مضمون تھا کلام انکا مشہور عالم ہے
۱۶	جامی	احمد بن محمد	۸۹۸	نام انکا نور الدین عبد الرحمن ہے تصنیفات بہت رکھتے تھے زاید سو ہم سے از انجملہ نسخہ یوسف زلیخا کہ ۸۸۶ھ مین تصنیف کی و شرح ملا عبدی میں زیادہ تر مشہور اور عہد مین سلطان حسین مرزا کے تھے اور قبر ہرات مین ہے

۱۷	مولانا جمالی دہلوی		۹۲۵	ہمایون بادشاہ کے عہد مین تہے خسرو ہند مادہ تاریخ وفات کا ہے ایک مرتبہ سیاحت کرتے ہوئے بلباس خاک آکر عبد الرحمن جامے کے خدمت مین حاضر ہوئے اور پہلو سے بیٹہے جامے نے انکو نہ پہچانکر کہا کہ میان تو در سگ چہ فرق ست انہون نے بدشت رکہ کر کہا کہ ایک وجب پہر جامے نے پوچہا کہ کہان کے رہنے والے ہو اپنے کہا کہ خاک دہلی جامے نے تفرس کرکے فرمایا کہ کیا نام ہے آپنے جواب دیا جمع مالا یعنے جیم مع نال مولانا نے معلوم کرکے کہا یا باقی ہے جامے نے کہا کہ وعدہ یعنے یا کہ عدد اوسکے ۱۰ ہین اوسمین معدود ہے بعدہ مولانا جامے نے کہا کچہہ اپنے طبع زاد سے بڑہو انہون نے یہہ بیت پڑہی بسے مارا ز خاک کویش پیراہنے ست بر تن ؛ آنہم ز آب دیدہ صد چاک تا بدامن ؛
۱۸	نظیری نیشاپوری			نظم مین عجب مزا پیدا کیا کہ اوسے پہلے کسیکو نہ سوجہا
۱۹	عرفی شیرازی		۹۹۹	نام انکا جمال الدین ہے تصنیفات بہت رکہتہ القصاید عرفی جوکہ سنہ ۹۹۶ھ مین تصنیف کے زیادہ تر مشہور اور داور مسلم رہا ہے بلکہ بقا ہوکر اول لاہور مین مدفون ہوئے بعدہ نجف اشرف کو گئے
۲۰	ابو الفیض فیضی	شیخ مبارک	۱۰۰۴ھ	امرای اکبری مین تہا اور ملک الشعرای خطاب بڑا ذہین اور شاگرد اپنے والد کا تہا تفسیر

				سواطع الالہام بے نقط اور بہی موارد الکلم خلاق مین بحروف مہمل اچھے لکھے اور مثنوی نلدمن اسکے بہت مشہور ہے اور امیر حیدر معمائے کاشانے نے تاریخ تفسیر مذکورہ بالا کے چونکہ تعبیر دو سال ۱۰۰۲ھ مین تصنیف ہوئے تہے بالکل سوا اخلاص کہ اوسے ۱۰۰۲ نکلتے ہین کہے تہے کہ صلہ اوسکا دس ہزار روپیہ پایا اور اول تخلص فیضی وبعدہ فیاضی ہوا
۲۱	ابوالفضل	الیگا	۱۰۱۱	علاوہ نظم کے نثر معاملات وغیرہ بہی بہت اچہا لکہتا تہا اور وزیر اکبر بادشاہ کا بہی ہوگیا آخر مین ہاتہہ فوج راجہ نرسنگہ دیو والے اور چہتکے ٹرکر مارا گیا اور بادشاہ نے بڑا غم کیا اور اسنے ابتدا تفسیر آیۃ الکرسی کے ۹۸۳ھ مین بنام اکبر بادشاہ لکہکر مورد عنایت بے غایت کا ہوا تہا
۲۲	ملا ملک قمی	•	۱۰۲۵	یہہ شخص استاد ظہوری ناظم یکتا و ناثر بے ہمتا کا تہا کہ جسکے تعریف مین ظہوری لکہتا ہے ؎ ملک نام ملک سخن ملک او ؛ بہ سکون دل از جنبش کلک او
۲۳	ظہوری ترشیزی	•	•	نام انکا نور الدین ہے نظم و نثر مین بے عدیل و صاحب طرز ہین سہ نثر اور دیوان اور ساقی نامہ گواہ عادل موجود عہد مین ابراہیم عادل شاہ والے حیدرآباد دکن معروف بہ ابو الحسن کے تہے اور انکے فرزند کا نام ظہور تہا

٢٤	زلالی خوانساری	•	١٠٣١	مثنوی اسکی نہایت خوش ہے اور غزل بھی خوب لکھتا تھا
٢٥	طالب املی	•	١٠٣١	ملک الشعراء اسکا یہ خطاب تھا کلام بہت اچھا
٢٦	ابوطالب کلیم	•	١٠٦١	ملک الشعراء عہد شاہجہان بادشاہ کے تھے دیوان اور مثنویات انکے مشہور عالم ہین
٢٧	مرزا صایب	•	١٠٨٠	تشبیہ و استعارہ مین ضرب المثل ہے قریب لاکھ شعر کے لکھا اور نام مرزا محمد علی تھا
٢٨	ملا ناصر علی	•	١١٠٩	بہت خیال بند ہے دیوان اور مثنویان اچھی ہین اور دہلی مین مدفون
٢٩	نعمت خان عالی	•	•	بڑا قابل و ظریف و ہزال و شیعہ مذہب تھا عہد عالمگیر بادشاہ مین خیالچہ و تابع وغیرہ اسکے معروف ہین
٣١	سراج الدین علی خان آرزو	•	١١٦٩	لغت فارسی کا محقق ہے چراغ ہدایت وغیرہ گواہ ہین اور اسنے اور شیخ علی حزین سے بڑا مناظرہ رہا ساکن اکبرآباد کے تھے بوقت بربادی دہلی قدیم حسب طلب نواب سالار جنگ کے لکھنو مین جاکر فوت ہوئے
٣٢	شیخ محمد علی حزین	پیر محمد	١١٨٠	ولایتی تھے ایران سے دہلی مین آئے اور بد مزاجی انکے دماغ مین تھی چلے گئے اور بعد مرگ وہین مدفون ہوئے نازک خیال تھے اور انکے قصاید عربی مین بھی لکھے ہین
٣٣	میر عبدالجلیل بلگرامی	سید احمد	١١٣٨	بڑے عالم اور بعد عہد اورنگزیب عالمگیر بادشاہ مین تھے تاریخ بے بدل فتح قلعہ ستارہ جو سنہ الہی مین واقع ہوئے

				انکے نتایج افکار کے مشہور ہیں ذ یل یہہ ہیں ~~ہ~~ جو سنہ ابہام زیر حصفر او ر و بود و اسم اعظم در شماره زانگشان شنہ تا مد ابہام برابر چار الف کرقم نظاره معینہ بود شکل سال ہجری ایں تاریخ نسیم ستاره جنین تاریخ گفتن احتر عیست تنہا ذعبد الجلیل این ستارہ
۳۲	غلام علی آزاد بلگرامی	سید نوح	۱۲۰۰	علوم عربیہ میں خوب استعداد تہے قصاید عربیہ و فارسیہ خوب لکہی اور حسان الہند خطاب پایا بسبب مدح رسول صلعم کے کیا تہا اور تاریخ وفات اپنے والد کی خود لکہی ہے ~~ہ~~ عمدة العصر سید نوح ذاتہ نخبة البریات قال از عالم رحلتہ آن للمتقین جنات ۱۱۶۵ ہجری
۳۳	شیخ محمد اجمل الہ آبادی		۱۲۳۶	بہت قابل وکلاء دن میں سے تہے
۳۵	میرزا محمد حسن قتیل		۱۲۳۷	ابتداء جوانی میں ہندو سے مسلمان ہوئے اور ولایت جاکر فن شاعرے کا تکملہ کیا
۳۶	قاضی محمد صادق خان اختر			نظما و نثرا بہت فصیح و بلیغ ہیں اور فنون شعر سے بہت اگاہ
۳۷	غلام امام شہید			ناظم بے بدل اور با ہر فنون اشعار اور صاحب مزاق عالے ہیں
۳۷	اسد اللہ خان غالب	عبد اللہ بیگ خان		اپنے وقت کے افضل الشعراء و فاقائی تہے ہیں اور معروف مرزا نوشہ ابتدا میں رونق بخش سکونت اکبرآباد تہے اب دہلی کو اپنے قیام سے منور کیا ہے
۳۸	امام بخش صہبائی			وحید یکتاے دہر و بلہ ہمتاے عصر ہیں رسایل

				متعددہ تصنیف فرمایا اور فن معما مین زیادہ تر توغل و کمال ہے

۱۸ نقشہ شعرای اردو نامی اجمالاً

عدد	نام شاعر	نام پدر	سنہ وفات	کیفیت
۱	ابوالظفر سراج الدین بہادر شاہ	محمد اکبر شاہ	•	بادشاہ دہلوی کلام الملوک ملوک الکلام تخلص ظفر محاورہ بندے مین بادشاہ ہین باقے حال آپکا نقشہ بادشاہان اسلام ہین مندرج
۲	میر تقی	محمد متقی	۱۲۲۵ھ	اکبراباد سے دہلوے آخر عمر لکہنو مین رہے اور اردو شاعرے مین خدائے سخن ہین اور مادہ تاریخ وفات کا یہہ ہوا نظیری ارج اور سراج الدین علیخان آرزو کے بہتیجے تہے
۳	مرزا محمد رفیع سودا	•	•	دہلوے آخر عمر لکہنو مین رہے قصیدہ گوئے اور مدح و قدح مین مسلم الثبوت تہے اور شاگرد سراج الدین علیخان آرزو کے اور وفات عہد نواب آصف الدولہ بہادر مین ہوگئے
۵	میر درد	خواجہ محمد ناصر	۱۲۰۹ھ	دہلوے عارف کامل ہین شعر انکا بہت اچہا نام انکا خواجہ میر درد تہا
۴	آرزو	•	۱۱۶۹ھ	نام انکا سراج الدین علیخان تہا ساکن اکبراباد شاعر تہا اور تصانیف انیقہ رکہتے ہین اور تنبیہ الغافلین مشعر بخردہ گیری شیخ محمد علی حزین

				کے لکھی تھے براوقت بربادی دہلے قدیم حسب صلاح نواب سالارجنگ کے لکھنؤ مین جاکر وفات پائے
۶	اشل			میر عبد الجلیل بلگرامی ابوالفرح واسطے کے اولاد سے تھے اپنے جد شاگرد معنوی جعفر زٹلی کا قرار دے کر شعر فارسی و عربی کہتے و شوخ طبع آزاد تھے
۷	آفتاب	معز الدین عالمگیر ثانی	۱۲۲۱	انکو ابوالمظفر مجاہد الدین شاہ عالم بادشاہ غازی نہایت بانے حال انکا مفصلہ بادشاہان اسلام مین مندرج ہے
۸	جعفر			میر جعفر زٹلی یہہ سادات نارنول سے تھے ایک مدت تک سرکار شاہزادہ معظم محمد اعظم شاہ بہادر کے سلسلہ خواصون مین ممتاز تھے کلام انکا مشہور عالم ہے
۹	سرمد			نام محمد سرمد قاضی سرنگاپٹن مصنف خلاصہ سلطانی کے ہین کہ بحکم سلطان ٹیپو دکھنی زبان سے مرتب ہوکر مشہور عالم ہوئے اور اشعار انکے معروف عالم ہین
۱۰	افسوس	[illegible]	۱۸۰۹ ع	نام انکا میر شیر علی ہے اور آرائش محفل انکی تصنیفات سے مشہور عالم ہے ترجمہ گلستان
۱۱	جائسی			نام انکا ملک محمد جائسی مصنف مثنوی پدماوت کے ہین جسمین پدماوتی شاہزادے چتور کا حال ہے اور پدماوت لنکا کے راجہ کی بیٹی تھی رتن سنگھ چتور والے کے ساتھ کتخدا ہوئی مگر جب سلطان علاء الدین درمیان سنہ ۱۳۰۳ع

				کے اس شہر پر چڑھ آیا تب پدماوت معہ ۱۶ ہزار عورت ہمراہیان اپنے کے جلکر مرگئے
۱۲	صاحبقران	+	+	نام انکا سید امام علی ساکن بلگرام کے سنہ ۱۲۱۳ھ مین منزم در حجاب انکے دلسے اوٹھہ گیا فحش و گالیان بہت اپنے کلام مین کہنے لگے
۱۳	عیشی	+	+	نام طالب علی خان ساکن لکھنو شاگرد میان مصحفی کے اچھے شاعر تھے
۱۴	میر سوز	.	.	دہلوی تھے گویئے شعر انکا جو حیلہ سے خالی نہین
۱۵	مصحفی	+	+	لکھنوی جملہ انواع شعر پر قدرت تامہ رکھتے تھے اصل انکے قصبہ امروہہ مضافات مراد آباد سے ہے اور نام غلام ہمدانی تہا
۱۶	جرأت	.	.	نام قلندر بخش دلکھنوی معاملہ کا شعر خوب لکھتے تھے
۱۷	انشا	حکیم ماشاء اللہ خان	.	لکھنوی مرد ذکی جو چاہتے سو لکھتے اور عربی مین بہی مداخلت تھے اور نام انکا حکیم انشاء اللہ خان تہا اور انکے اشعار مین ظرافت ولطافت اور چلبلاپن واچھلاہٹ بہت ہے درمیان سنہ ۱۲۱۲ھ سلیمان شکوہ کے عہد مین وارد شاہجہان آباد تہے
۱۸	نصیر	+	+	دہلوی بہت پرگو اور زود گو تہے اور جن زمین مین کوئی دس شعر نلکہہ سکتا سو لکھتے تہے
۱۹	کبیر	.	.	یہہ شخص موجد مذہب ذات کا جولاہا سکندر شاہ لودی کے وقت مین تہے کہتے ہین کہ اسنے

				ایک بڑا وسیع نیا مذہب ایجاد کیا تہا اور راماننند کے بارہ بڑے شاگردون مین سے یہہ بہی ایک مرید تہا اسکو دونو فرقہ ہندو مسلمان مانتے ہین چنانچہ اسکے مرنے پر دونو فرقو مین لڑائی ٹہنے ہوتے بسبب اسکے کہ ایک فرقہ اسکو دفن کرنا چاہتے تہے اور دوسرے جلانا اسے اثنا مین کبیر نے اون پر ظاہر ہو کر کہا کہ میرا کفن اوٹہا کر دیکہو وہان جب دیکہا تو ایک ڈہیر پہولون کا پایا بت راجہ بنارس نے ادہے پہول اپنے شہر مین جلا کر ایک مندر کبیر چوڑا بنوایا اور بجلی خان سردار مسلمانون نے ادہے پہولون کو گاڑ کر ایک روضہ مقام مگہر مین بنوایا جو نزدیک گورکہپور کے ہے اور یہین وفات کبیر کے ہوئے تہے بعضے کہتے ہین کہ کبیر موجد مذہب واسطے ہندون کے ایسا تہا جیسا کہ سید احمد کالپے والے مسلمانون کے مذہب کے بانے تہے
۲۰	بابا لعل گورو	+	+ .	قوم کا کہتری ساکن مالوہ جہانگیر بادشاہ کے وقت مین پیدا ہوا تہا کلام اسکا زبان زد خلائق ہے
۲۱	تلسی داس	+	+	ہندو مذہب مصنف رامائن وغیرہ کا مشہور ہے اور بسبب وفور محبت اپنے جورو مسماۃ رتنا کے پوجا رام کے بہت کرتا تہا اور آزادانہ سرگردان پہرا کرتا اول بنارس گیا پہر ہنومان جی سے ملاقات ہو کر طاقت دوہرہ کہنے کے حاصل کے عہد شاہجہان

				بادشاہ مین شہرت اسکے دہلے مین پہونچے شاہجہان نے اسکو بسبب خلاف مسایل مذہب کے قید کیا اوسوقت ہزارون بندر قید خانہ توڑنے لگے آخر کو متعجب ہوکر چہوڑ دیا اور یہہ قدیم باشندہ راجاپور متصل چترکوٹ دترہوان کا تہا اور اسکے گرد کا نام جگنا تہہ داس تہا
۲۳	بہاری لال	+	+	یہہ شخص ۱۶ صدی سنہ ع کے درمیان تہا مصنف دیوان ست سیئے معروفہ ہند کا ہے اور دارالریاست جے پور مین قیام پذیر تہا اسکے عمر سے وہانکے لوگ اسکے کلام کے ازبس فریفتہ تہے
۲۴	سور داس	بابا رام داس	+	مشہور شاعر ہند ہے گو ماہر علم موسیقی کا تہا اور ۱۶ و ۱۷ صدی عیسوی مین موجود تہا اور سور ساگر دیوان اسکا سواے اور دوہرہ ہاے ہندی کے معروف عالم
۲۵	نظیر	+	+	اکبرآبادی نام شیخ ولی محمد انکا کلام بازاری لوگون کو بہت یاد اور حلیم و خلیق وغریب تہے اور صاحب دیوان
۲۴	میر حسن	غلام حسین	۱۲۰۱	لکہنوی غزل سست مگر مثنوی جیست جسکے مثال نہوے وہ نہوگئے شہر لکہنو مفتی گنج مین بعد فوت مدفون ہوئے
۲۶	ناسخ	+	۶۱۸ ۴ ۲	نام شیخ امام بخش لکہنوی شعر انکا بہت فصیح

				و بلیغ اور صاحب طرز ہین مگر کیفیت عشقیہ جدا نہین
۲۷	آتش	+	۱۲۶۲ ۷۴	نام خواجہ حیدر علی لکھنؤ سے شاعر غرا و ناسخ سے کم الا کیفیت رکھتے ہین
۲۸	ذوق	+	+	دہلی سے سبحان اللہ اپنے وقت کے میر ہین اور مخاطب خاقانی ہند اور نام شیخ محمد ابراہیم
۲۹	مومن	ضاحک	۱۲۶۹	دہلی سے مضامین اچھے الا تپش مین کچھ کلام ہے
۳۰	ممنون	قمر الدین	+	دہلی سے مضمون بند و نازک خیال ہین
۳۱	حضرت شیفتہ	نواب [illegible]		دہلی سے اگرچہ مومن کے شاگرد مگر محاورہ بندی اور سلاست مین اونسے کہین اچھے اور نام نواب مصطفی خان
۳۲	کفایت علی کافی	+	+	مرادآباد سے حسان وقت ہین صرف شعر نعت مین کہتے ہین اور قطع نظر شاعرے کے مرد کامل و صاحب نسبت سمجھے جاتے ہین اور بہلد خلد ترجمہ شمایل ترمذی کا انہین کے تصنیف سے ہے
۳۳	الہی بخش خان معروف	قاسم جان	+	دہلی سے قطع نظر شاعرے کے فخر بیہ تھے محاورہ بندی سے ہین اچھے کچھ مشورت ذوق سے بہی تھے
۳۴	ظہور اللہ خان نوا	+	+	ساکن بدایون فارسی و اردو مین شعر کہتے تھے

۳۵	رنگین	+	+	نام سعادت یار خان شاعر غزل تھے اور درویش صفت
۳۶	عبد الرحمن خان احسان	+	۱۲۶۸ھ	دہلوی بہت اچھے شاعر تھے بندش الفاظ بہت خوب
۳۷	عارف	غلام حسین خان	۱۲۶۸ھ	شاعر بے مثل تھے بعد وفات انکے دہلے سے گویا ریختہ گو معدوم ہو گئے
۳۸	جان صاحب	+	+	نام یار علی ریختے گوئے پر بہت مایل اور بہت خوب کہتے ہین سنتے ہین ایا ہے کہ اکثر مشاعرون مین بعضے جالباس عورتون کا اراستہ کرکے اور صورت عورتون کے بنا کر غزلین پڑہتے ہین اور ساکن قدیم لکھنو کے فقط

۱۹ نقشہ خطاطان نامی اجمالاً

عدد	نام خوشنویس	نام پدر	سنہ وفات	کیفیت
۱	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	ابیطالب	۴۰	آپنے انواع خط کو فن کو مراتب معارج علیہ کو پہونچایا تہا باقی حال انکا سابقاً نقشہ خلفاء اربعہ وغیرہ مین مندرج ہو چکا ہے
۲	ابن مقلہ	حسن	۳۲۷	نام اسکا محمد و کنیت ابو علی زمانے مین مقتدر باللہ خلیفہ عباسی کے تہا سنہ ۳۱۶ھ مین عہدہ وزارت پر پہونچا تہا اور تا زمانہ راضی باللہ کے وزیر رہا الا بسبب بعضے مکاتبات خلاف مرضی راضی کے ایک وہست و بسبب جرم دوسرے زبان ویکسا بایے زنا لغ

نمبر	نام				کیفیت
					سے کاٹا گیا اور حبس مین مر گیا اور اسکو خط مین واضع الاصل کہتے ہین اور خوشنویسی اسکے ضرب المثل ہے اور باوجود کثرت شغل وزارت تین کلام مجید لکہے تہے اور ایک شاعر نے خوب کہا ہے ع فصاحة سحبان وخط ابن مقلة وحکمة لقمان وزہد بن ادہم اذا اجتمعت فی المرء والمرء مفلس فلیس لہ قدر علی قدر درہم فقط
۳	ابن بواب		+	+	خط کو نئے بادایرہ مخترعہ وموضوعہ ابن مقلہ کو بہتر ابن بواب سے کسی نے نہین لکہا جو کہ زمانہ معتصم باللہ تک تہا
۴	جمال الدین یاقوت		+	+	انہون نے درباب خط کے متابعت ابن بواب کے کرکے ابواب محسنات کے روسے ارباب خط پر کہولے
۵	خواجہ میر علی		+	+	واضع خط نسخ تعلیق کے آپ ہے ہین چنانچہ سلطان علی مشہدی نے فرمایا ہے ع نسخ تعلیق گر خفی و جلی ست ؛ واضع الاصل خواجہ میر علی ست اور نامے خطوط مشہورہ کے یہہ ہین ثلث ۱ محقق ۲ نسخ ۳ رقاع ۴ ریحان ۵ تعلیق ۶ توقیع ۷ نسخ تعلیق ۸ مدور ۹ طومار ۱۰ سلسل ۱۱ منثی ۱۲ منثور ۱۳ غبار ۱۴ بہار ۱۵ معقلی ۱۶ عبرے ۱۷ واضح ہو کہ ایام قدیم مین خط معقلی تہا اور خط معقلی اوسے کہتے ہین کہ سواد و بیاض اوسکے

				کو بٹرہ سکین بعد اسکے خط کو نسخ واضح ہوا واللہ اعلم بالصواب
۶	اغا رشید			
۷	یاقوت رقم خان			
۸	جواہر رقم خان			
۹	قاضی عصمت اللہ خان			
۱۰	امانت خان شیرازی			یہہ شخص خوشنویس بیبدل تہا چنانچہ کتبہ ہاے روضہ ممتاز محل عرف تاج بی بی اکبراباد مین لکہے ہوا اسکے موجود ہین
۱۱	سید امیر دہلوی			
۱۲	اغا صاحب			
۱۳	میر امام علی			
۱۴	وارث خان			
۱۵	میانجی عبداللہ			
۱۶	شیخ عبدالحی	عبدالستار	×	یہہ شخص بہت بڑے خوشنویس اور ہفت قلم ہین اور استاد راقم الحروف و ساکن سندیلہ و بفضلہ تعالے موجود ہین

۲۰ نقشہ خلفاے بنی امیہ کہ ۱۰۰ سال حکومت کے اجمالا

عدد	نام خلیفہ	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
۱	معاویہ	ابوسفیان	۱۵ اس یا ۱۹ اس	سنہ ۴۱ ھ مین امر ریاست انپر قایم ہوا اور ملک شام تختگاہ مقرر ہوا اور سنہ ۵۰ ھ مین حج

				کو گئے اور سنہ ۵۶ یا ۶۰ ھ مین مرے اور بادشاہان اسلام سے پہلے زندان انہین نے مقرر کیا اور خواجہ سرایان مقرر کئے اور خطبہ بیٹھ کر پڑھا اور اپنے بیٹے کے نام بیعت مانگی اور بنا حجرہ کے مسجد مین پہلے انہین سنے کے اور قاصد مقرر کئے
۲	یزید لعین	معاویہ	۳ س ۸ م	اس ملعون کے وقت مین وہ حرکتین ہوئین جو کسیے نہین سکے نہین امام حسین علیہ السلام مع اہل بیت اور رفقا سنہ ۶۱ ھ مین اوسکے فوج سے شہید ہوے اور مدینہ منورہ مین قتل و نہب ہوا اور سنہ ۶۴ ھ مین جہنم کو پہونچا اور عبد اللہ بن زبیر نے اولاً انکار بیعت یزید بن معاویہ سے کے تھے اور اونکے پیدایش سے اہالیان اسلام بہت خوش ہوئے تھے
۳	معاویہ اصغر	یزید	۳ م	چند روز سلطنت کرکے کہا کہ مین اس خلافت سے باز آیا جسکے واسطے امام حسین علیہ السلام ایسے آدمی شہید ہوئے ہر چند لوگون نے بہت سمجھایا پر نمانا اور سلطنت چھوڑ کر گوشہ اختیار کیا اور ۲۳ سال کے عمر مین مر گیا
۴	مروان	حکم	۱۰ م	باتفاق اہل کوفہ بادشاہ ہوا اور زوجہ یزید نے اوسکے کھانے مین زہر ملایا وہ مر گیا ۶۱ برس کے عمر مین
۵	عبد الملک	مروان	۲۱ س ۶ م	اوسنے اولاً امر بالمعروف کو منع کیا اور بہت

				بخیل تہا اور بڑے بڑے ظلم کئے سب سے زیادہ حاکم کرنا حجاج ثقفی ظالم کا اوپر بندگان خدا کے اور اوسیکے سلطنت مین مختار ثقفی کے وقایع ہوئے اور ۸۶ ھ مین مرا اور مختار لڑا اسے مصعب بن زبیر مین مارا گیا اور عبدالملک نے ابتدائے مہمات دیوانی کو فارسی سے عربی مین نقل کیا اور مردم کو تکلم کرنے آگی خلیفہ وقت کے منع کیا اور درم و دینار کو اول مضروب سکہ اسلام سے یعنے فرانی کیا اور اول اسلام مین سے عبدالملک سے آغاز ہوا اور بیشتر اسکے درم منقوش فارسے اور دینار منقوش رومے مین تہے اور **الیون** بادشاہ روم کا انکے وقت مین تہا اور اسکے پاس ایک تاج قیمتی لاکہہ اشرفی کا تہا حکایت ایک عورت مجرمہ کو گرفتار کرکے آگے حجاج کے حاضر کیا حجاج نے اسے کہا کہ ایک ایت قرآن کی پڑہ تاکہ تجہے بخشون اوسنے معاً اذا جاء نصر اللہ والفتح ورایت الناس یخرجون من دین اللہ پڑہا حجاج نے کہا یدخلون سے دین اللہ پڑہ اوسنے جواب دیا اب آپ کے عہد مین یخرجون ہے ہنس کر اوسکو صلہ دیا فقط
۶	ولید	عبدالملک	۹ سن ۶ م	جامع مسجد دمشق اسنے بنا کئے اور مسجد نبوی کو وسیع کیا اور ملتان تک اوسکے وقت مین فتح ہوا اور منارہ واسطے بانگ صلوة کے اختراع کیا اور حجاج بن یوسف اظلم **۲۰** سال والے عراق وخراسان کا رہ کر مرگیا اور جعفر بن خالد کہ برمک عبارت اوسے سے ہے اسکے بارگاہ مین آیا بادشاہ نے کہا کہ میرے

				باز و پیر و و مصر و ایسے ہین کہ جب کوئے زہر لاوے اونکو حرکت ہووے یہہ شخص بزدار د زہر اپنے پاس رکہتا ہے چنانچہ جعفر نے نصد بن اسکی کے اور کہا کہ نیچے نگین انگشتری میرے کے قدری زہر ہے اسکو کہ بوقت سختی انزا بہ مکم اس سبب سے اہل عرب نے ملقب برمک کیا اور رفعت حال و نکبت مال برامکہ کا کتب سیر مین موجود اور محمد بن قاسم الثقفی نے سنہ ۹۲ ھ مین فتح کر کے سنہ ۹۵ ھ مین قنوج مین حدود سندہ تک پہونچا تہا یہے ابتدا رواج اسلام کے ملک ہند مین ہے
۷	سلیمان	ایضاً	۲س ۸م	یہہ بادشاہ بارادہ تسخیر روم گیا تہا اور ابوالاسود دئلی واضع علم نحو سنہ ۹۷ ھ مین اسیکے عہد مین مرگیا اور یہہ بادشاہ سنہ ۹۹ ھ مین مرا
۸	عمر	عبدالعزیز	۲س ۵م	یہہ بادشاہ عجب دین دار و متقی و عادل و عالم تہا جتنے ظلم و بدعتیں امیہ کے وقت مین مروج ہوگئے تھے سب اسنے موقوف کئے اور باغ فدک کو حوالہ کو بنی فاطمہ کیا اور سنہ ۱۰۱ ھ مین وفات پائے
۹	یزید	عبدالملک	۴س	اسنے اکثر احکام عمر بن عبد العزیز کے بدل ڈالے ۴۰ برس کے عمر مین بعارضہ سل مرگیا سنہ ۱۰۵ ھ تہے اور فرزدق شاعر و محمد بن سیرین و حسن بصری نے وفات پائے
۱۰	ہشام	عبدالملک مذکور	۱۹س ۹م	شدت سے بخیل تہا اور سلطنت اچہی کے تہدہ ایک مرتبہ حج کو گیا تہا اوس وقت ۶۰۰ اشتر بار

				لا دیے گئے تہے آخر جب مرا کفن دفن بہی نصیب نہوا اور بعمر ۵۵ سال مر گیا اور زید بن امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے طائفہ معارف کوفہ سے کہا کہ رفضتمونی اس سبب سے شیعہ کو رافضے کہنا شروع ہوا اور مجنون عاشق لیلی کا اسکے زمانہ مین تہا کہ سنہ ۱۰۳ تک تہے
۱۱	ولید	یزید	یک سال ۳م	اسکو عہد سنہ ۱۲۶ھ مین اہل اسلام نے منسوب بکفر و زندقہ کر کے مار ڈالا خوبصورت بہت تہا
۱۲	یزید ناقص	ولید	۶ م	یہہ شخص بہ نسبت باپ کے بہت اچہا تہا اور بسبب کم کرنے مرسومات سپاہیان اسکو یزید ناقص کہتے تہے ۔ ۲۳ سال کے عمر مین مر گیا مرض طاعون سے
۱۳	ابراہیم	ولید	۳ م	یہہ شخص مروان والے ارمنہ سے شکست پاکر مقتول ہوا سنہ ۱۲۶ھ مین
۱۴	مروان	محمد	۵ س یک م	سنہ ۱۳۲ھ مین مارا گیا ۶۹ برس کے عمر مین اور سلطنت خاندان عباسیہ مین منتقل ہوئے اور اسکو مروان الحمار کہتے تہے اس سبب سے کہ اہل عرب ہر صد سال کو حمار کہتے ہین زمان معاویہ سے مروان تک سو برس گزرے تہے اس سبب سے حمار کہلایا فقط اور یہہ آخر خلفائے بنے امیہ شامیہ سے تہا اور چند تن خلفائے بنے امیہ مغربیہ بہی تہے کہ حال مجمل انکا اخبار الدول و الآثار الاول مین موجود بسبب طوالت کے یہان مندرج نہوا

نقشہ خلافت خلفاے عباسیہ جمع اجمالاً ۲۱

عدد	نام خلیفہ	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
۱	ابو العباس سفاح	محمد	۴ س ۹ م	سنہ ۱۳۶ھ مین مرگیا عمر ۳۵ برس کے تہے اور بہت خوبصورت تہا اور بسبب خونریزی کے سفاح کہلایا بعدہ بہاے اسکا
۲	ابوجعفر منصور	ایضاً	۲۲ سال	بعمر ۶۳ سال مرگیا اور اسکو بسبب بخل دوانیقی بہی کہتے ہین اور سنبلہ مجوس نیشاپور سے لے سات جمہور بن مرار عجلی کے محاربہ عظیم کرکے طبرستان کے پاس گیا کہ وہان مع اپنے متعلقون کے مارا گیا اور خلیفہ راوندیہ کو بہی سنہ ۱۳۹ھ مین اسنے بادشاہ نے ہلاک کیا اور بادشاہ روم کا اسوقت مین **جرجین** تہا بعدہ قسطنطین ہوا اور اسی بادشاہ عالی نے سنہ ۱۴۵ھ مین بنا شہر بغداد کی ڈالے اور سنہ ۱۴۹ھ مین مکمل ہوا اور اسنے امام ابو حنیفہ کو مار کر قید کیا تہا واسطے قضا کے اور یہہ ملقب ابی الدوانق ہوا اور اسیکے واسطے اولاً ترجمہ کیا گیا کتب سریانیہ اور عجمیہ عربی مین مثل کلیلہ دمنہ واقلیدس
۳	محمد مہدی	ابوجعفر منصور	۱۱ سال	سنہ ۱۶۹ھ مین مرگیا اچہا بادشاہ تہا اور مقنع بن عطا مشہور اسکے وقت مین تہا اور دعوے الوہیت

				کا کیا تہا اور مردہ مین رہتا تہا آخر اوس قلعہ کش واقع ولایت ماوراء النہر مین محصن ہوا مدت دو ماہ مین ہر شب کو چاہ نخشب مین ماہ مانند ایک صورت مدور کے نکالتا کہ دو فرسخ تک اوسکے روشنی ہوتی اور سنہ ۱۶۶ھ مین اولاً امام ابو یوسف قاضی بغداد شاگرد امام ابو حنیفہ کو ملقب بلقب قاضی القضاۃ کیا اور حکم واسطے تصنیف کتب جدل رد زنادقہ و ملحدین مین صادر کیا اور اول جہز جرہ کا اہل حرمین شریفین کو مقرر کیا
۴	موسے ہادی	مہدے	۱ س ۲ م	یہہ بادشاہ بہت خون ریز تہا آخر ہوا اور اسکی وقت تعمیر عمارت مسجد حرام کے ختم ہوئے
۵	ہارون رشید	جعفر بن محمد برمکی	۲۳ س	اسکے وقت مین علوم فلسفہ نے بہت ترقی و رواج پایا بہت قابل و عاقل بادشاہ تہا ایک روز سفیان بن عتبہ نے اسکو ملعقہ سے کہانا کہاتے دیکہا اوسے وقت تفسیر آیت ولقد کرمنا بنی آدم کہ مراد کہانے ہاتہون سے ہی پڑہے اوسے وقت ہارون نے ملعقہ کو توڑا و کہانا ہاتہہ سے کہانے لگا اور ایک روز ہارون رشید نے بحالت خشم مامون رشید سے کہا یا ابن الرشید جواب لا نیکہا الا زانی او مشرک فقط اور سنہ ۱۹۳ھ مین مرگیا اور **زبیدہ** خاتون بڑے مجیزہ جنکے قصر مین ۱۰۰ جاریہ حافظ قران تہین اسی بادشاہ کے بی بی تہین اور نہر مکہ معظمہ انہون نے کہدوائے تہی اور بادشاہ روم کا اس وقت مین الیون و نیقفور تہا شاعر عرب کا انکے وقت مین تہا

اور ابو نواس

اور بیٹے جعفر برمکی جنکی جود و کرم مشہور ہے اور اور اخبار برامکہ کے بہت ہین اور اونکے اخبار کے سننے سے پانچ فائدہ ہین اول جو کریم سنیگا اوسکا کرم زیادہ ہووے گا دوم جب بخیل سنے گا مایل کریم پر ہووے گا سوم ادیب اقتباس اونکی اداب کا کرے گا چہارم جب مغرور دنیا کا سنے گا اوسکو عبرت ہووے گی اونکے حال زینت سلطانی مین تخلل واقع ہونے کے				
یہہ بادشاہ عیش عشرت اور لہو و لعب مین مشغول رہتا تہا اور بلند بالا اونیکو رو نہا اور شرف لب آب پر مارا گیا اور بادشاہ روم کا ایکوقت اسیر اق تہا	۴ برس ۸ م	ہارون رشید	امین	۶
بہت قلعہ فتح کئے اور کتاب اقلیدس اسکے زمانہ مین ترجمہ ہوئے	۲۰ سال	ایضاً	عبداللہ مامون	۷
اٹہہ بادشاہان عجم مین سے اسکے تابعدار ہوئے اور اٹہہ فتحین اسنے کین اور اسکو خلیفہ مثمن کہتے ہین اس سببسے کہ سنہ ۱۸۰ھ مین پیدا ہوا اور اٹہوان خلیفہ عباسیہ اور اٹہوین اولاد عباس کا تہا اور اٹہہ فتحین اسکے زمانہ مین اسکو ملین اور اٹہہ آدمی ملک زادگان عجم سے اوسکے تابع ہوئے اور ۴۸ سال اٹہہ مہینے اٹہہ روز عمر ہوئے اور اٹہہ سال اٹہہ مہینے اٹہہ روز حکومت کی اور اٹہہ لڑکے	۸ برس ۸ م ۸ یوم	مامون	معتصم ابراہیم مثمن	۸

				اسکے تہین اور اٹھہ قصر بنا کئے اور اٹھہ ہزار دینار اور اٹھہ ہزار درم اور اٹھہ ہزار گھوڑے اور اٹھہ ہزار اونٹ اور اٹھہ ہزار غلام اور اٹھہ ہزار لونڈے اسکے تہین اور اخبار الدول والاثار الاول مین نام اسکے والد کا ہارون رشید لکھا ہے اور گھوڑے اسے ہزار اور اسی ہزار اونٹ و خچر اور اسی ہزار خیمہ اور غلمان ترکے ۱۸ ہزار تہے اور بادشاہ روم کا اسوقت مین توفیل تہا ہذا من العجب العجاب والله اعلم بالصواب فقط
۹	واثق بالله	معتصم بالله	۵ سال ۹ مہینے	معتزلی مذہب تہا اور علما و سادات کے بہت تعظیم کرتا تہا الا از بس حریص طعام کا تہا عمر ۳۴ سال سنہ ۲۳۲ھ مین مرا اور سلطان روم اسوقت مین میخایل تہا
۱۰	جعفر متوکل علی الله	ایضاً	۱۴ سال	مذہب معتزلہ چہوڑ دیا مگر بہت ظالم اور سنہ ۲۳۵ مین حکم دیا کہ یہود و نصاری زنار باندہین اور زنان انکے ازار سیاہ اور کوئی انمین سے کام دیوانی کا نپاوے اور اسکے زمانہ مین امام احمد حنبل نے وفات پائے اور ذو النون مصری نے بہی اور ۱۳ قریہ زمین مین دہس گئے صرف ۲۴ ادمے بچے آخر ہاتہہ اپنے غلام سے مارا گیا سنہ ۲۴۷ھ مین اور انکے گہر مین ۴۰ لڑکے ایک جراب یعنے تہیلے سے توام پیدا ہوے اور سب زندہ رہے کذا فی اخبار الدول

				والاثار الاول فقط
۱۱	مستعز باللہ	متوکل علی اللہ	۶ مہینے	پر نسبت اوروں کے بادشاہ عادل تہا الا اپنے باپ کو مار ڈالا تہا
۱۲	مستعین باللہ احمد	محمد ابن معتصم باللہ	۳ سال و [illegible] مہینے	اسکو لوگوں نے معزول کیا بعمر ۲۵ سال کے تہے اور وزیر اسکا احمد بن صالح تہا اور اسنے لبس الکمام واسعہ کا احداث کیا
۱۳	معتز باللہ محمد	متوکل علی اللہ	۴ سال و [illegible] مہینے	ترکوں سے لڑائی ہوئے اور قید ہوگیا اپنے دو بہائیوں کو پہلے قید کیا تہا اور اسنے رکوب حلیہ ذہب سے اول احداث کیا
۱۴	مہتدی باللہ	واثق باللہ	۱۱ مہینے	بہت عابد اور عادل تہا مقتول ہوا اور خلق اللہ کو شراب پینے و عیاشی سے منع کیا اور سنہ ۲۵۶ھ میں مرا اور ابو عبداللہ محمد بن اسمعیل بخاری محدث نے بہی وفات پائے و سرمن راے میں مدفون ہوا
۱۵	معتمد علی اللہ	متوکل علی اللہ	۲۳ سال	عیش و عشرت میں بہت مشغول رہتا تہا اور سوا اپنے نام کے سلطنت سے کام نہ تہا اسکے وقت میں اہل فرنگ بصرہ میں داخل ہوکر خراب کیا اور بہبود امیر زنگ نے اسکو مار ڈالا
۱۶	معتضد باللہ	موفق باللہ	۹ سال و [illegible]	سنہ [illegible] میں وفات پائے مرد باشجاعت اور شہامت تہا اور ابو سعید قرمطی کو قتل کیا اور قرامطہ و ملاحدہ معنی میں بایکدیگر قریب ہیں اور یہ لوگ نگاہ رکہنا اسرار کو صوم اور انکا افشا کرنا زنا جانتے ہیں اور قرامطہ زمانہ [illegible]

نمبر	نام	پدر	مدت	کیفیت
				رشید یا مامون رشید سے ظاہر ہوئے ہین
۱۷	مکتفی باللہ	معتضد باللہ	۶ سال ۶ مہینے	سنہ ۲۹۵ مین وفات پائے تواریخ صاحب الشامہ مقصود السنیہ ہے اور وزیر اسکا قاسم بن عبداللہ تہا اور زلزلہ بغداد مین واقع ہوا اور دجلہ کا پانی بحر طغیانی سے بیر ہو گیا تہا .
۱۸	مقتدر باللہ	معتضد باللہ یا احمد	۲۴ سال ۱۱ مہینے	مرد کریم النفس تہا صدقات بہت دیتا تہا عمر ۳۸ سال اسکے وقت مین بغداد مین ایک حیوان زبزب جو اطفال کو کہا جاتا تہا پیدا و ظاہر ہوا تہا. اور روم مین اس عہد مین نوفیل والیون واسکندر روس ولاوے بادشاہ ہوئے
۱۹	قاہر باللہ	معتضد باللہ	ایک سال ۶ مہینے	ابن مقلہ وزیر اس بادشاہ کا تہا عالم کو بہت دوست رکہتا تہا بعد اسکے لوگون نے اسکو سلطنت سے معزول کیا اور انکہون مین سلائی پہیر دے یہہ بادشاہ ظالم سفاک و ناہر بے باک تہا
۲۰	راضی باللہ	مقتدر باللہ	۶ سال	بمرض استسقا سنہ ۳۲۹ مین مرا عیش وعشرت مین اکثر مشغول رہتا تہا اور ابن مقلہ کو وزیر اپنا بنایا بعد چندے وزیر نے ایک امیر کو لکہا اور عبد الاستغفار منکر ہوا بعدہ وہ خط ظاہر ہو گیا راضی نے اسبات سے ناراض ہو کر اسکے ہاتہ کاٹ ڈالے
۲۱	متقی باللہ	مقتدر باللہ	۳ سال ۱۱ مہینے	امیر الامرا توزان نے اسکے انکہون مین سلائی پہیر دے بڑا زاہد تہا صرف نام بادشاہ تہا سنہ ۳۵۷ھ مین مر گیا

۲۲	مستکفی باللہ	مکتفی باللہ	ایک سال ۴ مہینے	امیر الامرا توزون نے اسکو تخت پر بٹھایا سنہ ۳۳۴ھ میں سلائی آنکھوں میں پھیر دی اور ابوبکر شبلی نے بھی وفات پائی
۲۳	مطیع باللہ	جعفر المقتدر	۲۹ سال ۵ مہینے	سنہ ۳۶۳ھ میں مطیع کو مرض فالج ہو گیا اور بمشورت سبکتگین اسکے اپنے بیٹے کو بادشاہ کیا اور سنہ ۳۳۹ھ میں حکیم ابو نصر فارابی ہاتھ قطع الطریق سے شہید ہوا
۲۴	طائع باللہ	مطیع باللہ	۱۷ سال ۹ مہینے	بہاء الدولہ نے اسکو خلافت سے معزول کیا عمر ۶۹ سال اسکے زمانہ میں قرامطہ نے کوفہ کو مسخر کیا تھا اسنے قرامطہ کو مستاصل کیا
۲۵	قادر باللہ	اسحق	۴۱ سال	بہاء الدولہ مذکور نے تخت نشین کیا تھا عابد و عالم تھا سنہ ۴۲۲ھ میں مر گیا
۲۶	قایم بامر اللہ	قادر باللہ	۴۴ سال ۸ مہینے	حلما سے خلفا میں تھا اسکے خلافت میں سلطنت آل بویہ خاندان طغرل بیگ سلجوقی کی طرف منتقل ہوئے
۲۷	مقتدی باللہ	قایم باللہ	۱۹ سال ۵ مہینے	اسکے وقت میں عراق بغداد میں بہت فتنہ و فساد برپا ہوا اور سنہ ۴۸۱ھ میں شیخ الاسلام خواجہ عبداللہ انصاری نے رحلت کی
۲۸	مستظہر باللہ	مقتدی باللہ	۲۵ سال	اسکے وقت میں عراق و شام و روم و دیار میں بہت فتنے ہوئیں اور شور و شوش تھا اور ساتوں سیارے برج سرطان میں جمع ہو گئے اور بقولے چھ سیارے کا سامنا زحل برج حوت میں جمع ہو گئے تھے اور اجتماع سبعہ سیارہ در برج سرطان ہنگام وقوع طوفان حضرت نوح علیہ السلام کے ہوا تھا

نمبر	نام خلیفہ	نام پدر	مدت خلافت	کیفیت
۲۹	مسترشد بالله	فضل ابن مستظہر بالله	۱۷ سال	سلطان مسعود سلجوقی کے امرا اوسکے راضی ہوگئے اور اسکے پاس آئے اور مسعود سے لڑکر شکست کہائے اور اسکے ایام خلافت سنہ ۵۱۳ھ مین قبور ابراہیم خلیل الله و اسحاق نبی الله و یعقوب علیہ السلام کے ظاہر ہوئے اور بہت اہالیان اسلام نے رویت اجساد گرامی اون انبیاء سے شرف حاصل کیا
۳۰	راشد بالله	مسترشد بالله	یکسال	اسنے بہی سلطان مسعود سلجوقی سے لڑائی ہوئی اور بزخم کارد مقتول ہوا عمر ۳۴ سال
۳۱	مقتفی لامر الله	مستظہر بالله	۲۴ سال ۳ مہینے	سلطان مسعود اسی کے وقت مین مرا اور سلطنت کا عروج ہونے لگا مرد کریم عادل و نیکو سیرت تہا
۳۲	مستنجد بالله	مقتفی بالله	۱۱ سال یک مہینہ	رعیت پرور تہا اور بہت بدعتین دور کین اور حضرت شیخ عبد القادر جیلانی اسکے عہد مین تہے
۳۳	مستضئ بنور الله	مستنجد بالله	۹ سال ۸ مہینے	شجیع و عادل و سخی و حلیم تہا عمر ۳۹ سال
۳۴	ناصر لدین الله	مستضئ بنور الله	۴۶ سال	رواج شریعت اور آبادی ملک و آسایش رعایا اسنے بہت ہوئے اور بہت عالم تہا اور بعد اتمام عمارت رباط غربی بغداد بڑے دہوم سے جشن دعوت کا کیا اور اجتماع کواکب سبعہ کا ہوا میزان مین کہ علامت تخریب عالم کے ہے اور اسکے عہد سنہ ۵۸۲ھ مین اول تاریخ شمسی و قمری و اول روز ہفتہ کا و قران شمس و قمر کا بموجب و اجد مین ہوا کہ اتفاقات عجیب سے ہے
۳۵	ظاہر بالله	ناصر لدین الله	۹ مہینے	۵۲ برس کے عمر مین سلطنت نصیب ہوئے بہت عادل تہا

۳۶	مستنصر بالله	ظاہر بالله	۱۶ سال ۲ مہینے	بہت درست بناتے اور رواج علوم کو دیا اور ایسا داد گر ویسے تہا کہ بسبب سپوع و فور سخاوت حاتم طائی و معن ذائل مرکب بخیل کہے جاتے
۳۷	مستعصم بالله	مستنصر بالله	۱۶ سال	سنہ ۶۴۲ھ میں محمد علقمی شیعہ کو اپنا وزیر کیا سنہ ۶۵۱ھ میں ہلاکو خان نے خروج کیا ممالک مشرق سے اور بمشورت خواجہ نصیر الدین طوسی متوجہ بغداد کا ہوا اور سنہ ۶۵۶ھ میں ہلاکو خان الحکم لے اپنی فوج بغداد میں گیا کہ خون کشتگان سے آب دجلہ کا رنگین ہوا اور مستعصم باللہ کو قید کر کے مار ڈالا اور سلطنت بنی عباس سے تورانیوں میں آئی کہ ۳۷ عباسیہ بادشاہ ہوئے اور ۵۲۴ سال سلطنت انکے رہی واللہ اعلم بالصواب اور ایک شاعر نے کیا خوب سلسلہ خلفائے عباسیہ کو نظم کیا وہ یہ ہے نظم از بنی عباس سی و ہفت بودہ امام کز سنان و تیغ شان شد سیہ اعدا افگار بود سفاح انکہ منصور و مہدی از عقب ہادی و ہارون امین مامون امام کامگار معتصم آنگاہ واثق بعد ازو متوکل است منتصر پس مستعین معتز است و مہتدی کار جہاندار و معتمد پس معتضد پس مکتفی مقتدر پس قاہر و راضی امام روزگار متقی بود است مستکفی مطیع و طائع است قادر و قائم پس ازو مقتدی شد آشکار بعد ازو مستظہر و مسترشد و راشد گذشت مقتفی

و منتجد کو تسخیر کردن شد شکار مستکفی و ناصر و
طاہر و دگر مستنصر ہست آخر این قوم مستعصم با کم گرد گار

۲۲ نقشہ طبقات ملوک طاہریان معاصر خلفاء عباسیہ اجمالاً

عدد	نام خلیفہ	نام پدر	مدت حکمرانی	کیفیت
۱	طاہر	حسین	۱ سال ۶ مہینے	آل مصعب بادشاہ سے تہا اسنے غضب مامون خلیفہ سے ہراسان ہوکر بوسیلہ وزیر حکومت خراسان کے حاصل کی بسبب یک چشم ہونے کے اسکو ذوالیمینین کہتے ہین
۲	طلحہ	طاہر	۲۳ سال	حسب الحکم خلیفہ مامون کے سریر آرا رہا آخر نواحے نیشاپور مین محاربہ خوارج مین شہید ہوا
۳	عبد اللہ	الصنگ	۱۷ سال	شجاعت و سخاوت مین موصوف تہا اور خراسان کے امارت حسب اشارہ خلیفہ مامون کے رکہتا تہا
۴	طاہر	عبد اللہ	+	زمانہ مین مستعین باللہ کے سریر آرا ہوکر اجل طبیعی سے مرگیا
۵	محمد	طاہر	+	عیش و عشرت مین رہتا تہا یعقوب بن لیث صفار کہ سیستان مین استیلا رکہتا تہا بطمع اخذ ملک خراسان کے لشکر ہرات مین لایا عامل محمد کو خارج کیا اور اسکو گرفتار کیا ۵۰ سال حکومت ملک خراسان کے خاندان طاہریہ مین رہے باقی ہیچ

۲۳

نقشہ حالات شاہان سامانیان کہ ۱۲۸ سال فرمان روا رہے ہیں اجمالاً

عدد	نام بادشاہ	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
۱	اسد	سامان	—	یہہ شخص نسل بہرام چوبین سے تہا خلافت مامون مین سو اپنے چارو بیٹے مرو مین جاکر منظور ہوا
۲	اسمعیل	احمد	۷ سال	عادل ومنصف تہا خلیفہ معتضد نے امارت خراسان کی اسکو دے رکہے تہے
۳	ابو نصر احمد	اسمعیل	۶ سال	عہد مین خلیفہ مکتفی کے تہا ہاتہہ غلامون سے شہید ہوا
۴	امیر سعید ابو الحسن	احمد	۳۰ سال	عالم وکریم تہا سخی وشجاع عبداللہ رودکی شاعر اسیکا مداح تہا
۵	نوح	نصر	۱۳ سال	لقب اسکا امیر حمید تہا سنہ ۳۴۳ھ مین عالم بقا کو روانہ ہوا
۶	ابو الفوارس عبد الملک	نوح	۷ سال	گہوڑے بازی کے اسپ سے گر کر جان جان آفرین کو دیا اور الپتگین کو ایالت خراسان کے ذمے کیا تہا
۷	ابو صالح منصور	ایضاً	۱۵ سال	وزیر اسکا ابو علی بن محمد تہا کہ جسنے تاریخ طبری کو ترجمہ کیا یہہ بادشاہ سنہ ۳۶۵ھ مین مر گیا
۸	ابو القاسم نوح	منصور	۲۲ سال	اسکے اوایل حکومت مین الپتگین نے رحلت کی اور سبکتگین کا ناصر الدین ہوا دقیقی شاعر معاصر اسکا تہا

عدد	نام سلطان	نام پدر	مدت حکمرانی	کیفیت
				کہتے ۱۰۰۰ شعر داستان گشتاسپ سے نظم کی ہوے دقیقی کے فردوسی نے صرف کیے ہین
۹	ابو الحارث منصور	نوح	یک سال ۷ مہینے	فایق نے اسکے انکہہ مین سلائی پہیر کر اندہا کیا اور بادشاہت سے معطل ہوا
۱۰	عبد الملک	ایضاً		ایلک خان نے پریشانی حال سامانیان سے مطلع ہوکر کاشغر سے بخارا مین آیا دولت سامانیان منقرض ہوے اور الپتگین مرتبہ رقیت سے بدرجہ امارت کے پہونچکر حکومت خراسان پر مقرر ہوا تہا اور عبد الملک بسبب توہم غزنین مین استیلا پایا ۱۶ سال امارت کرکے مر گیا اور سبکتگین غلام الپتگین کا تہا

ہم ۲ — نقشہ سلاطین بویہ و دیالمہ اجمالاً

عدد	نام سلطان	نام پدر	مدت حکمرانی	کیفیت
۱	عماد الدولہ علی	بویہ	۱۶ سال ۶ مہینے	بویہ ایک شخص متوسط الحال تہا اور تین لڑکے رکہتا تہا درمیان دیالمہ کے اور ملازم ماکان بن کاکی کا طبرستان مین ہوا پہر اسفار بن شیرویہ نے ماکان پر خروج کرکے منہزم کیا بعد ایک سال اسفار قرامطہ کے ہاتہ سے مارا گیا علی بن بویہ کرخ کو جاکر یاقوت والی شیراز کو شکست دے انکے ہاتہ اٹہے اور ۱۰۸ سال بویہ فارس و عراق

نمبر	نام	پدر	مدت	کیفیت
				دبغداد مین مسند نشین ایالت کے رہے اور بڑے بادشاہ عادل وعاقل تہا ۳۳۸ھ مین مرگیا
۲	رکن الدولہ حسن	ایضاً	۴۴ سال	یہہ بادشاہ نیکو سیرت تہا ابو حنیفہ دینوری سے منجم نے حسب الحکم اسکے ۳۶۶ھ مین اصفہان مین رصد باندہے
۳	معزالدولہ ابو الحسین احمد	ایضاً	۲۱ سال	بغداد مین جاکر مکتفی باللہ سے بیعت کی ۳۵۶ھ مین مرگیا
۴	عضدالدولہ ابو شجاع	رکن الدولہ	۳۴ سال	عمارت نجف اشرف مرقد منورہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اسکے آثار سے ہے اور بغداد اور شیراز مین دار الشفا تعمیر کیے یہہ بادشاہ خلاصہ ملوک دیلم کا تہا جمیع صفات موصوف ۳۷۲ مرض صرع سے مرگیا
۵	عزالدولہ بختیار	معزالدولہ	۱۱ سال	اس بادشاہ نے با قتضاے جوانی لہو و لعب مین مشغول رہکر وصایاے پدر پر عمل نکیا عراق عرب سے بے اختیار ہوا
۶	مویدالدولہ ابو منصور	رکن الدولہ	۷ سال	حسام الدولہ واسطے خراسان زیادہ اسکے اندر نزاع بڑہ ہوا آخرش شہر جرجان مین متحصن ہوا
۷	فخرالدولہ ابو الحسن علی	ایضاً	۱۳ سال	اس بادشاہ نے ظلم کرنا شروع کیا آخر ۳۸۷ھ مین مرگیا
۸	شرف الدولہ ابو الفوارس شیرزیل	عضدالدولہ	۲ سال	بصرہ کو اپنے تصرف مین لاکر متوجہ بغداد کا ہوا آخر ۳۷۹ھ مین آخر ہوگیا
۹	صمصام الدولہ	ایضاً	۹ سال مہینے	اسکے سپاہ نے بسبب عدم وصول علوفہ اولاد عزالدولہ کو حبس ہاے دیکر حسب الحکم ابو نصر بن بختیار کے قتل کرڈالا

۱۰	بهاء الدوله ابو نصر فیروز	ایضاً	۲۴ سال	سنه ۴۰۳ هه مین برحمت حق عالم فانی کو پدرود کیا
۱۱	مجد الدوله ابو طالب رستم	فخر الدوله	۳۲ سال	سنه ۴۲۰ هه مین سلطان محمود غزنوی ملک رے مین لشکر کشی کرکے اس بادشاه کو معه نایب ولد کی اوسکے قید کرکے غزنین مین بهیجدیا فقط
۱۲	سلطان الدوله ابو شجاع	بهاء الدوله	۱۲ سال	سنه ۴۱۲ هه مین شیراز مین وفات پائے
۱۳	مشرف الدوله ابو علے	ایضاً	۵ سال	سنه ۴۱۶ هه بغداد مین مرگیا
۱۴	ابو کالیجار مرزبان	سلطان الدوله	۲۵ سال	درمیان اس بادشاه اور ابو الفوارس حاکم کرمان عم اوسکے لڑائے ہوے آخرش ابو الفوارس مرگیا اور یہه بادشاه سنه ۴۴۰ هه مین مرا
۱۵	جلال الدوله ابو طاہر	بهاء الدوله	۱۶ سال ۱۱ مهینے	سنه ۴۳۵ هه مین جهان فانی سے رحلت فرمائے
۱۶	ملک رحیم فیروز	ابو کالیجار	۷ سال	سنه ۴۴۷ هه مین طغرل بیک سلجوقی بغداد مین پہونچکر اسکا ملک چهین کر مرگیا
۱۷	ابو منصور فولاستون	ایضاً	۸ سال	اسنے باغواے مادر وزیر اپنے مسمی صاحب عادل کو مارڈالا اس سبب سے یہه قید ہوا ذریعه فضل مصاحب وزیر
۱۸	ابو علی کیخسرو	ابو کالیجار	+	اسنے ملازمت سلطان الپ ارسلان کے حاصل کی اور سنه ۴۸۷ هه مین عالم بالا کو گیا اور اس طبقه کا صرف نام ره گیا

۲۵ نقشه ملوک غزنویه اجمالاً

عدد	نام بادشاه	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت

١	ناصر الدین سبکتگین	+	٢٠ سال	سنہ ۳۶۵ھ مین بادشاہ ہوا اور دختر الپتگین کے ساتھ شادی ہوئے اور طغان پسر زاولستان سے وقلعہ بست (جیکین) لیا اور راجہ جیپال لاہور سے وسندکو مقابلہ مین شکست دے
٢	امیر اسمعیل	ناصر الدین	+	بموجب وصیت باپ کے قبہ اسلام بلخ مین تخت پر بیٹھا آخرش تاب مقابلہ سلطان محمود برادر کلان اپنے کی نہ لاکر قلعہ مین محصور ہوا
٣	سلطان محمود	ایضاً	٣٣ سال	سنہ ۳۸۷ھ مین فرمان رواے غزنین کا ہوا تھا اسکے دختر اعیان زابلستان سے تھی اس سبب اسکو زابلی کہتے ہیں اور سنہ ۳۹۹ قلعہ بھیم جو قلہ کوہ پر ہند مین ہے اور مخزن اصنام ہو فتح کیا اور غزنین مین مسجد جامع و مدرسہ بنایا اور سومنات کا مندر توڑ ڈالا اور غنیمت لا انتہا یہ حاصل کرکے آخر راہی ملک عدم ہوا
۴	سلطان محمد	سلطان محمود	+	مسعود نے غزنین جاکر سلائی اسکے آنکھ مین پھیر دی اور قلعہ تکناباد مین محبوس کیا
۵	ناصر الدین مسعود	ایضاً	١٣ سال	نوشتگین سبکتگین نے محمد مکحول کو سلطنت پر بٹھایا اور مسعود قتل ہوا
۶	ابو الفتح مودود	مسعود	۷ سال	سنہ ۴۴۱ بمرض قولنج منزل آخرت کو گیا
۷	سلطان مسعود	مودود	+	بسبب خرد سالی بار سلطنت کا نہ اوٹھا سکا
۸	علی	مسعود	٢ سال	غزنین مین مقابلہ عبد الرشید سے نکر سکا اور بھاگ گیا
۹	عبد الرشید	ایضاً	+	یہہ بادشاہ تخت نشین ہوکر طغرل حاجب کو سیستان مین نامزد کیا بالآخر ہاتھ طغرل کے مقتول ہوا
١٠	فرخ زاد	ایضاً	۶ سال	بہت لشکر لیکر طرف خراسان کے گیا و لشکر سلجوقیان

عدد	نام سلطان	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
				کو شکست دے الاسلطان الپ ارسلان غالب آیا
۱۱	ابراہیم	مسعود	۴۲ سال	یہہ بادشاہ بہت زاہد ومتقی وعادل تہا سنہ ۴۹۲ھ مین مرگیا
۱۲	مسعود	ابراہیم	۱۶ سال	بعد اس بادشاہ جمال الدولہ اسکے لڑکے نے ایک سال بادشاہت کرکے اپنے بہائی کے ہاتہہ سے مارا گیا
۱۳	ارسلان شاہ	مسعود	۴ سال	اسکا بہائی بہرام شاہ سلطان سنجر سے ملنجے ہوکے محاربہ ہوا اور شکست کہائے
۱۴	علاء الدولہ بہرام شاہ	ایضاً	۳۵ سال	نصر اللہ شاہ شاعر نے کتاب کلیلہ دمنہ اسکے نام پر تصنیف کے
۱۵	خسرو شاہ	بہرام شاہ	+	غوریون نے اسکو پکڑکے محبوس کیا کہ مرگیا سنہ ۵۵۵ھ مین خاندان غزنویہ وسبکتگین کا مندرس ہوگیا صرف حکایت وافسانہ باقی رہ گیا بموجب مقولہ ع نماند بگیتی کسے جاودان ؛

۲۶ نقشہ سلاطین سلجوقیہ اجمالاً

عدد	نام سلطان	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
۱	سلطان رکن الدین طغرلبیگ محمد	میکائیل	۲۶ سال	واضح ہو کہ سلجوقیہ منسوب ہین طرف ابراہیم عم کے اور سلجوق بیٹا تقاق کا تہا ذتقاق نام امراء بیغوا خان کا تہا اور سلجوق کے ہم لڑکے میکائیل اسرائیل موسے ارسلان ہتے چنانچہ یہہ بادشاہ سنہ ۴۲۹ھ

نمبر	نام	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
				مین بلده غیث پور مین دستار اوارا ہوا ہے اور بعد اسکے اسکا رنجے سلیمان بن داؤد دعیده
۲	الپ ارسلان	جعفر بیگ	۱۰ سال	یہہ بادشاہ بڑا شجاع و عادل تہا بہت محاربے اسکے وقت مین ظاہر ہوئے اور فتحیاب ہوتا گیا خواجہ نظام الملک اسکا وزیر تہا آخر ۴۶۵ھ مین مر گیا
۳	معزالدین ملک شاہ	الپ ارسلان	۲۰ سال	یہہ بادشاہ اکثر آبادانی بلاد و قلاع و باغات مین سعی کرتا تہا اور بہت شکار دوست تہا
۴	برکیارق	ملک شاہ	۱۳ سال	تکش بن الپ ارسلان کو مقابلہ کرکے قتل کیا
۵	سلطان محمد	ایضاً	۱۳ سال	یہہ بادشاہ آخر عمر مین ہندوستان مین آکر بہت کا فرون کو مارا بہت قریب دو ہزار زمین کے لے لئے اور ہنگام طلب ہنود ون کو واپس دیے
۶	معزالدین	ایضاً	۴۱ سال	سترہ معرکہ مین ظفر یاب ہوا حکیم انوری شاعر اسکے عہد مین تہا و ادیب صابر وغیرہ شعرا اسکے نامے تہے
۷	غیث الدین محمود	ایضاً	۳۴ سال	یہہ بادشاہ صورت و سیرت مین نیک تہا مصاحبت نسوان و شکار سے بہت رغبت رکہتا تہا
۸	رکن الدین طغرل	ابا محمد	۱۲ سال	یہہ بادشاہ عادل و شجاع تہا اسے اور سلطان مسعود بیٹے کے مرتبہ لڑائی ہوئے
۹	غیاث الدین مسعود	ایضاً	۱۸ سال	یہہ بادشاہ اکثر محاربہ مین ظفریاب ہوا اور بسبب کمال سخاوت خزانہ اسکا اکثر خالی رہتا تہا
۱۰	ملک شاہ	محمود	۳ مہینے	یہہ بادشاہ عیاش و کریم الطبع تہا آخر قلعہ ہمدان مین قید ہوا
۱۱	غیاث الدین محمد	ایضاً	۲ سال	یہہ بادشاہ عاقل و صاحب تدبیر تہا اور بہت متشرع
۱۲	معزالدین سلیمان شاہ	محمد	۶ مہینے	اسکے ارکان دولت بسبب مداومت و مصاحبت

				سیم انذام ناراض تھے اخر قلعہ ہمدان مین محبوس ہوا
١٣	ابو المظفر رکن الدین ارسلان	ایضاً	١٥ سال ٨ مہینے	یہہ بادشاہ حلیم اور سخی تہا طریقہ عفو کو اکثر مسلوک رکہتا تہا اخر ۵۷۱ھ مین فوت ہوا فقط
١٤	رکن الدین طغرل	ارسلان	١٩ سال	اسکے عہد مین ۵۸۲ھ اتابک محمد نے رحلت کی اور فتنہ ہر طرف سے اوٹہا اور اسے سال مین قران سبعہ سیارہ کا برج میزان مین ہوا اسکے زمانہ مین افصح الانام شیخ نظام الدین گنجوے مصنف سکندر نامہ وغیرہ کے تہے اور اختتام دولت سلجوق طبقہ اولے کے ہوئے اب کیفیت طبقہ دوم کہ ملک کرمان مین حکمران تہے تحت اسکے لکہی جاتی ہے
١	قاورد	جعفر بیگ	٣٢ سال	۴۳۳ھ مین دسا و آرا ہوا ملک کرمان مین اخرش مسموم ہوکر راہیے ملک بقا ہوگیا
٢	سلطان شاہ	قاورد	١٢ سال	حسب الحکم ملک شاہ کے سریر آرا ہوا تہا
٣	توران شاہ	ایضاً	١٣ سال	بعد سریر آرائی کے عدل و داد سے ایام گذاری کی
٤	ایران شاہ	توران شاہ	٥ سال	ساتھہ ستم و ظلم کے حکمرانی کرکے مقتول ہوا
٥	ارسلان شاہ	کرمان شاہ	٤٢ سال	بعد حکمرانی راہیے ملک عدم ہوا
٦	مغیث الدین محمد	ارسلان شاہ	١٤ سال	بشرح ایضاً
٧	محی الدین طغرل شاہ	محمد	١٢ سال	بشرح ایضاً
٨	بہرام شاہ	محی الدین طغرل شاہ	+	بشرح ایضاً
٩	ارسلان شاہ	ایضاً	+	بشرح ایضاً
١٠	توران شاہ	ایضاً	+	بشرح ایضاً مدت سلطنت تینوں کے بیس ٢٠ سال ہے
١١	محمد شاہ	بہرام شاہ		اسنے بعد فوت اعمام اپنے کے لوا حکومت کا بلند کیا اخرش ۵۸۳ھ ملک دنیا ترک قوم غز سے تہا کرمان پر مستولی ہوا دولت قاوردیان کے آخر ہوئے

طبقہ سوم

۱	قتلمش	اسرائیل	+	جنگ الپ ارسلان مین گرفتار ہوکر بسعی خواجہ نظام الملک سلیمان شاہ اکثر ممالک کو فتح کیا
۲	تکش	الپ ارسلان	+	سلیمان شاہ نے اسکے خوف سے اپنے تئین ہلاک کیا ملک شاہ نے داؤد بن سلیمان کو ملک شام مین بھیجا یہہ فتحیاب ہوا
۳	داؤد	سلیمان شاہ	۲ سال	سنہ ۵۰۰ھ مین وسادہ آب ہوکر مرگیا
۴	قلیج ارسلان	ایضاً	۴ سال	لڑائی مین اتابک جاولی کے گھوڑا اپنا نہر خابور مین ڈال کر ڈوب گیا
۵	مسعود	قلیج ارسلان	۱۹ سال	بعد حکمرانی راہی ملک عدم ہوا
۶	عزالدین قلیج ارسلان	مسعود	۲۰ سال	اسکے دس لڑکے ہوئے اسنے مملکت روم کے اپنے اولاد پر تقسیم کردے
۷	غیاث الدین کیخسرو	عزالدین قلیج ارسلان	۹ سال	یہہ بادشاہ بسبب لشکر کے سلیمان اپنے بھائی کے امان لیکر بالستان مین گیا وہانسے فرنگستان مین آیا
۸	سلیمان	ایضاً	۳۴ سال	بعد حکمرانی راہی ملک عدم ہوا
۹	قزل ارسلان	سلیمان	+	صغر سنی مین تخت نشین ہوا کیخسرو نے اسکو قید کیا
۱۰	عزالدین کیکاؤس	کیخسرو	۵ سال	بعد حکمرانی عارضہ سل سے مرگیا
۱۱	علاء الدین کیقباد	ایضاً	۲۶ سال	بعد حکمرانی مسموم ہوکر راہی ملک عدم ہوا
۱۲	کیخسرو	کیقباد	۹ سال	بعد سہ برادر اسکے فوت ہوا
۱۳	سلیمان	کیخسرو	+	بعد وساوۂ شیبی روانہ ملک عدم ہوا
۱۴	علاء الدین کیقباد	ایضاً	۷ سال	اسنے اپنے بھائی کے ذریعہ سے اوکتائی قاآن پسر چنگیز خان کے پاس حاضر ہوا
۲۷	بقیہ سلاطین خوارزمشاہیان اجمالاً			
۱	قطب الدین محمد	نوشتگین	۳۲ سال	سنہ ۴۹۱ھ ملقب خوارزم شاہ حکمران ہوا حسب الحکم

نمبر	نام	پدر	مدت	کیفیت
				سلطان سنجر بادشاہ معروف کے اور محمود الصفات تہا
٢	اتسز	قطب الدین	٢٩ سال	یہہ بادشاہ بہی خدمتگذار سلطان سنجر کا تہا اور کمال فضل و دانش سے بہرہ مند رشید الدین محمد وطواط شاعر اسکے وقت مین تہا اور رشید الدین محمد وطواط بسبب حقر الجثہ کے ملقب وطواط سے ہوا اور مالک دالان کا تہا اور یہہ اقرع یعنے گنجہ تہا
٣	ایل ارسلان	اتسز شاہ	١٧ سال	٥٦٧ھ مین بعد حکمرانی کے مر گیا تکش خان اسکا بڑا بیٹا تہا
٤	سلطان شاہ	ایل ارسلان	+	اسکا بڑا بہائی اسسے لڑائی کو اوٹہا آخرش بادشاہ قرار پاکر ایک عورت سے بہی پناہ گیر ہوا اور سنجر شاہ کے انکہہ مین سلائی پہیر دیے
٥	علاء الدین تکش خان	ایضاً	٢٨ سال	بعد حکمرانی مرض خناق سے راہے ملک عدم ہوا اسمعیل حسن مصنف ذخیرہ خوارزم شاہ و خاقانی شاعر نامی اسکے وقت مین تہے
٦	سلطان محمد	تکش خان	٢١ سال	جنگیز خان نے اسکے وقت مین خروج کیا اسکے سات لڑکے تہے اور بہت لڑائیان ہوئین آخرش بعد مرگ ایسا تہی دست ہوا تہا کہ کفن بہی میسر نہوا جامہ ملبوسی سے مدفون ہوا فاعتبروا یا اولے الابصار
٧	سلطان رکن الدین	سلطان محمد	+	اسنے خزانہ ملک زوزن کا حاصل کرکے سپاہ پر تقسیم کر دیا آخرش معہ متعلقان شہید ہوا
٨	غیاث الدین	ایضاً	+	اسنے اتابک سعد سے محاربہ کیا آخرش معہ مادر ہاتہہ براق حاجب کے ہلاک ہوا
٩	جلال الدین	ایضاً	+	چنگیز خان سے محاربہ خوب کیا اور گہوڑا دریاے سند مین

ڈال کر بار مکل پایا اور قطع الطریقون سے شبخون مارکر
ہند مین پہونچا اور جمعیت ۱۲ نفر سے ساتھہ چندوان
بتعداد ۴۰۰۰ کے مقابلہ کرکے شکست دے اور محمد
اتابک سعد سے نکاح کیا آخر ہاتھہ ایک حرامی سے ہلاک
ہوا اور سلطنت اِس طبقہ کے اختتام کو پہونچی

۲۸ ذکر سلطنت اتابکان اجمالاً

اول

۱	عماد الدین زنگی	اقسنقر	۲۰ سال	۵۲۱ھ مین حسب الحکم سلطان محمد بن ملک شاہ سلجوقی حکمرانی کرکے ہاتھہ اپنے غلامون سے شہید ہوا یہہ بادشاہ بمصنف اور عادل تہا اور وجہ تسمیہ اتابک کے یہہ ہے کہ اتابک آدب اموزندہ کو کہتے ہین جو یہ لوگ ابتدا ادب وتربیت کنندہ اولاد سلاطین کے تہے اس عہد سے ملقب بلقب اتابک ہوے
۲	سیف الدین غازی	عماد الدین زنگی	۴ سال	دمشق مین ساتھہ فرنگیون کے محاربہ کرکے شکست دئے اور ۵۴۴ھ مین مرگیا
۳	نور الدین محمود	ایضاً	۲۹ سال	یہہ بادشاہ اعظم سلاطین اسلام سے تہا اکثر مدرسے اور مسجدین تعمیر کیے عمر ۵۰ سال مین مرگیا
۴	ملک صالح	نور الدین	۸ سال	گیارہ سال کے عمر مین وسادہ آرا ہوکر راہے ملک بقا ہوا
۵	قطب الدین مودود	عماد الدین	+	یہہ حکمرانی راہے ملک جاودانی کا ہوا
۶	سیف الدین غازی ثانی	قطب الدین	۱۱ سال	بشرح ایضاً
۷	عز الدین مسعود	ایضاً	۱۳ سال	یہہ بادشاہ سخی اور عالم وصاحب حیا تہا
۸	نور الدین ارسلان	عز الدین	۱۱ سال	یہہ بادشاہ شجاعت ومہابت مین موصوف تہا

۹	ملک قاہر عز الدین	نور الدین ارسلان شاہ	۹ سال	بعد حکمرانی روانہ ملک جاودانی کا ہوا
۱	اتابک محمد	ایلدگز	۲ سال	باپ اِس بادشاہ کا ابتدا ء منجملہ ہم غلامان ایک سوداگر کے تہا حقیر الجثہ و کریہ المنظر اور اسے سبب بلا قیمت خرید ہوا تہا اخر حاکم اذربایجان کا رہ کر ۵۶۸ھ مین مرگیا
۲	قزل ارسلان	ایضاً	۱۰	بعد محاربات نوبت چند مغلوب ہوکر راہے ملک بقا ہوا
۳	اتابک محمد	اتابک محمد	۲۰ سال	یہہ بادشاہ بعد حکمرانی ۶۰۷ھ مین مرگیا ظہیر الدین فاریابی اسکے شعراے زمان سے تہے
۴	اتابک اوزبک	ایضاً	۱۵ سال	۶۲۲ھ مین سلطان جلال الدین نے قصد اذربایجان کا کیا یہہ بادشاہ قلعہ الحق مین مرگیا اسکے زوجہ سلطان نکاح لیگیا اوسکے قلق مین یہہ ہلاک ہوا
۱	اتابک مظفر الدین	مودود سلغرنے	۱۲ سال	۵۴۳ھ مین سریر اراے مسند شیراز کا رہ کر مرگیا اور مساجد اور خانقاہ بناکے تہے
۲	اتابک مظفر الدین زنگی	ایضاً	۱۴ سال	بعد حکمرانی مرگیا
۳	اتابک مظفر الدین تکلہ	زنگی	۲۰ سال	اسکا وزیر خواجہ امین الدین تہا اسکے اہتمام سے مسجد اور مدرسہ اور خانقاہ احداث ہوئے
۴	اتابک مظفر الدین ابو شجاع	ایضاً	۲۴ سال	بعد حکمرانی ۶۲۳ھ مین مرگیا
۵	اتابک ابوبکر	سعد	۳۵ سال	یہہ بادشاہ چراغ دودمان سلغری و مہر رعیت پروری کا تہا اور اسکو منشیان وارث ملک سلیمان لکہتے تہے اور سعدی شیرازے معاصر انکا تہا کہ ۶۹۰ھ مین ملک فانی کو بدرود کیا
۶	اتابک محمد	سعد	۲ سال ۷ مہینے	صغر سنی مین بادشاہ ہوکر مرگیا
۷	اتابک محمد شاہ	سلغر شاہ	۸ مہینے	بسبب محمود سے دایمی و مدام ترکان اسے ناراض

				ہوکر پاس ہلاکو خان کے بہیج دیا
۸	اتابک سلجوق شاہ	الپ		یہہ بادشاہ حسین اور جوانمرد تہا اور شراب خوار و عیاش آخرش ہاتہہ لشکر مغول ہلاکو خان سے کنارہ دریاے شور مقتول ہوا
۹	ایش خاتون	اتابک سعد	یک سال	یہہ بادشاہ بیاوسطہ ازدواج نکاح منکو تیمور بن ہلاکو خان میں آئے اور خاتمہ قوم سلغریہ کا ہوا اور طبقہ سوم اتابکان فارستان ہاتہہ سے نکلے کہ حال اونکا بسبب امتداد عرصہ قلیلہ حکمرانی کے یہاں چہوڑ دیا گیا ہے البتہ کتب سیر میں بخوبی موجود

نقشہ سلطنت غوریان اجمالا ۲۹

۱	علاء الدین	حسین	۴ سال	پہلے سلطان معز الدین سام غوری غزنین و لاہور میں پہونچکر خسرو ملک کو نکال دیا و ہند کو ضبط کرکے دہلی کو ۵۸۹ھ میں دار الملک مقرر کیا بعد مسعود بن سلطان ابراہیم غزنوی سریر آرا ہوا اور حسن بن سام کو ایالت غور پیر مقرر کیا بعد فوت انکے بہائیوں اونکے اولاد کے وبہرام شاہ بن مسعود کے لڑائیاں ہوئیں اور اس بادشاہ نے قوم قتل و غارت غزنی میں کیا اور استخوان قبور آل سبکتگین کو جلا دیا و ملقب جہان سوز ہوا
۲	سیف الدین	علاء الدین	یک سال	ہاتہہ غزنویوں سے مقتول ہوا بادشاہ نیک تہا
۳	غیاث الدین	سام	۴۳ سال	اپنے بہائی شہاب الدین کو حکومت غزنین

نمبر	نام	نام پدر	مدت	کیفیت
				کے دے کر سنہ ۵۹۹ ھ مین روانہ ملک عدم کا ہوا
۴	شہاب الدین	ایضاً	+	اِس بادشاہ نے لشکرکشی ہندوستان پر کرکے ملتان لیکر آخر سنہ ۵۸۹ ھ مین راے پتھورا راجہ دہلے کو قتل کیا اور قطب الدین ایک غلامون اپنے سے حکومت اوس ملک پر چھوڑ دیا اور سنہ ۶۰۲ ھ مین خنجر فدائیان سے شہید ہوا
۵	سلطان محمد	غیاث الدین	+	مسجد جامع ہرات بناکے ہوئے باپ اپنے کو تمام کیا آخر سنہ ۶۰۹ ھ مین ہاتھ مردم محمود علی شاہ سے مارا گیا
۶	بہاء الدین سام	محمود	+	بعمر چودہ برس وساوار حکومت ہوا اور عمرہ ہرات نے اسکو اور اسکے بھائیکو خوارزم مین بھیجدیا خوارزم شاہ نے وقت خروج چنگیز خان کے پانی مین ڈالدیا
۷	التسز	جہان سوز	+	یہہ امیر لڑائے مین تاج الدین یلدوز کے مارا گیا پھر کوئے اِس طبقہ کا حکومت کو نہ پہونچا
۱	شمس الدین	فخر الدین	+	سلطان غیاث الدین اسکے حال پر الطاف فرماتے تھے
۲	بہاء الدین	شمس الدین	۱۴ سال	یہہ بادشاہ فاضل اور رعیت پرور تھا اور امام فخر الدین رازے نے رسالہ ہیئات کا اسکے نام تصنیف کیا ہے
۳	جلال الدین	بہاء الدین	۷ سال	سلطان محمد خوارزم شاہ ماوراء النہر مین پہونچکر بحالت بیخبری قتل کر ڈالا اب نیچے اِس تحریر کے بیان حالک غوریان کا ہوتا ہے

طبقہ سوم

نمبر	نام	ولدیت	مدت	کیفیت
۱	تاج الدین یلدوز	+	+	بعد حکمرانی قلیل لڑائے شمس الدین التمش واسطے دہلی مین مارا گیا
۲	قطب الدین ایبک	+	۲۰ سال	اولا ایک تاجر نے ترکستان سے لاکر قاضی نیشاپور کو دیا بعدہ ذریعہ تاجر غزنین مین سلطان شہاب الدین کے پاس پہونچے ۵۸۹ھ راے پتہورا راجہ دہلی حکومت دہلی انکے متعلق ہوئے انہون نے ہند مین غزوات کئے اور لقب سلطانی کا پایا ۶۰۷ھ میدان چوگان بازی مین گہوڑے سے گرے انکا خنصر شکستہ تہے اس سبب ایبک کہلاتے
۳	آرام شاہ	قطب الدین	+	جلد حسب تجویز اعیان شمس الدین التمش بادشاہ ہوئے
۴	شمس الدین التمش	+	۲۶ سال	یہہ بادشاہ عادل رعایا پرور تہا اور خواجہ معین الدین چشتی علیہ الرحمۃ ۶۳۳ھ مین اسکے عہد مین رونق بخش خلد برین کے ہوئے مزار آپکا اجمیر شریف مین ہے اور یہہ بادشاہ ۶۳۳ھ مین راہی ملک بقا ہوا اور وجہ تسمیہ التمش یہہ ہے کہ شب خسوف مین پیدا ہوا تہا اور جامع مسجد بدایون اور عیدگاہ بنائے ہوئے انہین کے ہے اور یہی التمش ترکی مین چہہ انگلیون والے کو کہتے ہین
۵	فیروز شاہ	شمس الدین التمش	۷ مہینے	بسبب اشتغال عیش و عشرت بعد حکمرانی تخلل ملک مین واقع ہوا
۶	ملکہ رضیہ	ایضاً	۳ سال ۶ مہینے	کریم طبع اور عادل تہے حسن تدبیر و ضرب شمشیر سے اکثر مخالفون کو مطیع کر لیا تہا آخر نکاح مین ملک التونیہ کے آئے
۷	معز الدین بہرام شاہ	ایضاً	۲ سال ۱ مہینہ ۱۵ یوم	ہاتہ امراے اتراک سے حسب صلاح مہذب الدین وزیر کے شہید ہوئے

۸	علاء الدین مسعود شاہ	فیروز شاہ	۴ سال	مہذب الدین وزیر مارا گیا اور یہہ بادشاہ عیاشی مین مشغول ہوا آخر محبوس ہو کر مر گیا
۹	ناصر الدین محمود	شمس الدین التمش	۲۰ سال	یہہ بادشاہ بعد وسادہ نشینی اول بہرایچ کی طرف جاکر مخالفان وہان کو تہ تیغ کیا بعدہ تسخیر قلاع چند کر کے مالوہ کے طرف کیا راے مالوہ نے ۵۰۰۰ سوار و دو لاکھ پیادہ سے مقابلہ کر کے شکست پائی
۱۰	غیاث الدین	+	۲۲ سال	بعد حکمرانی بانیک نامی و کتخدا ہونے ساتھہ دختر شمس الدین التمش سنہ ۶۸۵ھ مین روانہ ملک بقا ہوا
۱۱	معز الدین کیقباد	ناصر الدین	۳ سال ۳ مہینے	عمر ۱۸ سال مین حکمرانی ہوا بعدہ بسبب کثرت جماع و شراب کہ ضعیف تر ہو گیا تہا ایک ملک زادہ نے چند لکد سے ہلاک کر کے دریاے جمن مین ڈال دیا
۱۲	جلال الدین خلجی	قایم خان	۷ سال ۱ مہینے	۷۰ برس کے عمر مین وسادہ آرای جہانبانی ہو کر آخر بہاتہہ اختیار الدین نے شہید ہوا
۱۳	علاء الدین خلجی		۲۰ سال ۹ مہینے	یہہ شخص کافر نعمت علم ہوا صرف بتقدیر ایزدی حکمرانی کرنا شروع کیا بعد ضبط ہندوستان نرخ غلہ وغیرہ کے مقرر کئے اور ۸۴ لڑائی مین فتحیاب ہوا اور ستر ہزار شاگرد پیشہ رکہتا تہا اور سکندر ثانی کہلایا اور راجہ قلعہ چتور شوہر پدماوت کو قید کیا تہا
۱۴	شہاب الدین	علاء الدین	۳ مہینے ۵ یوم	ملک کافور نے بعمر تین سال کے اسکو بادشاہ کیا آپ کام کرتا تہا بعد ایک ماہ و چند روز مخاطبان سر ملک کافور کا کاٹا اور بالاے عمارت ہزار ستون سے نیچے ڈال دیا
۱۵	قطب الدین مبارک شاہ	ایضاً	۴ سال ۲ مہینے	ہاتہہ سے خسرو خان اپنے معشوق کے مارا گیا

۱۶	غیاث الدین تغلق شاہ	ملک تغلق	۴ سال ۴ مہینے	اسنے خسرو خان نمک حرام کو مار کر سریر آرا ہوا آخر کار ہای شاہان کی ۷۲۵ھ مین بسبب گرنے سقف مکان کے راہی ملک بقا ہوا
۱۷	سلطان محمد	غیاث الدین تغلق	۲۷ سال	شجاع عالم و فاضل و سخی تھا بعد حکمرانی راہی ملک عدم ہوا
۱۸	سلطان فیروز	رجب سالار	۳۸ سال ۹ مہینے	متصل دہلی قلعہ فیروزآباد کنارہ دریای جمن کے بنا کیا بعد حکمرانی ۷۹۰ھ مین رحلت فرما کے ملک جاودانی ہوا اوصاف حمیدہ اسکے بہت ہین
۱۹	غیاث الدین	فتح خان	۵ مہینے	شراب خواری کرکے مقتول ہوا معہ اپنے وزیر کے
۲۰	سلطان ابوبکر	ظفر خان	۶ مہینے یکسال	حبسی رکن الدین اپنے وزیر کے سریر آرا ہوا پھر وزیر کو مار کر راہی ملک بقا ہوا
۲۱	سلطان محمد	فیروز شاہ	۵ سال	قصبہ جلیسر مین حصار بنا کرکے اور محمد آباد موسوم کیا آخر مین بیمار ہو کر مر گیا
۲۲	علاء الدین سکندر شاہ	محمد شاہ	۱ مہینے ۱۶ یوم	بسبب بیماری کے راہی ملک عدم ہوا
۲۳	سلطان محمود شاہ	ایضاً	۲۰ سال	انکے وقت مین چار طرف سے فتنہ برپا ہوا نصرت شاہ نے دہلی کا محاصرہ کیا لڑا کرتے رہے آخر ۸۰۱ھ مین مرزا پیر محمد خواجہ صاحب قران امیر تیمور گورگان نے حصار ملتان کو لے لیا لشکر چغتائی نے ملک دہلی کو غارت و تاراج کیا بالاخر وہ راہی ملک عدم ہوا و قد اجاد القائل ع زمانہ دگر گون شود ہر نفس ۞ نگردد بیک گونہ با ہیچ کس

۲۰ نقشہ سلاطین اجمالاً

عدد	نام سلطان	نام پدر	مدت حکمرانی	کیفیت
۱	راہیولس		۳۷ سال	مورخون نے لکہا ہے کہ یہہ بادشاہ اول تین ہزار سرکشون بدمعاش کا سردار تہا اسنے ایک پہاڑی پلاطین کو اول چند جہونپڑیون سے گہیر لیا تہا یہہ بابت مورخ اوس وقت کے بتاتے ہین جب دنیا کی پیدائش سے ۳۲۵۲ برس گذرے تہے اوس زمانہ مین قوم یہود بیر ہوشیا اور احاذ حکمرانی کرتے تہی اور از سے فراہی پہلے بنی اسرائیل کے دس قوم کی ریاستین نیست ونابود ہوگئے تہین پیچہے رفتہ رفتہ روم کا شہر اتنا بڑا کہ سات پہاڑی اوسنے گہیر لین یہہ ابتدا روم کے شہر کی ہے اور شروع مین اسی بادشاہ نے اپنے ارکان کو پیتر یعنی پدر کا خطاب دیا تہا اور روم کا شہر اطالیہ کے ملک مین طیبر دریا کی کنارے ساحل بحر سے ۱۶ میل دور ہے دنیا کی تمام پرانی شہرونمین یہہ سب سے بڑا نامی شہر ہے اور بعد طوفان نوح علیہ السلام کے آدمی متفرق ہوکر دنیا کی اطراف مین چلی گئے اور بسیتے کسی قطع کو آباد کیا اور کوئی کہین جا بسا اوسی زمانہ قدیم مین اطالیہ کا دیس ایک

نمبر	نام			مدت	کیفیت
					شخص نامی اسکنانز کی قبیلہ سے اباد ہوا اور اسکے دو حصہ ہین ایک شمالی دوسرا جنوبی اور لاطین کی علاقہ مین جہان لاطین قوم بستے تہے ۷۵۳ برس کے قریب مسیح سے روم کی بنیاد ڈالی گئی
۲	نوما پامپلیس				دانشمند و صلح دوست تہا ۴۳ برس تک اسنے تمام توجہ ائین کے ترتیب مین مصروف کی اور لوگون کو فن زراعت اور اچہے اچہے فایدہ مند ہنر سکہائے
۳	تلس				یہہ بادشاہ بڑا جنگجو تہا اسکے عہد مین رومیون اور البین قوم مین کہ روم کے قریب ایک شہر کے متوطن تہے خصومت ہوئے آخر یہہ ٹہہرے کہ طرفین سے تین پہلوان چہانٹے جاوین اور انکے ہار جیت پر دونو طرف کی ہار جیت منحصر ہے البن کے قوم مین تین بہائی ہسی کیوریشیے اور رومیون مین تین بہائی ہوریشیے تہے چنانچہ جانبین سے ہی تینو بہائی لڑائی کے پانچ اونمین سے لڑکر مارے گئے اور ایک ہوریشیے زندہ رہا کہ فتح رومیون کے ہوئے
۴	انکس مارشیس				بعد حکمرانی کے مر گیا
۵	طارقین شہید				روم کے کسی بڑے سوداگر کا بیٹا تہا بعد حکمرانی روانہ ملک عدم ہوا
۶	سرویس طلیس			۲۴ سال	بعد حکمرانی ہاتہہ اپنے داماد سے مارا گیا
۷	طارقین			۲۱ سال	متکبر و مغرور تہا رومیون نے اسی کو شہر بدر کیا

				یہہ ماجرا ۵۰۰ برس پیشتر مسیح سے ہوا بعد اسکے اس قوم نے کسیکو اپنا بادشاہ نہ کیا مجلس اراکین کے سوا ہر ادار الحکام سلطنت کے ہر سال مقرر کیے جاتے تھے
۸	جنیس			اِس بادشاہ کے نام کا ایک مندر تہا جب تک کوئی مہم نہوتے اوس قوم کا دستور تہا کہ اوس مندر کا دروازہ کہلا رکہتے تہے یہہ بادشاہ اطالیہ دلیس کا پہلا فرمان روا تہا بعد اسکے وفات کے اون رومیون نے جو بت پرست تہے اپنے اعتقاد مین اوسے دیوتا قرار دیا اور یہہ سمجھے کہ جو کوئی مہم ہوتے ہے اوسمین یہی دیوتا حافظ و مددگار رہتا اسیواسطے رومیون کی یہان شروع سال کے پہلے مہینے کو اوسکے نام پر جنورے کہتے تہے چنانچہ انگریزی جنوری مہینے کی یہی اصل ہے غرض اوس زمانہ کہ جسکے ہم تواریخ لکہتے ہین روم مین ایسی لڑائیان متواتر رہین کہ اوس دیوتا کے مندر کے دروازے ۵۰۰ برس تک کہلے رہے لیکن جب کارتہیج والون سے صلح ہوے بند ہوے کیون کہ اوسوقت کسی لڑانے نہ تہے مگر ۲۳ برس کے بعد پہر اوسی قوم سے معرکہ پڑا اور اوسوقت اوسکا سردار ہنیبل نام سپہ سالار بڑا عالی دماغ تہا اوسمین اور رومیون کے سردارون سے زاما کے مقام پر بڑے لڑائی ہوئے اور ۵۰ برس کے بعد پہر ان قومون نے میدان جنگ مین زور آزمائی کا قصد کیا آخر کو کارتہیج والے ہارے و نیست نابود ہوگئے اور رومیون نے اونکے شہر مین اگ لگا دے کہ ۱۷ روز تک جلتا رہا اور بہت سے لوگ جلتی اگ مین بسبب وفور غیرت کے

نمبر	نام			کیفیت
				کر پڑے یہہ ماجرا قبل سنہ ۱۲ عیسوی کے ہوا تہا اور پہر ملک سپین بہی مفتوح ہوا اور افریقیہ مین نومیدیہ کا ملک جو اب الجزائر کہلاتا ہے وہانکے لوگ بہے مصاف مین ہارے اور جگرتہ اونکا بادشاہ گرفتار ہی زندان نہ خانہ مین ڈال کر مارا گیا ۴۴ ۱۹ برس ہوے اوسیوقت مملکت مین اسکے منازعت اوٹہی اوسکو وہانکے لوگ جنگ خانگی کہتے تھے اس لڑائے نین مین لاکہ ادمی طرفین سے تہ تیغ ہوے
۹	مصری ولطیس	+	+	یہہ بڑا زوریاور تہا اور اسی لڑائے جو رومیون کے لوگون سے ہوے ۸۰ برس بعد رومے غالب آے
۱۰	میر الیس	+	+	بعد حکمرانی الیس کے حسد سے مارا گیا
۱۱	سیلا	۰	۰	بشرح الیضاً
۱۲	پامپے	۰	۰	اسنے ہسپانیہ و الشیا مین فتوحات حاصل کین
۱۳	قیصر	۰	۰	اس بادشاہ نے گال یعنے فرانس اور بہت سا جرمنی کا ملک مفتوح کیا اور جزیرہ انگلستان پر بہہ چڑہ گیا اور فارسالیا کے مقام پر لڑاے ہوئے پامپی مارا گیا مصر مین اخر یہہ بادشاہ بہی قتل ہوا
۱۴	بردطس	۰	۰	اس بادشاہ نے قبل ۴۲ سال عیسوی کے اپنے تئین مار ڈالا اور یہی قاتل قیصر مذکورہ بالا کا تہا
۵	اکطاویس یا اغسطس	۰	۵۶ سن	اسنے قیصر اغسطس کا خطاب واسطے اپنے مقرر کیا اور معنے قیصر کے چیرا گیا ہے یہہ لقب اسواسطے رکہا گیا کہ اسکے والدہ جنتے ہوئے مرگئی تہے اوسکا پیٹ چیر کر اسکو نکالا تہا اسواسطے یہہ خطاب ہوا پہر یہی لقب تمام بادشاہان

				روم کا ہوگیا اور قبل ۱۴ برس ولادت مسیح سے رحلت کرنے والا عالم باقی کا ہوا اس بادشاہ کے عہد مین تمام ملک فرنگستان کے صوبہ سلطنت ملک روم کے گنے جاتے تھے مگر چند اقطاع شمالی اوسکے اطاعت سے خالی تھے اور شہر روم بڑا خود ایک ولایت تھا اس بادشاہ کے عہد مین شہر کے وسعت پچاس میل کے بتاتے ہین اور چالیس لاکھ آدمی اوسمین سکونت رکھتے تھے اور یونان سے اچھے اچھے مورت مین جنکو دیکھ کر مانے وبہزاد چین تان جاوین اور نقاش چین کا چین چین کرے رکھین نہین
16	طیبیریس	+	۲۲ برس	یہہ بادشاہ بڑا ظالم تھا اخر کو راہی ملک عدم ہوا اور آباد کرنے والا شہر طبریہ کا بھی ہے جو ملک شام مین ہے
17	قالیغولا	+	+	بعد حکمرانی کے مقتول ہوا
18	قلادیس	+	+	بعد حکمرانی زہر دینے اپنے عورت سے ہلاک ہوا
19	نیرو	+	۱۴ برس	یہہ بادشاہ قوت ونیرہ دین لاثانی تھا اسکے عہد مین بڑے خونریزیان ہوئین ستے کہ اسنے اپنی ما اور جورو کو قتل کیا اور ایسا ظالم تھا کہ ایک روز کچھہ جیمین اوچنگ اگئے کہنے لگا ایکدن شہر کو پھکتے ہوئے بھی دیکھین کہ کیا معلوم ہوتا ہے پس شہر مین اگ لگا دے اودہر تو شہر جل رہا تھا ادہر خود بدولت ایک اونچے مینار پر بیٹھی ہوے ستار بجا رہے تھے اتش کے شعلون کو دیکھتے اور اپنا دل ٹھنڈا کرتے تھے اخر بقول اسکے ہر فرعو نے راہو سیلی دوسرا اونسے بھی حاکم زبردست ہوا اوسنے تخت سے اوتار کر حکم دیا کہ اسپر ضرب شلاخ کرو

				اور مار بچ مارنے جان نکال ڈالو چنانچہ ایسے سزا پکر کے ملک عدم ہوا
۲۰	غلیس	+	+	یہہ بادشاہ اپنے سپاہیون کے ہاتھہ سے مارا گیا
۲۱	یوتؤ	+	+	انہون نے اپنے ہاتھہ سے قتل نفس کیا
۲۲	دلیس شین	+	+	بعد حکمرانی باعدل و داد را ہے ملک عدم ہوا
۲۳	ططس		+	۷س بشرح الیسع اور یہودیون پر کیا و ہیکل کو جلایا
۲۴	ابطوین نس		+	۲۰۴س بعد حکمرانی باعدل مرگیا
۲۵	قسطنطین اعظم		+	۳۰۴س اسنے ادل دین عیسوے قبول کیا اور شہر روم کو بدل کر اپنا پایہ تخت ادس بلیہ کو مقرر کیا جسے قسطنطنیہ کہتے ہین اور اغاز اسکے سلطنت کا سنہ ۳۲۱ء سے تہا قریب ڈیرہ ہزار برس کے ہوئے کہ روم کی قلمرو مین جتنے ملک تہے وہ دو سلطنتون پر منقسم ہوگئی ایک شرقی دوسرا غربی پایہ تخت شرقی سلطنت کا قسطنطنیہ مقرر ہوا اور مملکت غربی کا دار الخلافہ بدستور روم مین قایم رہا اور ۶۲۶ اسکندریے مین فوت ہوا
۲۶	الریک	+	+	یہہ شخص قوم گاتہہ کا بادشاہ غضب زور اور اور مہیب تہا اسنے چہہ روز تک روم مین خوب لوٹ مچائے اور ہزارہا دن شہرے دہقانیون کے ہاتہہ سے قتل ہوئے اور ہزارون مکان جلا دئے گئے
۲۷	عودقیر	+	+	یہہ شخص قوم ہرولی کے سردارون سے تہا سنہ ۴۷۶ء مین تمام سلطنت غربی پر اپنا تصرف کیا اور سنہ ۵۴۳ء مین سب وحشی قوم روم سے نکالے گئے

۲۸	بیلیسرس	+	+	یہہ اول ایک بڑا مشہور سردار سلیبنار شاہ شرقی سلطنت کا تہا اسنے قوم واندیل کو یہان تک مارا کہ سلطنت کا ہیچ کو نیست ونابود کردیا پہر چند مدت کے لیے سلطنت شرقی اور غربی پہر دو ایک ہو گئین پہر روم مع چند مقامات کے پاپا یعنے بڑے پادری کو ملے پہر شہرے لوگ وحشی دہقانیون کی صحبت اور میل ملاپ سے اگلی صفائے وخوش وضعی کو بہول گئے تہی یہان تک کہ وہ شستہ وپاکیزہ زبان بہی رفتہ رفتہ بدل گئی پہلے وہان صاف لاٹن بولے جاتے تہے مگر پیچہے شمالی اطراف سے جو قوم ائین اونکے گفتگو امیزش ہو گئیے اور اسیطرح زبان اطالیہ جواب زبان زد اوس دیکہ باشندونکی ہے ایجاد ہوئے زمانہ قدیم مین بہت مدت تک روم کے پاپا کو فقط دینے معاملات مین دخل ہوتا تہا لیکن پاپا گریگری ۱۳۱۰ع مین شاہ یونان سے جو کہ اطالیہ پر فرمان روائے کرتا تہا برسر مقابلہ آیا اور ملکی امورات مین بہی اپنے حکومت کا دعوے قایم کیا اوس وقت سے طاقت روم کے پاپاون کے سوائے ہوتے گئے چنانچہ ۷۶۰ع مین بعد ملک اور بیحاب دولت اوسکے ہاتہہ آئے اوسکے پیچہے ۸۳۱ع مین سراسین یعنے اہل اسلام نے اوسے مفتوح کرکے اپنے حکومت وہان قایم کے اور ۱۲۶۵ع مین فراسیسون نے دخل پایا بعد اونکے ۱۵۰۴ع مین ہسپانیہ والون

نے اوس سرزمین پر بزور شمشیر قبضہ کرکے تہانہ جایا
اونکے بھیجے اور ملک والون نے اوسے فتح کیا اور عثمان شاہ او
مین استقلال بادشاہون کا عمل ہوا غرض اسیطرح جسنے قابو
پایا اوسے دبالیا مگر آخرکو وہان کے لوگون نے امیرون
کی اطاعت سے نکل کر اپنے جد سے ریاست مقرر کی
اور ایک کو بادشاہ گردان کر اوسکے تابعداری مین
سر جھکایا چنانچہ سلطنت ہنوز اوسی خاندان مین
چلے آتے ہے فقط

۱۱ نقشہ سلطنت عثمانیہ روم پر اجمالاً

عدد	نام سلطان	نام پدر	مدت سلطنت	سنہ وفات	کیفیت
۱	سلطان عثمان	امیر طغرل بن سلیمان شاہ	۲۷ سن	۷۲۶ھ	انکا نسب متصل ہوتا ہے طرف نوح عم کے بس جاننا چاہیے کہ سلیمان شاہ سلطان بلاد ماہان مرتب بلخ کے تھے جب کہ سنہ ۶۱۱ھ مین چنگیز خان ظاہر ہوا اور بلاد بلخ کو خراب کیا اور سلطان علاء الدین خوارزم شاہ نکالے گئے پس ترک کیا گیا بلاد ترک اور قصد کیا بلاد روم کو اوسوقت سلطنت سلاجقہ کے روم مین تھے جس وقت کہ سلیمان شاہ نہر مین غرق ہوتے تھے اونکے ساتھ انکے اولاد سے سنقور زنگی د

					کون طوغدی و طغرل تہے پہر جب کہ موضع یاسین مین پہونچے یہانسے سنقور زنگی و کون طوغدی تو بلاد عجم کو چلے گئے اور امیر طغرل مع اپنے قدر و بنی و عثمان کے وہین رہے اور جہاد کفار پر کرنے لگے تب صار و بنی نے سلطان علاء الدین سلجوقی کے پاس جاکر استجازت وہانکے داخل ہونے کی لیں ۶۸۵ھ مین سلطان علاء الدین لشکر کثیر سے وہان داخل ہوکر فتح کرنا قلعہ کنا ہیئہ کے امیر طغرل کو سپرد کیا اونہون نے فتح کیا اخر ۶۸۷ ہجری مین امیر طغرل نے وفات پائے تب سلطان علاء الدین نے کمال تاسف کرکے اونکے جگہہ پر انکو مقرر کیا اور شادیے اونکے اپنے گہر مین کرکے بسبب ضعف پیرسے وغیرہ سلطانکے عثمان کا سلطنت مین کرادیا اور ۶۹۹ھ مین خطبہ اولین شیخ ادہ بالے و مولانا طورسنان الفقیہ نے بروز جمعہ مدینہ مین پڑہا اور ۷۰۰ھ مین سلطان علاء الدین سلجوقی نے وفات پائے
۲	سلطان اورخان	عثمان	۸۴ سن	۷۶۱	۷۲۶ھ مین وسادہ آراے سلطنت ہوے بعمر ۸۴ سال کے اور مدینہ پورسا کو فتح کیا اور مسجد جامع و مدرسہ یہان بنا گیا یہہ شہر اقلیم پانچوین سے ہے اور بڑا شہر اسلامیہ گنا جاتا تہا اور بہت قلعہ فتح کیے اور اسکے بیٹے سلیمان نے بہی بہت قلعہ فتح کرکے پہر آپ آخر ۷۶۱ھ مین آخر ہوگیا

۳	سلطان مراد خان	اورخان	۳۱ برس	۷۹۲ھ	سنہ ۷۶۱ھ مدینہ بورسا میں سریر آرائے سلطنت ہوا بعمر ۴۳ سال اسکے وقت میں ملوش بن قوبل نے وقت ہاتھ چومنے کے آستین سے نکالکر خنجر مارے اور اسکے سنہ وفات ۷۹۱ ابوالفدا نے لکھے ہیں
۴	سلطان ملک سعید یلدرم بایزید خان	مراد خان	۱۳ برس	۸۰۶ھ	اسکے وقت میں ملوک طوائف روم نے سنہ ۸۰۳ھ میں امیر تیمور سے شکایت کی بایزید خان کیطرف سے پس سنہ ۸۰۴ھ میں تیمور وہاں پہونچا اور درخواست ملک کے کے جواب دیا گیا کہ تم اپنے ملک کو لوٹ جاؤ یہہ تیمور نے صلح چاہی جیسا کہ اوسکا معمول تھا آخر کو غلبہ ہوا اور عمر اس بادشاہ کے ۵۸ سال کے تھے اور اسکے عہد میں محمد بن یعقوب صاحب قاموس کے تھے اور ترجمہ مذکورہ بالا میں مدت سلطنت اسکی ۲۵ سال لکھی ہے
۵	سلطان محمد خان	ملک سعید یلدرم بایزید خان	۹ برس	۸۲۵	سنہ ۸۱۶ھ میں سریر آرائے مملکت ہوا بعمر ۳۹ برس اپنے اور اسفندیار بیگ سے بڑا قتال وجدال ہوا یہہ بادشاہ مستجاب ہوا اور بہت قلعہ مفتوح کیے آخر بعارضہ اسہال انتقال کیا اور سنہ ۸۲۴ھ میں اور اسنے اولاً صرہ تحصیل اوقات سے واسطے حرمین شریفین کے مقرر کیا
۶	سلطان مراد خان	سلطان محمد خان	۳۱ برس	۸۵۵	یہہ بادشاہ بعد تخت نشینی کے ہر سال واسطے حرمین شریفین و بیت المقدس کے ۱۳۵۰۰ اشرفی بھیجتا تھا اور فروغ شرع و دین کا و ازالہ کفار و ملحدین

					کا خوب کیا
۷	سلطان ابو المعالی محمد خان	مراد خان	۵۳ برس	۸۸۶	بعمر ۱۹ سال بعد وفات اپنے باپ کے سریر آرا ہوا ۸۵۵ھ میں یہہ بادشاہ بزرگ و فاضل تہا اور اچہے قانون جاری کیے اور بموجب اشارہ بشارت شیخ آق بیگ کامل کے ۸۵۷ھ میں اسنے مدینہ قسطنطنیہ کو فتح کیا کہ تاریخ اوسکے یہہ ہے سنہ ۹ فذا جاء رسم امر الفتح قدم اولون بجازہ بالنصر قوم آخرون ؛ لفظ آخرون و بلدۃ طیبہ مادہ تاریخ ہے اور مابین مکہ شریفہ اور قسطنطنیہ کے ۱۳۲۷ میل کا فاصلہ ہے
۸	سلطان ضیاء الدین بایزید خان	محمد خان	۶۱ برس	۹۱۸ ر	۸۸۶ھ میں بعد وفات اپنے والد کے تخت نشین ہوا اسکے وقت سلطنت میں ۹۰۸ھ میں شاہ اسمعیل ابن حیدر صوفی اطراف شرق میں ظاہر ہوا تہا اور اسکا وزیر اعظم **علی پاشا** واسطے لڑائی کے آیا تہا اور اس بادشاہ کا بیتر بسبب کبر سنی کے لحوق عارضہ نقرس کے حرکت سے رہ گیا تہا اسواسطے اپنے بیٹے کو جو ہام سلطنت سپرد کیے آخر میں کسی شخص نے زہر پانی وضو کرنے میں ڈال دیا کہ اوسینے شہیدانہ رحلت فرمایے بہت اچہا بادشاہ تہا
۹	سلطان سلیم خان	بایزید خان	۹ برس	۹۲۶	۹۱۸ھ میں بعمر ۴۶ سال بعد وفات اپنے والد کے تخت نشین ہوا اور لشکر واسطے قتل اپنے بہائیے کے متعین کیا اور فتحیاب ہوا پہر واسطے قتل اسمعیل شاہ صوفی کے نکلا اور بہت کارہاے جرو نمایان کیے

۱۰	سلطان سلیمان خان	سلیم خان	۴۷ برس	۹۷۴	بعد وفات اپنے باپ کے سریر آرائے سلطنت ہوا بعمر ۲۶ سال بہت فتحین کین اور بغداد و بلاد عجم کو فتح کیا اور زیارت روضہ امام ابی حنیفہ رح کی کر کے مسند عظیم مجدد اظہار کروایا بعد شاہجہان بادشاہ اور چشمہ عرفات کا جاری کیا
۱۱	سلطان سلیم خان	سلیمان خان	۵۰ برس ۵ م	۹۸۲	بعد وفات اپنے والد کے سریر آرائے سلطنت ہوئے اور کامنعف بحر علی پاشا سے سخت مقابلہ ہوا اور وفات سے گیارہ روز تک حال مرنے کا مخفی کیا تھا اور دار السعادۃ قسطنطنیہ مین اول صلوۃ اسکے بعد پڑھی گئی ہے
۱۲	سلطان مراد خان	سلیم خان	۵۰ برس	۱۰۰۳	اسکی تاریخ ولادت خیر السبب ہے کہ ۹۵۳ھ ہوتا ہین بعمر ۳۰ سال بعد فوت اپنے باپ کے تخت نشین ہوا اور گناہ کبیرہ اسسے سرزد نہین ہوا بہت قابل تھا اور اسکا نظم تین زبانون مین ہے اکثر اشتغال علم تصوف مین رکھتا تھا اور اسکا وزیر سنان پاشا واسطے فتح اہل عجم کے گیا تھا
۱۳	سلطان محمد خان	مراد خان	۳۰ برس ۲ م	۱۰۱۲	بعد وفات والد اپنے کے سنہ ۱۰۰۳ھ مین تخت نشین ہوا اور اٹھوین روز بعد جلوس کے حکم قتل واسطے ابراہیم بادشاہزادے کے نافذ کیا اور اپنے بہنون کو قتل کر کے آپ پردہ اختفا مین بیٹھا کہ پھر کسیکو اپنی صورت نہ دکھاتا تھا
۱۴	سلطان احمد	محمد خان	۲۸ برس	۱۰۲۶	تاریخ ۲۹ رجب کا سترہ روز بعد فوت اپنے باپ سے تخت نشین ہوا بعمر قریب ۱۵ سال کے

نمبر	نام	نام پدر	مدت	سنہ	کیفیت
					اور بڑے بڑے محاربہ واقع ہوئے حتے کہ ۱۰۱۶ھ مین بعد حصول امنیت بلاد مین وزیر اس بادشاہ عالی کا مدینہ اسکندریہ مین داخل ہوا اور اجتماع عساکر کا ہوا اور قصد ہلاکت **یوسف بادشاہ** کا کیا آخرش یوسف بادشاہ نے اطاعت قبول کرکے مشرف قدمبوسی سے ہوا ہذا ما انتخبناہ من اخبار الدول والآثار الاول
۱۵	سلطان مصطفی	ایضاً	۲ برس	۱۰۳۲	بعد وفات اپنے بھائی کے تخت نشین ہوا اوسنے عیاشی کی سبب روپیہ بیت المال کا خرچ کرڈالا اور اسنے اور عثمان اسکے بھائی سے بڑا محاربہ ہوا بعد دو برس کے سلطنت اسکو خالی کردینے پڑی
۱۶	سلطان عثمان شہید	احمد	۴ برس ۴ م	۱۰۳۱	اسکے وقت مین بڑے فتنہ و فساد ہوئے چنانچہ انہین فسادات مین یہہ شہید ہوا اور اسنے خلایق کے ساتھہ سلوک نیک کیا تہا
۱۷	سلطان مراد رابع	ایضاً	+	۱۰۴۹	بعد معزولی اپنے چچا کے تخت نشین ہوا اور کئے دفعہ محاصرہ بغداد کا کیا آخر غالب آیا اسکو شراب خواری کے بڑے حرص و ہوس تہے چنانچہ اسیکے کثرت سے راہیے ملک عدم ہوا
۱۸	سلطان ابراہیم	ایضاً	۱۰ برس	۱۰۵۹	بعد وفات اپنے بھائی کے سریر آرا ہوا اور جہاد مین مصروف رہتا تہا بعدہ بسبب نہ سننے نصیحت ارکان دولت کے معزول ہوکر مقتول ہوا
۱۹	سلطان محمد رابع	ابراہیم	۳۸ برس	۱۱۰۴	اسنے بعد تخت نشینی کے بہت شہر فتح کئے اور اکثر قلعہ نصاری کے چہین لیے بعدہ لہو ولعب مین

کیفیت	سنہ جلوس	عمر	نام پدر	نام سلطان	نمبر
مقتول ہو کر حکومت کو خاک مین ملا دیا تب انکشاریہ نے ازم سیر غلبہ پایا اور لشکریون نے تخت سے اوتار دیا					
اس بادشاہ کو شوق تعمیر مکانات وبنا باغ کا از بس تہا اور اسکے ایام حکومت مین بہت فتنہ وفساد برپا ہوئے تہے اور کوپرولی مصطفیٰ اسکے وزیر نے فرنگیون سے مقابلہ کرکے شکست دیے تہے	۱۰۹۹	۴۶ سال	ایضاً	سلطان سلیمان ثانی	۲۰
اسنے رعیت پروری وداد گستری کی اور کوپرولی وزیر نے فتوحات پائے	۱۱۰۲	۴۹ سال	ایضاً	سلطان احمد ثانی	۲۱
اسکے ایام حکومت مین بہی بہت فساد ہوئے اور لشکریون نے اسکا مقابلہ کرکے تخت سے اوتار دیا ومفتی کبیر مقتول ہوئے	۱۱۰۶	۳۱ سال	محمد	سلطان مصطفیٰ ثانی	۲۲
اسنے بعد تخت نشینے کے اپنے چچا کے دشمنوں کو قتل کیا اور فرنگیون سے سازش کرلی تہی اور عجم کیطرف اسباب حرب روانہ کیا تہا آخر از خود معزول سلطنت سے ہوگیا تہا	۱۱۱۵	۳۰ سال	ایضاً	سلطان احمد ثالث	۲۳
اسکے شان وشوکت بہت بڑہ گئی تہی اور اسکو محمود دہی بہی کہتے ہین اسنے تلوار زنی اور تیزی ہوا کی بعد مقابلہ دشمنون پر غالب آیا	۱۱۴۳	۳۵ سال	مصطفیٰ ثانی	سلطان محمود خان	۲۴
اسنے بعد تخت نشینے کے کوشش کرکے اصلاح سلطنت کی اور شراب خواری سے لوگون کو منع فرمایا	۱۱۶۸	۵۶ سال	ایضاً	سلطان عثمان ثالث	۲۵
اسکے ایام سلطنت مین مصر سے حکومت اٹھ منقطع ہوگئے اس ریاست کے متولی غلام تہے	۱۱۷۱	۴۱ سال	احمد	سلطان مصطفیٰ ثالث	۲۶

					جسکے حکومت کو لاینہ کہتے ہین اور اسنے اہل ذمہ کا رفاہیت و آسایش سے رہنا منع کیا
۲۷	سلطان عبد الحمید	ایضاً	۱۵ برس	۱۲۰۲	اسکے ایام حکومت مین غلامون کے ہاتہہ سے لوگ ظلم بہت سہتے تہے بسبب اسکے کہ اونکا حمایتی علی بیگ مشہور تہا اور یہہ بادشاہ بہت نرم حو و کم آزار تہا مکانسے باہر نہین نکلتا تہا مگر رعایا خوش رہتے تہے اسکے ایام سلطنت مین ملک فرانس مین لشکریون کو قواعد فن لڑائی سکہلائے گئے
۲۸	سلطان سلیم ثالث	مصطفیٰ	۲۹ برس	۱۲۲۲	یہہ بادشاہ بہت نیک و عقلمند و استوار آدمی تہا اور اسکے ایام حکومت مین فرانس کے باشندے فرنگی مصریہ غالب آئے اور قاہرہ مین گہس کر غلامان قاہرہ کو مقتول کیا پہر فرنگی وہانسے نکل گئے اور بعد چند واقعات جنگ کے **محمد علی پاشا** قاہرہ کا متولی ہوا اور یہہ بادشاہ قتل کیا گیا
۲۹	سلطان مصطفیٰ رابع	عبد الحمید	-	۱۲۲۳	اسکے عہد سلطنت مین فتنہ و فساد سابقہ فرو نہین ہوا تہا اور یہہ بہی اپنے چچا کے قتل مین شریک تہا اسکے بعد چندے اپنے سزا کو پہونچا یعنے مقتول ہوا
۳۰	سلطان محمود ثانی	ایضاً	۳۲ برس	۱۲۵۵	اسنے بعد تخت نشینے اپنے اجداد کے طور پر جہاد کئے اور اسکو اسکے چچا سلطان سلیم نے پرورش کیا تہا
۳۱	سلطان عبد المجید	محمود	+	+	بعد وفات اپنے باپ کے ۱۲۵۵ھ مین تخت سلطنت پر اجلاس فرمایا اور موافق شرع شریف کے حکومت کرتے ہین اور بالفعل سنہ ۱۲۶۹ھ مین وہے بادشاہ ہین ہذا ما انتخبناہ من ترجمہ تاریخ ابو الفدا

۳۲ نقشہ بادشاہان ملک روس

عدد	نام فرمان روا	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
۱	پیٹر اعظم		۴۳ سال	اسنے سنہ ۱۶۸۲ء سے بنیاد سلطنت روس کی قایم کرکے تخت نشین ہوا اور اسکے عہد مین مردم فوج ایک لاکہ سے زیادہ تہے اور قدیم الایام سے بادشاہان روس کا خطاب قیصر چلا آیا ہے جیسے کہ چین کے بادشاہون کو فغفور کہتے ہین اس بادشاہ الیق نے سنہ ۱۷۰۹ء مین سویڈن کے بادشاہ سے بڑی لڑائی کرکے فتح پائے اور سنہ ۱۶۹۸ء مین مذہب عیسائی وہان مروج ہوا
۲	کاتہرین		۲ سال	یہہ بیگم پیٹر اعظم مذکور کے پیچہے بعد حکمرانی کے مرگئی
۳	پیٹر ثانی			یہہ پوتا پیٹر اعظم کا تہا سنہ ۱۷۳۰ء مین مرگیا
۴	برجینی جوانو			یہہ بہتیجی پیٹر ثانی کے تہے بعد فرمان دہی کے مرگئی
۵	الیزبتہ		۲۰ سال	یہہ شاہزادی پیٹر اعظم کے بیٹیون مین سے تہے سنہ ۱۷۴۱ء مین وسادہ آرائے حکومت ہوئے اور قتل کے سزا اسکے عہد مین موقوف ہوئے اور اسنے اہالیان پروشیہ سے لڑائی کرکے اوس ملک کو بہت ساز یر و زبر کیا
۶	پیٹر ثالث			اس بادشاہ کی بیگم کا نام بہی کاتہرین تہا کچہہ مدت اس نے بادشاہ کے تخت نشینی کو نہ گذرے تہے کہ بیگم نے چالاکی کرکے اوسکو تخت سے اوتار دیا اور کہتے ہین کہ پیچہے سے اوسنے اوسی مروا بہی ڈالا اگرچہ یہہ بیگم جو کا ہترین

				ثانی کے نام سے تخت نشین ہوئے باطن کے بہت شریر تھی لیکن متانت عقل اور رزانت فکر سے محلے تھے چنانچہ ان اوصاف کے باعث شہرت اوسکی عالم مین پہونچی سنہ ۱۷۷۲ع مین جب ملک پولینڈ یز ونکا درمیان اسٹریا اور پروشیا کے تقسیم ہوا تب ایک حصہ اوسکا اِس شاہزادے نے بہی لیا اور اسکی طرف سے ۱۷۹۶ع مین ترکون کے ملک پر بہی حملہ کیا گیا قریب تہا کہ اونکو ملک سے خارج کرکے ولایت پر اپنا قبضہ کرے اس عرصہ مین راہے ملک عدم ہوئے
۷	پال			یہہ بادشاہ بیٹا الزبتھ مذکورہ کا تہا بعمر ۴۲ سال وسادہ آرا ہوا اسکا مزاج بہت سخت اور طبیعت پست تھی یہان تک کہ لوگ اوسکو دیوانہ گمان کرتے تھے بالآخر بسبب بدمزاجی بسازش ارکین و امرا کے قتل ہوا
۸	سکندر	پال	۵ سال	بعد وفات اپنے باپ کے تخت نشین ہوا اور جسوقت کہ نپولین بونا پارٹ فرانسیسونکے بادشاہ نے اپنی اولوالعزمی سے تمام فرنگستان کو ہلا رکہا تہا یہی شاہزادہ اوس مین فرمان روا تہا بلکہ اسنے اور بونا پارٹ سے مقابلہ بہی ہوا لیکن اسٹرلیز کے مقام پر اوسنے شکست کہائی اور ۱۸۰۵ع مین بناچاری غنیم سے صلح کی بونا پارٹ دوسری بار پہر اوس پر چڑہ گیا اور ماسکو جو اوس ملک کے بڑے شہرون مین سے ہے اوس مین بہ وسیونکا سامان رسد بہت جمع تہا اوسکے غارت کی واسطے وہان تک پہونچا لیکن روسیون نے براہ کمال عقلمندی اپنے ہاتہ سے اگ لگا دی سے بونا پارٹ

				کا جا رہا لنے اور شاہ پیرا بلکہ اوسکی فوج بسبب سرد سامانی کے باعث سے غارت ہو گئیے اور ملک اوس کا بچ رہا
۹	قیصر نکلس	۔	۔	اسکی عہد تخت نشینی مین سنہ ۱۸۲۵ع کے اندر پولنڈ بیرون سے بغاوت کرکے جا پاکر اطاعت سے نکل جاوین لیکن سنہ ۱۸۳۱ع مین شکست کہاگئے جیسے تہی ویسے ہی مطیع و منقاد رہے
۸	چین	ایضاً	یہہ شخص نہایت عاقل تہا اسکی باپ نی اپنے مملکت مین شہر اسکی نام سی بنا کیا اسی شخص نے نقاشی اور صورتگری اور بنا جامۂ رنگین کا اختراع کیا اور ریشم کرم پیلہ سی نکالے بلکہ بہت حرفت اور صناعت کہ اینک نیازان اہل چین کی ہے اسکی مخترعات سی ہین اور ماچین اسکا بیٹا تہا کہ حوالے چین مین شہر اپنے نام کا آباد کیا
۹	صقلاب	ایضاً	اسکی بہت اولاد ہوی آخرش صقلابیون نی واسطی توطن کی جگہ اوسی ملک کی تیاری کہ لڑائیان اونہین ہوئین اور صقلابی اور ایک موضع ہین کہ جسکو اقلیم السابع کہتی ہین
۱۰	کماری	ایضاً	یہہ شخص شکار دوست تہا چنانچہ بخیال شکار بلغار مین جاکر رہنا قبول کیا اسکی دو بیٹی ایک بلغار دوسرا برطاس تہا ہر ایک نی اپنے اپنے نام کے عمارتین بنا کے روباہ و سمور و سنجاب وقاقم حاصل کی اور اسکو یعنی کماری کو کیمال بہی کہتی ہین
۱۱	خلج	ایضاً	اسنی اپنے نام کی عمارت و شہر آباد کر کی مر گیا
۱۲	سرسبال	ایضاً	بشرح صدر اور تاریخ ابو الفدا مین نام سدسان لکہا ہے
۱۳	تارج	ایضاً	بعد حکمرانی مر گیا
۱۴	النجہ خان	ترک	واضح ہو کہ یہہ بادشاہ معدلت شعار تہا اسکی وقت مین خلایق شاہ انی مرفہ الحال تہی ہنگام پیری غفلت گزینی سی مر گیا

نمبر	نام	والد	کیفیت
۱۵	دیب باقوی خان	المنجہ خان	شرح ایضاً
۱۶	کیوک خان	دیب باقوی خان	شرح ایضاً اور تاریخ ابوالفدا مین نام اسکا کیورخان لکہا ہے
۱۷	المنجہ خان	کیوک خان	اسکی وقت مین ترک لوگ بڑی صاحب دول و نعمت ہوکر راہ راست سے منحرف ہوی دین و ملت کو ترک کرکے طرف کفر و شرک کے میلان کیا اسکی دو بیٹے توام پیدا ہوے ایک تاتار دوسرا مغل درمیان انکی تقسیم ممالک ہوگئی اور ہر ایک نے حکم اپنے حسب تفصیل کے کے
۱	تاتار خان	المنجہ خان	یہہ بادشاہ کامگار تہا حکمرانی کرکے مرگیا
۲	بوقا خان	تاتار خان	شرح ایضاً
۳	یلجیہ خان	بوقا خان	شرح ایضاً
۴	ایلی خان	یلجیہ خان	شرح ایضاً
۵	التز خان	ایلی خان	شرح ایضاً
۶	اردو خان	التز خان	شرح ایضاً
۷	سونج خان	اردو خان	اسکے وقت مین ماوراالنہر ترکستان تور بن فریدون بادشاہ سے متعلق ہوے اور دولت تاتاری ختم ہوے
۱	مغل خان	المنجہ خان	ایک مدت تک حکمرانی کرکے مرگیا
۲	قرا خان	مغل خان	اسنی جد و دکوہ و قرقرم کہ اوسکو اوتان یا ازناق کہتے ہین دارالحکومت بناکر کے حکمرانی کی اسکی وقت مین انواع کفر و شرک مروج ہوا
۳	اغور خان	قرا خان	قرا خان اسکی لڑای مین مارا گیا اور یہہ مروج دین و اسلام کا ہوا اسکے وقت مین کسی سپاہی کے ایک عورت نی جوف درخت مین وضع حمل کیا اوس لڑکی کا ازروے معنی نام قپچاق ہوا بموجب مقولہ کنون قوم قپچاق را

نمبر	نام	نام پدر	کیفیت
			سر سبز شمار بد از نسل آن یک پسر - او ز عورت وضع کرنے والی حمل کے سبب بچے ہر گے شیر نر کہتی تھی یعنی گوشت شیر کا اوسکو کھلایا کہ اوسکی باعث سی شیر دار ہوگے اور اس مہر سی نام اوس لڑکے کا خلج رکھا اور اغوز خان کی چھ لڑکے ہوی بڑی لڑکوں کا نام جرنغار کہ عبارت دست راست سی ہی اور چھوٹے لڑکوں کا نام برنغار کہ مراد دست چپ سی ہی رکھا آخر کو بعد حکمرانے راہی ملک جاودانی کا ہوا اسی اپنا نام اغوز ایک برس کے عمر میں آپ کہنی کو کہہ دیا تھا
۴	کور خان	اغوز خان	بعد حکمرانی بآئین پدر و نیز اور روانہ ملک عدم ہوا
۹	یلدوز خان	ایضاً	بشرح ایضاً اور اسکا ایک بیٹا تھا کہ نام اوسکا جونیہ ہی اسی ایک لڑکی جوز سمثال پیدا ہوی اور نام اوسکا الانقوا رکھا گیا اور بہت عفیفہ ہی مثل بی بی مریم کے روح القدس سے حاملہ ہوگئی تہی سے حکایات مریم اگر بشنوی ۔ بالانقوا ہمچنان بکردی: آخر اسی تین لڑکے پیدا ہوی ایک کا نام بوقون قتقی کہ قوم قبقی منسوب اسکے سی ہین دوسری کا نام بلوسین سالجی قوم سالجیوں اسکے طرف منسوب تیسری کا نام بوزنجر قاآن کہ تمام خان ترکستان کی اسکی نسل سے ہین اور انکو مغل ہی کہتی ہین باقی اسکا حال نقشہ چنگیز خان مین لکھا گیا ہے
[illegible]	منگلی خان	یلدوز خان	اسکی بعد حکمرانی ایام معدودہ تنگیز خان برادر خورد اپنے کو ولیعہد کرکے مر گیا
[illegible]	[illegible]ریل خان	تنگیز خان	اسکی وقت بیں یا ور اراسہر و ترکستان تعلق تور

نمبر	نام	پدر	کیفیت
			پسر فریدون سی ہوی تو لشکر کشی کرکے اسپر غالب آیا اور بجدی قتل عام کیا آخر مرگیا فقط
۸	بوزنجر قاآن		مدت مدید تک عدل گستری کرکے مرگیا اسکے دو بیٹے بوقا خان اسکے آٹھوین پشت مین چنگیز خان اور قراچار نویان ہی بوقیا خان اسی ایک بیٹا تہا کہ نام اوسکا حسن تہا
۹	بوقا خان	بوزنجر قاآن	بعد حکمرانی و ولی عہد کرنے فرزند اپنے کے مرگیا
۱۰	دودوتومنن خان	بوقا خان	بعد تخت نشینی اچھی معدلت گستری کے اسکی عورت مسماۃ منولون کے ۹ لڑکے پیدا ہوے آخر یہہ عورت عقیلہ معہ اپنے ۸ بچون کے مقتول ہوے صرف قایدو خان
۱۱	قایدو خان	دوتومنن خان	بعد حکمرانی اسنے راہی ملک عدم ہوا
۱۲	باسنغر خان	قایدو خان	بعد حکمرانی اسنے مدید و ولی عہد کرنے اپنے بیٹے کے راہی ملک عدم ہوا
۱۳	تومنہ خان	باسنغر خان	اسکے دو زوجہ تہین ایک سے ۷ نامور لڑکے پیدا ہوے اور دوسری سے دو لڑکے توام قبل خان قاچولی
۱۴	قبل خان	تومنہ خان	بعد وفات اپنے باپ کے تخت نشین ہوا اسکو ترکان النجیک کہتی ہین بعد حکمرانی اسنے مرگیا
۱۵	قتولہ خان	قبل خان	بعد حکمرانی و شکست دینے التان خان کے راہی ملک عدم ہوا
۱۶	برتان خان بہادر	ایضاً	یہہ شخص مردانگی و شجاعت مین بے نظیر تہا بعد وفات اپنے چچا قاچولی کے سرداری لشکر کے اپنے بیٹے ایرومجی کو سپرد کرکے اور خطاب اوسکا ایرومجی برلاس رکہا سب برلاسے قوم اوسکے نسل سے پیدا ہوے اسکے اولاد بہت تہی الا بیسوکا بہادر اون سب مین شجاع و دلاور تہا

۱۷	بیسوکا بہادر		برتان بہادر	بعد وفات اپنے باپ کے وسادہ آرا ہوا اسکے باپکے ۹ بیٹے تھے سب میں زمان دراز و عقلمند سوغوجین تھا اسواسطے اسکو اسنی جای باپ کے متعین کیا تھا پھر ۵۴۹ھ میں کہ سوغوجین نے لشکر کشی تاتار پر کر چکا تھا ؎ دران یورت فرخندہ خاتون بزاد ؛ بچنگیز خان شاہ والا نژاد ؛ مر آن طفل را بہ بخت اندرون ؛ تقدیر یکی کعب افشردہ خون ؛ کہ برگشت دشمنان ذلیل ؛ شدا در کفش عزیزان ذلیل ؛ آخر بیسوکا بہادر ۵۶۲ھ میں فوت ہوا معہ سوغوجین کے فقط

نقشہ فرمان روایان سلسلۂ چنگیز خان اجمالاً

۲۴

عدد	نام فرمان روا	نام پدر	سنہ جلوس	مدت سلطنت	کیفیت
۱	چنگیز خان	یسوکی خان یا بیسوکا بہادر	۵۹۹	۲۵ برس	یہہ بادشاہ نسل بوزنجر سے ۵۴۹ھ میں بطن مسماۃ اولون ایکہ طالع میزان میں پیدا ہوا تھا ہنگام حکومت تموجین بادشاہ تاتار کے اور اول اسکا نام تموجین تھا بعد ۶۰۲ھ میں بیس از جشن نام چنگیز خان یعنی بادشاہ بادشاہان ملقب ہوا اور جب لڑائی خوارزم کی فتح ہو گئے اسنے حکم دیا کہ لاکہ آدمی اہل حرفہ و ہنرمند اور جوان جوان خوبصورت عورتیں علیحدہ کر کے علیحدہ کرکے باقی آدمیوں کو حوالہ لشکر کے کیا

کیا کہ سب اپنے اپنے حصہ مین لگا کر قتل کر و
چنانچہ ایک ایک قاتل کے حصہ مین ۲۴ ہزار
آدمی اۓ تھے اور یہہ قاتل ایک لاکہہ ۳
ہزار آدمی سے زیادہ تھے اسپر شمار کر نا چاہیے
کہ ۲۵ لاکہہ سے زیادہ آدمی مقتول ہوے
پہر اسنے وہانسی طرف ترمذ کے کوچ کیا ۱۰ روز
مین اوسی کو بہی خراب کیا قتل عام سے کہ کوی
نہ بچا تب وہانسے بلخ کو آیا اور اسکو بہی فتح کر کے
اور سبکو مقتول پہر طرف غزنین کے قتل کرتا
ہوا آیا شہر ڈہاتا ہوا آخر الامر سلطان جلال
الدین کے مہم سے بہی فارغ ہوا پہر لشکر میلان
کو دیکر ہندوستان مین بہیجا چنانچہ مقامات
لاہور و ملتان مین پہنچا اور لوکون کو نیست
و نابود کیا پہر ذریعہ اپنے بیٹے تولی خان کے
ایران مین ایرانیون کو ۱۳ لاکہہ سے
کچہہ زیادہ مقتول کروایا پہر ذریعہ کو لیخان
مذکور کے شہر نیشاپور کو فتح کروا کر اور
شہر مین آگ لگوا کر آدمیون کو مقتول
کروایا چنانچہ دس لاکہہ ۴۷ ہزار
شمار مقتولین کا ہوا پہر شہر ہرات
کو قتل کیا ۱۶ لاکہہ شمار کئے گئے ۶۱۹ھ
تہے پہر شیواقو حاکم قاسین سے ۳ لاکہہ
آدمی سے برسر مقابلہ آیا تہا لڑنا شروع

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]			کیا اسکو بہی شکست ہوی آخر بعد خونریزی وقتل عام بسیار ماہ رمضان ۶۲۴ھ مین یہہ شعر پڑہکر ع چو مدت نماندہ حیات نہان داشت باید ممات مرا : چو از شہر شیون آواید برون : مرا در اہماندم بریزند خون : آنکہیں بند کرلین ع بگفت این بود دیدہ بہم برنہاد : تو گفتی کہ چنگیز خان خود نزاد آخر بعمر ۷۳ سال کے مرگیا پسر کلان اسکا جوجی خان تہا اور پانچ سو عورت اسکے تہین اور دوسرا لڑکا تولی خان تہا اور واسطے اسکے تخت نشین کرنے بعد اپنے وصیت کرکیا تہا باقی حال اسکا نقشہ بادشاہان ختا یعنی چین مین درج ہے اور نسل یاجوج ماجوج سے تہا اور دو پانگ کے پہاڑ مین [illegible]
[illegible]	اوکتای قاآن	چنگیز خان	۶۲۴ھ		۱۳ سال	یہہ بادشاہ سخی تہا بعد حکمرانی ۶۳۹ھ مین مرگیا اور غابر خان کو بموجب حکم اپنے باپ کے مار ڈالا تہا
[illegible]	ہلاکو خان برادر منکو قاآن	محمد [illegible] خان	۶۵۰ھ		۹ سال	یہہ بادشاہ ۶۵۱ھ مین تہا اور خوارزم شاہ خذمتین ہلاکو خان کے پہونچی تہا اور ۶۵۶ھ مین نصیر الدین طوسی و مؤید الدین ریاضی و فخر الدین مراغی و فخر الدین اخلاطی و نجم الدین قزوینی نے مراغہ مین رصد ستارگان کی آغاز کئے اور ۶۵۷ھ

نمبر	نام	والد	سنہ جلوس	مدت	کیفیت
				۱۱۶	مین انجام کو پہونچی اور ہلاکو خان ۶۶۳ھ مملکت ایران وغیرہ کو اپنے پانچوں بیٹے کے تقسیم کرکے مرگیا نصیر الدین طوسی مصنف اخلاق ناصری اسکے وقت مین تہا
۴	اباقاآن	ہلاکوخان	۶۶۳	۱۷ سن	تخت گاہ اسکا تبریز تہا ۶۸۰ھ مین بعد حکمرانی کے مرگیا
۵	نکودار	ایضاً		۲ سن	یہہ بادشاہ دغا و فریب سے مقتول ہوا
۶	ارغونخان	اباقاآن	۶۸۳	۷ سن	بعد حکمرانی کے ۶۹۰ھ مین مرگیا
۷	قوبیلاقاآن	تولیخان		۵ ۳ سن	بعد حکمرانی کے مرگیا ۶۹۳ھ تہے
۸	کیخاتوخان	ایضاً	۶۹۰	۴ سن	یہہ بادشاہ ۶۹۴ھ مین امراے بایدوخان کے ہاتہہ سے قتل ہوا
۹	بایدوخان ترغاے	ہلاکوخان	۶۹۱	۰	بعد حکمرانی کے راہی ملک عدم ہوا
۱۰	غازانخان	ارغونخان	۶۹۴	۸ سن ۹ م	یہہ شخص مسلمان ہوکر تخت نشین ہوا اور بنام سلطان محمود موسوم تہا
۱۱	الجایتوخان خدابندہ	ایضاً	۷۰۳	۱۲ سن	اس بادشاہ کا لقب سلطان خدابندہ تہا عادل و داد گر آخر ۷۱۶ھ مین راہی ملک عدم ہوا
۱۲	ابوسعید بہادرخان	سلطان محمد خدابندہ	۷۱۶	۱۸ سن	یہہ بادشاہ بعد حکمرانی کے عین جوانی ۷۳۶ھ مین مرگیا اور اسکے عہد مین بہت کشت و خون ہوا تہا بعد اسکے ۳ امیر علی الترتیب بزبان لیسر حکمرانی کرکے راہی ملک بقا ہوئے تفصیل انکی بوجہ زاید سمجہ کر بیان متروک ہوے

امیر تیمور	امیر طراغان نویان	دسمس ۱۱م

اسمیں بادشاہ عالی کا حال نقشہ سلاطین
تموریہ یعنے بادشاہان اہل اسلام متعلقہ
ہند مین لکھا گیا ہے اور نسب ماوراے انکا
چنگیز خان سے تا بہ بانوی عصمت ماب
النقوا ملکے ملتا ہے اور النقوا دختر جو بستین
جن بلدوز نکلے تھی دبخابت حسین اول
حبالہ نکاح پسر عم اپنے مین انعقاد پایا تھا
اور بعد تولد دو پسر اسکا شوہر مرگیا یہہ
خود حکومت ملک کے کرتی تھے اوسی ہنگام
مین ایک روز بستر استراحت پر استراحت
کر رہی تھی کہ ناگہان ایک نور اوس
گہر مین چمکا اور اسکے تالو مین در آیا او
اسی نور الہی سے یہہ بانو حاملہ ہو گئی اور تیسے
ستعین
لڑکے پیدا ہوئی بو قون قیقی بو
بوزنجر اور ظہور بوزنجر کا زمانہ مین
خروج ابو مسلم مروزی کے ہوکہ اور یہہ باب
سلاطین ترک کا گنا جاتا ہے اور خروج
ابو مسلم مروزی کا ملک مرو نزد خراسان
مین ایام آخر حکومت بنی امیہ و ابتداے
سلطنت بنی عباس ۱۳۲ھ مین ہوا تہا
وقد اجاد القائل س درنامہ زمانہ
بجز حرف خنک نیست نہ گویا کہ از سیم
نشکر نوشتہ اند اب یہان صرف نسب نامہ

وبعض حال ضروری لکھا جاتا ہے کہ خالی از
لطف نہوگا وہ یہہ ہے کہ باپ انکا بیٹا امیر برگل
بن امیر ایلنگیر کہ اسلام لایا تھا بن امیر
انجل بن امیر قراچار بن امیر سوغو چیچن
بن امیر ایرومجی برلاس بن قاچولی بہادر بن تومنہ
خان بن باسنقر خان بن قایدو خان بن
دوتومن خان بن بوقا خان بن نورنجیر
قاآن برادر قبل خان جب ۷۳۶ھ میں
یہہ بادشاہ خطہ کش میں کہ جو مشہور سابق تھا
شہر سبز کے بلاد ایران میں واقع ہے
پیدا ہوا اوس سال بعد فوت سلطان
ابوسعید بہادر خان کے دولت آل چنگیز خان
کے توران سے منقرض ہو چکی تہی چنانچہ
جنگ و جدل دو سال فیمابین امیر حسین
۷۷۱ھ میں سریر آرا ہوا اور تمام
ممالک روی زمین پر حکمران ہوا
چنانچہ شہر روحا میں کہ حاکم و بانگا
کتنرل تمام رکھتا تھا معہ فرزندان و امرا
کے پہونچا اور روحا شہر بنا کیا ہوا
شمر دو بادشاہ جو کہ منجملہ چار بادشاہوں
رکو زمین مفصلہ ذیل کے تہا ہے سکندر رومی
سلیمان ع م بخت نصر کافر نمرود کافر
الغیب عند اللہ السلام فقط

نقشہ بادشاہان مملکت خطا یعنی چین اجمالاً

دہم

عدد	نام بادشاہ	مدت سلطنت	کیفیت
١	فوہی		یہہ بادشاہ گہرانہ سان ہوام کا مرد نامور حکیم ہے علم موسیقی کا موجد اور اسی شخص نے شہر چین یا حسن یا چین کو بسایا اور فوہی کے گہرانہ مین ١٥ بادشاہ تحت نشین ہوے اور زمانہ سلطنت ریاستون کا ١٨ ہزار برس کا ختائی لوگ کہتی ہین اور روئین جد قوم چین کہ بیٹا یافت بن نوح علیہ السلام کا تہا ہے اور وہان بالے کشتکاری کا ہوا
٢	شن ننگ	١٤٠	یہہ شخص بانی زراعت کا ہے اور موجد طبابت کا و بازار دہاٹ و میلہ اسی نے بنا ڈالا
٣	ہے یو کانگ		یہہ شخص عیاش نکلا اور اسکی عہد مین بلوا ئی عام ہوا
٤	ہوانگ تی		یہہ شخص ہمیشہ وارثان شن ننگ سی لڑا مگر ظفریاب ہوا اور اسنی کئی گروہ آدمیون کے صوبہ پچیلی مین بہیجے اور آباد کیا پہلی عمارت اینٹ کے ختا مین اسے بنانے کی ٹہی اسی نے ایجاد کی ہوانگ تی اور یعنی ہوانگ سے کے مالک روی زمین ہین
٥	شاؤ ہاؤ		یہہ شخص بیٹا ہوانگ سے کا ہے ماندرین کے درباری لباس مین جو کلابتون کے نقش ہین وہ اسیکی تجویز سے ہے
٦	چی کو		مدارس کے بنا لڑکون کے تعلیم کے واسطے اسی سی ہوے اور کثیر الازواج ہونے کا رواج اسی نے نکالا اور سبب پرستش شانگ تی یعنی پروردگار عالم چار دسیون سی ایک ایک لڑکا ہوا اور مین سے دو شانگ اور چاو گہرانیکے بانی ہوے

۷	تی چی		یہہ شخص عیاش و بد اطوار تہا جب امرا کی نصیحت نمانی تب تخت و تاج سی بید خل ہوگیا
۸	یاؤ	منت لیف سس	یہہ وہی یاؤ ہے کہ جسکی تعریف ختائیون مین قیامت تک رہیگی اسنی واسطے انتظام امور سلطنت کے شُن کو کہ لڑکا ایک غریب کا تہا الا نیک اپنا شامل کر لیا
۹	شُن	ص بس	یہہ بادشاہ بہادر و دلے تہا اور اسکے تعریف حلم و کرم کے وہان زبان زد خلایق ہے اور اسنی ایک شخص یو کو اپنا شریک تخت نشینی کا کیا اور ایک عمارت وسیع عالیشان بنوا کر مملکت کی اکثر بڈہی دیرینہ سال دہقان وہان رکہتا تہا اور جب امور سلطنت سی فارغ ہوتا اور طبیعت راحت طلب ہوتے تو اونہین کی صحبت مین جا بیٹہتا تہا اور ہر ایک کے باتین سنتا تہا عمر اسکی ۱۱۲ برس کے ہوے تہے
۱۰	یوتمہ	مے بس	یہہ بادشاہ حلیم منش و نیک کردار تہا و عادل و شجیع اسنی ختائیونکو نئر کشت کاری کے بتلاے اسکا لقب تاکہ بزبان ختا معنی نیک ہے دیا گیا اور اسنی یہہ رسم پہلی نکالی کہ جو مالک تختگاہ کا ہووی وہ اپنے عصر تک مجتہد دین کا رہی چنانچہ اتبک یہہ بات وہان جاری ہے عمر اسکی ۱۰۰ سال کے تہے
۱۱	لی کی	لعہ بس	یہہ بادشاہ بیٹا یو رکا ہے ۲۱۹۷ سال قبل عیسی علیہ السلام کے اسنی بادشاہت کی اور صوبہ دار سے شکست کہائی
۱۲	چینگ کنگ		یہہ بادشاہ بہی منش یو رکے رحیم و عادل تہا انہوں جب

			اور جب تک اسکا بیاہی کی تاج و تخت رہا اسمنی خطاب شاہنشاہے کا آیا
١٣	لی سنگ		اِس بادشاہ کے وقت مین اِسکے بھتیجا نے ہان قوش امیر لکھوم سی مار اگیا اور فرزندای نی سنے ٣٣ سال سلطنت کے
١٤	کی		یہہ بادشاہ موصوف بصفات ذمیمہ تہا جیسا کہ بادشاہ بیکے بین موصوف تہا اور خاتم خاندان کا ہے اسنی سماۃ ہوے دختر کسی امیر پر عاشق ہو کر اوسکی بس مین آگیا چنانچہ جیسے اوسکے فرمایش بندی کے ایک مکان سنگ زبرجد کا بنوا کر تمام اسباب عجیب مہیا کر دیا تہا
١٥	جینگ تانگ		اِس بادشاہ کے عہد مین ایک دفعہ بڑا قحط پانی کا ہوا اور سات برس پانی نہ برسا الا بسبب خوش انتظامی اِس بادشاہ کی سب رعایا غلہ سے خوش و خرم ہے
١٦	تنگ		یہہ بادشاہ بیٹا جینگ تانگ کا تہا بعد حکم اسنے کے گم کیا
١٧	پون کنگ		یہہ بادشاہ اچہا تہا اور اپنے حکم اسنے مین اپنا لقب ینٔ تبدیل کیا بعد اسکی رفتہ رفتہ تخت ختا پر چو کے نسل قایم ہوے
١٨	چوسن		یہہ بادشاہ بہی جابر و ظالم تہا اور بسبب صورت پرستی ایک عورت پری زاد بد نہاد پر مبتلا ہو کر اوسکی کہنی کے موافق تحکم و ظلم کرتا تہا
١٩	اَدوانگ	چهه برس	اس بادشاہ نی اوس عورت بدنہاد کو جسکی اوپر چوسن

				مبتلا ہو کر ظلم کرتا تہا قتل کروا اولالامر اسکی ۳۶ سال کی تہی سنہ ۱۲۶ قبل عیسی عم کے فوت ہوا
۲۰	چیک وانک	.		یہہ بادشاہ بیٹا او وانک کا تہا اور اسکا وزیر اعظم چو کنگ اسکا چچا تہا اور ایام طفولیت مین مسند نشین ہوا تہا اور اسکے دوسری وزیر نے ختا مین ایجاد پیسے سکے کے کیکن بے سکہ اتبک مروج ہے
۲۱	کام وانگ		غبب برس	بعد حکمرانے نکے مرگیا
۲۲	چو وانک	.	لدص برس	یہہ بادشاہ بعد حکمرانے قبل سنہ ۲ عیسی عم کے مرگیا
۲۳	مئو وانک	.		یہہ بادشاہ پیروتا چنیک وانک کا تہا اسکے عہد مین قوم تاتار نے حملہ کیا پس پا ہوی
۲۴	لے وانک	.		یہہ بادشاہ شدت سی حریص تہا او رغربا و رعایا کو انواع طرح سے ستاتا تہا اور جو کن کو وزیر مقرر کیا تہا اس وزیر باتدبیر و خیرخواہ بے نظیر ہنگام بلوہ رعایا بعوض ولیعہد بادشاہ کے اپنے بیٹے کو ٹکڑے ٹکڑے کروا ڈالا
۲۵	سوم وانگ	.		یہہ بادشاہ بہی موافق اپنے پدر کے ظالم و جابر تہا
۲۶	چوسی انک	.		یہہ بادشاہ خاتمہ خاندان چو کا ہے اور لینگ وانگ ۲۳ بادشاہ خاندان چو کے عہد مین کنگ فوزے حکیم نامی پیدا ہوا تہا اور افلاطون حکیم یونانے کے ماکا دادا جسکا نام سولون تہا وہ ہمعصر کنگ فوزے کے تہا ۵۰۰ برس قبل عیسی عم کے یہہ تینو سے بلکہ حکیم فیثا غورث ولد ہیارقس باسد یو مصنف مہابہارتہہ اور گوتما بودہ حکیم ہندوستان جسے ہند ہے چین والون کا ہی ہمعصر ہین فقط

۲۷	ہواں وانگ	۰	یہہ بادشاہ بیٹا جوسی انگ کا ایک سال حکمران رہا
۲۸	جو وانگ سے ان وانگ	۰	یہہ بادشاہ بعد حکم اسکے ایام چند مر گیا
۲۹	چی وانگ سے	مت سن	اس بادشاہ نے بہت حکما وغیرہ کو قتل کیا تہا اور بصلاح و مشورہ سے [illegible] وزیر اپنے کے کتب خانہ قدیم جلوا دیے اور اسکے ایام انتقال کو مورخوں نے ۲۱۰ قبل عیسی عم کے قرار دیا ہے
۳۰	ارسی وانگ سے	۰	یہہ بادشاہ عیاش تہا اور خواجہ سراؤن کا دور و اقتدار اسیکی عہد مین شروع ہوا
۳۱	زنی اینک		اس بادشاہ نے لو یانگ سے مقابلہ کیا اور کچہہ ہو سکا
۳۲	ہی وانگ		اس بادشاہ نے تمام مقابر کہود دوا ڈالے اور زنی اینک کو مروا ڈالا تہا
۳۳	لو یانگ	عت سن	اس بادشاہ پر تہوڑی عرصہ مین قوم تاتار جبے چی نو انگ نے شکست دے تہے عوض لینی کو چڑہ آئے عمر اسکے ۵۳ سال کے تہے
۳۴	ہو سے	۰	بعد حکم اسکے مر گیا
۳۵	وان سے		یہہ بادشاہ بہت نیک تہا اور چیر جہ علم کا بہن یا [illegible] قبل عیسی عم کے مر گیا اور اسکی عہد مین ختائیون نے ایجاد کاغذ کے کئے
۳۶	کیک سے	۰	یہہ بادشاہ بہی نیک ذات تہا بعد حکم اسکے مر گیا اور حال اسکا معلوم نہین ہوا
۳۷	اوتی	للعص سن	اس بادشاہ نے بہی تخت ختا کو خوب جلوہ دیا عمر ۱۱ سال کے بعد [illegible] قبل عیسی عم کے مر گیا
۳۸	چاو تی	:	یہہ بادشاہ بیٹا اوتی کا ہے بہت عیاش تہا

			اور کاہل ۲۸ سنہ قبل عیسی ع م کے انتقال کیا
۳۹	سن ٹے		یہہ بادشاہ قبل ۲۸ سنہ عیسی ع م کے مرگیا
۴۰	ین ٹے	۲۵ سن	یہہ بادشاہ دل و دین کا ضعیف تہا اور تابعدار عورت کا و قدر دان علما کا ہے
۴۱	چنک ٹے	۶ سن	یہہ بادشاہ عیاش و کاہل تہا الا نصیبی و بے اولاد مرگیا اور اس بادشاہ نے اوسی سنہ مین انتقال کیا کہ جس سنہ مین عیسی ع م پیدا ہوی تہے
۴۲	پینگ ٹے	۵ سن	یہہ بادشاہ پوتہ ین ٹے کا تہا بعد حکم اسنے کے راہی ملک عدم ہوا اور اسکا وزیر اعظم وانن وان تہا جسنے اپنے خاوند کو زہر سے مار ڈالا
۴۳	وان وان	۱۸ سن	یہہ بادشاہ لوشنگ اور لوسو خاندان ہان کے اقربا کے ہاتہہ سے لڑائی مین مارا گیا
۴۴	ہی ہوان	دو سال	اس بادشاہ کے حکم اسنے کے ایام عرصہ جنگ مین گذری
۴۵	لوسو	۳۲ سن	اس بادشاہ کو کوانگ اوتی بہی کہتی ہین ۲۵ سنہ ع مین مسند نشین ہوا اور ملک ماچین مین برابر لڑائے رہی یہہ بادشاہ بڑا رحیم و کریم تہا اور شہر ہونان کو پایہ تخت قرار دیا تہا
۴۶	مینگ ٹے		بیٹا لوسو بادشاہ کا ہے توافق اپنے باپ کے حکم اسنے کے اسکے جورو مسماۃ ماچی بڑی مدبرہ و عقیلہ تہی اور اوسی بادشاہ کے عہد حکومت مین مذہب بودھ کا ختا مین رائج ہوا
۴۷	چانگ ٹے	۱۳ سن	یہہ بادشاہ ۵۸ سنہ ع مین تخت نشین ہوا اور ۷۶ سنہ ع مین

نمبر	نام		مدت	کیفیت
				اسکی فوج دشت قیچاق پر مظفر ہوئے تہی اور [illegible] میں مر گیا
۴۸	ہوئے			میا جانگ تی کا تہا [illegible] میں مسند آرا ہوا اسکے عہد مین ایک عورت عقیلہ نے ایک کتاب نصیحت نسا رکے لیے بہت اچہی تصنیف کے
۴۹	چام تے		یک برس	یہہ بادشاہ نہایت کم سنے مین تخت نشین ہوا اور اسکے عہد حکومت مین کثرت سیلاب باران سی نقصان نہایت کا ہوا
۵۰	کان تی		ہشت سال	یہہ بادشاہ ۱۴ برس کے عمر مین تخت نشین ہوا اور عیاش تہا
۵۱	شن تی		سہ برس	یہہ بادشاہ [illegible] میں مسند نشین ہوا اسکے تہا عمر ۱۲ برس کے تہی اور [illegible] مین مرگیا اسکا بچہ دو برس اور تک مغفور کہلایا
۵۲	چیتی			یہہ بادشاہ اچہا تہا الا زند کی مند وفا نکیا زہر دیکر مار ڈالا اسے اینک اپنے سالے کے ہاتہہ سے
۵۳	اوان تے			اس بادشاہ کے عہد مین ایک عالم بیبرو دلکو تہا اوسکو اسی نے اَنگ سے ٹے قتل کروا دیا اور اسکے شاگرد وں نے متفق ہوکر بطراق استادی کا از روی تجہیز و تکفین وغیرہ ادا کیا اور اس بادشاہ کے عہد مین کئی مرتبہ قحط سالی برابر ہونے لگی چنانچہ کوئی جسکے صوبہ سی زیادہ لاکہ آدمی سی نکل گئی اغلب اس بات سی پایا جاتا ہی کہ ملک کے پہلے آبادی شروع ہوی ہو بعد اس کلام کا مضمون شانت پوران کتاب سنسکرت کا ہی کہ مسمی پانچ کہول ختائی نے معہ اپنے قوم کے بہت آدمی نیپال کے پہاڑ ملنا

۶۵	لوسان	۷ برس	بیٹا یوسن بادشاہ کا جو جابر و ظالم کامل تہا اپنی بعد حکمرانی ماری کووت کے ۲۲ سنہ ہجری مین مرگیا
۶۶	مانگ سے	۷ برس	یہہ سلطان برای نام تہا سنہ ۲۶ ہجری مین مرگیا
۶۷	چینگ سے	٠	بعد دو سالکی تخت نشین ہوا اور بلوہ ہوا آخر کو سنہ ۲۱۲ ہجری مین آخر ہوگیا
۶۸	کانگ سے	دو سال	بیٹا چینگ سے کا تہا بعد حکمرانی کے مرگیا اور بیٹا اسکا دو برس حضور کہلایا اور ۱۴ برس اسکے مانا کی سلطنت رہی
۶۹	مہتی	٠	بعد ۱۶ سالکی حکمرانی وخود ممتاز رہ کر سنہ ۳۶۱ ہجری مین مرگیا
۷۰	کی لی	[illegible] برس	بیٹا مہتی بادشاہ کا اپنی استعمال اکسیر کا کرکے مرگیا
۷۱	لی ای	٠ ٠	بہای بکے لی کا بہت مدبر وہوا در تہا سنہ ۳۷۱ ہجری مین مرگیا
۷۲	کین وان	٠	لڑکا ین لی بادشاہ کا بہت دو برس کے اندر ہی مرگیا
۷۳	ہوادلی	٠	۱۴ برس کے عمر مین مسند نشین ہوکر اپنے عورت یا اپنے سی مارا گیا سنہ ۳۹۶ ہجری مین
۷۴	کانمی	٠	یہہ بادشاہ کاہل و مجہول تہا اور سیلان دیپ یعنی لنکا کے بادشاہ نے بطور نذر کے ایک پوتلا الماس کا شبیہ گوتمہ بودہ کے بہیجا تہا بالآخر سنہ ۴۲۰ ہجری مین مارا گیا اور خاتمہ خاندان تنگ سین کا ہوا اور سلطنت خاندان سنگ مین گئی
۷۵	یدلی او	٠	اس بادشاہ نے کنگ لی کو زہر دلوا دیا اور سنہ ۴۲۲ ہجری مین بعد حکمرانی کے مرگیا
۷۶	شاوتے	٠	بیٹا سے او بادشاہ کا بہت الاغافل تہا
۷۷	وان لی	٠	بہای شاو لی کا تہا بہت مدبر اور زیرک تہا دو قدر دان

نمبر	نام	مدت	کیفیت
			شہرا راکثر مدرسی اسنی بنواے اور لامہ گورو کے مذہب کا بڑا دشمن تہا آخر اپنے بیٹے کے حکم سے قتل ہوا
۷۸	لوسن		اس بادشاہ کے عہد مین سفیر ہند کے رجواڑون کے اور بخارہی کے دربار مین فغفور کے تحفہ لای تہی
۷۹	نی تی		بیٹا لوسن بادشاہ کا تہا الابڑا بدطور ومردم آزار آخر کو خوجہ کی ہاتہہ سی مارا گیا
۸۰	میم تی		یہہ بادشاہ بڑا خونخوار تہا سنہ ۱۲۷۶ء مین مسندنشین ہوکر ہاتہہ سی تاوچینگ سپہ سالار کے گلا کہونٹ کر مارا گیا
۸۱	سیم سے	دوسال	یہہ لڑکا بیٹا ہی میم سے کا تہا کہ تاوچینگ سپہ سالار نے تخت نشین کیا تہا اور خاتم گہرانے سنگ کا ہے
۸۲	تاوچینگ	للعہ سس	یہہ بادشاہ وہی سپہ سالار مذکورہ بالا ہے کہ بعد مسند نشینی کے لقب اپنا کاوتی رکہا اور خاندان سنگ کا کہلایا اور اسنی شہر نانکین کو دارالحکومت مقرر کیا
۸۳	اوتی		بیٹا تاوچینگ کا ہی حاکم نیک خودشکار دوست تہا سنہ ۱۳۸۲ء مین مسندنشین ہوکر سنہ ۱۳۹۳ء مین مرگیا
۸۴	سولن		اسنی اپنا لقب مینگ تی رکہا تہا آخر کو مرگیا
۸۵	ہوتی	یکسال	یہہ بادشاہ سنہ ۱۳۵۳ء مین خانوادی تی انگ کے پہلا فغفور کہلایا آخر بعد حکم اسنے کے مرگیا
۸۶	تی انگ اوتی	للعہ سس	یہہ بادشاہ مدبر وبہادر تہا اسکی عہد مین جتن اور سیلان دیپ یعنی لنکا اور بحر مشرق کے جزایر اور تاتار اور ایران وغیرہ کے سفیر تحفہ لیکر حاضر ہوی تہی آخر کو سنہ ۱۴۵۹ء مین مرگیا

۸۷	کین وانگ ٹی	۰		بیٹا ٹی انگا دٹی کا ہی اسکو ہوکینک سردار باسٹے نے مارڈالا
۸۸	نین ٹی	۰		یہہ بادشاہ خاندان لی انگ سی تہا [illegible] مین تخت نشین ہوا عاشق اکسیر بقا کا تہا
۸۹	کین ٹی	۰		اس بادشاہ نے بشتن یاسن قاتل اپنے بہائے کو اپنا وزیر اعظم بنایا تہا آخر کو [illegible] مین تاج و تخت اوسکو دیکر گوشہ نشین ہوا
۹۰	شتن یاسن	۰		اس بادشاہ نے پارسائی سی اوقات بسر کرکے خلق اللہ کو ارام دیکر [illegible] مین راہی ملک عدم ہوا
۹۱	ین ٹی		معہ سس	بہتیجا شتن یاسن مذکور کا ہی [illegible] مین بعد علالت کستری کے مرگیا
۹۲	پی سن	۰		یہہ بادشاہ صغر سن مین برای نام تخت نشین ہوا اختیار کل اسکے چچا چین ہن کو حاصل تہا
۹۳	سی الی ٹی		للعد بس	یہہ بادشاہ بہائی ین ٹی بادشاہ مذکورہ بالا کا ہے اسکے عہد مین مغلون اور بعض اطراف کے ملکون کے سفیر آئی تہی آخر [illegible] مین آخر ہوگیا
۹۴	ناد جی	۰		بیٹا سی ان ٹی کا ہی الاعیاش وظالم اپنے نفس کا تہا
۹۵	یم کیانگ	؛		یہہ بادشاہ بڑا مدبر تہا اپنے خاندان کا نام سور کہا اور تمام مملکت ختا کا حکمران ہوا
۹۶	ین ٹی	۰		یہہ بادشاہ اپنے باپ کو مارکر مسند نشین ہوا اور بہت سی نہرین اسنی بنوائین اور تجارت کو بڑی سہولت ہوی آخر لی یان وزیر اعظم نے مارڈالا

۹۷	لی یان	.	بعد مسند نشینی اس بادشاہ کے خاتمہ خانوادی سوکا ۶۱۹ عیسوی مین ہوا
۹۸	تاہی شانگ	عہ سس	بیٹا لی یان کا تہا دریا و زاولے العزم سرحد ایران تک اسنی اپنا حکم جاری کیا اور تبت بزرگ کے قوم و والے قبچاق سے اسنی خراج لیا اور اسیکی عہد مین غالب ہے کہ دین اسلام کا رواج ختا مین ہوا چنانچہ ختا کے مورخ مسلمانون کو ہو ای ہو کہتی ہین اور یہی لقب اوس قوم تاتار کا تہا جسنی پہلی اسلام کو قبول کیا تہا اور اس بادشاہ کے عہد مین راجہ اوجین و کشمیر و سلہٹ و نیپال و نوشاہ بتکدہ متعلقہ ہند و والے خراسان و ماوراء النہر و روم قدیم نے اپنے اپنے سفیر معہ نذور فغفور کے حضور مین بہیجی تہے بالاخر ۶۴۹ عیسوی مین مرگیا
۹۹	کاوچینگ	.	بیٹا تاہی شانگ کا ہے مگر زن مرید و عیاش تہا اسکے حیرل ما نے اپنے پوتی کو تخت سی اوتاکر تخت نشین ہوی اور ۲۱ سال حکمرا کے
۱۰۰	جی سنگ	.	بعد حکم اسنے کے مرگیا نہ زیادہ نیک و نہ بہت بد تہا
۱۰۱	ہن سنگ	.	بیٹا جی سنگ کا ہے بڑا دانا قدردان شعرا تہا بعد اسکی بیٹا اسکا معہ ساتی و بادہ آرا رہا
۱۰۲	تاسنگ	.	بیٹا ہن سنگ کا تہا ۶۲۳ عیسوی مین تخت نشین ہوا
۱۰۳	تی سنگ	.	۸۰۰ عیسوی مین تخت نشین ہوا یاوجود یکہ بہہ حماقت او سنی کے کہ چون کو بہر ثروت دی گویا پاون جو تی سر پر رکہی اور ہارون رشید بادشاہ نے

			اسکی جادو جلال کا شہرہ سنکر تحفہ بہیجا تہا اسکو یوتا شنشہ ہ میں مسند آرا ہوا تہا
۱۰۴	پیتاسنگ	.	اسیر بقا کے طمع و فقیری بن اکر ہلاک ہوا
۱۰۵	کینک سنگ	.	سنہ ۲۵ ھ میں تخت نشین ہوا آخر بانہہ خوجون سے مارا گیا
۱۰۶	ون سنگ	للہ سس	بعد حکم اسکے راہی ملک عدم کا ہوا
۱۰۷	مداو سنگ	.	یہہ بادشاہ مدبر و نیک طینت و عالی ہمت تہا اسیر بقا کے لالچ مین اپنے تئین ہلاک کیا
۱۰۸	لن سنگ	.	خوجون نے ایک سے روز مین بادشاہ تہا وزیر کو زہر دلوادیا
۱۰۹	ستینک جانگ	.	سنہ ۶۹ ھ مین تخت نشین ہوا الابرای نام بادشاہ تہا اور زن مرید
۱۱۰	ای سنگ	.	بیٹا سینگ جانک کا تہا بعد حکم اسکے مرگیا
۱۱۱	ہی سنگ		بیٹا ری سنک کا ہی ۱۲ برس کے عمر مین تخت نشین ہوکر سنہ ۸۰ ھ مین مرگیا
۱۱۲	چوسنگ	.	بیٹا ہے سنگ کا ہے مفتن و مدبر تہا بعد اسکی سلطان لیانگ نے بلوا کرکے و بادشاہ کو مارکر خانوادی ٹانگ کو مٹا دیا
۱۱۳	چوکوانگ یین	.	یہہ بادشاہ خاندان سنگ کا ہے اور لقب اسکا تیسو ہوا و رمعنی تیسو قسدگاہ عالیجاہ کے ہین اور اس بادشاہ نیک نہاد کو مطیع اللہ ابوالقاسم ابوالعباس نے جو خلفای ال عباس سی تہے سنہ ۳۶۲ ھ مین تحفہ بہیجا تہا آخر کو سنہ ۳۶۷ ھ مین عالم

			فانی کو یدرود کیا
۱۱۴	دی سنگ	.	بیٹا چوکوانگ ین کا تہا سنہ ۹۹ء مین انتقال کیا
۱۱۵	چین سین	.	اس بادشاہ بیوقوف نے سنہ ۱۱۲۳ء مین انتقال کیا
۱۱۶	چینگ سنگ	.	بیٹا چین سین کا تہا صغر سن مین تخت نشین ہوا اور مابکل قیصر روم نے اپنے پاے تخت قسطنطنیہ سے تحفہ بہیجا اور اس بادشاہ کے بعد تین بادشاہ اور پی در پی تخت نشین ہوی و مرگئی کوی سانحہ قابل ذکر نہین ہوا
۱۱۷	ہوی سنگ	.	بعد حکمرانی راہی ملک عدم ہوا
۱۱۸	کن سنگ	.	بشرح ایضاً
۱۱۹	کاو سنگ	.	بشرح ایضاً
۱۲۰	ہوشانگ	.	سنہ ۱۱۹۲ء مین تخت نشین ہوا و بعد حکمرانی مرگیا
۱۲۱	نیم شانگ	.	سنہ ۱۱۹۹ء مین تخت نشین ہوا اور اسکی وقت مین لڑائیان ہوئین
۱۲۲	توشنگ	.	سنہ ۱۲۶۶ء مین تخت نشین ہوا الابد کردار تہا اس سبب سے امرا نے قبلا خان پوتے چنگیز خان کو جو خاقان تاتار تہا پیام ملک حوالہ کرنے کا بہیجا
۱۲۳	کنک سنگ	.	ہنگام طفولیت مین حکمران ہوا اس وقت مین بایا خان کو معہ فوج قہار قبلا خان نے بہیج کر ارادہ دار الخلافۃ لینی کا کیا آخر شہر ہانگ چو پای تخت فغفور کا چہن گیا اور خاتمہ گہرانی سنگ کا ہوا اور دور مغلون کا ختا مین آیا

۱۲۴	قبل خان			یہہ بادشاہ بڑا بہادر و مدبر اور خلق پرور تہا اسکی تعریف تاریخ چین مین بہت مندرج ہی جسکو دیکہنا ہو دی اوسکی طرف رجوع لاوے اور حال سفا کے جنگیز خان کا بہی بخوبی مطالعہ و ملاحظہ کیا ہی الا بطور نمونہ از خروارے کچہہ حال جنگیز خو بیر کا نیچی ہی لکہا جاتا ہے فاعتبروا یا اولی الابصار اور بیگم قبل خان کے بہت بڑی عاقلہ و عفیفہ تہی
۱۲۵	نیوجی یعنی خرجی			اس بادشاہ کے عہد مین تموجین ایک بڑا اسپ دبہادر تہا اور خطاب جنگیز خان کا پایا اور طغرل خان جسکو پریسٹر جان بہی کہتے ہین قوم قیرات کے بہادر سردار کو جو عیسائی ہو گیا تہا حکم لڑنے تاعیون سی ہوا تہا کہ فتحیاب ہووے اور جنگیز خان نے طغرل کے کہو پری کو پیالہ شراب کا بنایا تہا اور وسے تانجوتی اپنے بیٹے جنگیز خان کو نذر دی تہی اور جنگیز نے نیوجی بادشاہ پر بعد مقابلہ ساتہہ تین لاکہہ فوج کے فتح پائی تہی اور قوجی خان و اوکتائی خان و تولی خان و چغتائی خان پسران جنگیز خان کے تہے اور سنہ ۱۲۲۵ء مین نیوجی مر گیا اور اسی عرصہ مین تاتار گو یہہ دوسری قوم تاتار کے شاہ سد اسکے مغلون کے دوسری دشمنون کو جگہ دے چہ کہ اسی امر کے انتقام لینے کے واسطے بہانہ ٹہرا کر جنگیز خان نے فوج بہار لیکر ادسیر تاخت کی

			کہتی ہین کہ اوس لڑائی مین تین لاکہہ لاشین صرف دشمن کے شمار مین آئی تہین العظمة لله تعالے
۱۲۶	ہانگ وو	.	اس بادشاہ نے ملک کو مغلون سی چہین لیا اگرچہ ایک غریب مزدور کا بیٹا تہا اور اسکی بیگم بہی مثل بیگم قبلا خان کے عفیفہ و مدبرہ تہی
۱۲۷	نیگ لو	.	نیگ لو اسکا نام وقت تخت نشینی کے ہوا اور بیرحم و خونریز تہا اور اسکی عہد مین شاہ خلیل بادشاہ سمرقند اور چین کے فغفور ونسی نامہ و پیام شروع ہوا
۱۲۸	جین سانگ	.	بیٹا نیگ لو کا ہے اور نہایت غربا پرور تہا
۱۲۹	سون سنگ	.	اسکی عہد مین دو بلوی ہوی اور سنہ ۱۴۳۶ء مین مرگیا
۱۳۰	ینگ سنگ	.	آٹھ برس کے عمر مین تخت نشین ہوا اور سلطنت مین سنہ ۱۴۴۳ء تک امن رہا
۱۳۱	چینگ وانگ	.	اسکی عہد مین اینگ سنگ سردار سی لڑائی ہوی آخر کو سنہ ۱۴۶۴ء مین مرگیا
۱۳۲	ہین سنگ	.	چینگ وانگ کا بیٹا تہا الا ضعیف العقل و زن مرید سنہ ۱۴۸۵ء مین مرگیا
۱۳۳	ہنگ چی	سس	بیٹا ہین سنگ کا تہا یہہ اپنے باپ سی زیادہ مخبط تہا
۱۳۴	ادسانگ	.	بیٹا ہنگ چی کا تہا ۱۵ برس کے عمر مین تخت نشین ہوا اپنے باپ و دادا سی بدتر نکلا اور اسکی وقت مین ایسا قحط پڑا کہ نوبت آدمی کو آدمی کہانے کی پہونچی تہی
۱۳۵	ستی سنگ	.	پوتا سنگ کا تہا بعد حکم انے کے مرگیا

نمبر	نام			کیفیت
۱۳۶	محننگ		.	اسنی بندوبست ملک کا اچہا کیا بعدہ سنہ ۱۶..ع مین مرگیا
۱۳۷	شنیگ سنگ		.	بیٹا محننگ کا ہے اور سنہ ۱۶..ع مین فرنگستان کا ایک بڑا مشہور سیاح پادری ریچی صاحب کئے پادریون کو لیکر فغفور کے حضور مین گیا اور نئے مذہب عیسای کو ہوی اور فغفور سنہ ۱۶۲.ع مین مرگیا
۱۳۸	کوانگ سنگ		.	بڑا بیٹا شینگ سنگ کا ہی اور بہادر ... تہا
۱۳۹	ہی سنگ		.	یہہ بادشاہ چہوٹا بیٹا شنیگ سنگ کا ہی سنہ ۱۶۲.ع مین مرگیا
۱۴۰	کوہی سنگ			بیٹا ہی سنگ کا تہا اور سنہ ۱۶۳۵ع مین اپنے تئین خطاب فغفور کا دیا تہا
۱۴۱	شنیسے خان		.	یہہ بادشاہ تخت نشین خطا کے مملکت کا جب ہوا اور اسی وقت سی اجتک اسی کے خانوادی کے لوک مالک تاج ونگین ملک چین کے ہین
۱۴۲	چن جی خان		.	یہہ بادشاہ شاور وز تدبیر مملکت مین مشہور اور ملک داری کے صفتون سے موصوف تہا
۱۴۳	سلطان لو		.	بعد حکمرانی کے قتل ہوا
۱۴۴	جانگ ہینگ چنگ			بیٹا چنگچی لنگ کا تہا ذریعہ وکیتی سر بسر حکومت پر بیٹہا بڑا ظالم اور اسنی جنگ قوبای تخت صوبی کے چارون طرف کے رہنی والون کو نکالا اور ایک ایک کرکے چہہ لاکہہ سر خود مالی لیکر بچہ شیر خوارہ تک کو مار ڈالا بعد اسکے اپنے سبہ آدرحرمون اور خواصون اور

				کنیزون کو شکر اگے ذبح کر کے ڈہیر کر دیا تس پیچہی چار لاکہہ سے زیادہ عورتین چکر سے نکالین اور مار ڈالی گئین آخر کو حربہ تیر سی ایک خبر گدر کے واصل جہنم ہوا
۱۴۵	نینگ لو		..	یہہ بادشاہ خوف جان لیکر شاہ پیکو کے نزدیک پناہ گیر ہوا اور سنہ ۱۲۶۱ع مین مر گیا
۱۴۶	کان ہی		۶۰ برس	بیٹا نینگ لو کا تہا اٹھہ برس کے عمر مین مسند نشین ہوا اور بڑا علم کو دوست رکھنی والہ تہا اکثر تالیف و تصنیف مین مشغول رہتا تہا اور حال یہ کوے کا یہہ تہا کہ سو نسخہ سی زیادہ اوسکا کلام ہے اور ختا سے زبان کے پہلی لغت تتیس جلدون مین اور حکمار کے پند اور نصایح ایک سو اکتیس جلدین سب فغفور کے اہتمام مین چہپی تہیں اور اسی فغفور کے عہد سی اہالی تبت سرکار ختا کے باجگذار آجتک ہین اور اسنی دعوت بہت دہوم سی کے تہے کہ گویا موجد اوسکا ہے
۱۴۷	ینگ چینگ		.	بیٹا کان ہی کا ہے اسکی عہد مین صوبہ چہیلی اور سانٹنگ اور ہونان مین قحط پڑا اسنی مالگذاری دس سال کے معاف کر دی اور سنہ ۱۷۳۰ع مین صوبہ چہیلی مین شدت زلزلہ سے ہزارون آدمی مر گئی اور یہہ بادشاہ بہی سنہ ۱۷۳۶ع مین مر گیا
۱۴۸	کین لنگ		۶۰ برس	بیٹا ینگ چینگ کا تہا اسنی شہر ایل پاسے

				تخت ملک قلماق کو چھین لیا اور دس لاکہ قلماق کے لاشین ڈھیر کے گئین اور سنہ ۱۷۶۶ع مین شاہ برہما سی لڑائے ہوے الاغلبہ برہما اون کو ہوا اور اسکی عہد مین ایک ختای قوم جو کنول گئے کہلاتی تہی مستعد بفساد ہوے اور لاگر وسل انتقال کیا اور فیما بین دو فرقہ ایک سفید کلاہ والے یعنی آق باشی جسی سنی کہتی ہین اور دوسری سرخ کلاہ والی یعنی قزلباشی جسی شیعہ کہتی ہین اپنے مذہب کے سبب سے جنگ وجدل واقع ہوئے اور وان لنگ نے جو اپنے تئین فغفور قرار دیا تہا بسبب ہزیمت پانے کے خود کشی سے ہلاک ہوا اسی بادشاہ کے عہد مین اور سنہ ۱۸۰۶ع مین اس بادشاہ نے کئی جہاز روسیون کے جو کانتان مین پہونچی تہی مسترد کروا دی اور جب اسکے جلوس کا عرصہ ۶۰ برس گذرا یہہ بادشاہ اپنے خوشی سے بعد کرنے دعوت بت ہوم کے موافق دعوت اپنے دادا کے بلکہ بیروسے ہر امور مین اوسیکی موافق کرکے تارک الدنیا ہوا اور عبادت مین مشغول رہا آخرش ۸۹ سال کے عمر مین جہان فانی کو پدرود کیا اور اسی بادشاہ کے عہد مین فارسیون نے بلوہ کرکے لاکہ آدمی سے زیادہ فغفور کے مارڈالے
۱۳۹	کیا کنگ			بیٹا کین لینگ کا تہا اور مجہول وکم عقل ودردا نہ ہم

				که عهد جلوس سے مرگ تک برابر ملک مین بلوا رہا اور اس بادشاہ کے عہد مین جنگ کے ڈاکو کے بڑے بڑے عاقلہ و مدبر تھے سنه ۱۸۱۳ع مین بڑی قحط سالے ہوے اور رعاقلہ کو رہ ستر ہزار ڈکیت پر قادر تھی آخر کو فغفور سنه ۱۸۲۰ع مین مرگیا اور اس مملکت مین ظاہر ہوا
۱۵۰	تا. ؤ کوانگ			یہہ بادشاہ ولیعہد کیا گیا کا ہے سنه ۱۸۲۰ع مین بعد مرنے اپنے باپ کے وسادہ آرای حکومت ہوا اور اسی کے عہد مین یعنی سنه ۱۸۴۰ع مین سرکار کمپنی انگریز بہادر سے لڑائی شروع ہوے آخرش عہدنامہ نانکین سنه ۱۸۴۲ع کو حسب شرح ذیل لکھا گیا کہ خاص شرطین اور شرائط یہہ مین پہلے یہہ کہ درمیان دونو مملکتون کے صلح اور آشتی ہمیشہ رہے دوسری یہہ کہ فغفور چین چار کرور روپیہ زرتاوان اخراجات لڑائی کے باب مین سنہ وان اور اپنے دو برس کے عرصہ مین ادا کرے تیسری یہہ کہ کانٹان اور اموی اور فوچوفوا اور ننگپو اور شانگہائی نامی کی پانچون بندر مین انگریزی تجارت کرنے اور اونمین گماشتگان سرکار انگریزی رہنے پاوین اور سمندری اور ملکی سوداگر کے آمدنے اور رفتنی محصول کا نرخ نامہ عدل اور انصاف کے رو سے قرار پاکر خاص

و عام پر مشہور ہووی چوتھی یہہ کہ ہانگ کانگ
کا جزیرہ شاہ انگلستان اور اوسکی تمام
جانشینون کو نسلا بعد نسل بدوام کے لیے
حوالہ کر دیا جاوی پانچوین یہہ کہ شاہ
انگلنڈ کے جتنی رعایا خواہ ولایت فرنگ
خواہ دوسری ملکون کے جو کسی جگہ پر مملکت
چین مین مقید ہووین فورا مخلصی پاوین
چھٹی یہہ کہ فغفور فرمان اپنے خاص مہر اور
دستخط سی جاری کری کہ اون ختائیون سے
کسی طرح سے پرخاش نہین کی جاوی کے جنہون
نے سرکار انگریزی کے تحت مین سکونت
اختیار کی ہی یا نوکری کے یا راہ و رسم رکھی
ساتوین یہہ کہ خط و کتابت اور ملاقات درمیان
عملکان سرکار ختا اور سرکار انگلستان کے
برابری کے پایہ پر ہمیشہ وقوع مین آوے
آٹھوین یہہ کہ جب تک فغفور اس عہد نامہ
کو قبول اور زرتاوان ایک کرور بیس لاکھ
روپیہ ادا نکری انگریز کا قبضہ شہر نانکین اور
شہر ختا کے میانی پر گو یا ختائیون کے
مرخیتی پر اور شہر جنکہای پر بحال رہے
فقط بعد دستخط کینگ سفیر ختا اور مہر کے
پانچ تو پین سلامی کے سر ہوئین اور اس اثنا
مین ۱۱۰۸۴ تو پین فغفور کے پاس چہین لی گئین

۴۹

نقشه مملکت ختا یعنی چین بقید صوبجات و تعداد باشندگان اجمالاً

عدد	نام صوبه	[illegible]	تعداد مردمان صوبه	تعداد شهرهای متعلقه صوبه	[illegible]	کیفیت ضروریه
۱	پیچیلی	پیچین [illegible] لاکه	[illegible] کرور [illegible] لاکه	[illegible]	[illegible] لاکه [illegible]	جمله فوج قلمبند سلطنت ختا یعنی چین کے [illegible] لاکه ہے از انجمله [illegible] لاکه سوار کے و [illegible] لاکه پیاده اور سب ملک چین [illegible] صوبه پر منقسم ہے اور سرحدات ملک چین یہه ہین شمال ملک تاتار شرق بحر چین غرب کوہستان و صحرا و بیابان تبت جنوب بحر محیط و ملک تانکن و ختن اور عرض و طول خاص ملک چین کا یہه ہی کہ دیوار ختا سے سمندر تک جو شمالے و جنوبے سرحد ہین ولایت چین خاص قریب آٹھ سو کوس ہین اور شرقے سمندر سی سرحد تبت تک

						ملک ساڑھی سات سو کوس عرض مین ہے اور فغفور کے عملداری سوای ملک چین کے اور بہی بہت ہی اور سرحدات متعلقہ اس صوبہ کے یہہ ہین شمالی دیوار ختا و جنوبی صوبجات شانتون وہونان اور شرقی دریای شور اور غربی صوبہ شان سی کے پہاڑون کے قطار اور چین کو نیگ کینگ بہی کہتی ہین اور ملک ماچین کا ہے شامل ملک ختا کے ہی یعنی اہل ختا کے ماچین واسطے باجگذار ہین اور رہوی کا شہر جو پای تخت ماچین کا ہے سات کوس کے دایری مین ہے اور اوس ملک مین ۸۰۰ ہاتہی جنگی اور ۵۰۰۰ سپاہ و ۵۰۰ ہاتہی خبروی کلان اور ۲۰۰ ایک ایک توپ کی واسطے جنگ کے مہیا رہتی ہین اور گرد دولت سرا کے ۱۲۰۰ توپین جوسی ہین فقط
۲	کیانگ نان	نانکین	۴۴ کرور عدد لاکھ	معہ ۳ [illegible]	دو کرور [illegible] لاکھ [illegible]	منجملہ شہرہای اس صوبہ کے ایک شہر چانگ ہی کہ اوسمین دو لاکھ جولاہی سوتی کپڑی کے بنانی والی رہتی ہین اور اس صوبہ کے باشندی بہت اہل وخلیق وصاحب علم ہوتی ہین خصوصاً المبار یہاں کی بڑی کامل ہین اور شہر نانکین کے باہر ایک بڑا مینار ملا کا رچینی کے روغن کا چار سو برس سے زیادہ کا بنا ہوا ہے اور ایک سو ۱۲۳ ہاتہہ کا اونچا ہے لاکہہ روپیہ کے

نمبر	صوبہ	دار الحکومت	آبادی		آمدنی	کیفیت
						صرف مین طیار ہوا ہی اور لال روی کا کپڑا لال کین مشہور ہی کہ اوسکی رنگت اصل روی کی رنگت ہی اور شہر یجو مین چاہ وشی چینی کے برتن بنائی کی اور معدنیات مثل طلا و نقرہ و مس کے اور سرحدات اس صوبہ کے یہہ ہین غربی صوبجات ہونان وہوکوانگ وجنوبی چنگیانگ وچنگٹانگ وشرقی سمندر تا کین فقط سونی و چاندی کی ریت اور فیروزہ وطوطیا و پہٹکری کا معدن ہی
۳	کیانگسی	نان چان	ایک کرور لعہ لاکہ	عہ/۲	لعہ لاکہ سالانہ علاوہ ساٹہہ لاکہ ۴۰ ہزار من اقسام غلہ	اس صوبہ کی پہاڑون مین معدنیات سونا و چاندی و لوہا و سیسہ و ٹین کے ہین اور ہر طرح کی ادویات بناتی اور چاول لطیف پیدا ہوتا ہی اور مچھلیان بہت لذیذ اور چینی کی برتن والی کمہار بہت رہتی ہین اور دس لاکہ باشندی ہین اور شہر کین سے ہین پانچ سو بھٹی چینی کی برتن کی ہی اور شہر کوانگ فینگ کے پہاڑ مین معدن بلور شفاف کا ہی اور شہر فوجو مین چاول شفاف مثل بلور کی ہوتا ہی اور بوجو فو دین چو شہر کی پہاڑون مین سونی و چاندی کی ریت اور فیروزہ و طوطیا و پہٹکری کا معدن ہی
۴	فوکینگ	فوچو	ایک کرور ص لاکہ	عہ	للعہ لاکہ لعہ سالانہ	اس صوبہ مین کوہستان و معدنیات بہت ہین اور پہاڑون کی چوٹیون سی زراعت ہوتی ہی اور پانی کو کئی ہزار ہاتہہ اونچا بانسون کی نلون سی ختای لوگ علم جر اثقال کی راہ سی پہنچاتی ہین اور یہان کا لوہا بہت اچھا ہوتا ہی اوسکی اسلحہ دور دور تک

						پہنچتی ہیں اور یہاں کی لوگ علم ناقداہی یعنی مرکب زانی و جبر المار میں کامل ہیں اور سیاہ چاہ اطراف فوچو میں پیدا ہوتی ہی سی نین چو کا شہر بڑا ہی پل عجب و بانکا ہیں سو پل پای پر کھڑا اور قائم ہے اور ین پنگ میں پہاڑوں کے چشمہ سی بانسوں کی نل سی نہریں گھر گھر جاری ہیں اور شہر جان چو کا بڑا تجارت گاہ ہی اور اسکی پہاڑ میں معدن بلور کی ہی اور شہر فونینگ چو میں ایک ندی پہاڑی ہی کہ جسکی پانی سی کیرہ سبز رنگ فیروزہ پختہ بن جاتا ہی اور اسی صوبہ کی ایک جزیرہ میں ایک ہی سنگ مرمر کا ہی فقط
۵	چی کیانگ	ہانگچو	دو کرور عـــ لاکہ	[illegible]	دو کرور لاکہ [illegible]	یہاں کی باشندی مسافر پرور و خلیق ہوتی ہیں اور یہاں ریشم بہت پیدا ہوتا کمخواب و زربفت کے تہان از اطلس بنای جاتی ہیں اور اس قدر ارزان ہیں کہ موٹی ململ کے قیمت بہ نسبت ہندوستان کے مل سکتی ہیں اور شہر ہانگچو میں ساٹھ ہزار کاریگر صرف زربفت باف ہیں اور دس لاکہ سی زیادہ آدمی اسمیں رہتی ہیں اور نہریں پر تکلف و عمارات نفیس اس شہر میں ہی اور اس شہر کی قریب دریای چینگ تانگ میں ہما بڑی زور و شور کا بقدر بلندی تین درخت تاڑ کی آیا کرتا ہی اور ہانگچو شہر میں سیہو کی جھیل مشہور ہی کہ اوسمیں عمارات و جزیرہ اور پل اور باغات اور

						پہاڑ مصنوعی موجود ہین اور شہر ہوچو مین ریشم کا کارخانہ اور [illegible] لاکہ تہان کا کمخواب کے تہان سرکار مین فغفور کی بابت محصول کی جاتی ہین اور شہر چوہینگ کے باشندی بڑی نقشی و منشی مشہور ہین اور شہر ہوچو کی جنگلون مین درخت صنوبر کا ایسا تناور ہوتا ہی کہ چالیس آدمیون کی گوپی مین آسکی اور اس صوبہ مین اٹہارہ قلعہ مثل شہر کے وسیع و آباد ہین فقط
٦	ہوکوانگ	بوچانگفو	دو کرور [illegible] لاکہ	[illegible]	[illegible] کرور [illegible] لاکہ	اس صوبہ مین موم شفاف و کاغذ بانس کثرت سی ملتا و بنتا ہی اور شہر بوچانگفو مین یانگ ذی کیانگ کا دریا بہتا ہی کہ اوسمین دس بارہ ہزار جہاز شہر کی سامنی پانچ چار کوس کے عرصہ تک لنگر کئی رہتی ہین اور شہر سیانگ نانگ فو کی اطراف کے پہاڑون مین معادن سونے و چاندی کے ہین الا کہودنے کے ممانعت ہی اور یہی معادن فیروزہ و پہٹکری کے پہاڑون مین ہی اور شہر ٹون ٹین مین ایک جزیرہ متحرک ہی اور چانگ جافو کی پہاڑون مین معدن سنگ [illegible] ہین فقط
٧	ہونان	کیفونگ فو	دو کرور [illegible]	[illegible]	یک کرور [illegible] لاکہ	شہر نان یانگ فو کی پہاڑون مین فیروزہ حاصل ہوتا ہی و ایک طرح کا سانپ ہے جسکی دوا سی لقوہ و فالج دور ہوتا ہی فقط
٨	شان تان	چی نانگ فو	دو کرور [illegible]	[illegible]	یک کرور [illegible] لاکہ	اس صوبہ مین بارش کم ہوتی ہی نہرون کے پانی سی گذارہ ہوتا ہی الا اس

						قدر پیدا واری غلہ کی ہوتی کہ بارہ ہزار کشتی غلہ کے بہاسی بجیں کو ہر سال بہر سپاہی بہر ہو کی جاتی ہی اور لنگ موسی حکیم الحکما جسکی رای کی صوابدید برا جسنگ انتظام ملک ختا کا ہی رہنی والہ شہر جو ہین متعلقہ اس صوبہ ہین پیدا ہوا اور تانگ چینگ نو شہر لنگر گاہ ہزار دون جہاز کا ہی فقط
٩	شان سے	شی این فو	دو کرور [illegible] لاکھ	[illegible]	ایک کرور [illegible] لاکھ [illegible]	صد یا قلعہ دیوار ختا کے قریب جابجا واقع ہین اور سور و مشک اور ریوند چینی و سنگ سماق و سنگ مرمر و سنگ پر بہر اقسام رنگ کا نکلتا ہی اور کان آہن و شوری کی ہی اور باشندی یہاں کی بہت مضبوط و بہادر ہوتے ہین الاحدشی زیادہ کو دن والہ اور مستورات یہاں کی حسینہ و جمیلہ ہوتی ہین اور انگور بہت تحفہ پیدا ہوتا ہی اور معدنی کوئلہ بہی ہوتا ہی فقط
١٠	جین سی	سی نگان فو	[illegible] کرور	[illegible]	[illegible] کرور [illegible] لاکھ [illegible]	اس صوبہ ہین ریوند چینی و مشک و شنجرف و موم سپید و صندل و سنگی و کوئلہ کثرت کے ساتھ ملتی ہین اور کئی کان طلا کی ہین الا بسبب ممانعت فغفور کے کہودی نہیں جاتے بلا وقت ضرورت اور یہاں کی باشندی سلیم الطبع و اچھی ہوتی ہین اور شہر ان جیان فو کے کوہستان میں مشک کا ہرن پیدا ہوتا ہی اور ایک سڑک اس شہر تک کئی شہر لون سی آئی

						بہت عجب کہ کئی ہزار یعنی ایک لاکہ مزدوروں نی راستہ کو آراستہ کیا تہا عرصہ چند ماہ مین اور شہر مین لیان فو مین خندق ایسی گہری ہی پانچ کوس تک کہ روشنی آفتاب کی دوپہر دن کو وہان نہین پہونچتی اور شہر کون چان فو مین ایک قبر ہی کہ بروایت ختائیان قبر فغفور فوحی بادشاہ اولین ملک چین کے ہی اور بروایت بعضی مورخون کے فغفور فوحی و حضرت نوح علیہ السلام ایک ہی ہین واللہ اعلم
۱۱	سی چواین	چن ڈو فو	دو کرور معہ لاکہ	عہ	یک کرور لہ لعہ لاکہ عہ	اس صوبہ مین ریشم کے پیدائش اور پہاڑون مین ٹین وسیسہ و کہربا و فیروزہ و سنگ مقناطیس و مشک کثرت سی پیدا ہوتی ہی اور نمک سار یہان کے پہاڑون مین ہی اور پاؤ نین فو کا شہر کیالین کے دریا کنارے واقع ہی آہوی مشک اور اقسام جواہرات اوسکی پہاڑون پر پیدا ہوتی ہین اور کوئی جو فو کا شہر دریائے کیانگ پر واقع ہی تجارت گاہ عظیم ہی یہان بہی پہاڑون پر آہوی مشک ہوتا ہی اور لوک پہاڑی وحشی نژاد ہوتی ہین اور جی سی کی شہر مین مولد فغفور ریو کا جو بڑا بادشاہ تہا ہی اور شہر کنگا ٹین جو مین چاول بہت پیدا ہوتا ہی اور آہوی مشک بہی افراط سی پہاڑون پر ملتی ہین اور بارہ کا ایک پہاڑ

						وہاں بہت عجیب ہے کہ وہاں حاجی سی اہل حج کا جہاز پانچ پہر میں جاتا رہتا ہی فقط
۱۲	کوان تان	کوان چو فو	دو کرور ۔ لاکھ	۲۷ [illegible]	[illegible] لاکھ [illegible]	اس صوبہ میں محاصل کثیر اور معادن ہر طرح کی ہیں جنگل میں آبنوس و صندل اور اقسام طرح طرح کی لکڑیاں اور سمندر میں موتی نکلتا ہی اور ایسا تجارت گاہ عظیم ہے کہ آٹھ کرور روپیہ کا مال تجارت ہر سال فرنگستان میں جاتا ہی صرف ایک قسم چاء کی لاکھ کہ [illegible] ہزار من ہر سال فرنگستان کو جاتی ہی اور فرنگستان سے تین کرور روپیہ کا مال اکثر یہاں بکتا ہی اور اس بندرگاہ میں فرنگی و حبشی [illegible] ولایتی و ہندوستانی و مغل و عرب و رومی کثرت سی دکھائی دیتی ہیں اور شہر کی نسبتی چونکہ بہت ہزار سے زیادہ جہاز لگے رہتی ہیں یہاں کی دوکاندار اکثر وخلیق و [illegible] انگلش میں فقط
۱۳	کنواسی	کوہی لین فو	ایک کرور	[illegible]	[illegible] لاکھ [illegible]	اس صوبہ میں معادن سونا و چاندی و تانبہ و ٹین کے ہیں اور جانوران [illegible] بہت اور پرندی خوش ترانہ و خوش رنگ بہول عجیب [illegible] کے خوشبو دار ہوتی ہیں اور ایک درخت اس ملک میں ایسا ہوتا ہی اوسکی گودی کی روٹی نان گندم کیسی ہوتی ہی اور بعضی چڑیاں ایسی خوش رنگ ہوتی ہیں کہ اونکی پروں سی منقش کپڑی بنی جاتی ہیں اور جنانات یہاں کی انواع طرح کی

						دوا مین خرچ ہوتی ہین اور ہیلا نام ایک موم بلوری ہین لوفو مین پیدا ہوتا ہے اور چوفو کی شہر مین ایک بندر ہوتا ہے بمقدار انسان عورت کی سی آواز اور زرد داڑھی اور جگہ بجگہ اس ملک مین ایک قسم کی مٹی ملتی ہی جسکے خاصیت زہر مہرہ کیسی ہے اور اس ذرہ مٹی کی سامنی زہر نہین ٹھہرتا اور نانین فو کے شہر قریب جنگلون مین ہاتھی دکھائی دیتی ہین اور مرغ کی قسم ایک چیز مثل سوت کی لچھی کے اگلتا ہی اور ختائی اوسکی جالی دار کپڑی بناتی ہین
۱۴	ینان	شہر ینان	ــ لاکھ	ــ	ــ لاکھ العلم عند الله	اس صوبہ کے لوگ بہادر ہوتے ہین اور ہاتھیون کو قواعد جنگ سکھاتے ہین یہان معادن بیشمار ہین الا کوئی کھودنے نہین پاتا اور دریا مین سونے نکلتا ہے اور صحرا مین مشک نافہ ملتا ہی اور ہر محلہ مین نہرین بہتی ہین اور اسپ تیز دم کوتاہ قد ہوتا ہی اور سنگ مرمر ایک قسم کا پیدا ہوتا ہے کہ نقش اور نگار قدرتی اوسمین ہین کہ دیکھنے والے کو گمان مصوری کا ہوتا ہے اور اس صوبہ کے چاد مین شہر مین ایک پہاڑ ہے کہ جسپر سوای صنوبر درخت کی اور کوئی درخت نہین ہوتا ہی اور جڑ سے چوٹی تک سال بہر سبز رہتا ہے اور یہان ایک پہاڑ بہت اونچا و ایک چشمہ گہری جا تہا وہی اور سو

پانی کی اوپر سی جاری ہین اور شہر چین کیا نگ فو کے شہر مین سونے والین بہت ہوتے ہیں اور اسو ہی مسک بہت ہین اور موں سوا نو کے شہر کے اطراف مین ایک ایسا پہاڑ ہی کہ جسکا نام گوش فلک ہی جو آہستہ آہستہ سی وہان کہی جای تو وہ بات کانون مین پہاڑ سی اولٹ آتی ہی بہت صفای سی کہ سننی والا حیران ہوتا ہی اور ہوکیں فو کے شہر کے اطراف مین ایک پہاڑ ہی کہ جسکے اسقدر چھوٹے مسک معلوم ہوتا ہے گویا مینار سونے کا ہے اور اس پر اسقدر معادن سونے کے کثیر ہین کہ اسکو سونے کا پہاڑ کہنا جائیز ہے اور شہر نے کیان فو کے ندیون مین سونے کی ریت بہت ملتی ہے اور یان جان فو کے شہر مین بھی ایسا ہی حال ہے فقط						
اس صوبہ مین معادن طلا و نقرہ و پہاڑون مین اور اقسام کی کی جنگلون مین بہت ہین اور سیماب یہان بہت نکلتا ہی گھوڑ یہاں کی بہت تیز رفتار و جاندار ہوتے ہین اس صوبہ مین ریشم کم پیدا ہوتا ہی الا ایک گھاس کا کپڑا بہت قیمتی و نفیس [illegible]	للعہ لاکہ معہ للعــ	دعــ	لعــ لاکہ	کوی یان فو	کوی چو	۱۵

اور شہر کوہی یان نو میں سیماب و شنجرف بہت ہوتا ہے اور شہر چہ
سیس فو کے اطراف کے پہاڑوں میں معادن سیماب ہے اور یہان
لوگ لکھنی و پڑھنی سے عاری مگر چیڑی کے نوک سی لکڑیون پر
حساب و کتاب کرتے ہیں اور شہر تون کین فو کے قریب کئی معادن
سونی کے ہیں اور کیڑی والی گھاس بہت ہوتی اور ین یو میاد و نون
لے شہر دن کے اطراف میں بہت نفیس چاہ ہوتی ہے
اور چار قسم کے چاہ یہان پیدا ہوتی ہی فقط اور ملک ختا کے
شاہان کے گھرانے دو خاندان سے بترتیب حسب مرقومہ بالا تفصیل وار
نام یہ ہین اول یاو و شن دوم ہیا سوم شانگ یا چام
چہارم چو پنجم چین ششم ہان ہفتم سین ہشتم تنگ نہم
سنگ دہم سی یازدہم لی انگ دوازدہم مینگ
سیزدہم مانچو تاتار فقط

نقشہ بعضی عجایب و غرایب صنوعات ختائی چین براجمالا ۵۰

عدد	نام شی عجیب و غریب	کیفیت
۱	دیوار چین	یہہ دیوار اٹہہ سو کوس یعنی تخمیناً اسی منزل کے لانبی اور سرحد ختا و تاتار پر واقع ہی اور دو سو چالیس برس قبل حضرت عیسی علیہ السلام کے فغفور جنگ و انگ نے اوسکو بنانا شروع کیا پانچ برس کے عرصہ مین طیار ہوکر کے طرفہ یہہ ہی کہ پہار اور ریتیلے شور زار اور جنگل و نالی وندی مین سیدہی اٹہہ سو کوس تک گذر گئی اور بعضہ آدہ کوس کے اونچی پہاڑون کے چوٹی پر چڑہ گئی اور اٹہہ سو کوس تک تیس گز کے اونچی ہی اور چوڑی اس قدر ہی کہ چہہ سوار پہلو بہ پہلو فراغت سی اوس پر دوڑا دور اسکتے جاوین اور سو قدم پر ایک ایک برج مثل قلعہ کے طیار ہے اور صرف کا اوسکی احوال بعید قیاس سی ہی مختصر یہہ کہ اگر اوسکی برجون کے تعمیر کو سارے انگلستان مین عمارت مقابلہ کیجی تو صرف برجون کا صرف زایدہ ہووی گا
۲	باغ یون من یون	یہہ باغ دار الامارہ چین کے سواد مین واقع ہی اور بعرصہ بچاس برس مین طیار ہوا ہی اور صرف زر کس قدر ہوا معلوم نہین مختصر یہہ ہی کہ سو محلی اس باغ مین ہین اور ہر ایک سے باہر بہت آراستگی مین ۴۰ ۴۰ لاکہ روپیہ صرف ہوا ہی اور وسطی باغ مین ایک جہیل دو کوس کے مصنوعی بنی ہی غرض آگی اس باغ کے باغ ارم گرد ہی فقط

نمبر	نام	کیفیت
[illegible]	درخت قسم صنوبر کہ جسکو نوماشانگ کہتی ہین	دیوار ختا کے ادہر طرف پیدا ہوتا ہے منجملہ اور عجائبات کے رہیں اسکا ہنر قابل ہے اور اسکی جڑ کو اگر کاٹ کر پانی مین ڈال دیجیی تو فوراً پتہر ہو جاتی ہے چنانچہ ختائی لوہار و سونار الات کو اوسی پتہر تیز کرتے ہین فقط
۴	سنگ ترسم کہ جسکو یوکہتی ہین	یہہ پتہر قیمتی اکثر پہاڑ کے ندیون مین صوبہ ین نان مین قسم پتہر کا ملتا ہی ختائی اسکا باجہ بناتے ہین اور اس قدر وزنی ہوتا ہے کہ ایک ٹکڑا جو لڑکے اوٹہانے کے قابل معلوم ہوتا ہی اوسکو چار جوان نہین اوٹہا سکتی ہین
۵	نہر سبز رنگ	یہہ نہر تین سو کوس کے لمبی یعنی ۳۰ منزل کے فاصلہ کے ہی اور چوڑے ہزار گز کے ہی سو پٹیلہ ہندوستانی کشتی کا اوسکی عرض مین بی خدمہ کے روان ہو سکتا ہے صنعت اوسکی عجب طرح کے ہے کہ راستہ کے پہاڑون کو جڑ سی کہود ڈالا ہے اور جہین ہونا ہے وادیون کو ۲۰ منزل تک برابر پاٹ کر سیدہا بہایا ہے اور اب اوسپر ہزارون جہازونکا لنگرگاہ ہے
۶	چاول عجیب	ملک ٹانکینگ جو پایہ تخت مملکت ماچین کے ہے اور اسمین اٹہہ صوبے ہین اور کیچو کا شہر پایہ تخت سابق آباد و دلکشا جگہ ہے اور امراء کے بعض عیشگاہ بالکل صندل کے بنی ہوئی ہین اور دریا و نہرون سی زمین اس قدر شاداب رہتی ہے کہ ہر فصل وہان جو بوتی ہی ہین پکتی ہے اور پانچ رنگ کے چاول اس ملک مین پیدا ہوتی ہین یعنی سفید مثل ذرہ بلور اور سیاہ مثل چشم یار و زرد مثل لاجورد و سرخ مثل یاقوت اور ایک

		قسم خوشبودار ہے جو سرا اوسکے دستر خوان پر چنا جاتا ہی پس اگر یہ برنج ترنج و محن یا کسی طور سی بہیج زنگا نفیس مثل حواس خمسہ ہیں کا تب اس کتاب کے فراہم ہوجاے تو لا ریب اوسکے خدمت ناظرین تاریخ جدولیہ ہذا کے کرے فقط
	درخت چربی	ختاہی اسکی گٹھلی کے اوپر گودی کو جو بشکل چربی ہوتا ہے نکال کر تیسی کے تیل کے ساتھہ امیز کر کے بتیان بشکل موم کے بناتے ہین
۴	روغن جاپان	واسطے رنگ و جلا دینی لکڑی و چمڑی کے مفید ہے اسکے تسمیہ کی ماہیت سی ختای کسیکو آگاہ نہین کرتے اور یہہ روغن مثل گوند کی ایک قسم کے درخت سی جو سوا چین کے کہین نہیں ہوتا نکلتا ہے اور زبان ختا مین نام اوسکا سی چو ہے اور یہہ پہل و پہول نہین رکہتا فقط
۹	درخت کافور	یہہ بہی خاص مخلوق اقلیم ختا مین ہی سو سو اسو ہاتہہ بلند ہوتا ہی اور بعضی درخت کے جڑ ایسی موٹے ہوتے کہ بیس آدمی کی گود مین نہین اسکتی اور جب درخت پرانا ہوجاتا ہے شب کو خود بخود اوسی آگ کے شعلہ نکلتی ہین الا طاقت جلانے کی اونمین نہین ہوتے اور یہہ بات غلط ہے کہ لوگ کہتی ہین کافور گوند کے طرح جرتا ہے
	نبات جن سینگ	یہہ جڑ سی ملک تاتار مین پیدا ہوتے ہے یہہ چیز ایسی طرفہ تر کہ اطبای ختائی دفتر کا دفتر اسکی تعریف مین لکہا ہے اور خواص اکسیر اعظم کا بیان کیا فی الحقیقت بجا ہی لب لباب اسکی تعریف کا یہہ ہی کہ اسکی استعمال سے پیر نود سالہ کو شروع شباب کے طاقت و فرحت طبیعت اور قوت

		ہفتم اور ہر طرح کے کیفیت جو اوس اس سی متعلق ہی حاصل ہوتی ہی اور اسی جڑی کے فروخت سی فغفور کو محاصل کثیر ہی کیونکہ کہ اسقدر گران بہا ہی کہ آدہی چہٹانک بقیمت پاو بہر چاندی کو ملتی ہی اور وہ بہی عمدہ قسم کے نہین ہوسے اوس صرف فغفور کے خرچ خاص کی لئی جو بہتر ملتی ہی رکہی جاتی ہی اور امریکا یعنی نئی دنیا مین بہی یہہ جڑی پای گئی ہی اور فغفور کے طرف سی دس ہزار فوج ہر سال چہہ مہینی تک جنگلون مین جمع کرنے کے لئے متعین رہتے ہے
۱۱	فیل سفید	ملک ماچین مین جسکے گیارہ صوبی ہین اور سونا و چاندی و لوہا و دندان فیل و صندل اور اقسام طرح کی لکری اور موم اور گول مرچ اور دال چینی اور ریشم اور روئے و کئی طرح کے چاول افراط سے پیدا ہوتے ہین اور فیل سفید جتنی ملتی ہین پرستش کے لئے معبد شاہین بڑی تکلف سے رہتی ہین فقط
۱۲	خانقاہ ٹیشو لومبو	ملک تبت مین اس خانقاہ کے طول و عرض اسی سی سمجہا چاہی کہ اوسکی چار دیوارے کے اندر چار پانچ سو مکان فقط گوشا ئین لوگون کے رہنی و عبادت کرنے کے لئے ہین اور لامہ گرو کے دولت سرا کے ہزار کمرے کے اوسکی اندر واقع ہے اور انواع تکلفات بی غایات و جواہرات سی آراستہ اور ٹیشو لومبو سی ۵ روز کے راہ ایک بہت بڑے جہیل ہے دس بارہ کوس کے عرصہ مین اور اس جہیل کے تہوڑی پانی مین کنارون پر افراط سی سہاگا ملتا ہے

		اور گہری پانی مین ایک قسم کا نمک بہی بہت افراط سی ہوتا ہے
۱۳	سلام علیک تبت	صرف ہتہ اوٹہا دیکر وہاں سی ناخود ہاد اسی رسم سلام علیک کے کیجاتی ہے فقط
۱۴	سانڈہ	تبت بزرگ مین بہت خوبصورت ہوتا ہے اور شکل اوسکے یہہ ہے کہ اگلا دہڑ پچہلی سے کچہہ بلند اور زیادہ فربہی اور سارا بدن پشم سے بہرا رہتا ہے خصوص رانون کے نیچے اتنا سا ہوتا ہے کہ زمین تک لٹکتا ہے اور یہان تک گران بہا اور پسندیدہ ہوتا ہے کہ اوسکے دم کا چنور بادشاہون مین جہلا جاتا ہے اور تبت کے بکریون کے پشم سے شال دوشالہ اور کشمیر کا عمدہ پشمینہ سب بنتا ہے اور بہت گرانی سون بکتا ہے اور مشک اجود بہی ملک تبت بزرگ مین افراط سے ملتا ہے
۱۵	دستور عجیب تبت	پانچ سات بلکہ کبہی دس بارہ مردون کے حصہ مین ایک عورت رہتی ہے اور وہ سبکی جورو کہلاتی ہے اور پانچ سات سگی بہائیون مین وہی ایک عورت سبکو حلال ہوتی ہے اور سبب اس دستور کا یہہ ہے کہ تبت کے سرزمین مین اناث کے قسم کم ہوتے ہین اور لاشہا سے مردہ کو ایک غار عمیق مین جو منوار کہاتا ہے ڈال دیتی ہین واللہ اعلم بالصواب
۱۶	حوض عجیبہ	یہہ حوض جبل لما پر مین جاوے ہے اگر کوئے ناپاک آدمی اوسمین ہاتہہ ڈالی تو پانی جریان سے رک جاتا ہے اور جب اس پانی کے تہوڑی کو نکال ڈالتی تب پہر یہہ دستور جاری ہو جاتا ہے۔
۱۷	نسناس	اطراف یمن مین ہوتے ہین انکے ایک ہاتہہ و ایک پیر و نصف تنہ

۱۸	ناران فیل خوار	جزیرہ ذرامہ مین ہوتے ہین اور اسی مین بندر بہی سیاہ وسفید رنگ کے ہین اور کئی لغت مین تکلم کرتے ہین فقط .

۵۱ نقشہ سلاطین ایران اجمالاً

عدد	نام بادشاہ	نام پدر	جلوس بسنہ	مدت سلطنت	کیفیت
۱	اسمعیل	شیخ حیدر صوفی اردبیلی	سنہ ۹۰۶ھ	۲۴ برس	سلطنت ایران کے صفویہ کہ اولاد صفی الدین صوفی فلسفے سے ہے سنہ ۹۰۶ھ مرزوم اضلاع مفتوحہ کو فراہم کرکے بادشاہ ایران اور خراسان کا ہوا اور اولین اس خاندان کا جسنے لشکر جمع کیا شیخ جنید بن شیخ ابراہیم بن خواجہ علی بن صدر الدین بن صفی الدین مذکور ہے اور کہا گیا کہ جنید کے بیٹے حیدر تہی اور شاہ اسمعیل کے وقت پہونچے اہجان مین شیعہ تہی اور انکو رفض سکہایا اور وعدہ مدد کا کیا اور روم کے طرف کیا سنہ ۹۰۸ھ مین اور سنہ ۹۲۰ھ بڑا محاربہ فیمابین سلیم خان سلطان روم اور اسی ہو العب ولہو ہی مین مشغول رہتا تہا آخر سنہ ۹۳۰ھ مین راہی ملک عدم ہوا

					اور تجرد وطنی اول انہیں سے اس طایفہ مین کیا انتقال انہنے نے شیبک خان والی خراسان جو کہ نسل چنگیز خان سے تہا مار کر اوسکے اوسکی کاسہ سر کا پیالہ بنا کر اپنے زندگے تک اوسمین شرب شراب کرتا رہا
۲	شاه طهماسب	اسمعیل	۹۳۱	۵۴ س	ہمایون بادشاه ہند سے انکے خدمت مین ملاقے ہو کر اسباب شاہانہ بہت نفیس پایا اور ۵ لعل بدخشان نذر بادشاه کے کی اور تین سال قیام پذیر رہا انتقال اور ۹۸۴ مین وفات پائے مسموماً ہمراہ انبہ حیدر یعنی اپنے زوجہ سے ذریعہ فورہ کے بعدہ لوگون نے اوسی روز حیدر کو بہی مار ڈالا چنانچہ جنازہ دونو ساتہی نکالے گئے
۳	شاه اسمعیل ثانی	طهماسب	۹۸۵	۹ س	یہہ ۵ ۲ سال قلعۃ الموت مین مقید تہا چنانچہ جب مسماه تبری جان انکی پاس سوار ہو کر گئی بعد مروا ڈالنے حیدر اپنے بہائی کے انہون نے اوسکو مروا ڈالا پہلی یہہ شیعہ تہی بعدہ ہنگام قید و بشارت وقت منامے کے سنیے و مذہب ہو گئی تہی اور قتل کیا غالب زور افغن کو

نمبر	نام	نام والد	سنہ جلوس	مدت	کیفیت
					اخر مسموماً فوت ہوئے
۴	محمد خدابندہ	ایضاً	۹۸۷	۲ سن	یہہ صاحب خراسان کے تہی جب خبر وفات اپنے بہای کے سنے تب خراسانسے قزوین مین آئی اور بعد تخت نشینے راہی ملک بقا ہوا
۵	حمزہ	محمد خدابندہ	۹۹۴	چند ماہ	بعد حکم انے فوت ہوا
۶	شاہ اسمعیل	محمد خدابندہ	۹۹۴	ایضاً	ایضاً
۷	شاہ عباس	محمد خدابندہ	ایضاً	۴۵ سن	ایضاً
۸	شاہ صفی	صفی مرزا	۱۰۳۹	۱۳ سن	ایضاً
۹	شاہ عباس ثانی	شاہ صفی	۱۰۵۲	۲۵ سن	ایضاً
۱۰	سلیمان	شاہ عباس	۱۰۷۷	۲۹ سن	ایضاً
۱۱	شاہ حسین	سلیمان	۱۱۰۶	ایضاً	ایضاً
۱۲	شاہ طہماسب ثانی	شاہ حسین	۱۱۲۵	۱۲ سن	اپنے خوشی سے ترک سلطنت کیا
۱۳	محمود		۱۱۳۷	ایضاً	قوم افغان سے غاصب سلطنت ایران کا ہے
۱۴	اشرف		۱۱۴۲	۵ سن	قوم افغان سے ہتی اور نادر قلی سے شکست کہائے
۱۵	شاہ طہماسب صفوی ثالث		۱۱۴۵	۳ سن	ظاہر مین سلطنت مفوض ہوے اور سنہ ۱۱۵۳ھ مین مارے گئے
۱۶	شاہ عباس صفوی	طہماسب	۱۱۴۸	۱۲ اسن	بعد حکم انے زرا سے ملک بقا ہوا
۱۷	نادر شاہ		۱۱۶۰	۱ سن	بعد سعادت ہندوستان کے مارا گیا تفصیل اس اجمال کی یہہ ہے کہ ماہ جمادی الاول سنہ مذکورہ صدر سواد قوچان کہ مشہد مقدس سے بمسافت ۲۵ کروہ

کے بے نادرشاہ ہو جگر پیا زش
احمد ابدالی تہا اپنے ملازمون میں محمد
محمد صالح و مہدی خان افشار کہ وہ
تہے ہیں واسطے مارنے کے تھے رات کو قتل
کے سر شب سر قتل و تاراج داشت
سحر گہ نہ تن سر نہ سر تاج داشت ؛ بیک
گردش چرخ نیلوفری ؛ نہ نادر بجا ماند
نہ نادری ؛ آن شاہ کہ خویش را بلا
می گفت ؛ وز کبر سخن بچشم دا بر و
بر کنگرہ سرای او فاختہ را ؛ دیدم
نشستہ بود و کو کو می گفت
اور تلخیص حال ابتدا سے اس بادشاہ
الظلم کا تاریخ مظفری میں یون لکہا ہے
کہ اول نام اسکا نذر قلی تہا قوم
افشار سے ملازم ہنر کا رشاہ طہماسپ
صفوی کا پہلی خطاب طہماسپ قلیخان
کا پایا اور بعد محاربات مقامات
دیگر سنہ ۱۱۴۸ھ میں تخت جہانبانی پر
جلوس کر کے موسوم نادرشاہ
ہوا کسی نے مادہ تاریخ جلوس کا
الخیر فیما وقع پایا کہ اسکو نے زر سیم
پر کئی گنے پہر کسی موزونان ظرافت
پیشہ ایران نے تبدیل ایک لفظ

						مادہ تاریخ کو اسطرح موزون کیا ہے ببریدیم از مال و زجان طمع تاریخ لاخیر فیما وقع اور اس بادشاہ نے عمارت روضہ منورہ امام علی موسی رضا علیہ السلام بہت عمدہ و مقبرہ عالی واسطے اپنے بنایا چنانچہ کسی ظریف نے یہہ بیت اوس عمارت پر لکہہ کر مقصود ہو گیا ہے در ہیچ سر دہ نیست گر بنا شد سوای تو عالم پر است از تو و خالی است جای تو بعد و [illegible] کے قزلباشیہ نے انہزام افاغنہ کا کیا اور استیصال قلعہ قندہار باقی حال اسکا نقشہ بادشاہان اہل اسلام ہند بشمول سوانح محمد شاہ کے بہی لکہا گیا ہے
۱۸	عادل شاہ		۶۱	۱۱	۲ سن	برادرزادہ قاتل نادر شاہ بادشاہ کا ہے
۱۹	ابراہیم		۶۳	۱۱		بعد حکم اسنے مر گیا
۲۰	شاہرخ مرزا		ایضاً		چند ماہ	اندہے ہو کر طرف خراسان کے بدر ہو گئے
۲۱	سلیمان		ایضاً		چند ماہ	بعد حکم اسنے راہ ملک عدم ہوا
۲۲	اسمعیل	سید مصطفی	ایضاً		ایک سن	ایضاً
۲۳	محمد کریم خان		ایضاً		۲۰ سن	بعد حکم اسنے فوت ہوا
۲۴	زکی خان		سنہ ۹۳	۱۱	چند ماہ	بعد وفات کریم خان غصب سلطنت کا کیا اور

عدد	نام بادشاہ	نام پدر	سنہ جلوس	مدت سلطنت	کیفیت
					مار اگیا اور بسبب ابو الفتح خان پسر کریم خان کے کور کیا گیا تہا
۵۲	صادق خان	۰	۱۱۹۹	۶ سال	بعد حکومت اسنے فوت ہوا
۵۳	جعفر خان	صادق خان	۱۱۹۹	۴ سال	قتل ہوا
۵۴	لطف علی	جعفر خان	۱۲۰۳	۶ سال	آغا محمد خان قاجار سی شکست کہا
۵۵	آغا محمد خان		۱۲۰۹	۲ سال	خوجہ سرا تہا فوت ہوا
۵۶	فتح علی شاہ		۱۲۱۱	۳۸ سال	سنہ ۱۲۵۰ہ میں انتقال کیا
۵۷	محمد شاہ اکبر	عباس مرزا		۰	سنہ ۱۲۶۴ہ میں دار السلطنت طہران میں بمرض نقرس وغیرہ کے وفات پائے مقبرہ انکا بصرف لاکہہ روپیہ تعمیر پایا
۵۸	ناصر الدین شاہ	محمد شاہ اکبر	۱۲۶۴	۰	وسادہ آرای حکومت ہیں

نقشہ بادشاہان اہل اسلام متعلقہ ہند اجمالاً

۵۱

عدد	نام بادشاہ	نام پدر	مدت سلطنت	سنہ وفات	کیفیت
۱	امیر تیمور گورگان	امیر طراغای	۳۶ سال ۱۱ ماہ	۸۰۷ھ	حال مفصل اس بادشاہ عالی کا تاریخ تیمور سے وغیرہ اور نیز نقشہ فرمانروایان بسلسلہ چنگیز خان میں مندرج ہی اور وجہ تسمیہ گورگان کے یہہ ہے کہ جب تیمور دختر چغتائی خان کو حبالہ نکاح میں لایا ملقب گورگان سے ہوا اسواسطے کہ گورگان زبان ترکی میں داماد کو کہتے ہیں اور یہہ بادشاہ سنہ ۷۷۱ھ میں داخل

ہند ہو کر دو لاکھ آدمی تہ تیغ کیے
پہر ۱۲۷ سال کے بعد اسکے پوتے
کے پوتے بابر بادشاہ نے سلطنت
دہلی کو فروغ دیا فقط اور امیر تیمور نے
مولانا احمد تہانیسری کو جو بحر
عالم تہے اپنے مجالست و موانست
مین رکہا تہا اور جب کہ امیر تیمور نے
ہند کو سنہ ۸۰۱ھ مین فتح کیا تاریخ اوسکی
بطور معما آیت کریمہ سے نکالی گئے
قد اجادسہ صار فکرے
مستغنیاً واحدا ؛ واقتنی تاریخہ
فتح قریب ؛ اور جب کہ روم کو فتح
کیا سنہ ۸۰۵ھ مین اوسکے تاریخ یہہ
از روی تعمیہ بہت خوب آیت کریمہ
سے استخراج ہوے وہ یہہ ہے **الم**
غلبت الروم فی ادنی
الارض ادنی ارض کا ضاد ہے
اور عدد ضاد کے ۸۰۵ اظہر
فافہم اور سلسلہ خاندان تیموریہ
تا شاہ عالم بادشاہ اس طرح
ہے **امیر تیمور** انکے چار بیٹے تہے
غیاث الدین جہانگیر
بعمر ۳۰ سال وفات ۷۷۶ھ

بین پائے عمر شیخ مرزا ابن ۴ اسنہ
وفات ۹۷ بن میران شاه
مرزا شاہرخ ملقب سلطان سعید
بعده عمر شیخ مرزا سے بابر بادشاه
ہمایون بادشاه اکبر بادشاه
جہانگیر بادشاه شاہجہان
بادشاه عالمگیر بادشاه
شاه عالم بہادر شاه محمد
معز الدین جہاندار شاه
فرخ سیر بادشاه شمس الدین
رفیع الدرجات بادشاه شاہجہان
ثانی رفیع الدولہ محمد شاه بادشاه
احمد شاه بادشاه عالم
گیر ثانی بادشاه شاہجہان
ثالث بادشاه شاه عالم
عالی گوہر بادشاه اور امیر
تیمور کے تین بہای دو خواہر تہیں
اور عمر امیر ممدوح کے اے سال کی
ہوئی اور شطرنج بازی سے کمال
رغبت تہے اور سرحد چین تا انتہای
شام اور انتہای ہند سے تا دریا
فرنگ ملک زیر نگین تہا اور بعد
تسخیر ملک چین وایران و توران

					در روم و عرب و ہندوستان بہ نیت جہاد ضبط ممالک ختا و لین لاکر عین شدت سرما مین بجمعیت دو لاکہہ سوار و پیادہ اوس طرف انتہاض کیا بعد طی منازل چند اعتدال مزاج مین اختلال ہوا بماہ شعبان موضع انترار مین تکرار کلمہ طیبہ ودیعت حیات خازن ممات کو تسلیم کے اور رقبہ معمورہ سمرقند مین مدفون ہوا تعظیم سادات و علماو وفضلا و اتقیا کے خوب کرتا تہا اور ہنگام سخاوت ابر نیسان و بتعام شجاعت مین برق درخشان تہا
۲	نصرت شاہ	برومند خان	۱۱ م	۸۰۸	اقبال خان سے ہنگام محاربہ ہزیمت کہا کر مر گیا اور اطراف میوات مین مدفون ہے
۳	اقبال خان	ظفر خان	۶ س ۲ م	۸۰۸	خضر خان حاکم ملتان پر فوج کشی کے تہے وہین مقتول ہوا اطراف ملتان مین مدفون ہے
۵	دولت خان و اختیار خان	محمود خان	۳ ۲ یوم	۸۱۷	بسمول اپنے بہاے کے فیروز شاہ کے کرکے راہی ملک عدم ہوا اور سواد فیروزآباد مین مدفون ہے
۶	سلطان محمود	۰۰	۷ س ۵ م	۸۱۵	واسطے شکار کے طرف کیتہل کے گیا

					تھا وقت مراجعت مریض ہو کر جہان فانی کو پدرود کیا نواح کیتھل مین مدفون ہے
٦	دولت خان	محمود خان	ایک سن ۳ م	٨١٧	بہنگام محاربہ خضر خان کے جنگل مین پڑکے اور قلعہ فیروزآباد مین محصور ہو کر زیر زمین مدفون ہوا
٧	خضر خان	ملک سلیمان	۷ سن ۲ م	٨٢٤	بسبب وفور عدل بعد وفات اسکے تمام رعایا سیاہ پوش ہو کر ماتم مین مبتلی ہوئی سکہ اسکے نام کا نہین ہوا اور آخر خطبہ مین نام لیاجاتا تھا
٨	معز الدین ابو الفتح مبارک شاہ	خضر خان	۱۳ سن ۳ م	٨٣٧	ہاتھ سے سردار الملک و قاضی عبد الصمد و سداران کہتری کے شہید ہوا دہلی مین مدفون ہے
٩	محمد شاہ	فرید خان ابن خضر خان	۱۲ سن ۲ م	٨٤٩	سکہ مین ایکطرف نام اور ایکطرف کلمہ مسکوک کیا تھا بعد حکم آئے مریض ہو کر عالم فانی سے ملک جاودانی کو انتقال کیا
١٠	سلطان علاء الدین	محمد شاہ	۷ سن ۲ م	٨٥٣	بسبب ہجوم سلطان بہلول لودی بشاش حمید خان بدایون مین جاکر جہان فانی سے ارتحال کیا
١١	سلطان بہلول	کالا بہادر	۳۸ سن ۷ م	٨٩٤	ایکطرف کلمہ اور ایکطرف نام مسکوک سکہ کرکے مریض ہو کر دہلی مین رحلت کی
١٢	نظام خان	سلطان بہلول	۲۱ سن ۲ م	٩١٥	مرض مین مبتلا ہو کر دہلی مین وفات پائی زمانہ بادشاہت کا ۱۴ سن بادشاہ سے

نمبر	نام	نام پدر	مدت	سنہ	کیفیت
					پر ہشیا تعلیم فارسی کا ہندمین مروج ہوا
۱۴۳	سلطان ابراہیم لودی	سکندر شاہ	۱۲ س ۷ م	۹۳۲	یہہ بادشاہ لاکہ سوار و ہزار زنجیر فیل رکہتا تہا اور اسکی ماکہ پاس الماس بوزن ۸ مثقال کے تہا کہ خزینہ علاء الدین خلجی سے پایا تہا اور راجہ کے خزینہ مین اولاد راجہ بکرماجیت سے پہونچا تہا اس شرط پر کہ بجلدوی تقرری ۱۲ لاکہ روپیہ طرف بادشاہ سے ممنون ہوکر پیشکش کیا تہا اور آخر اس بادشاہ سے اولاد امیر تیمور گورگان کو مرزا کہتی تہی اوس وقت سی لقب بادشاہی کا ہوا اور اونکی بعد سلطنت خاندان چغتائیہ گورکانیہ مین منتقل ہوئی اور سوارہ پانی پت مین ظہیر الدین محمد بابر بادشاہ سے مقابلہ کرکے لڑائی مین مارے گئے اور وہین مدفون ہوئے و قد احاد والہا [illegible] ۵ در ین وحشت سرای پر شر و شور لب خندان ندیدم جز لب گور فقط
۱۴۴	ظہیر الدین محمد بابر بادشاہ	عمر شیخ مرزا	۳۷ س ۴ م	۹۳۷	یہہ بادشاہ بعمر ۱۲ سال ماہ رمضان ۸۹۹ ہجری مین خطۂ اندجان مین تخت نشین ہوا نام اسکی والدہ کا قتلغ نگار خانم تہا یہہ بیٹی تہی یونس خان بادشاہ مغلستان کے بعد اسکی ماوراء النہر مین ساتہہ سلاطین چغتا و ازبک و یلغو توائی کے جنگ صعب کی چنانچہ ۳ مرتبہ سمرقند کو فتح کیا اور ۳ مرتبہ شاہ اسمعیل صفوی کے

بادشاه ایران سے استمداد کو کمک کہکے
کہ سپاه جرار پہونچی تھے اور سلطان
ابراہیم لودی بادشاه دہلی سے
مقابلہ و محاربہ عظیم ہوا تا نصف النہار سے
چو دریای خون شد همه دشت و راغ
جہان چون شب و تیغ ہمچون چراغ
ز تالیدن کوس با کرّنای ٭ زمین
آسمان اندر آمد ز جای ٭ آخر سلطان
ابراہیم لودی آخر ہوا بعد افاغنہ کثیر کے اور
بتائید غیبی الہی موکب ۱۲ ہزار سوار بابر
رو بہ رو لاکہ سوار و ۱۰۰۰ زنجیر فیل جنگی پر غالب
آئی اور منجملہ غنایم ایک الماس وزنی ۸
مثقال شاہزادہ مرزا ہمایون کے ہاتھ آیا ازانجا
کی اپنے باپ کی نذر گذرانا اور ہمون کی قبول
کرکے پھر پھیر دیا بعدہ بعلت ہمایون مرزا کے
تپ بخار شدید علیل ہوئی ہنگام استعلاج
حکمای حاذق نے مداوا سے عاجز ہوکر بادشاہ سے
کہا کہ اب نسبت تشخیص ہے کہ ایثار النفس النفیس سے
تصدق کرکے شفاخانہ غیب سے امیدوار صحت کا ہونا
چاہیے بادشاہ نے فرمایا کہ ہم نے سب چیزون
نزدیک ہمایون کے عین ہون پس بہتر
ہے کہ اپنے تئین فدا کرون حاضرین حضور
خدمت نے دست بستہ عرض کیا کہ شاہزادہ

کو شفاے کامل عاجل اللہ تعالے نے عطا کریگا و
لیکن قرار داد سلف سی ایسا ہی چلا آیا ہے کہ بہترین
اموال دنیا سے تصدق کرنا چاہئی پس صلاح
وقت کے یہہ ہی کہ الماس بے بہا جو کہ جنگ ابراہیم
لودی بادشاہ مین شاہزادہ کو آپ نے بخشا ہے
تصدق کیجئی بادشاہ نے فرمایا کہ سنگریزہ دنیا
مین اوس جوہر شریف کی کیا رتبہ و قیمت رکہتا ہے
اپنے تئین تصدق ہمایون پر کرتا ہون کسواسطے
کہ زیادہ اسی طاقت محنت و رنج اوٹہانے کے
نہین رکہتا ہون پہر آپ خلوت خاص مین
جاکر شغل جو سلسلہ قدسیہ نقشبندیہ کا مقرر ہے
بجالایا اور تین مرتبہ گرد فرزند سعادتمند اپنی کے
پہر کر فرمایا کہ بر داشتم بر داشتم چنانچہ فی الفور آثار
عارضہ بدن بابر بادشاہ پر ہوی اور مرزا ہمایون
گرانی بخار سی قدری سبکسار ہوی جب آثار انتقال
بابر بادشاہ کی ظاہر ہوی ارکان دولت کو حاضر کر کے
اور مرزا ہمایون کو نصایح و وصایای ارجمند فرما کر
اور ولیعہد و جانشین اپنا کر کے جان جان آفرین کو
سپرد کی از محمد قاسم صاحب تاریخ فرشتہ نے بجان
کو اوس طور پر لکہا ہے جو کہ چار باغ اکبر آباد مین
وفات پائی تہی پہلی باغ نور افشان
مین جو عہد سور جملن جانب سی رام باغ
معروف ہی چہہ مہینی تک امانت رہ کر بعدہ کابل

						مین مدفون ہوا بعد وفات فردوس مکان لقب ہوا اور بعد وفات شہاب الدین معمائی نے یہ مصرعہ تاریخ کا لکھا ع ہمایون نوح وارث ملک وی فقط اور میر خواند شاہ صاحب تاریخ روضۃ الصفا وغیرہ ندیم اس بادشاہ کا تھا
۱۵۱	مرزا نصیر الدین محمد ہمایون	بابر بادشاہ	۱۱ سن	سن ۹۳۷		یہ بادشاہ بطن ماہم بیگم سے متولد ہوا اور مادہ تاریخ تولد سلطان ہمایون خان ہی اور عمر ۲۳ سال بمقام آگرہ مین تخت نشین ہوا اور تاریخ جلوس کی خیر الملوک ہی اور سنہ ۹۴۶ھ مین شیر خان سے لڑائی صعب ہوئی تھی کنارہ دریای گنگ ہو مجبور ہوئین اور نظام سقہ نے حسب الحکم و منظوری بادشاہ دراہم و دنانیر چرمی آدہی دن تک جاری کے تھین اور منجو کلاونت جو کہ ندمای سلطان بہادر والی گجرات سی بڑا خوش گلو تھا بروقت نغمہ سرائی کے نغمات فارسی حسب الحکم اس بادشاہ عالی کے مورد انعام و خلعت شایان کا ہوا اور مقرب سلطان نے اللہ جو کچھ کہ انعام وغیرہ بادشاہ سے پاتا ایک مغل کو بجلدوی جان بخشی ہنگام اسیری اپنے کے دیتا تھا اور اسکا احسان مانتا اور نظام سقہ سے جب بادشاہ ہمایون نے وعدہ وفا کیا سبب اوسکا یہ تھا کہ سقہ

مذکورہ بالا نے بادشاہ کو بیاوری شنا وری
دریا سے نکالا تھا اوسکو اپنے بادشاہی نیم روز
کا امیدوار کیا تھا اگرہ مین پہونچکر مدد و وفا کیا
بعہ نقد و جنس و اراضی خارج اوسکے حوصلہ
سے بعدہ بادشاہ نے سنہ ۹۵۱ھ مین نامہ
دستخط خاص سے شاہ طہماسپ صفوی والی
ایران کو لکھہ بھیجا کہ جواب باصواب پایا اور
تحایف شاہانہ ہر منزل و مقام مین بادشاہ
ایران کے طرف سے مرتب ہوتے تھی ازانجملہ
پانچ سو قاب طعام پر تکلف وقت تناول
طعام مہیا کئے جاتے تھے اور بلحاظات و
دور اندیشی و باریک بینی مہتمان طعام
کو منجملہ اوز احتیاطون کے ایک آدمی نہ یہہ
حکم تھا کہ احیانا کوی برتن کہانا اٹھانے
یا نکالنے وغیرہ مین کسی کے ہاتھہ سے ٹوٹ
جاوی تو وہ شخص اپنے زبان سے لفظ شکست
کے نہ نکالے کسواسطے نہووے کہ وہ لفظ ثقیل
دکھیر رفتہ رفتہ مسامع مجامع بادشاہ
مین پہونچی بالاخر بروز ملاقات بادشاہ
طہماسپ کے ہمایون بادشاہ نے الماس
بے بہا جو کہ جنگ سلطان ابراہیم لودی مین
ملا تھا سنہ ۹۳۲ھ لعل بشاہ طہماسپ
کے نظر مین لایا اوس طرف سے بھی نفایس

اشیای ہر قسم کے دی کر بعد ضیافتہای
شاہانہ و سلوک ہای مردانہ شاہزادہ مراد
مرزا کو بجمعیت ۱۲ ہزار سوار جرار و
دیگر امرای نامدار و سیصد قورچی
و خزانہ معقول دیگر روانہ کیا اور مرزا
کامران و مرزا عسکری
و مرزا ہندال برادران حقیقی
انکی تہی اور یہہ بادشاہ تاب مقابلہ شیر
شاہ کے نہ لا کر لاہور مین پہونچا آخرش
دہلی مین بعد فوت مدفون ہوا اور لقب
جنت آشیانی کا پایا اور ملخص
حال مرزا کامران کا یہہ ہے کہ ابتدا مین
ایسا مقید امور شرعیہ کا تہا کہ قلمرو مین کوئی
نام اسکا نہین لیتا تہا آخر کار ابنة
العنب پر فریفتہ ہوا کہ صبح سی شام تک بادہ نوشی
مین بسر ہوتے آخر ایام غلبہ شیر شاہ مین
دشمن ہمایون بادشاہ کا ہو کر بنای دولت
کو جڑ سے اوکہاڑ ڈالا مگر مدد ہو بہی کہیا
نقل ہے کہ ایک روز شاہ سلیم نے مرزا
سی کہا کہ ایک شعر پڑہ مرزا نے یہہ مطلع
پڑہا ؎ گردش گردون گردان
گردگان را گرد گرد ؛ بر سر اہل تمیز
ناقصان را مرد گرد ؛ اور لکہا ہے

					کہ ایک روز سلیم شاہ نے میر سنبل ستنہرا مرزا سے کہا کہ مستورات تمہاری مانند تمہاری سر کو منڈواتے ہین مرزا نے جواب دیا کہ عورات ہماری مانند تمہاری موی ہیر نکالا کو رکہتی ہین فقط
۱۶	شیرشاہ عرف فرید خان	حسن خان	۵ سن ۲ م	۹۵۲	قلعہ رہتاس تعمیر کیا ہوا اس بادشاہ کا ہے اسنی اگرہ مین ہوکر گوالیار کے قلعہ کو میر ابوالقاسم سے لے لیا اور اپنے بیشتر ممالک ہندوستان کو تسخیر کیا اور ہر حصہ کر کے اپنے طرف سے حکام مقرر کئی اور تاریخ فیروزشاہی کو دیکھہ کر تدابیر و قواعد جہانداری سلطان علاء الدین پر حتی الوسع عمل کرتا تہا اور پہر اوپر مہم راجہ پورن مل راجہ چندیری وغیرہ جو کہ چند ہزار زنان ہنود و مسلمان کو طایفہ پاترون رقاص مین ترتیب دیا تہا جاکر قلعہ پر یورش کے جب ایام محاصرہ طول کو پہونچی اقسام موکد سے بنام نہاد امان و پناہ مردم قلعہ کو اپنے آگے بلایا بعدہ فقہای عصر سے فتوی نقض عہد کا لیکر حکم قتل کا ان امان یافتگان کا کیا راجہ نے ساتہہ ہزار راجپوت سے جو کہ قلعہ سے آئی تہی اپنے تئین

					ہلاک کیا پہر شیر شاہ وہان سے اگرہ کے طرف لوٹا اور تمامی اپنے ممالک مین سرائین و فرسخ تعمیر کیے اور اسپان ڈاک چوکے تعین کیے اور داغ سپاہ کے کا ایجاد کیا چنانچہ یہہ رسم سلاطین عالیہ بابریہ مین مروج تہی اور ضبط ممالک وغیرہم کرنے افواج مین سعی بڑے کرتا تہا اور گاہ گاہ شعر مشفقانہ بہی کہتا چنانچہ یہہ شعر اوسی کا ہے ع باما چہ گر ز دیدی تو غلام گیدے تولیت مصطفٰے را الا خیر فی عبیدے : اور محاصرہ قلعہ کالنجر کا کرکے دار وی تفنگ کے ذریعہ سے حقہا قلعہ مین ڈالتا تہا کہ ایک حقہ دیوار سے ٹکر کہا کر ٹوٹ گیا اور اتفاقاً آگ اور حقون مین لگ گئے کہ اوس سے جل گیا الا قلعہ مذکور بہی مفتوح کر لیا تہا مادہ تاریخ فوت کا یہہ ہے از آتش مرد اور سہسرام مین مدفون ہوا فقط
۱۷	اسلام شاہ یا سلیم شاہ	شیر شاہ	۸ سن ۲ م	۹۶۱	یہہ بادشاہ صاحب سخاوت و شجاعت کا تہا سوای سرایون و مساجد و شفاخانون ہاے کے اور ایک قلعہ خرد متصل قلعہ معمورہ شاہجہان بادشاہ واقع دہلی کنارہ دریا جن بمشہور سلیم گڈہ اس بادشاہ نے بنایا اور بعد فوت سہسرام

					مین مدفون ہوا فقط
١٨	فیروز خان	اسلام شاہ	۳ یوم	٩٦١	ہاتھ مبارز خان سے شہید ہوا اور ہیمون بقال رشت رو بدخواہ سالن ریواڑی متعلقہ میوات کا عہد مین مبارز خان کے ثروت کو پہونچا تہا کہ بادشاہ اکبر سے لڑکر شکست فاحش اوسنے کہائی تہی آخر مارا گیا ہاتھ بیرام خان سے
١٩	محمد شاہ عادل عرف	نظام خان	١١ م	٩٦١	اسنے بعد تخت نشینی کے لقب اپنا سلطان محمد شاہ عادل کیا تہا اور مشہور عالی ہوا اور بسبب بے انتظامی ہر طرف سے بازار فتنہ و فساد کے گرم ہوئے اور روہی بے چراغ ہوگئے تھے اور حسین دہنا زمان لیرن عدلی کے تھے اور عدلے کو کفن بہی نصیب ہوا باوجود اتنی ثروت کے
٢٠	سلطان ابراہیم	.	٢ م	٩٧٥	بعد حکمرانی ایام معدود روانہ ملک عدم ہوکر اوڑیسہ مین مدفون ہوا
٢١	سکندر شاہ عرف احمد خان	حسین	٢ م	٩٦٢	ہمایون بادشاہ سے شکست کہا کر طرف بنگالہ کے بہاگ گیا تہا آخرش سواد بنگالہ مین مدفون ہوا
٢٢	مرتبہ دوم ہمایون بادشاہ	بابر بادشاہ	٦ م	٩٦٣	بعمر ١٥ سال وگذاشتن ٣ پسر ایک جلال الدین اکبر دومی مرزا محمد حکیم و سومی سلطان ابراہیم بلخ بیر عصا قلعہ کہنہ سے نیچے گر پڑے تہے بعد چندے جہان فانی کو پدرود کیا باقی حال مرتبہ دوم بابا کے سے اور مادہ تاریخ ع

				ہمایون بادشاہ از بام افتاد و مرد اور مدت سلطنت اس بادشاہ کے ۲۵ سال تاریخ مظفری میں لکھی ہے
۳۰	جلال الدین اکبر ہمایوں بادشاہ بادشاہ	۱۵ سن ۲ م	۱۰۱۴	قصبہ [illegible]پور میں متولد ہوکر اول دین سریر آرائے خلافت کے ہوئے سنہ ۹۶۳ھ میں اور حالات اوسط العربی وغیرہ انکے مشرح تاریخ اکبر وغیرہ میں مندرج ہے اور ہیمون نامی بقال سے اول ہزیمت کہا کر پہر فتحیاب ہوئے تہے اور مادہ تاریخ وفات کا اس بیت سے نکلتا ہے ع فوت اکبر شد از قضا آرے گشت تاریخ فوت اکبر شاہ ہوا اور عرش آشیان بعد وفات کے لقب ٹہرا اور تاریخ ناصر حیمی میں لکھا ہے کہ تمباکو طرف فرنگ سے بعہد اکبر شاہ دکن میں رواج پایا فقط ہیچو نایک بہی انکے عہد میں تہا اور نایک لفظ ہندی ہے واسطے فوج کے اور نائک واسطے ترجمہ کے اور اتفاقات عجیبہ و حسنہ سے ہے کہ معنی اس لفظ کے عربی میں جمع ہیں کس واسطے کہ النائک بالعربیہ الحجاج اور صوبہ بنگالہ سے ۵۰۰۰ زنجیر فیل و [illegible] راجہ تودرمل انکے عہد میں منصب وزارت پہ فائز اور ان کا مدت ۱۷ سال اور سریر قائم رہ کر

سنہ ۹۹۶ھ میں فوت ہوا یہہ شخص مالک پنج
ہزار سوار کا تہا اور اعتضاد الدولہ بیرم
خان خانخانان آتالیق شاہی وکیل مطلق
وصاحب اختیار تہے بالآخر ذریعہ منعم خان
کے روبکار گردنمیں پڑی ہوئی حاضر حضور
کے ہوا تہا کہ سنہ ۹۶۸ھ میں شہید ہوا
وبیٹا اوسکا عبد الرحیم تہا کہ بیسیگاہ حضرت سلطانی
سے خطاب مرزا خانی کا پایا بعدہ خانخانی
سے سرفراز ہوا اور سال ۵ جلوس سے
اثنای راہ میں تعریف ومفاخرہ خواجہ
معین الدین چشتی قدس سرہ کے زبانی
اشعار خوانندگان ہندی سے سنکر بامعدودی
خواصان ومقربان پیادہ پا واسطے زیارت
مرقد متبرکہ خواجہ علیہ الرحمۃ کے تشریف
لیجا کر مبالغ وہانکے خدام ومساکین کو عنایت
کیئے مصرعہ اینکار از آید مردان چنین کنند
بعدہ سال ۶ جلوس سے صوبہ مالوہ کو ادہم خان
وعبد اللہ خان وپیر محمد خان نے معہ بعضے
امرا اسکے احاطہ ضبط مانیہا اور شجاعت خان
سے کہ یہہ دو نو عہدہ ہای دولت شیر شاہ و سلیم
سے تہے بتدروات شایستہ انتزاع
کرکے داخل ممالک

مجروح کیا اور روپ متی جو منظورہ باز بہادر
کی تہی نام بر باز بہادر اشعار و خیال از زبان
ہندی میں کہتا تہا معہ اور عورت و خزانہ کے
اسیر و دستگیر ہوئی **نقل** ہے کہ روپ متی
ہزیمت باز بہادر و خرابہ سرا اوسکے بند روپ
شمشیر سے بمحافظ مخصوص تہی تہ تیغ زنسے مجروح
کیا الا وہ مرنے سے پیشتر جب کہ ادہم خان نے
روپ متی کو اپنے حضور میں طلب کیا اوس وفادار
نے براہ غیرت زہر ہلاہل اپنے تئیں ہلاک کیا

بیت نہ ہر زن زنست و نہ ہر مرد مرد
خدا پنج انگشت یکسان نکرد بعدہ **تانسین**
کلاونت جو نغمہ پردازی میں سرآمد روزگار
تہا حسب الحکم بادشاہ کے راجہ رام چند کے
پاس سے مع چند تحائف گران بہا حاضر ہوا
سنہ ۳۴ جلوس اکبری میں مر گیا اور اصل
تانسین کے براہمہ گوالیار وسے ہی مشرف
باسلام ہو کر منجملہ مریدان **شیخ سلیم چشتی**
فتحپوری علیہ الرحمۃ تہا اور سال ۴۰ جلوس میں
حکیم ہمام روانہ ملک سندھ ہوا اور سال ۴۱
جلوس میں اکبر آباد حاضر

					حضور کیا گیا کہ ہاتہہ بغل مین دبا کر سخن فصیح نکالتا بلکہ شعر بہی اوسی سے پڑہتا بعضی کمان طرف نظر بند سے و تسخیر کے کرتے الا اوسنی بسبب مشق کے یہہ کام بہم پہونچایا تہا اور **سلطان حسن و سلطان حسین** کہ توام پیدا ہوئے تہے بعد چندی راہی عدم ہوئے و **شاہزادہ سلیم و سلطان مراد و سلطان دانیال** ہے چنانچہ دانیال نے سال ۵۰ جلوسی مین انتقال کیا اور راجہ بیر بر الیق وعقیل منصب دار سہ ہزاری تہا چنانچہ اسکا مکان فتحپور سیکرے مین ہے اور بسبب وقوع محاربہ عظیم فیمابین اسکے ساتہہ زین خان کے ہنگام انجام مہم افاغنہ باغیان سواد بجور طرف بادشاہ سے مامور ہوکر گیا تہا مر گیا باقی حال اسکا مشہور عالم ہے
۴۳	نور الدین محمد جہانگیر	محمد اکبر شاہ	۱۰۱۴ سن ۳۸م	۱۰۳۶	مفصل حال اس بادشاہ کا توزک جہانگیری وغیرہ مین مندرج ہی اور سنہ ۹۷۷ھ مین تولد اس بادشاہ کا بمقام فتحپور سیکرے مین اور سنہ ۹۹۳ھ مین ساتہہ **جودہ بائی** صبیہ راجہ بہگوانداس راتہور جودہپوریہ کی کتخدا ہوئے اور بعمر ۳۸ سال سنہ ۱۰۱۴ھ مین بمقام اکبراباد تخت نشین ہوئے اور **مرزا جان بیگ** والا پایہ وزارت سی مشرف ہوکر ساتہہ **مرزا غیاث بیگ** مخاطب اعتماد الدولہ خدمت دیوانی مین اشتراک پایا اور **حسن بیگ** و عبد الرحیم **رفقای خسرو**

بیز انحضرت بوساطت **مرزا ابو القاسم**
حاکم پرگنہ گجرات دست بستہ حاضر کیی گئی اور خسرو
ستیا سل زندان مین بہیجی گئی اور عبد الرحیم پوست
کا بین و حسن بیگ پوست خر مین بند ہوکر واژگون
گدہی پر سوار کرکے تشہیر ہوئے اور باقی رفقا
خسرو کو دار نصیب ہوئے اور سال ۴ جلوس
مین ایک عنکبوت برابر سرطان کے حضور مین حاضر
کیگئی کہ جو گوہی مار طول ۳ درعہ سکندر سے
کو منہ مین دابے تہی آخر وہ سانپ مرگیا انہین
دنون مین خبر پہونچی کہ **علی قلی بیگ** نے قطب الدین
خان صوبہ دار بنگالہ کو مارڈالا آخر شق اوسکو
بہی بندہای بادشاہی ہمراہی قطب الدین خان نے
مارڈالا پہر جہانگیر **قلی خان** ناظم صوبہ بہار
صوبہ دار بنگالہ ہوا اور **اسلام خان** بعد ازان
صوبہ بہار پر مقرر ہوا اور سال ۴ جلوس مین
لعل خان کلاونت بہی مرگیا سعہ اپنے
کنیز کے اور یہہ کلاونت و کنیز با خود ہا نرد تعشق
کی کہیلتے تہی چنانچہ کلاونت مذکور اوسکے باعث
سی ہر روز افیون کہاتا تہا بعد مرنے کنیز کی افیون
بہت کہاکر مرا اور سال ۵ جلوس مین ایک
خسرو جعلی صوبہ بہار مین پیدا ہوکر وہ جماعت
بستہ کو اپنے تصرف مین لاکر **افضل خان**
سی ملگیا اور سال ۶ جلوس مین جبکہ مرزا

غیاث بیگ جو کہ سابق حبالہ علی
قلی بیگ شیر افگن خان مین تہی حضور
شاہی طلب ہوے اور نور محل خطاب
ہوا بعد چندی محیط کل ہوکر بخطاب
نورجہان بیگم سرفراز ہوے اوسکے
باب غیاث بیگ کو منصب وکالت کل ملے
اور اسکا بڑا بہای ابوالحسن بخطاب
اعتقاد خان اصف خانی و خدمت خانسامانی
سربلند ہوا اور نورجہان بیگم رفتہ رفتہ مدار
المہام کل سلطنت کی ہوی اور سال ۸
جلوس مین بادشاہ نے بہت شیر بے زنجیر مثل
بہیڑ و کہ چہوڑ دی تہی ایک دفعہ شیرنی نے اتفاقات
سے بچہ جنا اگرچہ ضابطہ نہین ہے کہ شیر بعد گرفتاری
جفت ہووی چو کہ اطبا کا مقولہ ہے کہ شیر شیرنی
روشنائی چشم کی انفع ہی نظر برین حسب الحکم
بادشاہ واسطے حصول شیر کے سعی موفور عمل
مین لائی گئی الا دودہ شیرنی کا دستیاب
نہوا اور رفتار دی تحریر اس مین بیان مدت
حمل حیوانات کا اس نمط پر مرقوم ہے
للفیل ۱۱ سال . والخیل
والحمار یک سال والبقر
۹ مہینہ والشاۃ ۵ مہینہ
والسنور ۲ مہینہ والکلب

۳ مہینہ و الطیر ۲۱ یوم
اور انہین دنون مین ایک سگ دیوانہ نے
ہاتہی کو کاٹ کہایا کہ اہ آوازہای عجیب و غریب
کر کے مر گیا اور سال ۱۰ جلوس کی جشن
مین راجہ کرن پسر رانا بمنصب پنج ہزاری ذات
مفتخر ہو گئے اسکی کسی نے اس وسیلہ سے اختیار
چاکری نہین کی تہی اور حسب الحکم بادشاہ کے
اکبرآباد سے لاہور تک بمسافت ایک کروہ مینار
بنای گئی اور متصل مینار سومی کے چاہ کندہ
ہوی و اشجار سایہ دار واسطے آرام مسافرین
کی لگائی گئی اور سال ۱۶ جلوس مین اعتماد
الدولہ نے آنکہہ اسباب ہستی سے بند کر کے
تمامی اثاث البیت اوسکا نور جہان بیگم
کو ملا اور نور جہان بیگم زوجہ علی
قلی بیگ مخاطب شیر افگن خان
جو انکی پاس تہین از بس حسین و ذی علم و عقیل
آخرش بعد حکمرانی بادشاہ ممدوح فوت ہو کر
درہ لاہور باغ معمرہ نور جہان بیگم مین مدفون
ہوا اور جنت مکان لقب پایا اور
سنہ ۱۰۵۴ھ مین نور جہان بیگم کی بہی وفات ہوی
اور لاہور مین اپنے بہائی آصف خان کی مقبرہ
مین مدفون ہوی اور نواب سعداللہ خان
سنہ ۱۰۶۶ مین فوت ہوئی اور شیخ احمد

					سہرندی فاروقی مجدد الف ثانی کو جنکی تاریخ وفات رفیع المراتب ہی قید کیا تہا اور سہرند نام ہے بلدہ عظیم کا مابین دہلی و لاہور کے اور سہرند کو سرہندہی لکہتی ہین اور ملا مسیح ساکن پانی پت ہی انکے عہد مین تہا چنانچہ قصہ رام چندر و راون یعنی رامائن اسنی فارسی مین بہت خوب لکہی کہتے ہین کہ مرزا صائب اپنا تمام کلام اوسکے دو شعر مفصلہ ذیل کے عوض مین دیتی تہے ؎ تنش را پیرہن عریان ندیدہ ؛ چو جان اندر تن و تن جان ندیدہ ؎ گریبان زین شد ناگہان چاک ؛ در آمد ہمچو جان در قالب خاک اور رفیقی کاشی شاعر میر حید رمعائی فن معما و تاریخ گوی مین بے نظیر تہا اسکے کلام سے ہے ؎ نازک دلم ای شوخ علاجم چہ توان کرد ؛ من عاشق و معشوق مزاجم چہ توان کرد ؛
۲۵	سلطان داور بخش	سلطان خسرو	ایک برس	۱۰۳۷	بسبب اسکا چندان مروج نہونے پایا کہ بعد وفات سوا ر لاہور مین مدفون ہوا
۲۶	محمد شاہ جہان بادشاہ	جہانگیر بادشاہ	اکتیس برس ۴ م	۱۰۶۷	بطن جودہ بائی سے متولد ہو کر ساتھہ ممتاز الزمانی بیگم صبیہ اصف خان کے کتخدا ہو کر عمر ۳۶ سال ۱۰۳۷ھ اکبر آباد مین وساده آرای سلطنت ہوے چنانچہ حکیم کنائے کاشی متخلص مسیح نے تاریخ جلوس کی لکہی ہے ع در جہان بادشاہ جہان باد اور بسبب بیماری امور سلطنت مین آخر کو خلل ہونے لگا اسواسطے انکی بڑے بیٹے محمد دارا شکوہ

ولیعہد نے نظم و نسق اوسکا بطور خود کیا اور آمد و رفت
اخبار کے مسدود ہوئی آخرش **عالمگیر بادشاہ**
فتحیاب ہوا اور شاہجہان بعد وفات کے روضہ
تاج گنج واقع اگرہ پر متصل قبر ممتاز محل کے مدفون
ہوکر اور **علیین مکان** لقب انکا ہوا اور
دس لاکھ روپیہ سالانہ ممتاز الزمانے ارجمند بانو
مہد علیا بیگم عرف تاج بی بی کا تہا اور **تلسی داس**
گوسائین شاعر ہندی انکی عہد مین تہا اور انکی عہد
مین زبان لشکری یعنی **اُردو** نے رواج پایا
یعنی جبو فنب دہلی کے بازار مین ترک مغل و پٹہان
وغیرہ ہندؤن کے ساتہ بات چیت کرنے لگی جب
اونکی فارسی وغیرہ زبانین ہرج ہا کیا کی شا
مل گئین اور نام اوسکا اُردو ہوا اور **تخت**
طاؤسی جو اس بادشاہ کے عہد مین بصرف
لکہو کہا روپیہ طیار ہوا تہا سنہ ۱۰۴۴ھ مین کہ تاریخ
اوسکی **حاجی محمد خان** قدسی نے خوب کہی
ہی **بیت** چو تاریخش زبان پرسید از دل ؎
بگفت اورنگ شاہنشاہ عادل ۞ اور ہر دن
جلوس انکی ۲ لاکہ روپیہ بصیغہ انعام صرف
ہوا از انجملہ دو سو دو ہزار اشرفی اور ۴ لاکہ
روپیہ انکی صبیہ کلان معلی القاب **جہان آرا بیگم**
کو ملا تہا اور **فیل سفید** سید دلیر خان نے
حضور شاہی میں حاضر کیا تہا چنانچہ **طالب کلیم** نے یہ رباعی

لکھی ہے رباعی بر فیل سفیدت کہ ہیناد گزند ۔ شد بخت بلند
ہر کہ او دیدہ فکند ۔ چون شاہجہان بزور بر آمد گوئی خورشید
شد از سفیدہ صبح بلند اور اس بادشاہ نے اول حکم امتناع سجدہ
واسطے اپنے نافذ کیا و بعوض اسکے چندے حسب التماس
مہابت خان کے زمین بوسی مقرر ہوئے چنانچہ
دونوں ہاتھ زمین پر رکھہ کر پشت دست کو بوسہ دیتے
تھے اور واسطے سادات علماء و فضلاء کے سلام وقت
ملازمت و ہنگام رخصت کے فاتحہ مقرر ہوا اور بعد چندے
ایام زمین بوسی بھی موقوف فرما کر تسلیم چہارم مقرر کی
اور **علم موسیقی** مین بھی فائز و رسا تھے لکھا ہے
کہ وقت استماع سماع آنحضرت سے بعضے مشائخ نے
ایسا وجد کیا کہ اوسی حالت مین روانہ جنت ہوئے
اور اوسی سال اول جلوس مین ۱ روپیہ **لشکر خان** کو بابت
قرضہ ذمہ اپنے کے دیا اور ۸۰ لاکھ روپیہ نقد و جنس
سے بطور انعام کے تقسیم کیا گیا اور سال ۴ جلوس
مین ارجمند بانو بیگم ملقب بنواب ممتاز الزمانی نے
بعمر ۳۸ سال باغ زین آباد برہانپور مین عالم
فانی سے رحلت کی **بیدل خان** نے مادہ تاریخ
کا ایسا پایا ع جائے ممتاز محل جنت باد اور آٹھ
و ۶ لڑکے انسے متولد ہوئین اور نقد و اثاث البیت مغفورہ
کہ زیادہ ایک کرور روپیہ سے تھا از انجملہ نصف جہان
آرا بیگم معروف بیگم صاحبہ باقی اونکے اولاد کو بخشا
گیا اور دس لاکھ روپیہ سالانہ بیگم صاحبہ کا کیا

لڑکے اور لڑکی

اور سال ۵ جلوسی مین حاجی محمد خان قدسی
مشہدی نے سعادت ملازمت سے مشرف ہوکر قصیدہ مدحیہ
گذران کر دو ہزار روپیہ و خلعت سے مفتخر ہوا اور ایک
روز محفل فیض منزل مین بتقریب ذکر سکندر ذوالقرنین
کا ہوا یمین الدولہ آصف خان نے عرض کیا کہ
ابتک کسی نے اوسکے سخن پر اعتراض نہین کیا آنحضرت
نے فرمایا اگر ثبوت اوسکے از روے کتب کے ثابت ہوجاوے
ہے تو جاے حرف نہین ہے والا مجھکو دو اعتراض
ہین ایک یہہ کہ ایسے بادشاہ دانا کو بیحایت آگے
نوشابہ کے جانا دوسرے جواب مین رسول
دارا کے اپنے باپ کو مرغ کہنا جیسا کہ نظامی گنجوی
فرماتے ہین ع شدان مرغ کو خایہ زرین نہاد
کب مناسب و لایق تہا اور سال ۶ جلوسی مین
بتقریب رسم کتخداے محمد داراشکوہ تناہمہ
دختر سلطان پرویز کے ۳۲ لاکہہ روپیہ اس جشن
مین صرف ہوا اور سال ۷ جلوسی مین زمانہ بیگ
مہابت خان خانخانان راہی ملک عدم ہوا
اور سال ۱۱ جلوسی مین امانت خان خوشنویس
کاتب کتابہ ہاے مقبرہ ممتاز الزمانی کو زنجیر فیل
مرحمت ہوئے اور سعید خان صوبہ دار کابل کو حکم
تسخیر قلعہ قندہار نافذ ہوا اور ذوالقدر خان
کو آگے علیمردان خان حاکم قندہار کے روانہ
کیا اور سال ۱۶ جلوسی مین باغ مبارک بنیاد لاہور

معہ ہہر باہتمام علیمردان خان وخلیل اللہ خان انجام
کو پہونچا اور ۸ سوار ہزار روپیہ اوسمین صرف ہوئے
سال ۱۷ جلوسے مین بشرف زیارت روضہ خواجہ معین
الدین چشتی علیہ الرحمتہ سے ہوکر عسا خادمون کو عنایت
فرمای اور حکم ہوا کہ دیک کلان موقوفہ جنت مکان جہانگیر
باذشاہ مین طعام پکواکر مساکین کو تقسیم کیا جاوسے
چنانچہ ایک سو چالیس من پختہ طعام اوسمین ایکدفعہ
مین پکایا گیا تہا اور سال ۲۲ جلوسے مین قلعہ قندہار
شاہ عباس ثانی والی ایران نے ضبط کیا اور سال
۲۵ جلوسے مین **غنی کشمیری** نی مثنوی تعریف
عمارات شاہجہان اباد و باغ حیات بخش حضور مین
گذرانکر ہزار روپیہ انعام پایا چنانچہ یہہ ابیات اوسکے
کلام سے ہین ف تعالی اللہ چہ شہر ست این کہ ان
شان ؛ گذشتہ ہر بنای او ز کیوان ؛ جہان را گر
ز خود یاد باشد ؛ ہمین شاہجہان آباد باشد ؛ اور
تعریف باغ مین لکہا ہے ای حسن بہار از تو
روشن ؛ خاطر بتصور تو گلشن ؛ کس مثل تو در جہان
ندیدہ ؛ مثل تو خدا نہ آفریدہ ؛ شوید دہن از گل
ریاسم ؛ انکہہ بزبان بر د ترا نام ؛ اور سال ۲۸
جلوسی مین محمد دارا شکوہ بعد ولیعہدی بعنایت خلعت
گران بہا قیمتی دو لاکہہ و پچاس ہزار روپیہ و اشرفی
ایک لاکہہ ۷۰ ہزار اور ۳ لاکہہ روپیہ نقد
و بہ خطاب شاہ بلند اقبال سربلند ہوا اور سال

						۳۲ جلوسی مین جامع مسجد شاہجہان آباد بصرف دس لاکھہ روپیہ باہتمام جعفرخان وخلیل اللہ خان بمدت چھہ سال طیار ہوئی اور آپ کی زوجہ اولین قندہاری محل دختر مظفر حسین صفوی وزوجہ سوم صبیہ شاہ نواز خان خلف خانخانان دستار انکی تہین اور سلیم تخلص محمد قلی کا ہمراہ ساتھہ اسلام خان کے اوقات بسری کرتا تہا اس کا مصرعہ خوبہا مست وچمن ورپی ساماں کل ہست - ابر بہر روی ہوا دودجہر اغان کل ہست
۲۷	محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر	شاہجہان	۵ برس	۱۸	۱۱	اس بادشاہ کی وقت میں چہہ سال دس کے ہمہ مسدود ہوی حدودات اورنگ آباد مین مدفون اور خلد مکان لقب ہوا اور جب دارا شکوہ برادر کلان انکا جو کہ معہ سپہر شکوہ اپنی فرزند کی بوساطت بہادر خان اسیر ہوکر آیا رقعہ انکو لکہا تہا کہ برادر من بادشاہی خیال باوشاہم اصلا در دل نماندہ لیکن شما وفرزندان شما مبارک باشد فلکیست من بخاطر راحتی دارند حویلی قابل سکونت وکنیزی از کنیزان مخصوص ابرای خدمت عنایت شود تا گوشہ عافیت بدعای اقبال صاحب مشغول شام رقعہ عالمگیر نے حاشیہ رقعہ پر لکہہ بہیجا الان وقد عصیت قبل وکنت من المفسدین آخرش دارا شکوہ کو بحکم عالمگیر بادشاہ سیف خان نے قتل کیا اور سلیمان شکوہ فرزند

دومی دارا شکوہ کا تہا اور عہد عالمگیر مین میر محمد
سعید معروف میر جملہ وزیر سلطان عبد
الله قطب شاہ والی حیدر آباد نی بہت مال
واسطے سید احمد و سید سلطان
کی مکہ مبارک مین بہیج کر دونو کو طلب کیا تہا اور
تاریخ جلوس عالمگیر کے جو کہ سنہ ۱۰۶۸ھ مین ہوا عبد الله
شہید نے آیہ کریمہ سے خوب استخراج کی ہے اطیعوا
الله واطیعوا الرسول واولی الامر
منکم اور ابو الحسن عرف تانا شاہ والی حیدر
آباد دکن کے قلعہ گلکنڈہ خالی کروایا تہا اور
بمعرفت سیف خان سپہر شکوہ فرزند دارا
شکوہ کو قلعہ گوالیار مین قید کرواکر محصول راہداری
غلات کا جو سابق سے جاری تہا بر سبیل دوام
معاف کیا اور سال ۶ جلوسی مین جعفر خان
منصب وزارت سی مشرف ہوا اور سال ۷
جلوسی مین شاہزادہ محمد معظم کے مشکوی مین
بطن دختر راجہ روپ سنگہ راتہور سے
فرزند تولد ہو کر نام سلطان معظم
سے موسوم ہوا سال ۸ جلوسی مین راجہ
جیسنگہ ملک دکن واسطے استیصال سیوا
مرہٹہ کے مامور رہا اگرچہ اخر اوسکا قصور سرکشی
کا ہنگام معذرت معاف کیا گیا اور سال ۱۱
جلوسی مین شعرا و منجمان دربار فرو شاد

عہد شاہی کے ہر طرف ہوئی اور بجای منجم وقت
شناس واسطے دریافت وقت نماز
پنجگانہ مقرر ہوئی اور حصہ سفر ہر روز سہ شنبہ و پنجشنبہ
مقرر ہوا اور ترک آرایش جواہر پہننے سے کی مگر
الا ہر روز یکشنبہ و تاریخ جلوس اور امرا کو ہتھیار
لباس نا مشروع سے ہوا اور اسی اثنا میں
بپاس شرع شریف گانا ونت و قوال
خوش آہنگ و جادو فن ملازم قدیم شاہی کا منا
اضافہ کر کے خوانندگی سے باز رکھا چنانچہ نقل
ہی کہ ایک روز چند گانے والوں نے جنازہ بنا کر
اور بہت سے پھول اوسپر ڈال کر کمال آرایش
کے ساتھ بقصد شہرت اسبات کے کہ سرود نے
محمل سفر آخرت کا باندھا لاش اوسکی واسطے
دفن کے لیجاتے ہیں نیچے جھروکہ شاہی سے گذرے
حکم ہوا کہ ایسا اسکو نیچے خاک کے کر دو کہ قبر سے
سر نہ نکالے اور آواز اوسکی نہ نکلے اور سال ۱۲
جلوسی میں جعفر خان وزیر نے سفر آخرت
اختیار کیا یہہ شخص خوش وضع و مرزا منش تھا
بعد وفات اسکے اسد خان اس عہدہ
وزارت پر سرفراز ہوا اور سال ۲۳ جلوس
میں سیوا مرہٹہ بھی مر گیا دو لڑکے سنبھا
و راجا رام چھوڑ گیا اور اس بادشاہ
عالی کے ۵ بیٹے و ۷ دختر بطن مختلفہ سے تھیں

اول شاہزادہ محمد سلطان و دوئم شاہزادہ
محمد معظم و سومی شاہزادہ محمد اعظم
چارمی شاہزادہ محمد اکبر و پنجمی شاہزادہ محمد
کام بخش اور بنات سی اول زیب النسا بیگم
دومی زینت النسا بیگم و سومی بدر
النسا بیگم و چارمی مہر النسا بیگم اور
مال و منال ابو الحسن مذکور کے بعد تاراج و متصرف ہونے
کے ۸ لاکہہ و ۱۵ ہزار ہون و ۲ کرور و
۳۵ ہزار روپیہ کہ سب ۶ کروڑ ۸۰ لاکہہ و ۱۰
ہزار روپیہ سوای جواہر مرصع طلا و نقرہ داخل سرکار
بادشاہی ہوا اور بابت جمع دامی حیدر آباد کے
ایک ارب و ۵ اکروڑ و ۷ الاکہہ دفتر شاہی
مین لکہا گیا اور حکیم سرمد جو ابتدای حال
مین یہودی تہا و توریت و انجیل پڑہتا تہا بعد اسکے
شرف اسلام سے ہوا اور اکثر علوم مین مہارت
تمام پیدا کر کے جامع فنون عجیبہ و غریبہ کا ہوا اور یہہ
ولایت سی آکر ایک ہندو کے لڑکے پر عاشق ہوا
اور اوسکو یا کہتا تہا الا اس وقت مین مکشوف
العورت تہا و ہی کلمات خلاف شرع کے کہتا تہا
اسواسطے ابتدای جلوس عالمگیری مین بفتواے
علماے زمان قتل ہوا جب کہ اسکو قتل گاہ مین لیگئے
یہہ بیت پڑہی ؎ سر جدا کرد از تنم شوخی کہ با ما
یار بود ٭ قصہ کوتہ کرد ورنہ درد سر بسیار بود

وہ ہے ۵ دو دستی درآغوش شبنم خفتی ای گل تا سحر ناز بر بلبل مکن دیگر کہ شبرو اس ہست دی۔ اور میرزا محمد متخلص بہ عالی بعد اس بادشاہ میں خطاب نعمت خان سے سرفراز ہوکر داروغگی بادرچیخانہ پر امتیاز پایا علوم عقلیہ و نقلیہ سے بہرہ وافی رکھتا تھا بسبب ملاقات اس بیجا کے عالمگیر نے اسکو لشکر سے نکلوا دیا تھا بہ سبب صوفیہ و مذہب شیعہ کا اعتنا کرکے ہجو گوئی میں لگا رہتا ایک شخص نے براہ خوش طبعی اسی کہا کہ تم سزاوار تعلیم کے ہو اسنے کہا کس طرح جواب دیا کہ مجکو لوگ حاجی کہتے ہیں اسنے جواب دیا کہ میں سعادت حج سے محروم ہوں اوسنے جواب دیا کہ بیک حاجی بار ہو نسی ہوو سی لگا یہ بات سنکر مخجل ہوا نقل ہے کہ خان مذکور خدمت خانسامانی زیب النساء بیگم کی بھی انجام دیتا تھا ایک مرتبہ بیگم صاحبہ نے جیغہ گران بہا خرید کر دیا اور پوچھا کہ اسکے قیمت کیا ہے اسنے ایک رباعی لکھ کر بھیجدی ۵ اے سنگ گیتی سعادت اختر من ۔ در خدمت تو عرض شدہ جوہر من ۔ گر جیغہ خرید نیست پس کو زر در قیمت خریدنی تاہر ان سر من ۔ بیگم صاحبہ نے قیمت اوسکی دیکر وہ جیغہ اوسکے سر پار انقط					
۱۱ بعد وفات انکی امر خلافت میں اختلاف پڑا اور موضع مہرولی واقع سواد دہلی میں مدفون ہوگے **خلد منزل** لقب ہوا	۴ ۲	۶۴ سس ۱ م	اورنگزیب عالمگیر	محمد معظم شاہ عالم	۲۸

۲۹	محمد معز الدین خجستہ اختر و رفیع الشان ملقب شاہ بہادر	محمد معظم	یک م	۱۱۲۵	بعد جنگ عظیم الشان پر فتحیاب ہوکر تینون بہائیون مین نفاق پڑا آخر راہی ملک عدم ہوا
۳۰	خجستہ اختر جہان شاہ	ایضاً	۱۴ یوم	۱۱۲۵	جنگ معز الدین مین مارے گئے اور دہلی مین مدفون ہوئے
۳۱	رفیع الشان	ایضاً	۸ یوم	۱۱۲۵	بشرح ایضاً
۳۲	محمد معز الدین جہاندار شاہ	ایضاً	۹ ۲۲ یوم	۱۱۲۵	بعد فوت بمقبرہ ہمایون بادشاہ واقع سواد دہلے مین مدفون ہوا
۳۳	جلال الدین محمد فرخ سیر	عظیم الشان	۶ س ۳ م	۱۱۳۱	بعد اسیری ہاتہہ عبد اللہ خان و نواب حسین علیخان سادات بارہہ سے کہ صوبہ دار و میر بخشی دکن کے تہی زہر سے ہلاک ہوئے اور دہلی مین مدفون اور میر جملہ نے بنا بر طمع و حسد سادات بارہہ کے زہر دلوایا تہا فقط
۳۴	محمد ابو البرکات سلطان رفیع الدرجات	رفیع الشان	۳ م	۱۱۳۱	بسبب مریض ہونے و استعمال کو کنار کے جہان فانی سے رحلت کے زمانہ
۳۵	شمس الدین	ایضاً	۳ م	۱۱۳۱	بشرح صدر اور انکا لقب رفیع الدولہ محمد شاہجہان
۳۶	سلطان محمد ابراہیم	ایضاً	۱۵ یوم	۱۱۳۲	نواح شیر گڈہ مین ساتہہ امراے محمد شاہ کے مقابلہ ہوا وفات پائے
۳۷	روشن اختر ابو الفتح محمد شاہ	خجستہ اختر	۱۸ س ۳ م	۱۱۶۴	تاریخ ۲۳ ربیع الاول ۱۱۰۲ھ مین یہہ بادشاہ از بطن مہد علیا نواب قدسیہ بیگم کتم عدم سے عالم وجود مین آئے ۱۱۳۱ھ بعمر ۱۸ برس تخت نشین ہوا کسی نے تاریخ جلوس کی خوب کہی ہے الا ادس تاریخ مین دو عدد زیادہ ہوتی ہین لیکن بسبب خوبی تاریخ اسقدر تفاوت روا کیا گیا ہے روشن شد

اختر بود اکنون ماہ شد۔ یوسف از زندان
بر آمد شاہ شد اور امیر الامرا حسین علیخان
واسطے سنہ **چھبیلی رام** ناگر صوبہ دار الہ آباد
کے گئے آخر کو سنا کہ وہ مر گیا انہین دنون
مین خدمت صدارت کل کی بنام **امیر جملہ**
خانخانان کے مقرر ہوئی اور سال سوم جلوس
مین حسین علیخان ہاتھہ میر حیدر بیگ خان
کاشغری سے مارا گیا اور سال سیوم جلوس
مین بادشاہ عالم پناہ سلا ساتھہ صبیہ **فرخ**
سیر کے عقد نکاح کا فرمایا اور وہ مخاطب بنواب
ملکہ زمانی ہوئین اور انہین دنون مین شاعر
ہوا **میرزا عبد القادر بیدل** نے وفات پائی
چنانچہ تاریخ وفات انکی بہی **میرزا عبد القادر**
بیدل سے نکلتے ہے اور میرزا موصوف مردم
توران سے تہا اکثر اوقات عظیم آباد پٹنہ مین
رہتا دیوان ضخیم و مثنویات مثل **محیط اعظم**
وغیرہ معہ نثر **چار عنصر** وانشا بیدل یادگار
روزگار ہے اور یہہ شخص طرز سخن مین موجد
و مخترع اپنا ہے اور استغنا بہی اوس مرتبہ
کو تہا کہ ایک مرتبہ نظام الملک فتح جنگ نے اسکو
۱۱۳۲ سنہ ہجری مین ذریعہ نامہ کے طلب کیا اسنے انکار
کر کے ایک غزل جواباً بہیجی کہ جسکا مطلع یہہ
ہے دنیا اگر دہند نخیزم ز جای خویش من بستہ ام

حنا می قناعت بیا می خویش ٭ اور سال ۷ جلوسی مین نظام
الملک فتح جنگ بعنایت قلمدان مرصع و چارقب وزارت
و منصب نوہزاری ذات و نوہزار سوار دو اسپہ و سہ اسپہ سربلند ہوا
اور سال ۸ جلوسی مین بادشاہ نے نظام الملک فتح جنگ کو
خطاب آصف خان سے ممتاز کیا اور اسی سال عبید اللطیف
درویش روانہ ملک بقا ہوئے اور سال ۹ جلوسی مین بکلای فرسے
باران بدعای شاہ بھیکہ صاحب بایام قحط سالی بادشاہ نے
بوساطت روشن الدولہ ظفر خان رستم خان مبلغ دو سو ہزار
روپیہ بطور نذر کے عنایت فرمائی شاہ صاحب نے اون روپیاکی
کثیر شاہی کو اوسی وقت صرف مسکینان و درماندگان کو کردیا
مردان خدا خدا نباشند ٭ لیکن ز خدا جدا نباشند
اور اسی سال مین معز الدولہ حیدر قلیخان ناصر جنگ بسبب لگنے
خستہ زمین مر گیا اور ملہار راو مرہٹہ کہ توم شبان ورفقای
باجی راو پیسر بالاجی بسنا ہہ سے تہاد کن سے مالوہ
مین آکر ساتھ گردہر بہادر کی مجادلہ کیا اور سال ۱۰ جلوسی
مین تاریخ ۱۲ ربیع الاول بتقریب نیاز خیر البشر صلے اللہ علیہ وسلم
روشن الدولہ رستم جنگ نے طیاری ہر قسم طعام
النفس و اللطف سر حد افراط کو پہنچائی اور شب کو اہتمام روشنی کا
تا فاصلہ ہم کروہ اماوہ و مہیا کیا ٭ چراغان گشت رشک
افزای انجم ٭ زمین ہم چشم شد با چرخ ہشتم ٭ ہوا شد از چراغان
رشک گلشن ٭ وزان پروانہا را چشم روشن ٭ نگار از دید نشش
مدہوش گردید ٭ ہوا گوی مرصع پوش گردید الغرض کہتے ہین دو ہزار
روپیہ اس روشنی بی نظیر و اطعمۂ الذ و النفس بین صرف ہوا اور
نظام الدولہ ناصر جنگ کی شادی مین ساٹھ لاکھ روپیہ صرف ہوا اور سال

کوچ فرماکر سواد کرنال مین پہونچی پادشاہ نے خزائن واحمال
واثقال کو انبالہ مین چہوڑکر جمعیت پانچ یا چہہ ہزار سوار کو ہمراہی
متعین کرکے ساتھہ فوج سنگین کے بعزم رزم متوجہ ہوا بعدہ
برہان الملک فوج شاہی مین پہونچکر آمادہ جنگ کی تہا کر نظام
الملک و اعتماد الدولہ قمر الدینخان و صمصام الدولہ خاندوران خان
و محمد خان بنگش و سربلند خان مبارز الملک نے نقشہ جنگ کو کنکاش
کرکے برہان الملک کو بالفعل جنگ سے مانع ہوئی تب برہان الملک
نے نمانا بالآخر ساتھہ قشون نادرشاہ واسطے جنگ کی آمادہ
ہوے حتی کہ نوبت جنگ و جدل عظیم کے پہنچی اور بعد مجروح ہونے صمصام
الدولہ کے زخم کاری مظفر خان مع صمصام الدولہ اونکا بہائی
مارا گیا اور برہان الملک بہی اسیر ہوا فردای اسکے محمد شاہ نے نظام
الملک فتح جنگ کو مقدمۃ الجیش بنا کر معہ وزیر الممالک اعتماد الدولہ قمر الدین
خان و عمدۃ الملک امیر خان و موتمن الدولہ اسحق خان معہ اور
امراو ذوی الاقتدار و راجہای نامدار وغیرہ و توپخانہ جہان
آشوب بعزم مقابلہ و مقاتلہ نادرشاہ توجہہ فرمائی بعدہ ہنوز
جنگ ہونے نپائی تہی کہ برہان الملک نے مفصل حال فوج ظفر موج
محمد شاہی سے نادرشاہ کو مطلع کرکے اوپر لینے چند کرور روپیہ کے
راضی کیا کہ اسقدر روپیہ لیکر ایران کو مراجعت کر جاوے اور اطلاع
اسحال کی محمد شاہ کو کردی چنانچہ محمد شاہ بہی معاملہ پر راضی ہوکر اور
تاریخ ۱۶ ذیقعدہ کو جریدہ واسطے ملاقات نادرشاہ کے تشریف
لیگئے نادرشاہ نے مرزا نصر اللہ خان لڑکے
اپنے کو تا یک کروہ واسطے استقبال کے بہیجا محمد شاہ نے
عند الملاقات اوسکو گود مین لیا و سر انکہون

کو بوسہ دیا مرزا نے بھی آداب بجا لا کر ہودا فوج علم بادشاہی
پر چڑھ کر عقب تخت کی روانہ ہوا جب سواری نزدیک خیمہ شاہی
پہونچی نادرشاہ نے ہی تا سراپردہ استقبال کیا اور
مسند پر بٹھایا اور بکمال ادب سے ہمدوش بیٹھا اول سخن
نادرشاہ نے یہ کہا کہ فقیر چند مرتبہ نامہ نیاز مصحوب سفیران
معززہ روانہ آستان نمود از روابط قدیم کہ فیما بین سلسلہ
عالیہ تیموریہ و شاہان ایران بود یاد دادہ نمود استمداد
جہت دفع افاغنہ بغاوت پیشہ کہ غبار ارادہ ہر دو دولت
بودند کردہ و چند سال منتظر جواب ماندہ ناچار مایوس
گشتہ متحرک این سمت شد والا ہرگز از قواعد اتحاد امر
پیرامون خاطر نبود این ہمہ تغافل و تکاسل شہنشاہان سلف نسبت
بلند چہ خیریت تقدیر فردوس آرامگاہ نے جواباً فرمایا تغافل
موجب سعادت ملازمت گردید اس بات سے انبساط و فرط نشاط
متکاثر بادشاہ پر ظاہر ہوا اور فرمایا حقتعالے سلطنت ہندوستان
با علیحضرت مبارک و ہمایون فرماید کہ این خلعت بر قامت این دودمان
می زیبد و مکرر از حکم اعلیحضرت سرتابی نماید برای گوشمالی او حاضر
و مہمان حضرتم و شب ہمین جا استراحت فرمایند بعد تواضع
و تعظیم قلیان اپنی ہاتھ سے لے فردوس آرامگاہ کے کہا اور سوای
اعلیحضرت کے اور لفظ سے مخاطب ہوتا بلکہ امرا اپنے کو تاکید
رسوای اسکے نام سے کہ زبان پر لانا منع برا اور کہتے حضرت امیر
نادرشاہ نے فوج قزلباشیہ کو ہمراہی بعضے معتمدان فردوس آرامگاہ کے
تعین کیا تھا تاکہ بحفاظت شایستہ سواری بیگمات بادشاہی
کو ہمراہ اپنے لا کر متصل خیمہ

اعلی حضرت کی قیام خیام کیا جای بعد اسکے نادرشاه
نی برہان الملک و طهماسپ خان جلایر کو که بمقدمة
الجیش روسکا تہا معه فرمان نظامت دار الخلافة
شاهجهان آباد بمهر خود و شقه فردوس ارامگاه
محمد شاه موافق مضمون یرلیغ بنام شمس الدوله
روانه کیا **نقل فرمان نادرشاه** عالیجاه
لطف الله خان صادق بهادر امیدوار مراحم
بادشاهانه بوده معلوم نماید که ان رفیع الشان
منیع المکان را از امرای قدیم دولت تیموریه و معتمدان
جاه گورکانیه دانسته بنظامت دار الخلافة شاهجهان
آباد که عظیم دیار هندست و حرم سرای اشرف سلاطین
روی زمین سرفراز فرمودیم و حسن نیکو خدمتی و جوهر
امانت و دیانت پرستی ان سرکرده نوئینان عالیمقدار
از گزارش عقیدت گزین راسخ الاعتقاد و الا منزلت
عالی مراتب برهان الملک بهادر جنگ که بحضور خاکپای
ما نموده بود مستحسن و قبول افتاد باید که ان رفیع القدر
سکنه ان شهر را دلاسا نماید و امیدوار دولت خداداد
دا همسان و دو نوعی بکار پردازد که رعایا و برایا بسوگ
بستر نبند و زیر دست و زبر دست مساوی زیند
نشود که قادر عاجز غلبه آرد و ضبط کارخانجات آستان
بادشاهی و حراست سلاطین ذمه خود شناسد چه
شرط است و کلید قلعه مبارک با جمیع کارخانجات حواله
طهماسپ خان سردار که همپای برهان الملک

میرسد شاید درین باب شقه خاص اعلی حضرت نیر بالقدیم
الخدمت صادر شد حسب الارقام بعمل آرد و مارا متوجه حال
خود شناسد درین باب تاکید دانند تحریر فی التاریخ ۲ ذیقعده

نقل شقه محمد شاه بدستخط خاص قدیم الخدمت برهان
الملک و ملهاسپ خان بهادر معه منشور نظامت که غلام
القدیم الخدمت از پیشگاه شهنشاه صادر شد می باید
که کلید کارخانجات را حواله سردار رساند و حراست سلاطین
ذمه خود داند و قلعه را بطور امانا دارد و درین باب قدغن
مبلغ و تاکید شدید شناسد فقط چنانچه حسب فحوای فرمان
و شقه عمل مین آیا آخر الامر برهان الملک وکیل مطلق و صاحب
اختیار کل سلطنت هندوستان هوکر شهر ذی الحجه سنه الم مین
روانه ملک عدم هوا اعلی قلیخان واله داغستانی نی اسکی عزا
مین کهاهی ـــ دور از تو سپهر لاله گون میگرید تنگ
که زمانه بی تو خون میگرید رفتی ز جهان و لیت شمشیر شکنان
با قامت خم همیشه خون میگرید واضح هو که سعادت خان
برهان الملک مسمی میر محمد امین سادات موسوی نیشاپوری
سی تها اب کچهه حال قتل عام دهلی کا لکهاجاتا هی جب که روز
دو شنبه ورود نادر شاه کی سی گذری بعضی مردم کوته اندیش خانه بر انداز
دار الخلافه نی اشتهار دیا که نادر شاه کو قلعه ارک مین
کنیزان ترکی و غلامان حبشی نی بضرب گوله تفنگ مار دالا
بر وفق شیوع اس خبر کی اکثر سکنای دار الخلافه نی قتل
و تاراج فوج قزلباشیه مین مبادرت کرکی مردمان مغول
کو هلاک کیا و اسپ و سیراق اونکی بهاگی نادر شاه باتکا

اس حال کے کمال غضب مین ہوکر اور لباس ستعرلات سرخ
پہن کر شمشیر نیام سی نکال کر ۱۱ ذی الحجہ سال مرقوم کو علی
الصباح قلعہ سی باہر آکے مسجد روشن الدولہ مین اجلاس کر کے
حکم قتل عام کا نافذ کیا بہ طبق اسکی قزلباش و ترکمان و
افشار و ترکی و قلماق وغیرہم نی جسطرف کہ رخ کیا لاشون
کو اوپر لاشونکی ڈہیر کر دیا اور جوی خون کی کوچہ و بازار
مین روان کر دی حتی کہ زیادہ ہزار آدمی سی مقتول و علف
تیغ بیدریغ ہوی دوپہر تک یہہ حال رہا تب نظام الملک
فتح جنگ و اعتماد الدولہ قمر الدین خان نی سر برہنہ کر کے
و زاری زار کر بالحاح تمام حکم امان کا چاہا نادر شاہ نی حکم امان
دیکر داخل قلعہ ارک ہوا نسقچیون نی ہر کوچہ و بازار مین
دوڑ کر ابلاغ حکم کا کیا جو نفاذ حکم اوسکا اقصی غایت کو
تہا بعد اسکی کوی مجال نہ کہتا تہا کہ اس بدعت پر مبادرت
کرتا بعدہ بسبب مجادلہ کرنے سید نثار خان داماد اعتماد الدولہ
قمر الدین خان و رای مان ناظر شہسواران و اغر خان
واسطی حفظ نوامیس اپنی ساتہہ مغول کی معرفت اعتماد الدولہ
طلب ہوکر نثار خان کو خفہ اور دونکو باستثنای اغر خان
قتل کروایا بعدہ نقد و جواہر معہ تخت طاوسی و کارخانجات
بادشاہی اپنی تصرف مین لایا الا زر نقد بیگمات بادشاہیہ
سی مزاحمت نکی بعضی ۳۰ کروڑ روپیہ معہ نقد و جواہر و بعضی
۶۰ کرور روپیہ و بعضی ۸۰ کروڑ روپیہ قرار دیتی ہین جو کہ
نادر شاہ نی گیا الغیب عند اللہ العلام نقل ہی جس روز
کہ نادر شاہ نی ارک دار الخلافہ شاہجہان آباد مین محمد شاہ

سے ملاقات کی عمدۃ الملک امیر خان نے پیالہ قہوہ کا طیار
کر کے حضور مین دونو بادشاہ کے لایا اور اپنے دلمین تامل کیا
وسوچا کہ اگر اول فردوس آرامگاہ کے روبرو لیجاتا ہون تو
وسوسہ ہے مزاج ناتہہ سے جاتا ہے اسواسطے اول پیالہ نذر حضور
مین محمد شاہ کے گذران کر عرض کیا کہ آنحضرت شاہنشاہ کو دیوین
بر وفق اسکے آنحضرت نے پیالہ امیر خان کے ہاتہہ سے لیکر نادر شاہ
کو دیا اس حرکت سنجیدہ و فہمیدہ عمدۃ الملک امیر خان سے دونو
بادشاہ خوش ہوے کہ ایک آقا کا ہاتہہ دستگیر نادر شاہ کو بہی
خوشنود رکہا بعد اسکے محمد شاہ نے ابو المنصور خان صفدر
جنگ خواہرزادہ و داماد سعادتخان برہان الملک
کو خلعت و فرمان نظامت اودہ پر سرافراز کیا اور سال
۲۳ جلوس مین مؤتمن الدولہ اسحق خان کہ مرزا احمد
علی نام رکہتا تہا اور دیوان خالصہ شریف کا تہا راہی ملک
بقا ہوا نقل ہے کہ جب قشون نادر شاہی قتل عام شاہجہان
آباد سے فارغ ہو کر مشغول تحصیل زر مصادرہ کے تہا عبد
الباقی خان ایک وزرا نادر شاہ نے بہ سبیل تکلم
مؤتمن الدولہ سے کہا کہ مردم شاہجہان آباد پہر قتل عام
چاہتے ہین مؤتمن الدولہ نے فی الفور جواب دیا ❊ کسی
نماند کہ دیگر بہ تیغ ناز کشی ❊ مگر تو زندہ کنی خلق را و باز کشی
اسکا سے نمط پر اسکے نکات و لطایف بہت ہین اور یہہ بہی او
کلام ہے ❊ بس کہ در دل تنگم خیال انگل بود ❊ بغیر
خواب من امشب صفیر بلبل بود ❊ خدا کند کہ گرفتار ناز
خویش شود ❊ کسی کہ آفت صبر من تغافل بود ❊ نگہ و تقطع نظر

[illegible]

یکدم از گل زخمم؛ نگر که جوہر تیغ تو چشم بلبل بود؛ عجب
مدار اگر بوی جان دہد الحق؛ سواد شعر تو از دود چراغ دامان
کاکل بود؛ سه برای جستن دل سینه را که کافته
ام؛ بغیر درد تو چیزی دگر نیافته ام؛ بعد اسکی سال
۲۱ جلوس مین **شیخ حفیظ الله** اشم تخلص جو اقربای
سراج الدین علیخان آرزو سی تہا راہی ملک عدم
ہوا طبع عالی رکہتا تہا اوسکی کلام سی ہی سه صبح
در پرده شب طرفه تماشا دارد؛ دیده ام در سر زلف
تو نیا گوش ترا؛ عجب نبود سجال من فلک ہم مہر ماه گردد
نگاہی جانب من داشت آن چشم کبود رشب؛ کس
ز دشنام لب لعل تو آزرده نشد؛ در جہان ہیچ کس
از آتش یاقوت نسوخت؛ اور سال ۲۳ جلوس
مین نعمت خان قوال کا جو کہ ساتہہ **لعل کنور** معشوقه
و منکوحه آنحضرت کی قرابت قریبه رکہتا تہا دو ہزار روپیه
ماہیانه مقرر کیا باقی حال لعل کنور مشہور عالم ہی اور
سال ۲۵ جلوسی مین **احمد خان بنگش** غضنفر
جنگ راہی ملک عدم ہوا اور بنگش نام قوم کا افاغنه
سی ہی اور اسی سال مین راجه **راجه جی سنگه**
سوای کچواہه مر گیا اور نادر شاه بادشاه مذکور سنه ۱۱۵۱ھ
مین داخل دہلی ہو کر تا عرصه دو ماه و ۲۳ یوم
رہ کر سنه ۱۱۵۲ھ مین ولایت کو چلا گیا اور ایک **بحلونا**
بہانده ظریف نی ہنگام تخت نشینی نادر شاه کی جو که مہر
شہنشاه کہلاتا تہا سر محفل یہه مصرعه کہا **ع**

شامت اعمال مردم صورت نادر گرفت بنادرشاه
بروقت استماع اس کلمه کے سخت اپنی دل مین غضبناک ہوا تہا
اور حکیم حاذق دوران علوی خان کی کی تجویز
معالجه نادرشاه کا حسب الحکم اوسکے کرکے فایز المرام
ہوی تہی اور نواب میر خان عالی ہمم ہمرا یا کرم
بہی انکی عہد مین تہی چنانچه سوای حال مرقومه بالا
اور حکایات وحالات دلچسپ ونکی اونیره گوش وگذار
کی ہین اور راجه جی سنگه نے رصد منجمی سموراج
بکرماجیت کو نسخ کرکے بصرف ۲۰ لاکہه روپیه
دوسکر رصد بنواکر بنام نامی اس بادشاه
کی موسوم کیا اور علمای راہند نے بحکم راجه مذکور
شرح چغمنی وغیره کتب الہیه وہندسه کو عربی سے
ہندی مین ترجمه کیا تہا اور ۱۱۵۹ھ مین عمدة الملک
امیر خان پدسای بادشاه ہاتہه اپنے ملازمون
سے بزخم کتار روانه ملک عدم ہوا الا قاتل اسکا
بہی اوسی جگہه مارا گیا غم عمده ماده تاریخ فوت
امیر خان کے لکہا گیا غرض که عمدة الملک حدیقه
کمالات وگلدسته اخلاق انسانی تہا اور
علم موسیقی مین بہی وحید اور انجام تخلص
کرتا تہا اشعار ہذا اوسی کے طبع سے ہین
من ز جمعیت آسودگان خاک دانستم ؛ که غیر از
خشت پهر خواب راحت نیست بالینش ؛ مارا ہوا سے
گلشن وباغی نماند دست ؛ ای بوی گل نہ بود

و تا علی سمانده هست ؛ کمند ناله بگوشش اثر نمی بندد
چو نی کسی که ز صد جا کمر نمی بندد ســه سر شکم که نمی
گرد و بسی چشم تر بستن ؛ که نتوان شد ره سیلاب را
مانع ز در بستن ؛ پی آسودگی انجام صید لاغر ما را
ز تار عجز باید رشته بر بال و پر بستن ســه اگر پیدا
نمی شد دانه دل ؛ دو عالم مزرعه بیحاصل بود ؛
روز [illegible] سال [illegible] جلوسی مین نادر شاه نے
مقتولا وفات پائی روز احمد شاه درانی نے سیاه
مرزا احمد خلف فردوس آرامگاه کے مقابل
کر کے ہزیمت پائی یہہ معرکہ بہت صعب ہوا تہا قد
رجاد القایل ســه زمانه شور محشر عرض میکرد
زمین از چرخ وسعت قرض میکرد ؛ جہان از قحط
لشکر قحط جا بود ؛ که نقش سایه بر دوش ہوا بود
اگر سیماب باریدی ز باران ؛ بماندی بر سنان
نیزه داران ؛ شروع سال [illegible] جلوسی مین
مزاج فردوس آرامگاه کا حد اعتدال سے بامراض
اسہال وغیره تجاوز کیا و حکمای حاذق مثل علوی
خان بہادر و نواب علی نقی خان بہادر
وغیره که رب النوع ہر دیار کے تہی معالجه و مداوا سے
عاجز آئی آخرش روح بادشاه روانه فردوس ہوی
ســه بدنیا دل نه بندد ہر که مرد است ؛ که دنیا
سر بسر اندوه و درد است ؛ بهر دباری بگور ستان
نظر کن ؛ که این دنیا حریفان را چه کرد است ؛

سنہ ۸	احمد شاہ بہادر شاہ	محمد شاہ	۹ سن ۹م	۶۷	۱۱	مرتبہ اول سنہ ۱۱۶۱ھ مین احمد شاہ درانی دہلی مین آیا ابو المنصور خان صفدر جنگ کو ناظم صوبہ اودہ و کشمیر و خدمت میر آتشی مرحمت ہوئی اور بعد فتحیابی او دبیر احمد شاہ درانی کے مراسم جشن کی ادا کی گئی اور آصف جاہ قمر الدین خان نے بعمر ۹ سالگی سواد برہان پور مین رحلت کی اور نظام الدولہ ناصر جنگ پسر دوم آصف جاہ کو ہرش صوبہ دکن مستقل مرحمت ہوئی اور ہادی علیخان خواہر زادہ وارث فیلخانہ فردوس آرامگاہ و تربیت خان نامی و مرتضی خان ارکین سلطنت نے سعد مرید خان کی رحلت کی وقت رعاد القایل لا فعل فوہ سے و نخل خواہیست کش عدم تعبیر ست ؛ صید اجل ہست گر جوان و پیر است ہم روی زمین پر است و ہم زیر زمین ؛ این صفحہ خاک بر دور و تصویر است ؛ بعدہ سنہ ۱۱۶۳ھ حکیم علویخان بہادر بعمر ۹۵ سالگی روانہ ملک بقا ہوا طبابت از جہان رفت یہ مادہ تاریخ وفات اس فن طون زمان کا ہی اور سال ۳ جلوسی مین محاربہ فیمابین شیخ قطب الدین علیخان و حافظ رحمت خان و دوندیخان کی واقع ہوا اور شیخ مذکور مقتول ہوا اور ہاتھ اہل غالب فتح آئی اور زلزلہ عظیم شاہجہان آباد اور اوسکی مضافات مین واقع ہوا تہا کہ بہت آدمی ہلاک ہو گئی

۳۹	عزیز الدین عالمگیر ثانی	معز الدین جہاندار شاہ	۵ سن ۷ م	۱۱۷۳		مرتبہ دوم سنہ ۱۱۷۳ھ احمد شاہ دہلی مین آیا اور بہاؤ نے سقف قلعہ کو توڑا اور سال ۲ جلوسی مین مینا بازار کمال خوبی کی ساتہہ آراستہ کی گئی اور بسبب اعمال قبائح مردم مسجد چوبی قلعہ ارک مین آگ لگ گئی صندوقچہ موی مبارک حضرت ختم المرسلین صلعم وغیرہ تبرکات کا صدمہ آتش سی محفوظ رہ کر صعود طرف آسمان کے کرکے چشم مردم دنیا سی غایب ہو گیا بقول بعضی ثقات اوس وقت کا ہی کہ سوای نزول صاعقہ آسمان واسطی ارباب عصیان کی دوسری وجہ خاطر اذکیا مین نہین آئی ہی سے ع ہر کہ را چون ابر تر شد دامنش ٭ برق افتد خود بخود در خرمنش ٭ اور اسی سال مین رانا ای اودی پور بہی راہی ملک عدم ہوا بعد اسکی راجہ نول رای نایب صفدر جنگ ہاتہہ احمد خان بنگش سی مارا گیا اور سنہ ۱۱۸۸ھ مین حافظ رحمت خان لڑائی نواب شجاع الدولہ مین بضرب گولہ توپ مارا گیا اسی اثنا مین شجاع الدولہ بہادر نے تہوڑا ملک جو صوبہ شاہجہان آباد و اکبر آباد کے تہا ذو الفقار الدولہ نجف خان کو دیا
۴۰	جلال الدین سلطان عالی گوہر	عالمگیر ثانی	۴۸ سن ۴ م	۱۲۲۱		۵ ستمبر سنہ ۱۸۰۳ء مطابق ۱۹ سنہ ۱۲۱۸ھ مین عملداری سرکار کمپنی انگریز بہادر کی ہند مین آئی اور ۱۲ لاکہ روپیہ سالانہ مقرر ہوا واسطی بادشاہ دہلی کی
۴۱	معین الدین محمد اکبر شاہ	شاہ عالم	۳۱ سن ۹ م	۱۲۵۳		مرض استسقا مین وفات پائی اور بعرش آرامگاہ لقب ہوا

سنہ ۱۸۶۲ ... ر ... رادی

عدد	نام بادشاہ	نام پدر			کیفیت
